منتخب ابواب

نصاب
تخصص فی التوقیت

1. بہار شریعت
BHAR-E-SHARIAT

2. فتاوی رضویہ
FATAWA RAZAVIA

3. نزھۃ القاری
NUZHAT-UL-QARI

شعبہ اوقات الصلاۃ
دعوتِ اسلامی
0317-7799717
PRAYER TIMINGS DEPARTMENT

نصاب

تخصص فی التوقیت

*بہارِ شریعت *فتاویٰ رضویہ *نزہۃ القاری

(منتخب ابواب کا مجموعہ)

*زبدۃ التوقیت (مکمل)

شعبہ اوقاتُ الصلاۃ

دعوتِ اسلامی

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
01	بہارِ شریعت	
02	نماز کے وقتوں کا بیان	03
03	استقبالِ قبلہ	17
04	گہن کی نماز کا بیان	23
05	کعبہ معظمہ میں نماز پڑھنے کا بیان	26
06	چاند دیکھنے کا بیان	27
07	میقات کا بیان	35
08	فتاویٰ رضویہ	
09	گول حوض کی پیمائش کی تحقیقِ رضوی	39
10	قطر، محیط اور مساحت کے فارمولے	42
11	حوض کی اقسام	45
12	بابُ الاوقات	46
13	وقتِ زوال کی تحقیق	51
14	عصر کا مستحب اور مکروہ وقت	61
15	عیدین کا انتہائی وقت	64
16	غروب شرعی و حقیقی کی تحقیق	65
17	تنگ وقت میں نماز ادا کرنا	73
18	وقتِ مغرب کی مقدار کی تحقیقِ رضوی	76
19	اوقاتِ نماز کا انتہائی وقت	78
20	اوقاتِ بعض تحویلات کا نقشہ	80
21	مدراسی صاحب کے نقشے کی اصلاح	85
22	اوقاتِ مستحبہ کا بیان	90
23	فیئ الزوال کی پہچان	92
24	جماعت کے لیے اوقات مقرر کرنا کیسا؟	93
25	مغرب اور اذانِ عشا میں کسقدر فاصلہ ہو؟	95
26	نہارِ عرفی اور شرعی میں فرق	97
27	وقتِ فجر کی مقدار	101
28	سفر میں دو نمازوں کا جمع کرنا کیسا؟	102
29	مدراس وبنگلور کے اوقات میں فرق کیوں؟	103
30	قبلۂ تحقیقی سے انحراف کا حکم؟	110
31	استقبالِ قبلہ کی تعین میں رسالہ	114
32	کیا ہندوستان کا قبلہ بین المغربین ہے؟	128
33	45 درجے کے متعلق تحقیق رضوی	130
34	مدینہ شریف اور ساک شہر کا قبلہ	134
35	علی گڑھ کی سعة المغرب؟	146
36	سمتِ بغداد از بریلی شریف	152
37	مسجدِ صغیر و کبیر میں فرق	155
38	سفر شرعی کی مسافت کتنی؟	160
39	رؤیت ہلال کے تفصیلی احکام (رسالہ)	162
40	ہندوستان میں رائج نقشہ جات کی اغلاط	193
41	صبح صادق و کاذب کی پہچان	196
42	پہاڑی علاقوں میں طلوع غروب	209
43	زمین اور آسمان ساکن ہیں (رسالہ)	214
44	تشریح افلاک و علم توقیت و تقویم	249
45	نزہۃ القاری سے رؤیت ہلال	261
46	زبدۃ التوقیت (مکمل کتاب مع لوگارتھمی جدول)	265

نماز کے وقتوں کا بیان

قال اللہ تعالٰی:

﴿ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝ ﴾[6]

6 ...... پ۵، النسآء: ۱۰۳.

بے شک نماز ایمان والوں پر فرض ہے، وقت باندھا ہوا۔

اور فرماتا ہے:

﴿ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ٥ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ٥ ﴾ (1)

اللہ کی تسبیح کرو جس وقت تمھیں شام ہو (نمازِ مغرب وعشا) اور جس وقت صبح ہو (نمازِ فجر) اور اسی کی حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور پچھلے پہر کو (نمازِ عصر) اور جب تمھیں دن ڈھلے (نمازِ ظہر)۔

احادیث

حدیث ۱: حاکم نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''فجر دو ہیں ایک وہ جس میں کھانا حرام یعنی روزہ دار کے لیے اور نماز حلال دوسری وہ کہ اس میں نماز (فجر) حرام اور کھانا حلال۔'' (2)

حدیث ۲: نسائی ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ''جس شخص نے فجر کی ایک رکعت قبل طلوع آفتاب پالی، تو اس نے نماز پالی (اس پر فرض ہوگئی) اور جسے ایک رکعت عصر کی قبل غروب آفتاب مل گئی اس نے نماز پالی یعنی اس کی نماز ہوگئی۔'' (3) یہاں دونوں جگہ رکعت سے تکبیر تحریمہ مراد لی جائے گی یعنی عصر کی نیت باندھ لی تکبیر تحریمہ کہہ لی اس وقت تک آفتاب نہ ڈوبا تھا پھر ڈوب گیا نماز ہوگئی اور کافر مسلمان ہوا یا بچہ بالغ ہوا اس وقت کہ آفتاب طلوع ہونے تک تکبیر تحریمہ کہہ لینے کا وقت باقی تھا، اس فجر کی نماز اس پر فرض ہوگئی، قضا پڑھے اور طلوع آفتاب کے بعد مسلمان یا بالغ ہوا تو وہ نماز اس پر فرض نہ ہوئی۔

حدیث ۳: ترمذی رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ''فجر کی نماز اجالے میں پڑھو کہ اس میں بہت عظیم ثواب ہے۔'' (4)

حدیث ۴: دیلمی کی روایت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ ''اس سے تمہاری مغفرت ہوجائے گی۔'' (5) اور دیلمی کی

---

1 ...... پ ۲۱، الروم: ۱۷۔ ۱۸.

2 ...... "المستدرك" للحاكم، كتاب الصلاة، قال الفجر فجران، الحديث: ۷۱۳، ج ۱، ص ۴۳۳.

3 ...... "سنن النسائي"، كتاب المواقيت، باب من أدرك ركعتين من العصر، الحديث: ۵۱۴، ص ۹۲.

4 ...... "جامع الترمذي"، أبواب الصلاة، باب ماجاء في الإسفار بالفجر، الحديث: ۱۵۴، ج ۱، ص ۲۰۴.

5 ...... "كنز العمال"، كتاب الصلاة، الحديث: ۱۹۲۷۹، ج ۷، ص ۱۴۸.

دوسری روایت انھیں سے ہے کہ '' جو فجر کو روشن کرکے پڑھے گا اللہ تعالٰی اس کی قبر اور قلب کو منور کرے گا اور اس کی نماز قبول فرمائے گا۔'' (1)

حدیث ۵: طَبَرانی اَوسَط میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی، کہ حضور (صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم) فرماتے ہیں: ''میری امت ہمیشہ فطرت یعنی دینِ حق پر رہے گی، جب تک فجر کو اجالے میں پڑھے گی۔'' (2)

حدیث ۶: امام احمد و ترمذی ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''نماز کے لیے اوّل و آخر ہے، اوّل وقت ظہر کا اس وقت ہے کہ آفتاب ڈھل جائے اور آخر اس وقت کہ عصر کا وقت آجائے اور آخر وقت عصر کا اس وقت کہ آفتاب کا قرص زرد ہوجائے، اور اول وقت مغرب کا اس وقت کہ آفتاب ڈوب جائے اور اس کا آخر وقت جب شفق ڈوب جائے اور اول وقت عشا جب شفق ڈوب جائے اور آخر وقت جب آدھی رات ہوجائے۔'' (3) (یعنی وقت مباح بلا کراہت)۔

حدیث ۷: بُخاری و مُسلِم ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم: ''ظہر کو ٹھنڈا کرکے پڑھو کہ سخت گرمی جہنم کے جوش سے ہے۔ دوزخ نے اپنے رب کے پاس شکایت کی کہ میرے بعض اجزا بعض کو کھائے لیتے ہیں اسے دو مرتبہ سانس کی اجازت ہوئی ایک جاڑے میں ایک گرمی میں۔'' (4)

حدیث ۸: صحیح بُخاری شریف باب الاذان للمسافرین میں ہے، ابوذر رضی اللہ تعالٰی عنہ کہتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے، مؤذن نے اَذان کہنی چاہی، فرمایا: ''ٹھنڈا کر''، پھر قصد کیا، فرمایا: ''ٹھنڈا کر''، پھر ارادہ کیا، فرمایا: ''ٹھنڈا کر، یہاں تک کہ سایہ ٹیلوں کے برابر ہوگیا۔'' (5)

حدیث ۹ و ۱۰: امام احمد و ابوداود، ابوایوب و عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم: ''میری امت ہمیشہ فطرت پر رہے گی، جب تک مغرب میں اتنی تاخیر نہ کریں کہ ستارے گُتھ جائیں۔'' (6)

حدیث ۱۱: ابوداود نے عبدالعزیز بن رفیع رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم: ''دن کی نماز

---

1 ...... "الفردوس بمأثور الخطاب"، الحديث: ٥٦٢٤، ج٣، ص ٥٢٠.
2 ...... "المعجم الأوسط" للطبراني، باب السين، الحديث: ٣٦١٨، ج٢، ص ٣٩٠.
3 ...... "جامع الترمذي"، أبواب الصلاة، باب ماجاء في مواقيت الصلاة، الحديث: ١٥١، ج١، ص ٢٠٢.
4 ...... "صحيح البخاري"، كتاب مواقيت الصلاة، باب الإبراد بالظهر في شدة الحر، الحديث: ٥٣٧ـ ٥٣٨، ج١، ص ١٩٩.
5 ...... "صحيح البخاري"، كتاب الأذان، باب الأذان للمسافرين... إلخ، الحديث: ٦٢٩، ج١، ص ٢٢٨.
6 ...... "سنن أبي داود"، كتاب الصلوٰة، باب في وقت المغرب، الحديث: ٤١٨، ج١، ص ١٨٣.

(عصر) ابر کے دن میں جلدی پڑھو اور مغرب میں تاخیر کرو۔" [1]

حدیث ۱۲: امام احمد ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "اگر یہ بات نہ ہوتی کہ میری امت پر مشقت ہو جائے گی، تو میں ان کو حکم فرما دیتا کہ ہر وضو کے ساتھ مسواک کریں اور عشا کی نماز تہائی یا آدھی رات تک مؤخر کر دیتا کہ رب تبارک وتعالیٰ آسمان پر خاص تجلی رحمت فرماتا ہے اور صبح تک فرماتا رہتا ہے: کہ ہے کوئی سائل کہ اسے دوں، ہے کوئی مغفرت چاہنے والا کہ اس کی مغفرت کروں، ہے کوئی دعا کرنے والا کہ قبول کروں۔" [2]

حدیث ۱۳: طبرانی اَوسط میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "جب فجر طلوع کر آئے تو کوئی (نفل) نماز نہیں سوا دو رکعت فجر کے۔" [3]

حدیث ۱۴: بُخاری و مُسلم میں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "بعد صبح نماز نہیں تاوقتیکہ آفتاب بلند نہ ہو جائے اور عصر کے بعد نماز نہیں یہاں تک کہ غروب ہو جائے۔" [4]

حدیث ۱۵: صحیحین میں عبداللہ صنابحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "آفتاب شیطان کے سینگ کے ساتھ طلوع کرتا ہے، جب بلند ہو جاتا ہے، تو جدا ہو جاتا ہے پھر جب سر کی سیدھ پر آتا ہے، تو شیطان اس سے قریب ہو جاتا ہے، جب ڈھل جاتا ہے تو ہٹ جاتا ہے پھر جب غروب ہونا چاہتا ہے شیطان اس سے قریب ہو جاتا ہے، جب ڈوب جاتا ہے جدا ہو جاتا ہے، تو ان تین وقتوں میں نماز نہ پڑھو۔" [5]

مسائلِ فقہیّہ

مسئلہ ۱: وقت فجر: طلوع صبح صادق سے آفتاب کی کرن چمکنے تک ہے۔[6] (متون)

فائدہ: صبح صادق ایک روشنی ہے کہ پورب[7] کی جانب جہاں سے آج آفتاب طلوع ہونے والا ہے اس کے اوپر

---

1 ...... "مراسیل أبي داود" مع "سنن أبي داود"، کتاب الصلوۃ، ص ۵ .

2 ...... "المسند" للإمام أحمد بن حنبل، مسند أبي ھریرۃ، الحدیث: ۹۵۹۷، ج۳، ص۴۲۷ .

3 ...... "المعجم الأوسط" للطبراني، باب الألف، الحدیث: ۸۱۶، ج۱، ص۲۳۸ .

4 ...... "صحیح البخاري"، کتاب مواقیت الصلاۃ، باب لا تتحری الصلاۃ قبل ...الخ، الحدیث: ۵۸۶، ج۱، ص ۲۱۳ .

5 ...... لم نجدھذا الحدیث في الصحیحین .
"کنزالعمال"، کتاب الصلاۃ الأوقات المکروھۃ، الحدیث: ۱۹۵۸۵، ج۷، ص۱۷۱ .

6 ...... "مختصر القدوري"، کتاب الصلاۃ، ص۱۵۳ .

7 ...... مشرق۔

آسمان کے کنارے میں دکھائی دیتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے، یہاں تک کہ تمام آسمان پر پھیل جاتی اور زمین پر اجالا ہو جاتا ہے اور اس سے قبل بیچ آسمان میں ایک دراز سپیدی ظاہر ہوتی ہے، جس کے نیچے سارا اُفق سیاہ ہوتا ہے، صبح صادق اس کے نیچے سے پھوٹ کر جنوباً شمالاً دونوں پہلوؤں پر پھیل کر اوپر بڑھتی ہے، یہ دراز سپیدی اس میں غائب ہو جاتی ہے، اس کو صبح کاذب کہتے ہیں، اس سے فجر کا وقت نہیں ہوتا یہ جو بعض نے لکھا کہ صبح کاذب کی سپیدی جا کر بعد کو تاریکی ہو جاتی ہے، محض غلط ہے، صحیح وہ ہے جو ہم نے بیان کیا۔

مسئلہ ۲: مختار یہ ہے کہ نمازِ فجر میں صبح صادق کی سپیدی چمک کر ذرا پھیلنی شروع ہو اس کا اعتبار کیا جائے اور عشا اور سحری کھانے میں اس کے ابتدائے طلوع کا اعتبار ہو۔[1] (عالمگیری)

فائدہ: صبح صادق چمکنے سے طلوعِ آفتاب تک ان بلاد[2] میں کم از کم ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹا پینتیس (۳۵) منٹ نہ اس سے کم ہوگا نہ اس سے زیادہ، اکیس (۲۱) مارچ کو ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ ہوتا ہے، پھر بڑھتا رہتا ہے، یہاں تک کہ ۲۲ جون کو پورا ایک گھنٹا ۳۵ منٹ ہو جاتا ہے پھر گھٹنا شروع ہوتا ہے، یہاں تک کہ (۲۲) ستمبر کو ایک گھنٹا ۱۸ منٹ ہو جاتا ہے، پھر بڑھتا ہے، یہاں تک کہ ۲۲ دسمبر کو ایک گھنٹا ۲۴ منٹ ہوتا ہے، پھر کم ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ ۲۱ مارچ کو وہی ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ ہو جاتا ہے، جو شخص وقت صحیح نہ جانتا ہو اسے چاہیے کہ گرمیوں میں ایک گھنٹا ۴۰ منٹ باقی رہنے پر سحری چھوڑ دے خصوصاً جون جولائی میں اور جاڑوں میں ڈیڑھ گھنٹا رہنے پر خصوصاً دسمبر جنوری میں اور مارچ و ستمبر کے اواخر میں جب دن رات برابر ہوتا ہے، تو سحری ایک گھنٹا چوبیس منٹ پر چھوڑے اور سحری چھوڑنے کا جو وقت بیان کیا گیا اس کے آٹھ دس منٹ بعد اَذان کہی جائے تاکہ سحری اور اَذان دونوں طرف احتیاط رہے، بعض ناواقف آفتاب نکلنے سے دو پونے دو گھنٹے پہلے اَذان کہہ دیتے ہیں پھر اسی وقت سنت بلکہ فرض بھی بعض دفعہ پڑھ لیتے ہیں، نہ یہ اَذان ہو نہ نماز، بعضوں نے رات کا ساتواں حصہ وقتِ فجر سمجھ رکھا ہے یہ ہرگز صحیح نہیں ماہ جون و جولائی میں جب کہ دن بڑا ہوتا ہے اور رات تقریباً دس گھنٹے کی ہوتی ہے، ان دنوں تو البتہ وقت صبح رات کا ساتواں حصہ یا اس سے چند منٹ پہلے ہو جاتا ہے، مگر دسمبر جنوری میں جب کہ رات چودہ گھنٹے کی ہوتی ہے، اسوقت فجر کا وقت نواں حصہ بلکہ اس سے بھی کم ہو جاتا ہے۔ ابتدائے وقت فجر کی شناخت دشوار ہے، خصوصاً جب کہ گرد و غبار ہو یا چاندنی رات ہو لہٰذا ہمیشہ طلوعِ آفتاب کا خیال رکھے کہ آج جس وقت طلوع ہو دوسرے دن اسی حساب سے وقت متذکرۂ بالا[3] کے اندر اندر اَذان و نمازِ فجر ادا کی جائے۔ (ازافادات رضویہ)

---

[1]...... "الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاة، الباب الأول في المواقیت، الفصل الأول، ج۱، ص۵۱.

[2]...... شہروں۔ [3]...... متذکرۂ بالا یعنی اوپر ذکر کئے گئے۔

وقت ظہر و جمعہ: آفتاب ڈھلنے سے اس وقت تک ہے، کہ ہر چیز کا سایہ علاوہ سایہ اصلی کے دو چند ہو جائے۔[1] (متون)

فائدہ: ہر دن کا سایہ اصلی وہ سایہ ہے، کہ اس دن آفتاب کے خط نصف النہار پر پہنچنے کے وقت ہوتا ہے اور وہ موسم اور بلاد کے مختلف ہونے سے مختلف ہوتا ہے، دن جتنا گھٹتا ہے، سایہ بڑھتا جاتا ہے اور دن جتنا بڑھتا ہے، سایہ کم ہوتا جاتا ہے، یعنی جاڑوں[2] میں زیادہ ہوتا ہے اور گرمیوں میں کم اور ان شہروں میں کہ خطِ استوا کے قرب میں واقع ہیں، کم ہوتا ہے، بلکہ بعض جگہ بعض موسم میں بالکل ہوتا ہی نہیں جب آفتاب بالکل سمت راس[3] پر ہوتا ہے، چنانچہ موسم سرما ماہ دسمبر میں ہمارے ملک کے عرض البلد پر کہ ۲۸ درجہ کے قریب پر واقع ہے، ساڑھے آٹھ قدم سے زائد یعنی سوائے کے قریب سایہ اصلی ہو جاتا ہے اور مکہ معظمہ میں جو ۲۱ درجہ پر واقع ہے، ان دنوں میں سات قدم سے کچھ ہی زائد ہوتا ہے، اس سے زائد پھر نہیں ہوتا اسی طرح موسم گرما میں مکہ معظمہ میں ۲۷ مئی سے ۳۰ مئی تک دوپہر کے وقت بالکل سایہ نہیں ہوتا، اس کے بعد پھر وہ سایہ الٹا ظاہر ہوتا ہے، یعنی سایہ جو شمال کو پڑتا تھا، اب مکہ معظمہ میں جنوب کو ہوتا ہے اور ۲۲ جون تک پاؤ قدم تک بڑھ کر پھر گھٹتا ہے، یہاں تک کہ پندرہ جولائی سے اٹھارہ جولائی تک پھر معدوم ہو جاتا ہے، اس کے بعد پھر شمال کی طرف ظاہر ہوتا ہے اور ہمارے ملک میں نہ کبھی جنوب میں پڑتا ہے، نہ کبھی معدوم ہوتا بلکہ سب سے کم سایہ ۲۲ جون کو نصف قدم باقی رہتا ہے۔ (از افادات رضویہ)

فائدہ: آفتاب ڈھلنے کی پہچان یہ ہے کہ برابر زمین میں ہموار لکڑی اس طرح سیدھی نصب کریں کہ مشرق یا مغرب کو اصلاً جھکی نہ ہو آفتاب جتنا بلند ہوتا جائے گا، اس لکڑی کا سایہ کم ہوتا جائے گا، جب کم ہونا موقوف ہو جائے، تو اس وقت خط نصف النہار پر پہنچا اور اس وقت کا سایہ سایۂ اصلی ہے، اس کے بعد بڑھنا شروع ہوگا اور یہ دلیل ہے، کہ خط نصف النہار سے متجاوز ہوا اب ظہر کا وقت ہوا یا ایک تخمینہ ہے اس لیے کہ سایہ کا کم وبیش ہونا خصوصاً موسم گرما میں جلد متمیز نہیں ہوتا، اس سے بہتر طریقہ خط نصف النہار کا ہے کہ ہموار زمین میں نہایت صحیح کمپاس سے سوئی کی سیدھ پر خط نصف النہار کھینچ دیں اور ان ملکوں میں اس خط کے جنوبی کنارے پر کوئی مخروطی شکل کی نہایت باریک نوک دار لکڑی خوب سیدھی نصب کریں کہ شرق یا غرب کو اصلاً نہ جھکی ہو، اور وہ خط نصف النہار اس کے قاعدے کے عین وسط میں ہو۔ جب اس کی نوک کا سایہ اس خط پر منطبق ہو ٹھیک دوپہر ہو گیا، جب بال برابر پورب کو جھکے دوپہر ڈھل گیا ظہر کا وقت آ گیا۔

---

1. ...... "مختصر القدوري"، كتاب الصلاة، ص ١٥٣.
2. ...... سردیوں۔
3. ...... یعنی بالکل سر کے اوپر۔

وقت عصر: بعد ختم ہونے وقت ظہر کے یعنی سوا سایہ اصلی کے دو مثل سایہ ہونے سے، آفتاب ڈوبنے تک ہے۔[1] (متون)

فائدہ: ان بلاد میں وقت عصر کم از کم ایک گھنٹا ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ۶ منٹ ہے، اس کی تفصیل یہ ہے، ۲۴ اکتوبر تحویل عقرب[2] سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۳۶ منٹ پھر یکم نومبر سے ۱۸ فروری یعنی پونے چار مہینے تک تقریباً ایک گھنٹا ۳۵ منٹ سال میں یہ سب سے چھوٹا وقت عصر ہے، ان بلاد میں عصر کا وقت کبھی اس سے کم نہیں ہوتا، پھر ۱۹ فروری تحویل حوت سے ختم ماہ تک ایک گھنٹا ۳۶ منٹ، پھر مارچ کے ہفتۂ اوّل میں ایک گھنٹا ۳۷ منٹ، ہفتۂ دوم میں ایک گھنٹا ۳۸ منٹ، ہفتۂ سوم میں ایک گھنٹا ۴۰ منٹ، پھر ۲۱ مارچ تحویل حمل سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۴۱ منٹ، پھر اپریل کے ہفتۂ اوّل میں ایک گھنٹا ۴۳ منٹ، دوسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۵ منٹ، تیسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۸ منٹ، پھر ۲۰ و ۲۱ اپریل تحویل ثور سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۵۰ منٹ، پھر مئی کے ہفتۂ اول میں ایک گھنٹا ۵۳ منٹ، ہفتۂ دوم میں ایک گھنٹا ۵۵ منٹ، ہفتۂ سوم میں ایک گھنٹا ۵۸ منٹ، پھر ۲۲ و ۲۳ مئی تحویل جوزا سے آخر ماہ تک دو گھنٹے ایک منٹ، پھر جون کے پہلے ہفتہ میں دو گھنٹے ۳ منٹ، ہفتۂ دوم میں دو گھنٹے ۴ منٹ، ہفتۂ سوم میں دو گھنٹے ۵ منٹ، پھر ۲۲ جون تحویل سرطان سے آخر ماہ تک دو گھنٹے ۶ منٹ، پھر ہفتۂ اوّل جولائی میں دو گھنٹے ۵ منٹ، دوسرے ہفتہ میں دو گھنٹے ۴ منٹ، تیسرے ہفتہ میں دو گھنٹے دو منٹ، پھر ۲۳ جولائی تحویل اسد کو دو گھنٹے ایک منٹ اس کے بعد سے آخر ماہ تک دو گھنٹے، پھر اگست کے پہلے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۵۸ منٹ، دوسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۵۵ منٹ، تیسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۵۱ منٹ، پھر ۲۳ و ۲۴ اگست تحویل سنبلہ کو ایک گھنٹا ۵۰ منٹ، پھر اس کے بعد سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۴۸ منٹ، پھر ہفتۂ اول ستمبر میں ایک گھنٹا ۴۶ منٹ، دوسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۴ منٹ، تیسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۲ منٹ، پھر ۲۳، ۲۴ ستمبر تحویل میزان میں ایک گھنٹا ۴۱ منٹ، پھر اس کے بعد آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۴۰ منٹ، پھر ہفتۂ اوّل اکتوبر میں ایک گھنٹا ۳۹ منٹ، ہفتۂ دوم میں ایک گھنٹا ۳۸ منٹ، ہفتۂ سوم میں ۲۳ اکتوبر تک ایک گھنٹا ۳۷ منٹ، غروب آفتاب سے پیشتر وقت عصر شروع ہوتا ہے۔ (از افادات رضویہ)

وقت مغرب: غروب آفتاب سے غروب شفق تک ہے۔[3] (متون)

---

1 ...... "مختصر القدوري"، كتاب الصلاة، ص ١٥٤.

2 ...... ایک بُرج کا نام ہے۔ بارہ بُرج جو سات سیارہ ستاروں کی منزلیں ہیں۔ بُرج یہ ہیں:
(۱) حمل (۲) ثور (۳) جوزا (۴) سرطان (۵) اسد (۶) سنبلہ (۷) میزان (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو (۱۲) حوت۔ ("معالم التنزیل"، ج ۳، ص ۳۱۸، ملخصاً)

3 ...... "مختصر القدوري"، كتاب الصلاة، ص ١٥٤.

مسئلہ ۳: شفق ہمارے مذہب میں اس سپیدی کا نام ہے، جو جانب مغرب میں سُرخی ڈوبنے کے بعد جنوباً شمالاً صبح صادق کی طرح پھیلی ہوئی رہتی ہے۔[1] (ہدایہ، شرح وقایہ، عالمگیری، افادات رضویہ) اور یہ وقت ان شہروں میں کم سے کم ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹا ۳۵ منٹ ہوتا ہے۔[2] (فتاویٰ رضویہ) فقیر نے بھی بکثرت اس کا تجربہ کیا۔

فائدہ: ہر روز کے صبح اور مغرب دونوں کے وقت برابر ہوتے ہیں۔

وقت عشا و وتر: غروب سپیدی مذکور سے طلوع فجر تک ہے۔ اس جنوباً شمالاً پھیلی ہوئی سپیدی کے بعد جو سپیدی شرقاً غرباً طویل باقی رہتی ہے، اس کا کچھ اعتبار نہیں، وہ جانب شرق میں صبح کاذب کی مثل ہے۔[3]

مسئلہ ۴: اگرچہ عشا و وتر کا وقت ایک ہے، مگر باہم ان میں ترتیب فرض ہے، کہ عشا سے پہلے وتر کی نماز پڑھ لی تو ہوگی ہی نہیں، البتہ بھول کر اگر وتر پہلے پڑھ لیے یا بعد کو معلوم ہوا کہ عشا کی نماز بے وضو پڑھی تھی اور وتر وضو کے ساتھ تو وتر ہوگئے۔[4] (درمختار، عالمگیری)

مسئلہ ۵: جن شہروں میں عشا کا وقت ہی نہ آئے کہ شفق ڈوبتے ہی یا ڈوبنے سے پہلے فجر طلوع کر آئے (جیسے بلغار و لندن کہ ان جگہوں میں ہر سال چالیس راتیں ایسی ہوتی ہیں کہ عشا کا وقت آتا ہی نہیں اور بعض دنوں میں سیکنڈوں اور منٹوں کے لیے ہوتا ہے) تو وہاں والوں کو چاہیے کہ "ان دنوں کی عشا و وتر کی قضا پڑھیں۔"[5] (درمختار، ردالمحتار)

اوقات مستحبہ: فجر میں تاخیر مستحب ہے، یعنی اسفار میں (جب خوب اُجالا ہو یعنی زمین روشن ہو جائے) شروع کرے مگر ایسا وقت ہونا مستحب ہے، کہ چالیس سے ساٹھ آیت تک ترتیل کے ساتھ پڑھ سکے پھر سلام پھیرنے کے بعد اتنا وقت باقی رہے، کہ اگر نماز میں فساد ظاہر ہو تو طہارت کرکے ترتیل کیساتھ چالیس سے ساٹھ آیت تک دوبارہ پڑھ سکے اور اتنی تاخیر مکروہ ہے کہ طلوع آفتاب کا شک ہو جائے۔[6] (درمختار، ردالمحتار، عالمگیری)

---

1 ...... "الهداية"، كتاب الصلاة، باب المواقيت، ج ١، ص ٤٠.

2 ...... الفتاوى الرضوية"، كتاب الصلاة، باب الأوقات، ج٥، ص١٥٣.

3 ...... الفتاوى الرضوية"، كتاب الصلاة، باب الأوقات، ج٥، ص١٥٣.

4 ...... "الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الأول، ج١، ص٥١.
و "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص٢٣.

5 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب في فاقدو قت العشاء كأهل بلغار، ج٢، ص٢٤.

6 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب في طلوع الشمس من مغربها، ج٢، ص٣٠.
و "الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج١، ص٥١.

مسئلہ ۶: حاجیوں کے لیے مزدلفہ میں نہایت اوّل وقت فجر پڑھنا مستحب ہے۔[1] (عالمگیری)

مسئلہ ۷: عورتوں کے لیے ہمیشہ فجر کی نماز غلس (یعنی اوّل وقت) میں مستحب ہے اور باقی نمازوں میں بہتر یہ ہے، کہ مردوں کی جماعت کا انتظار کریں، جب جماعت ہو چکے تو پڑھیں۔[2] (درمختار)

مسئلہ ۸: جاڑوں کی ظہر میں جلدی مستحب ہے، گرمی کے دنوں میں تاخیر مستحب ہے، خواہ تنہا پڑھے یا جماعت کے ساتھ، ہاں گرمیوں میں ظہر کی جماعت اوّل وقت میں ہوتی ہو تو مستحب وقت کے لیے جماعت کا ترک جائز نہیں، موسم ربیع جاڑوں کے حکم میں ہے اور خریف گرمیوں کے حکم میں۔[3] (درمختار، ردالمحتار، عالمگیری)

مسئلہ ۹: جمعہ کا وقت مستحب وہی ہے، جو ظہر کے لیے ہے۔[4] (بحر)

مسئلہ ۱۰: عصر کی نماز میں ہمیشہ تاخیر مستحب ہے، مگر نہ اتنی تاخیر کہ خود قرص آفتاب میں زردی آجائے، کہ اس پر بے تکلف بے غبار و بخار نگاہ قائم ہونے لگے، دھوپ کی زردی کا اعتبار نہیں۔[5] (عالمگیری، درمختار وغیرہما)

مسئلہ ۱۱: بہتر یہ ہے کہ ظہر مثل اوّل میں پڑھیں اور عصر مثل ثانی کے بعد۔[6] (غنیہ)

مسئلہ ۱۲: تجربہ سے ثابت ہوا کہ قرص آفتاب میں یہ زردی اس وقت آجاتی ہے، جب غروب میں بیس منٹ باقی رہتے ہیں، تو اسی قدر وقتِ کراہت ہے یو ہیں بعد طلوع بیس منٹ کے بعد جواز نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔[7] (فتاوٰی رضویہ)

مسئلہ ۱۳: تاخیر سے مراد یہ ہے کہ وقت مستحب کے دو حصے کیے جائیں، پچھلے حصہ میں ادا کریں۔[8] (بحرالرائق)

مسئلہ ۱۴: عصر کی نماز وقت مستحب میں شروع کی تھی مگر اتنا طول دیا کہ وقت مکروہ آگیا تو اس میں کراہت نہیں۔[9] (بحر و عالمگیری و درمختار)

---

❶ ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج١، ص٥٢.

❷ ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص٣٠.

❸ ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج١، ص٥٢.
و "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص٣٥.

❹ ...... "البحرالرائق"، كتاب الصلاة، ج١، ص٤٢٩.

❺ ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج١، ص٥٢.

❻ ...... "غنية المتملي شرح منية المصلي"، الشرط الخامس، ص٢٢٧.

❼ ...... "الفتاوی الرضوية"، كتاب الصلاة، باب الأوقات، ج٥، ص١٣٨، ملخصاً.

❽ ...... "البحرالرائق"

❾ ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج١، ص٥٢.

مسئلہ ۱۵: روزِ ابر[1] کے سوا مغرب میں ہمیشہ تعجیل[2] مستحب ہے اور دو رکعت سے زائد کی تاخیر مکروہِ تنزیہی اور اگر بغیر عذر سفر و مرض وغیرہ اتنی تاخیر کی کہ ستارے گُتھ گئے، تو مکروہِ تحریمی۔[3] (درمختار، عالمگیری، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ ۱۶: عشا میں تہائی رات تک تاخیر مستحب ہے اور آدھی رات تک تاخیر مباح یعنی جب کہ آدھی رات ہونے سے پہلے فرض پڑھ چکے اور اتنی تاخیر کہ رات ڈھل گئی مکروہ ہے، کہ باعثِ تقلیلِ جماعت ہے۔[4] (بحر، درمختار)

مسئلہ ۱۷: نمازِ عشا سے پہلے سونا اور بعد نمازِ عشا دنیا کی باتیں کرنا، قصے کہانی کہنا سننا مکروہ ہے، ضروری باتیں اور تلاوتِ قرآن مجید اور ذکر اور دینی مسائل اور صالحین کے قصے اور مہمان سے بات چیت کرنے میں حرج نہیں، یوہیں طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک ذکرِ الٰہی کے سوا ہر بات مکروہ ہے۔[5] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۱۸: جو شخص جاگنے پر اعتماد رکھتا ہو اس کو آخر رات میں وتر پڑھنا مستحب ہے، ورنہ سونے سے قبل پڑھ لے، پھر اگر پچھلے کو آنکھ کھلی تو تہجد پڑھے وتر کا اعادہ جائز نہیں۔[6] (درمختار و ردالمحتار)

مسئلہ ۱۹: ابر کے دن عصر و عشا میں تعجیل مستحب ہے اور باقی نمازوں میں تاخیر۔[7] (متون)

مسئلہ ۲۰: سفر وغیرہ کسی عذر کی وجہ سے دو نمازوں کا ایک وقت میں جمع کرنا حرام ہے، خواہ یوں ہو کر دوسری کو پہلی ہی کے وقت میں پڑھے یا یوں کہ پہلی کو اس قدر مؤخر کرے کہ اس کا وقت جاتا رہے اور دوسری کے وقت میں پڑھے مگر اس دوسری صورت میں پہلی نماز ذمہ سے ساقط ہوگئی کہ بصورت قضا پڑھ لی اگرچہ نماز کے قضا کرنے کا گناہِ کبیرہ سر پر ہوا اور پہلی صورت میں تو دوسری نماز ہوگی ہی نہیں اور فرض ذمہ پر باقی ہے۔ ہاں اگر عذر سفر و مرض وغیرہ سے صورۃً جمع کرے کہ پہلی کو اس کے آخر وقت میں اور دوسری کو اس کے اوّل وقت میں پڑھے کہ حقیقتاً دونوں اپنے اپنے وقت میں واقع ہوں تو کوئی حرج نہیں۔[8] (عالمگیری مع زیادۃ التفصیل)

---

1 ...... روزِ ابر یعنی جس دن بادل چھائے ہوں۔ 2 ...... جلدی پڑھنا۔

3 ...... "الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.
و "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۳۳.

4 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۳۲، و "البحرالرائق"، کتاب الصلاۃ، ج۱، ص۴۳۰.

5 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۵۵.
و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب في طلوع الشمس من مغربھا، ج۲، ص۳۳.

6 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب في طلوع الشمس من مغربھا، ج۲، ص۳٤.

7 ...... "الھدایۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الأول في المواقیت، فصل ویستحب الإسفار بالفجر، ج۱، ص٤۱.

8 ...... "الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.

مسئلہ ۲۱: عرفہ و مزدلفہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں، کہ عرفہ میں ظہر و عصر وقت ظہر میں پڑھی جائیں اور مزدلفہ میں مغرب و عشاء وقت عشا میں۔[1] (عالمگیری)

اوقاتِ مکروہہ: طلوع و غروب و نصف النہار ان تینوں وقتوں میں کوئی نماز جائز نہیں نہ فرض نہ واجب نہ نفل نہ ادا نہ قضا، یوہیں سجدۂ تلاوت و سجدۂ سہو بھی ناجائز ہے، البتہ اس روز اگر عصر کی نماز نہیں پڑھی تو اگرچہ آفتاب ڈوبتا ہو پڑھ لے مگر اتنی تاخیر کرنا حرام ہے۔ حدیث میں اس کو منافق کی نماز فرمایا، طلوع سے مراد آفتاب کا کنارہ ظاہر ہونے سے اس وقت تک ہے کہ اس پر نگاہ خیرہ ہونے لگے جس کی مقدار کنارہ چمکنے سے ۲۰ منٹ تک ہے اور اس وقت سے کہ آفتاب پر نگاہ ٹھہرنے لگے ڈوبنے تک غروب ہے، یہ وقت بھی ۲۰ منٹ ہے، نصف النہار سے مراد نصف النہار شرعی سے نصف النہار حقیقی یعنی آفتاب ڈھلنے تک ہے جس کو ضحوۂ کبریٰ کہتے ہیں یعنی طلوع فجر سے غروب آفتاب تک آج جو وقت ہے، اس کے برابر برابر دو حصے کریں، پہلے حصہ کے ختم پر ابتدائے نصف النہار شرعی ہے اور اس وقت سے آفتاب ڈھلنے تک وقت استوا و ممانعت ہر نماز ہے۔[2] (عالمگیری، درمختار، ردالمحتار، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ ۲۲: عوام اگر صبح کی نماز آفتاب نکلنے کے وقت پڑھیں تو منع نہ کیا جائے۔[3] (درمختار)

مسئلہ ۲۳: جنازہ اگر اوقات ممنوعہ میں لایا گیا، تو اسی وقت پڑھیں کوئی کراہت نہیں کراہت، اس صورت میں ہے کہ پیشتر سے طیار موجود ہے اور تاخیر کی یہاں تک کہ وقتِ کراہت آگیا۔[4] (عالمگیری، ردالمحتار)

مسئلہ ۲۴: ان اوقات میں آیت سجدہ پڑھی تو بہتر یہ ہے کہ سجدہ میں تاخیر کرے، یہاں تک کہ وقتِ کراہت جاتا رہے اور اگر وقت مکروہ ہی میں کر لیا تو بھی جائز ہے اور اگر وقتِ غیر مکروہ میں پڑھی تھی تو وقتِ مکروہ میں سجدہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔[5] (عالمگیری)

مسئلہ ۲۵: ان اوقات میں قضا نماز ناجائز ہے اور اگر قضا شروع کر لی تو واجب ہے کہ توڑ دے اور وقتِ غیر

---

1. "الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.
2. المرجع السابق، الفصل الثالث، و "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۳۷.
و "الفتاوی الرضویة"، کتاب الصلاة، باب الأوقات، ج۵، ص۱۲۲.
3. "الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۳۸.
مگر بعد نماز کہہ دیا جائے کہ نماز نہ ہوئی، آفتاب بلند ہونے کے بعد پھر پڑھیں۔ ۱۲ منہ
4. "ردالمحتار"، کتاب الصلاة، مطلب: یشترط العلم بدخول الوقت، ج۲، ص۴۳.
5. "الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۲.

مکروہ میں پڑھے اور اگر توڑی نہیں اور پڑھ لی تو فرض ساقط ہو جائے گا اور گنا ہگار ہوگا۔[1] (عالمگیری، درمختار)

مسئلہ ۲۶: کسی نے خاص ان اوقات میں نماز پڑھنے کی نذر مانی یا مطلقاً نماز پڑھنے کی منت مانی، دونوں صورتوں میں ان اوقات میں اس نذر کا پورا کرنا جائز نہیں، بلکہ وقت کامل میں اپنی منت پوری کرے۔[2] (درمختار، عالمگیری)

مسئلہ ۲۷: ان وقتوں میں نفل نماز شروع کی تو وہ نماز واجب ہوگئی مگر اس وقت پڑھنا جائز نہیں، لہٰذا واجب ہے کہ توڑ دے اور وقت کامل میں قضا کرے اور اگر پوری کر لی تو گنہگار ہوا اور اب قضا واجب نہیں۔[3] (غنیہ، درمختار)

مسئلہ ۲۸: جو نماز وقت مباح یا مکروہ میں شروع کر کے فاسد کر دی تھی، اس کو بھی ان اوقات میں پڑھنا ناجائز ہے۔[4] (درمختار)

مسئلہ ۲۹: ان اوقات میں تلاوت قرآن مجید بہتر نہیں، بہتر یہ ہے کہ ذکر و درود شریف میں مشغول رہے۔[5] (درمختار)

مسئلہ ۳۰: بارہ (۱۲) وقتوں میں نوافل پڑھنا منع ہے اور ان کے بعض یعنی ۶ و ۱۲ میں فرائض و واجبات و نماز جنازہ و سجدۂ تلاوت کی بھی ممانعت ہے۔

(۱) طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک کہ اس درمیان میں سوا دو رکعت سنت فجر کے کوئی نفل نماز جائز نہیں۔[6]

مسئلہ ۳۱: اگر کوئی شخص طلوع فجر سے پیشتر[7] نماز نفل پڑھ رہا تھا، ایک رکعت پڑھ چکا تھا کہ فجر طلوع کر آئی تو دوسری بھی پڑھ کر پوری کر لے اور یہ دونوں رکعتیں سنت فجر کے قائم مقام نہیں ہو سکتیں، اور اگر چار رکعت کی نیت کی تھی اور ایک رکعت کے بعد طلوع فجر ہوا اور چاروں رکعتیں پوری کر لیں تو پچھلی دو رکعتیں سنت فجر کے قائم مقام ہو جائیں گی۔[8] (عالمگیری)

مسئلہ ۳۲: نماز فجر کے بعد سے طلوع آفتاب تک اگرچہ وقت وسیع باقی ہو اگرچہ سنت فجر فرض سے پہلے نہ پڑھی تھی اور اب پڑھنا چاہتا ہو، جائز نہیں۔[9] (عالمگیری، ردالمحتار)

---

❶ ...... المرجع السابق، و "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۴۳.

❷ ...... المرجع السابق.

❸ ...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۴۳.

❹ ...... المرجع السابق، ص۴۵.

❺ ...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۴٤.

❻ ...... "الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۲.

❼ ...... پہلے۔

❽ ...... "الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۲.

❾ ...... "الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول في المواقیت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۳.

مسئلہ ۳۳: فرض سے پیشتر سنت فجر شروع کرکے فاسد کردی تھی اور اب فرض کے بعد اس کی قضا پڑھنا چاہتا ہے، یہ بھی جائز نہیں۔[1] (عالمگیری)

(۲) اپنے مذہب کی جماعت کے لیے اقامت ہوئی تو اقامت سے ختم جماعت تک نفل وسنت پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، البتہ اگر نماز فجر قائم ہو چکی اور جانتا ہے کہ سنت پڑھے گا جب بھی جماعت مل جائے گی اگرچہ قعدہ میں شرکت ہوگی، تو حکم ہے کہ جماعت سے الگ اور دور سنت فجر پڑھ کر شریک جماعت ہو اور جو جانتا ہے کہ سنت میں مشغول ہوگا تو جماعت جاتی رہے گی اور سنت کے خیال سے جماعت ترک کی یہ ناجائز و گناہ ہے اور باقی نمازوں میں اگرچہ جماعت ملنا معلوم ہو سنتیں پڑھنا جائز نہیں۔[2] (عالمگیری، درمختار)

(۳) نماز عصر سے آفتاب زرد ہونے تک نفل منع ہے، نفل نماز شروع کرکے توڑ دی تھی اس کی قضا بھی اس وقت میں منع ہے اور پڑھ لی تو ناکافی ہے، قضا اس کے ذمہ سے ساقط نہ ہوئی۔[3] (عالمگیری، درمختار)

(۴) غروب آفتاب سے فرض مغرب تک۔[4] (عالمگیری، درمختار) مگر امام ابن الہمام نے دو رکعت خفیف کا استثنا فرمایا۔[5]

(۵) جس وقت امام اپنی جگہ سے خطبۂ جمعہ کے لیے کھڑا ہوا اس وقت سے فرض جمعہ ختم ہونے تک نماز نفل مکروہ ہے، یہاں تک کہ جمعہ کی سنتیں بھی۔[6] (درمختار)

(۶) عین خطبہ کے وقت اگرچہ پہلا ہو یا دوسرا اور جمعہ کا ہو یا خطبۂ عیدین یا کسوف و استسقا و حج و نکاح کا ہو ہر نماز حتیٰ کہ قضا بھی ناجائز ہے، مگر صاحب ترتیب کے لیے خطبۂ جمعہ کے وقت قضا کی اجازت ہے۔[7] (درمختار)

مسئلہ ۳۴: جمعہ کی سنتیں شروع کی تھیں کہ امام خطبہ کے لیے اپنی جگہ سے اٹھا چاروں رکعتیں پوری کرلے۔[8] (عالمگیری)

---

1 ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج ۱، ص ۵۳.

2 ...... المرجع السابق، و "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج ۲، ص ۴۸.

3 ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج ۱، ص ۵۳.

4 ...... المرجع السابق، و "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج ۲، ص ۴۶.

5 ...... "فتح القدير"، كتاب الصلاة، باب النوافل، ج ۱، ص ۳۸۹.

6 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج ۲، ص ۴۷.

7 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج ۲، ص ۴۸.

8 ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج ۱، ص ۵۳.

(۷) نمازِ عیدین سے پیشتر نفل مکروہ ہے، خواہ گھر میں پڑھے یا عیدگاہ و مسجد میں۔[1] (عالمگیری، درمختار)

(۸) نمازِ عیدین کے بعد نفل مکروہ ہے، جب کہ عیدگاہ یا مسجد میں پڑھے، گھر میں پڑھنا مکروہ نہیں۔[2] (عالمگیری، درمختار)

(۹) عرفات میں جو ظہر و عصر ملا کر پڑھتے ہیں، ان کے درمیان میں اور بعد میں بھی نفل و سنت مکروہ ہے۔[3]

(۱۰) مزدلفہ میں جو مغرب و عشا جمع کیے جاتے ہیں، فقط ان کے درمیان میں نفل و سنت پڑھنا مکروہ ہے، بعد میں مکروہ نہیں۔[4] (عالمگیری، درمختار)

(۱۱) فرض کا وقت تنگ ہو تو ہر نماز یہاں تک کہ سنت فجر و ظہر مکروہ ہے۔[5]

(۱۲) جس بات سے دل بٹے اور دفع کر سکتا ہو اسے بے دفع کیے ہر نماز مکروہ ہے مثلاً پاخانے یا پیشاب یا ریاح کا غلبہ ہو مگر جب وقت جاتا ہو تو پڑھ لے پھر پھیرے۔[6] (عالمگیری وغیرہ) یوہیں کھانا سامنے آگیا اور اس کی خواہش ہو غرض کوئی ایسا امر درپیش ہو جس سے دل بٹے خشوع میں فرق آئے ان وقتوں میں بھی نماز پڑھنا مکروہ ہے۔[7] (درمختار وغیرہ)

مسئلہ ۳۵: فجر اور ظہر کے پورے وقت اوّل سے آخر تک بلا کراہت ہیں۔[8] (بحرالرائق) یعنی یہ نمازیں اپنے وقت کے جس حصے میں پڑھی جائیں اصلاً مکروہ نہیں۔

❶...... المرجع السابق، و "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۵۰.

❷...... المرجع السابق.

❸...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۵۰.

❹...... المرجع السابق، و "الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول فی المواقیت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۳.

❺...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۵۰.

❻...... "الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الأول فی المواقیت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۳.

❼...... المرجع السابق، و "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۵۱.

❽...... "البحرالرائق"، کتاب الصلاۃ، ج۱، ص۴۳۲.

تیسری شرط استقبال قبلہ: یعنی نماز میں قبلہ یعنی کعبہ کی طرف مونھ کرنا۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿ سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِیْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِیْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ ﴾ (4)

بے وقوف لوگ کہیں گے کہ جس قبلہ پر مسلمان لوگ تھے، انھیں کس چیز نے اس سے پھیر دیا تم فرمادو اللہ ہی کے لیے مشرق و مغرب ہے، جسے چاہتا ہے، سیدھے راستہ کی طرف ہدایت فرماتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سولہ یا سترہ مہینہ تک بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی اور حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو پسند یہ تھا کہ کعبہ قبلہ ہو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی كما هو مروی فی صحيح البخاری وغيره من الصحاح اور فرماتا ہے:

﴿ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِیْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ○ ﴾ (5)

جس قبلہ پر تم پہلے تھے، ہم نے پھر وہی اس لیے مقرر کیا کہ رسول کے اتباع کرنے والے ان سے متمیز ہو جائیں، جو ایڑیوں کے بل لوٹ جاتے ہیں اور بے شک یہ شاق ہے، مگر ان پر جن کو اللہ نے ہدایت کی اور اللہ تمہارا ایمان ضائع نہ کرے گا۔

---

4 ...... پ ۲، البقرۃ: ۱۴۲.

5 ...... پ ۲، البقرۃ: ۱۴۳ـ ۱۴۴.

بیشک اللہ لوگوں پر بڑا مہربان رحم والا ہے۔ اے محبوب! آسمان کی طرف تمہارا بار بار مونھ اٹھانا ہم دیکھتے ہیں، تو ضرور ہم تمھیں اسی قبلہ کی طرف پھیر دیں گے، جسے تم پسند کرتے ہو، تو اپنا مونھ (نماز میں) مسجد حرام کی طرف پھیر دو اور اے مسلمانو! تم جہاں کہیں ہو، اسی کی طرف (نماز میں) مونھ کرو اور بے شک جنھیں کتاب دی گئی، وہ ضرور جانتے ہیں کہ وہی حق ہے، ان کے رب کی طرف سے اور اللہ ان کے کوتکوں سے غافل نہیں۔

مسئلہ ۴۸: نماز اللہ ہی کے لیے پڑھی جائے اور اسی کے لیے سجدہ ہو نہ کہ کعبہ کو، اگر کسی نے معاذ اللہ کعبہ کے لیے سجدہ کیا، حرام و گناہ کبیرہ کیا اور اگر عبادت کعبہ کی نیت کی، جب تو کھلا کافر ہے کہ غیر خدا کی عبادت کفر ہے۔[1] (درمختار و افادات رضویہ)

مسئلہ ۴۹: استقبال قبلہ عام ہے کہ بعینہٖ کعبۂ معظمہ کی طرف مونھ ہو، جیسے مکہ مکرمہ والوں کے لیے یا اس جہت کو مونھ ہو جیسے اوروں کے لیے۔[2] (درمختار) یعنی تحقیق یہ ہے کہ جو عین کعبہ کی سمت خاص تحقیق کر سکتا ہے، اگرچہ کعبہ آڑ میں ہو، جیسے مکۂ معظمہ کے مکانوں میں جب کہ مثلاً چھت پر چڑھ کر کعبہ کو دیکھ سکتے ہیں، تو عین کعبہ کی طرف مونھ کرنا فرض ہے، جہت کافی نہیں اور جسے یہ تحقیق ناممکن ہو، اگرچہ خاص مکۂ معظمہ میں ہو، اس کے لیے جہت کعبہ کو مونھ کرنا کافی ہے۔ (افادات رضویہ)

مسئلہ ۵۰: کعبۂ معظمہ کے اندر نماز پڑھی، تو جس رُخ چاہے پڑھے، کعبہ کی چھت پر بھی نماز ہو جائے گی، مگر اس کی چھت پر چڑھنا ممنوع ہے۔[3] (غنیہ وغیرہا)



مسئلہ ۵۱: اگر صرف حطیم کی طرف مونھ کیا کہ کعبۂ معظمہ محاذات میں نہ آیا، نماز نہ ہوئی۔[4] (غنیہ)

مسئلہ ۵۲: جہت کعبہ کو مونھ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ مونھ کی سطح کا کوئی جز کعبہ کی سمت میں واقع ہو، تو اگر قبلہ سے کچھ انحراف ہے، مگر مونھ کا کوئی جز کعبہ کے مواجہہ میں ہے، نماز ہو جائے گی، اس کی مقدار ۴۵ درجہ رکھی گئی ہے، تو اگر ۴۵ درجہ سے زائد انحراف ہے، استقبال نہ پایا گیا، نماز نہ ہوئی، مثلاً ا، ب، ایک خط ہے اس پر ہ، ح، عمود ہے اور فرض کرو کہ کعبۂ معظمہ عین نقطہ ح کے محاذی ہے، دونوں قائمے ا، ہ، ح اور ح، ہ ب کی تنصیف کرتے ہوئے خطوط ہ، ر، ہ، ح خطوط کھینچے، تو یہ زاویہ ۴۵، ۴۵ درجے کے ہوئے کہ قائمہ ۹۰ درجے ہے، اب جو شخص مقام ہ پر کھڑا ہے، اگر نقطۂ ح کی طرف مونھ کرے، تو

---

1 ...... "الدر المختار"، كتاب الصلاة، بحث النية، ج٢، ص١٣٤.

2 ...... المرجع السابق.

3 ...... "غنية المتملي"، فصل مسائل شتى، ص٦١٦، وغيرها.

4 ...... "غنية المتملي"، فروع في شرح الطحاوي، ص٢٢٥.

اگر عین کعبہ کو مونھ ہے اور اگر دہنے بائیں ر یا ح کی طرف جھکے تو جب تک د ح یا ح ح کے اندر ہے، جہت کعبہ میں ہے اور جب د سے بڑھ کر ا یا ح سے گزر کر ب کی طرف کچھ بھی قریب ہوگا، تو اب جہت سے نکل گیا، نماز نہ ہوگی۔[1] (درمختار و افادات رضویہ)

مسئلہ ۵۳: قبلہ بنائے کعبہ کا نام نہیں، بلکہ وہ فضا ہے، اس بنا کی محاذات میں ساتویں زمین سے عرش تک قبلہ ہی ہے، تو اگر وہ عمارت وہاں سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ دی جائے اور اب اس عمارت کی طرف مونھ کر کے نماز پڑھی نہ ہوگی یا کعبۂ معظمہ کسی ولی کی زیارت کو گیا اور اس فضا کی طرف نماز پڑھی ہوگئی۔ یوہیں اگر بلند پہاڑ پر یا کوئیں کے اندر نماز پڑھی اور قبلہ کی طرف مونھ کیا، نماز ہوگئی کہ فضا کی طرف توجہ پائی گئی، گو عمارت کی طرف نہ ہو۔[2] (ردالمحتار)

مسئلہ ۵۴: جو شخص استقبال قبلہ سے عاجز ہو، مثلاً مریض ہے کہ اس میں اتنی قوت نہیں کہ ادھر رخ بدلے اور وہاں کوئی ایسا نہیں جو متوجہ کر دے یا اس کے پاس اپنا یا امانت کا مال ہے جس کے چوری ہو جانے کا صحیح اندیشہ ہو یا کشتی کے تختہ پر بہتا جا رہا ہے اور صحیح اندیشہ ہے کہ استقبال کرے تو ڈوب جائے گا یا شریر جانور پر سوار ہے کہ اترنے نہیں دیتا یا اتر تو جائے گا مگر بے مددگار سوار نہ ہونے دے گا یا یہ بوڑھا ہے کہ پھر خود سوار نہ ہو سکے گا اور ایسا کوئی نہیں جو سوار کرا دے، تو ان سب صورتوں میں جس رُخ نماز پڑھ سکے، پڑھ لے اور اعادہ بھی نہیں، ہاں سواری کے روکنے پر قادر ہو تو روک کر پڑھے اور ممکن ہو تو قبلہ کو مونھ کرے، ورنہ جیسے بھی ہو سکے اور اگر روکنے میں قافلہ نگاہ سے مخفی ہو جائے گا تو سواری ٹھہرانا بھی ضروری نہیں، یوہیں روانی میں پڑھے۔[3] (ردالمحتار)

مسئلہ ۵۵: چلتی کشتی میں نماز پڑھے، تو بوقت تحریمہ قبلہ کو مونھ کرے اور جیسے جیسے وہ گھومتی جائے یہ بھی قبلہ کو مونھ پھیرتا رہے، اگرچہ نفل نماز ہو۔[4] (غنیہ)

مسئلہ ۵۶: مصلّی کے پاس مال ہے اور اندیشہ صحیح ہے کہ استقبال کرے گا تو چوری ہو جائے گی، ایسی حالت میں کوئی ایسا شخص مل گیا جو حفاظت کرے، اگرچہ باجرت مثل استقبال فرض ہے۔[5] (ردالمحتار) یعنی جب کہ وہ اجرت حاجتِ اصلیہ سے زائد اس کے پاس ہو یا محافظ آئندہ لینے پر راضی ہو اور اگر وہ نقد مانگتا ہے اور اس کے پاس نہیں یا ہے مگر حاجتِ اصلیہ سے زائد نہیں یا ہے مگر وہ اجرت مثل سے بہت زیادہ مانگتا ہے، تو اجیر کرنا ضرور نہیں، یوہیں پڑھے۔ (افادات رضویہ)

مسئلہ ۵۷: کوئی شخص قید میں ہے اور وہ لوگ اسے استقبال سے مانع ہیں تو جیسے بھی ہو سکے، نماز پڑھ لے، پھر

---

1 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص١٣٥.

2 ...... "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب: كرامات الأولياء ثابتة، ج٢، ص١٤١.

3 ...... "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب: كرامات الأولياء ثابتة، ج٢، ص١٤٢.

4 ...... "غنية المتملي"، فروع في شرح الطحطاوي، ص٢٢٥.

5 ...... "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب: كرامات الأولياء ثابتة، ج٢، ص١٤٢.

جب موقع ملے وقت میں یا بعد، تو اس نماز کا اعادہ کرے۔[1] (ردالمحتار)

مسئلہ ۵۸: اگر کسی شخص کو کسی جگہ قبلہ کی شناخت نہ ہو، نہ کوئی ایسا مسلمان ہے جو بتادے، نہ وہاں مسجدیں محرابیں ہیں، نہ چاند، سورج، ستارے نکلے ہوں یا ہوں مگر اس کو اتنا علم نہیں کہ ان سے معلوم کر سکے، تو ایسے کے لیے حکم ہے کہ تحری کرے (سوچے جدھر قبلہ ہونا دل پر جمے ادھر ہی مونھ کرے)، اس کے حق میں وہی قبلہ ہے۔[2] (عامۂ کتب)

مسئلہ ۵۹: تحری کر کے نماز پڑھی، بعد کو معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی، ہوگئی، اعادہ کی حاجت نہیں۔[3] (تنویر الابصار وغیرہ)

مسئلہ ۶۰: ایسا شخص اگر بے تحری کسی طرف مونھ کر کے نماز پڑھے، نماز نہ ہوئی، اگرچہ واقع میں قبلہ ہی کی طرف مونھ کیا ہو، ہاں اگر قبلہ کی طرف مونھ ہونا، بعد نماز یقین کے ساتھ معلوم ہوا، ہوگئی اور اگر بعد نماز اس کا جہت قبلہ ہونا گمان ہو، یقین نہ ہو یا اثنائے نماز میں اس کا قبلہ ہونا معلوم ہوا، اگرچہ یقین کے ساتھ تو نماز نہ ہوئی۔[4] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۶۱: اگر سوچا اور دل میں کسی طرف قبلہ ہونا ثابت ہوا، مگر اس کے خلاف دوسری طرف اس نے مونھ کیا، نماز نہ ہوئی، اگرچہ واقع میں وہی قبلہ تھا، جدھر مونھ کیا، اگرچہ بعد کو یقین کیساتھ اسی کا قبلہ ہونا معلوم ہو۔[5] (درمختار)

مسئلہ ۶۲: اگر کوئی جاننے والا موجود ہے، اس سے دریافت نہیں کیا، خود غور کر کے کسی طرف کو پڑھ لی، تو اگر قبلہ ہی کی طرف مونھ تھا، ہوگئی، ورنہ نہیں۔[6] (ردالمحتار)

مسئلہ ۶۳: جاننے والے سے پوچھا اس نے نہیں بتایا، اس نے تحری کر کے نماز پڑھ لی، اب بعد نماز اس نے بتایا نماز ہوگئی، اعادہ کی حاجت نہیں۔[7] (غنیہ)

مسئلہ ۶۴: اگر مسجدیں اور محرابیں وہاں ہیں، مگر ان کا اعتبار نہ کیا، بلکہ اپنی رائے سے ایک طرف کو متوجہ ہولیا، یا تارے وغیرہ موجود ہیں اور اس کو علم ہے کہ ان کے ذریعہ سے معلوم کرلے اور نہ کیا بلکہ سوچ کر پڑھ لی، دونوں صورت میں نہ

1...... "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: کرامات الأولیاء ثابتۃ، ج۲، ص۱۴۳.

2...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلۃ، ج۲، ص۱۴۳.

3...... "تنویر الأبصار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۱۴۳، وغیرہ.

4...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلۃ، ج۲، ص۱۴۷.

5...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۱۴۷.

6...... "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری... إلخ، ج۲، ص۱۴۳.

7...... "منیۃ المصلي"، مسائل تحری القبلۃ... إلخ، ص۱۹۲.

ہوئی، اگر خلاف جہت کی طرف پڑھی۔[1] (ردالمحتار)

مسئلہ ۶۵: ایک شخص تحری کرکے (سوچ کر) ایک طرف پڑھ رہا ہے، تو دوسرے کو اس کا اتباع جائز نہیں، بلکہ اسے بھی تحری کا حکم ہے، اگر اس کا اتباع کیا تحری نہ کی، اس کی نماز نہ ہوئی۔[2] (ردالمحتار)

مسئلہ ۶۶: اگر تحری کرکے نماز پڑھ رہا تھا اور اثنائے نماز میں اگرچہ سجدۂ سہو میں رائے بدل گئی یا غلطی معلوم ہوئی تو فرض ہے کہ فوراً گھوم جائے اور پہلے جو پڑھ چکا ہے، اس میں خرابی نہ آئے گی۔ اسی طرح اگر چاروں رکعتیں چار جہات میں پڑھیں، جائز ہے اور اگر فوراً نہ پھرا یہاں تک کہ ایک رکن یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے کا وقفہ ہوا، نماز نہ ہوئی۔[3] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۶۷: نابینا غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ رہا تھا، کوئی بینا آیا، اس نے اسے سیدھا کرکے اس کی اقتدا کی، تو اگر وہاں کوئی شخص ایسا تھا، جس سے قبلہ کا حال نابینا دریافت کر سکتا تھا، مگر نہ پوچھا، دونوں کی نمازیں نہ ہوئیں اور اگر کوئی ایسا نہ تھا، تو نابینا کی ہوگئی اور مقتدی کی نہ ہوئی۔[4] (خانیہ، ہندیہ، غنیہ، ردالمحتار)

مسئلہ ۶۸: تحری کرکے غیر قبلہ کو نماز پڑھ رہا تھا، بعد کو اسے اپنی رائے کی غلطی معلوم ہوئی اور قبلہ کی طرف پھر گیا، تو جس دوسرے شخص کو اس کی پہلی حالت معلوم ہو، اگر یہ بھی اسی قسم کا ہے کہ اس نے بھی پہلے وہی تحری کی تھی اور اب اس کو بھی غلطی معلوم ہوئی، تو اس کی اقتدا کر سکتا ہے، ورنہ نہیں۔[5] (ردالمحتار)

مسئلہ ۶۹: اگر امام تحری کرکے ٹھیک جہت میں پہلے ہی سے پڑھ رہا ہے، تو اگرچہ مقتدی تحری کرنے والوں میں نہ ہو، اس کی اقتدا کر سکتا ہے۔[6] (درمختار)

مسئلہ ۷۰: اگر امام و مقتدی ایک ہی جہت کو تحری کرکے نماز پڑھ رہے تھے اور امام نے نماز پوری کرلی اور سلام پھیر دیا اب مسبوق[7] و لاحق[8] کی رائے بدل گئی، تو مسبوق گھوم جائے اور لاحق سرے سے پڑھے۔[9] (درمختار)

---

1 ...... "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلۃ، ج۲، ص۱٤۳.

2 ...... المرجع السابق.

3 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلۃ، ج۲، ص۱٤۳.

4 ...... "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلۃ، ج۲، ص۱٤٤.

5 ...... "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلۃ، ج۲، ص۱٤٤.

6 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱٤٤.

7 ...... وہ کہ امام کی بعض رکعتیں پڑھنے کے بعد شامل ہوا اور آخر تک شامل رہا۔

8 ...... وہ کہ امام کے ساتھ پہلی رکعت میں شریک ہوا، مگر اقتدا کے بعد اس کی کل رکعتیں یا بعض فوت ہوگئیں، خواہ عذر سے یا بلا عذر۔

9 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱٤٤.

چوتھی شرط وقت ہے: اس کے مسائل اوپر مستقل باب میں بیان ہوئے۔

پانچویں شرط نیت ہے:

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۵ ﴾ (6)

انھیں تو یہی حکم ہوا کہ اللہ ہی کی عبادت کریں، اسی کے لیے دین کو خالص رکھتے ہوئے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

---

1 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج ٢، ص ١٤٦.

2 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج ٢، ص ١٤٦.

3 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب: اذا ذكر في مسألة ثلاثة اقوال... إلخ، ج ٢، ص ١٤٧.

4 ...... "منية المصلي"، مسائل التحري القبلة... إلخ، ص ١٩٣.
و "البحر الرائق"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج ١، ص ٤٩٧.

5 ...... المرجع السابق.

گہن کی نماز کا بیان

حدیث ۱: صحیحین میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد کریم میں ایک مرتبہ آفتاب میں گہن لگا، مسجد میں تشریف لائے اور بہت طویل قیام و رکوع و سجود کے ساتھ نماز پڑھی کہ میں نے کبھی ایسا کرتے نہ دیکھا اور یہ فرمایا: کہ ''اللہ عزوجل کسی کی موت و حیات کے سبب اپنی یہ نشانیاں ظاہر نہیں فرماتا، ولیکن ان سے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، لہٰذا جب ان میں سے کچھ دیکھو تو ذکر و دُعا و استغفار کی طرف گھبرا کر اٹھو۔'' (7)

حدیث ۲: نیز انھیں میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، کہ لوگوں نے عرض کی، یارسول اللہ! ہم نے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو دیکھا کہ کسی چیز کے لینے کا قصد فرماتے ہیں پھر پیچھے ہٹتے دیکھا، فرمایا: ''میں نے جنت کو دیکھا اور اس سے ایک خوشہ لینا چاہا اور اگر لے لیتا تو جب تک دنیا باقی رہتی تم اس سے کھاتے اور دوزخ کو دیکھا اور آج کے مثل کوئی خوفناک منظر

---

7 ...... "صحیح البخاري"، کتاب الکسوف، باب الذکر في الکسوف، الحدیث: ۱۰۵۹، ج۱، ص۳۶۳.

کبھی نہ دیکھا اور میں نے دیکھا کہ اکثر دوزخی عورتیں ہیں، عرض کی، کیوں یارسول اللہ (عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)؟ فرمایا: کہ کفر کرتی ہیں، عرض کی گئی، اللہ (عزوجل) کے ساتھ کفر کرتی ہیں؟ فرمایا: ''شوہر کی ناشکری کرتی ہیں اور احسان کا کفران کرتی ہیں، اگر تُو اس کے ساتھ عمر بھر احسان کرے پھر کوئی بات بھی (خلاف مزاج) دیکھے، کہے گی، میں نے کبھی کوئی بھلائی تم سے دیکھی ہی نہیں۔'' (1)

حدیث ۳: صحیح بخاری شریف میں حضرت اسما بنت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی، فرماتی ہیں: ''حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے آفتاب گہنے میں غلام آزاد کرنے کا حکم فرمایا۔'' (2)

حدیث ۴: سُنن اربعہ میں سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کہتے ہیں: ''حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے گہن کی نماز پڑھائی اور ہم حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی آواز نہیں سنتے تھے۔'' (3) یعنی قراءت آہستہ کی۔

مسائل فقہیّہ

سورج گہن کی نماز سنت مؤکدہ ہے اور چاند گہن کی مستحب۔ سورج گہن کی نماز جماعت سے پڑھنی مستحب ہے اور تنہا تنہا بھی ہو سکتی ہے اور جماعت سے پڑھی جائے تو خطبہ کے سوا تمام شرائط جمعہ اس کے لیے شرط ہیں، وہی شخص اس کی جماعت قائم کر سکتا ہے جو جمعہ کی کر سکتا ہے، وہ نہ ہو تو تنہا تنہا پڑھیں، گھر میں یا مسجد میں۔ (4) (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۱: گہن کی نماز اسی وقت پڑھیں جب آفتاب گہنا ہو، گہن چھوٹنے کے بعد نہیں اور گہن چھوٹنا شروع ہو گیا مگر ابھی باقی ہے اس وقت بھی شروع کر سکتے ہیں اور گہن کی حالت میں اس پر ابر آجائے جب بھی نماز پڑھیں۔ (5) (جوہرۂ نیرہ)

مسئلہ ۲: ایسے وقت گہن لگا کہ اس وقت نماز ممنوع ہے تو نماز نہ پڑھیں، بلکہ دُعا میں مشغول رہیں اور اسی حالت میں ڈوب جائے تو دُعا ختم کر دیں اور مغرب کی نماز پڑھیں۔ (6) (جوہرہ، ردالمحتار)

مسئلہ ۳: یہ نماز اور نوافل کی طرح دو رکعت پڑھیں یعنی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کریں نہ اس میں اذان

---

1 ...... "صحيح البخاري"، كتاب الكسوف، باب صلاة الكسوف جماعة، الحديث: ١٠٥٢، ج١، ص٣٦٠.

2 ...... "صحيح البخاري"، كتاب الكسوف، باب من أحب العتاقة في كسوف الشمس، الحديث: ١٠٥٤، ج١، ص٣٦٢.

3 ...... "سنن ابن ماجه"، أبواب إقامة الصلوات والسنة فيها، باب ماجاء في صلاة الكسوف، الحديث: ١٢٦٤، ج٢، ص٩٣.

4 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٧٧ ـ ٨٠.

5 ...... "الجوهرة النيرة"، كتاب الصلاة، باب صلاة الكسوف، ص١٢٤.

6 ...... المرجع السابق، و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٧٨.

ہے، نہ اقامت، نہ بلند آواز سے قراءت اور نماز کے بعد دُعا کریں یہاں تک کہ آفتاب کھل جائے اور دو رکعت سے زیادہ بھی پڑھ سکتے ہیں، خواہ دو دو رکعت پر سلام پھیریں یا چار پر۔[1] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۴: اگر لوگ جمع نہ ہوئے تو ان لفظوں سے پکاریں، اَلصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ۔[2] (درمختار)

مسئلہ ۵: افضل یہ ہے کہ عیدگاہ یا جامع مسجد میں اس کی جماعت قائم کی جائے اور اگر دوسری جگہ قائم کریں جب بھی حرج نہیں۔[3] (عالمگیری)

مسئلہ ۶: اگر یاد ہو تو سورۂ بقرہ اور آل عمران کی مثل بڑی بڑی سورتیں پڑھیں اور رکوع و سجود میں بھی طول دیں اور بعد نماز دُعا میں مشغول رہیں یہاں تک کہ پورا آفتاب کھل جائے اور یہ بھی جائز ہے کہ نماز میں تخفیف کریں اور دُعا میں طول، خواہ امام قبلہ رُو دُعا کرے یا مقتدیوں کی طرف مونھ کر کے کھڑا ہو اور یہ بہتر ہے اور سب مقتدی آمین کہیں، اگر دُعا کے وقت عصا یا کمان پر ٹیک لگا کر کھڑا ہو تو یہ بھی اچھا ہے، دُعا کے لیے منبر پر نہ جائے۔[4] (درمختار وغیرہ)

مسئلہ ۷: سورج گہن اور جنازہ کا اجتماع ہو تو پہلے جنازہ پڑھے۔[5] (جوہرہ)

مسئلہ ۸: چاند گہن کی نماز میں جماعت نہیں، امام موجود ہو یا نہ ہو بہرحال تنہا تنہا پڑھیں۔[6] (درمختار وغیرہ) امام کے علاوہ دو تین آدمی جماعت کر سکتے ہیں۔

مسئلہ ۹: تیز آندھی آئے یا دن میں سخت تاریکی چھا جائے یا رات میں خوفناک روشنی ہو یا لگاتار کثرت سے مینھ برسے یا بکثرت اولے پڑیں یا آسمان سُرخ ہو جائے یا بجلیاں گریں یا بکثرت تارے ٹوٹیں یا طاعون وغیرہ وبا پھیلے یا زلزلے آئیں یا دشمن کا خوف ہو یا اور کوئی دہشت ناک امر پایا جائے ان سب کے لیے دو رکعت نماز مستحب ہے۔[7] (عالمگیری، درمختار وغیرہما)

---

1 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٧٨.

2 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٧٩.

3 ...... "الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثامن عشر في صلاة الكسوف، ج١، ص١٥٣.

4 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٧٩، وغيره.

5 ...... "الجوهرة النيرة"، كتاب الصلاة، باب صلاة الكسوف، ص١٢٤.

6 ...... "الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثامن عشر في صلاة الكسوف، ج١، ص١٥٣.
و "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٨٠، وغيره.

7 ...... "الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثامن عشر في صلاة الكسوف، ج١، ص١٥٣.
و "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الكسوف، ج٣، ص٨٠، وغيرهما.

کعبۂ معظمہ میں نماز پڑھنے کا بیان

حدیث ۱و۲: صحیح مسلم و صحیح بخاری میں ہے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اسامہ بن زید و عثمان بن طلحہ حجبی و بلال بن رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہم کعبۂ معظمہ میں داخل ہوئے اور دروازہ بند کر لیا گیا کچھ دیر تک وہاں ٹھہرے جب باہر تشریف لائے، میں نے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا، حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے کیا کیا؟ کہا: ایک ستون بائیں طرف کیا اور دو داہنی طرف اور تین پیچھے پھر نماز پڑھی اور اُس زمانہ میں بیت اللہ شریف کے چھ ستون تھے۔[1]

مسئلہ ۱: کعبۂ معظمہ کے اندر ہر نماز جائز ہے، فرض ہو یا نفل تنہا پڑھے یا باجماعت، اگرچہ امام کا رُخ اور طرف ہو اور مقتدی کا اور طرف مگر جب کہ مقتدی کی پشت امام کے سامنے ہو تو مقتدی کی نماز نہ ہوگی اور اگر مقتدی کا مونھ امام کے مونھ کے سامنے ہو تو ہو جائے گی مگر کوئی چیز اگر درمیان میں حائل نہ ہو تو مکروہ ہے اور اگر مقتدی کا مونھ امام کی کروٹ کی طرف ہو تو بلا کراہت جائز۔[2] (جوہرہ، درمختار وغیرہما)

مسئلہ ۲: کعبۂ معظمہ کی چھت پر نماز پڑھی جب بھی یہی صورتیں ہیں، مگر اُس کی چھت پر نماز پڑھنا بھی مکروہ ہے۔[3] (تنویر الابصار)

مسئلہ ۳: مسجد الحرام شریف میں کعبۂ معظمہ کے گرد جماعت کی اور مقتدی کعبۂ معظمہ کے چاروں طرف ہوں جب بھی جائز ہے اگرچہ مقتدی بہ نسبت امام کے کعبہ سے قریب تر ہو، بشرطیکہ یہ مقتدی جو بہ نسبت امام کے قریب تر ہے اودھر نہ ہو جس طرف امام ہو بلکہ دوسری طرف ہو اور اگر اسی طرف ہے جس طرف امام ہے اور بہ نسبت امام کے قریب تر ہے تو اُس کی نماز نہ ہوئی۔[4] (عامۂ کتب)

مسئلہ ۴: امام کعبہ کے اندر ہے اور مقتدی باہر تو اقتدا صحیح ہے، خواہ امام تنہا اندر ہو یا اس کے ساتھ بعض مقتدی بھی ہوں، مگر دروازہ کھلا ہونا چاہیے کہ امام کے رکوع و سجود کا حال معلوم ہوتا رہے اور اگر دروازہ بند ہے مگر امام کی آواز آتی ہے جب بھی

---

1. "صحيح البخاري"، كتاب الصلاة، باب الصلاة بين السواري في غير جماعة، الحديث: ٥٠٥، ج١، ص١٨٨.
2. "الجوهرة النيرة"، كتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ص١٤٥.
   و "الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ج٣، ص١٩٨، وغيرهما.
3. "تنوير الأبصار"، كتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ج٣، ص١٩٨.
4. "تنوير الأبصار" و "ردالمحتار" كتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ج٣، ص١٩٩، وغيرهما.

چاند دیکھنے کا بیان

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَ الْحَجِّ ؕ ﴾ (3)

اے محبوب! تم سے ہلال کے بارہ میں لوگ سوال کرتے ہیں، تم فرمادو وہ لوگوں کے کاموں اور حج کے لیے اوقات ہیں۔

حدیث ۱: صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''روزہ نہ رکھو، جب تک چاند نہ دیکھ لو اور افطار نہ کرو، جب تک چاند نہ دیکھ لو اور اگر ابر ہو تو مقدار پوری کرلو۔'' (4)

حدیث ۲: نیز صحیحین میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''چاند دیکھ کر روزہ رکھنا شروع کرو اور چاند دیکھ کر افطار کرو اور اگر ابر ہو تو شعبان کی گنتی تیس پوری کرلو۔'' (5)

حدیث ۳: ابوداود و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و دارمی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، ایک اعرابی نے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی، میں نے رمضان کا چاند دیکھا ہے۔ فرمایا: ''تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ (عزوجل) کے سوا کوئی معبود نہیں؟'' عرض کی، ہاں۔ فرمایا: ''تو گواہی دیتا ہے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ (عزوجل) کے رسول ہیں؟''

(3)...... پ۲، البقرۃ: ۱۸۹.

(4)...... "صحیح البخاري"، کتاب الصوم، باب قول النبي صلی اللہ علیه و سلم، إذا رأیتم الهلال فصوموا... إلخ، الحدیث: ۱۹۰۶، ج۱، ص۶۲۹.

(5)...... "صحیح البخاري"، کتاب الصوم، باب قول النبي صلی اللہ علیه وسلم، إذا رأیتم ... إلخ، الحدیث: ۱۹۰۹، ج۱، ص ۶۳۰.

اُس نے کہا، ہاں۔ ارشاد فرمایا: ''اے بلال! لوگوں میں اعلان کردو کہ کل روزہ رکھیں۔'' [1]

حدیث ۴: ابو داود و دارمی ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی، کہ لوگوں نے باہم چاند دیکھنا شروع کیا، میں نے حضور (صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم) کو خبر دی کہ میں نے چاند دیکھا ہے، حضور (صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم) نے بھی روزہ رکھا اور لوگوں کو روزہ رکھنے کا حکم فرمایا۔[2]

حدیث ۵: ابو داود ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم شعبان کا اس قدر تحفظ کرتے کہ اتنا اور کسی کا نہ کرتے پھر رمضان کا چاند دیکھ کر روزہ رکھتے اور اگر ابر ہوتا تو تیس دن پورے کر کے روزہ رکھتے۔ [3]

حدیث ۶: صحیح مسلم میں ابی **البختری** سے مروی، کہتے ہیں ہم عمرہ کے لیے گئے، جب بطن نخلہ میں پہنچے تو چاند دیکھ کر کسی نے کہا تین رات کا ہے، کسی نے کہا دو رات کا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہم ملے اور ان سے واقعہ بیان کیا، فرمایا: تم نے دیکھا کس رات میں؟ ہم نے کہا، فلاں رات میں، فرمایا: کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اُس کی مدت دیکھنے سے مقرر فرمائی، لہٰذا اس رات کا قرار دیا جائے گا جس رات کو تم نے دیکھا۔ [4]

مسئلہ ۱: پانچ مہینوں کا چاند دیکھنا، واجب کفایہ ہے۔

(۱) شعبان۔

(۲) رمضان۔

(۳) شوال۔

(۴) ذیقعدہ۔

(۵) ذی الحجہ۔

شعبان کا اس لیے کہ اگر رمضان کا چاند دیکھتے وقت ابر یا غبار ہو تو یہ تیس پورے کر کے رمضان شروع کریں اور رمضان کا روزہ رکھنے کے لیے اور شوال کا روزہ ختم کرنے کے لیے اور ذیقعدہ کا ذی الحجہ کے لیے [5] اور ذی الحجہ کا بقرعید کے لیے۔[6] (فتاویٰ رضویہ)

---

1 ...... "سنن أبي داود"، كتاب الصيام، باب في شهادة الواحد على رؤية هلال رمضان، الحديث: ٢٣٤٠، ج٢، ص ٤٤٠.

2 ...... "سنن أبي داود"، كتاب الصيام، باب في شهادة الواحد على رؤية هلال رمضان، الحديث: ٢٣٤٢، ج٢، ص ٤٤١.

3 ...... "سنن أبي داود"، كتاب الصيام، باب إذا أغمي الشهر، الحديث: ٢٣٢٥، ج٢، ص ٤٣٤.

4 ...... "صحيح مسلم"، كتاب الصيام، باب بيان أنه لااعتبار بكبر الهلال وصغره... إلخ، الحديث: ١٠٨٨، ص ٥٤٩.

5 ...... کہ وہ حج کا خاص مہینہ ہے۔　6 ...... "الفتاوى الرضوية"، ج١٠، ص ٤٤٩ ـ ٤٥١.

مسئلہ ۲: شعبان کی انتیس ۲۹ کو شام کے وقت چاند دیکھیں دکھائی دے تو کل روزہ رکھیں، ورنہ شعبان کے تیس ۳۰ دن پورے کر کے رمضان کا مہینہ شروع کریں۔[1] (عالمگیری)

مسئلہ ۳: کسی نے رمضان یا عید کا چاند دیکھا مگر اس کی گواہی کسی وجہ شرعی سے رد کر دی گئی مثلاً فاسق ہے یا عید کا چاند اس نے تنہا دیکھا تو اُسے حکم ہے کہ روزہ رکھے، اگرچہ اپنے آپ عید کا چاند دیکھ لیا ہے اور اس روزہ کو توڑنا جائز نہیں، مگر توڑے گا تو کفارہ لازم نہیں[2] اور اس صورت میں اگر رمضان کا چاند تھا اور اُس نے اپنے حسابوں تیس روزے پورے کیے، مگر عید کے چاند کے وقت پھر اَبر یا غبار ہے تو اُسے بھی ایک دن اور رکھنے کا حکم ہے۔[3] (عالمگیری، درمختار)

مسئلہ ۴: تنہا اُس نے چاند دیکھ کر روزہ رکھا پھر روزہ توڑ دیا یا قاضی کے یہاں گواہی بھی دی تھی اور ابھی اُس نے اُس کی گواہی پر حکم نہیں دیا تھا کہ اُس نے روزہ توڑ دیا تو بھی کفارہ لازم نہیں، صرف اُس روزہ کی قضا دے اور اگر قاضی نے اُس کی گواہی قبول کرلی۔ اُس کے بعد اُس نے روزہ توڑ دیا تو کفارہ لازم ہے اگرچہ یہ فاسق ہو۔[4] (درمختار)

مسئلہ ۵: جو شخص علم ہیأت جانتا ہے، اُس کا اپنے علم ہیأت کے ذریعہ سے کہہ دینا کہ آج چاند ہوا یا نہیں ہوا کوئی چیز نہیں اگرچہ وہ عادل ہو، اگرچہ کئی شخص ایسا کہتے ہوں کہ شرع میں چاند دیکھنے یا گواہی سے ثبوت کا اعتبار ہے۔[5] (عالمگیری)

مسئلہ ۶: ہر گواہی میں یہ کہنا ضرور ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ بغیر اس کے شہادت نہیں، مگر اَبر میں رمضان کے چاند کی گواہی میں اس کہنے کی ضرورت نہیں، اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ میں نے اپنی آنکھ سے اس رمضان کا چاند آج یا کل یا فلاں دن دیکھا ہے۔ یو ہیں اس کی گواہی میں دعویٰ اور مجلس قضا اور حاکم کا حکم بھی شرط نہیں، یہاں تک کہ اگر کسی نے حاکم کے یہاں گواہی دی تو جس نے اُس کی گواہی سُنی اور اُس کو بظاہر معلوم ہوا کہ یہ عادل ہے اس پر روزہ رکھنا ضروری ہے، اگرچہ حاکم کا حکم اُس نے نہ سُنا ہو مثلاً حکم دینے سے پہلے ہی چلا گیا۔[6] (درمختار، عالمگیری)

مسئلہ ۷: اَبر اور غبار میں رمضان کا ثبوت ایک مسلمان عاقل بالغ، مستور یا عادل شخص سے ہو جاتا ہے، وہ مرد ہو خواہ عورت، آزاد ہو یا باندی غلام یا اس پر تہمت زنا کی حد ماری گئی ہو، جب کہ توبہ کر چکا ہے۔

---

1 ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج ١، ص ١٩٧.

2 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصوم، ج ٣، ص ٤٠٤.

3 ......

4 ...... "الدرالمختار"، كتاب الصوم، ج ٣، ص ٤٠٤.

5 ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج ١، ص ١٩٧.

6 ...... المرجع السابق، و "الدرالمختار"، كتاب الصوم، ج ٣، ص ٤٠٦.

عادل ہونے کے معنے یہ ہیں کہ کم سے کم متقی ہو یعنی کبائر گناہ سے بچتا ہو اور صغیرہ پر اصرار نہ کرتا ہو اور ایسا کام نہ کرتا ہو جو مروت کے خلاف ہو مثلاً بازار میں کھانا۔[1] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۸: فاسق اگرچہ رمضان کے چاند کی شہادت دے اُس کی گواہی قابل قبول نہیں رہا یہ کہ اُس کے ذمہ گواہی دینا لازم ہے یا نہیں۔ اگر اُمید ہے کہ اُس کی گواہی قاضی قبول کر لے گا تو اُسے لازم ہے کہ گواہی دے۔[2]

مستور یعنی جس کا ظاہر حال مطابق شرع ہے، مگر باطن کا حال معلوم نہیں، اُس کی گواہی بھی غیر رمضان میں قابلِ قبول نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ ۹: جس شخص عادل نے رمضان کا چاند دیکھا، اُس پر واجب ہے کہ اسی رات میں شہادت ادا کر دے، یہاں تک کہ اگر لونڈی یا پردہ نشین عورت نے چاند دیکھا تو اس پر گواہی دینے کے لیے اسی رات میں جانا واجب ہے۔ لونڈی کو اس کی کچھ ضرورت نہیں کہ اپنے آقا سے اجازت لے۔ یوہیں آزاد عورت کو گواہی کے لیے جانا واجب، اس کے لیے شوہر سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں، مگر یہ حکم اُس وقت ہے جب اُس کی گواہی پر ثبوت موقوف ہو کہ بے اُس کی گواہی کے کام نہ چلے ورنہ کیا ضرورت۔[3] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۱۰: جس کے پاس رمضان کے چاند کی شہادت گزری، اُسے یہ ضرور نہیں کہ گواہ سے دریافت کرے تم نے کہاں سے دیکھا اور وہ کس طرف تھا اور کتنے اونچے پر تھا وغیرہ وغیرہ۔[4] (عالمگیری وغیرہ) مگر جب کہ اس کا بیان مشتبہ ہو تو سوالات کرے خصوصاً عید میں کہ لوگ خواہ مخواہ اس کا چاند دیکھ لیتے ہیں۔

مسئلہ ۱۱: تنہا امام (بادشاہِ اسلام) یا قاضی نے چاند دیکھا تو اُسے اختیار ہے، خواہ خود ہی روزہ رکھنے کا حکم دے یا کسی کو شہادت لینے کے لیے مقرر کرے اور اُس کے پاس شہادت ادا کرے۔[5] (عالمگیری)

مسئلہ ۱۲: گاؤں میں چاند دیکھا اور وہاں کوئی ایسا نہیں جس کے پاس گواہی دے تو گاؤں والوں کو جمع کر کے شہادت ادا کرے اور اگر یہ عادل ہے تو لوگوں پر روزہ رکھنا لازم ہے۔[6] (عالمگیری)

---

1 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مبحث في صوم يوم الشك، ج۳، ص۴۰۶.

2 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۶.

3 ...... المرجع السابق، ص۴۰۷.

4 ...... "الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۷، وغيره.

5 ...... "الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۷.

6 ...... المرجع السابق.

مسئلہ ۱۳: کسی نے خود تو چاند نہیں دیکھا، مگر دیکھنے والے نے اپنی شہادت کا گواہ بنایا تو اُس کی شہادت کا وہی حکم ہے جو چاند دیکھنے والے کی گواہی کا ہے، جبکہ شہادۃ علی الشہادۃ کے تمام شرائط پائے جائیں۔[1] (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ ۱۴: اگر مطلع صاف ہو تو جب تک بہت سے لوگ شہادت نہ دیں چاند کا ثبوت نہیں ہوسکتا، رہا یہ کہ اس کے لیے کتنے لوگ چاہیے یہ قاضی کے متعلق ہے، جتنے گواہوں سے اُسے غالب گمان ہو جائے حکم دیدے گا، مگر جب کہ بیرونِ شہر یا بلند جگہ سے چاند دیکھنا بیان کرتا ہے تو ایک مستور کا قول بھی رمضان کے چاند میں قبول کرلیا جائے گا۔[2] (درمختار وغیرہ)

مسئلہ ۱۵: جماعتِ کثیرہ کی شرط اُس وقت ہے جب روزہ رکھنے یا عید کرنے کے لیے شہادت گزرے اور اگر کسی اور معاملہ کے لیے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں ثقہ کی شہادت گزری اور قاضی نے شہادت کی بنا پر حکم دے دیا تو اب یہ شہادت کافی ہے۔ روزہ رکھنے یا عید کرنے کے لیے بھی ثبوت ہو گیا، مثلاً ایک شخص نے دوسرے پر دعویٰ کیا کہ میرا اس کے ذمہ اتنا دَین ہے اور اس کی میعاد یہ ٹھہری تھی کہ جب رمضان آجائے تو دَین ادا کردے گا اور رمضان آگیا مگر یہ نہیں دیتا۔ مدعی علیہ[3] نے کہا، بیشک اس کا دَین میرے ذمہ ہے اور میعاد بھی یہی ٹھہری تھی، مگر ابھی رمضان نہیں آیا اس پر مدعی نے دو گواہ گزارے جنھوں نے چاند دیکھنے کی شہادت دی، قاضی نے حکم دے دیا کہ دَین ادا کر، تو اگرچہ مطلع صاف تھا اور دو ہی کی گواہیاں ہوئیں، مگر اب روزہ رکھنے اور عید کرنے کے حق میں بھی یہی دو گواہیاں کافی ہیں۔[4] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۱۶: یہاں مطلع صاف تھا، مگر دوسری جگہ ناصاف تھا، وہاں قاضی کے سامنے شہادت گزری، قاضی نے چاند ہونے کا حکم دیا، اب دو یا چند آدمیوں نے یہاں آکر جہاں مطلع صاف تھا، اس بات کی گواہی دی کہ فلاں قاضی کے یہاں دو شخصوں نے فلاں رات میں چاند دیکھنے کی گواہی دی اور اس قاضی نے ہمارے سامنے حکم دے دیا اور دعوے کے شرائط بھی پائے جاتے ہیں تو یہاں کا قاضی بھی ان شہادتوں کی بنا پر حکم دیدے گا۔[5] (درمختار)

مسئلہ ۱۷: اگر کچھ لوگ آکر یہ کہیں کہ فلاں جگہ چاند ہوا، بلکہ اگر شہادت بھی دیں کہ فلاں جگہ چاند ہوا، بلکہ اگر یہ شہادت دیں کہ فلاں فلاں نے دیکھا، بلکہ اگر یہ شہادت دیں کہ فلاں جگہ کے قاضی نے روزہ یا افطار کے لیے لوگوں سے کہا یہ سب طریقے ناکافی ہیں۔[6] (درمختار، ردالمحتار)

---

1 ...... "الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصوم، الباب الثاني في رؤیۃ الھلال، ج۱، ص۱۹۷، وغیرہ.

2 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۹، وغیرہ.

3 ...... یعنی وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے۔

4 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مطلب: ما قالہ السبکي من الاعتماد علی قول... إلخ، ج۳، ص۴۱۱.

5 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۴۱۲.

6 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مطلب: ما قالہ السبکي من الاعتماد علی قول... إلخ، ج۳، ص۴۱۳.

مسئلہ ۱۸: کسی شہر میں چاند ہوا اور وہاں سے متعدد جماعتیں دوسرے شہر میں آئیں اور سب نے اس کی خبر دی کہ وہاں فلاں دن چاند ہوا ہے اور تمام شہر میں یہ بات مشہور ہے اور وہاں کے لوگوں نے رویت کی بنا پر فلاں دن سے روزے شروع کیے تو یہاں والوں کے لیے بھی ثبوت ہوگیا۔[1] (ردالمحتار)

مسئلہ ۱۹: رمضان کی چاندرات کو اَبر تھا، ایک شخص نے شہادت دی اور اس کی بنا پر روزے کا حکم دے دیا گیا، اب عید کا چاند اگر بوجہ اَبر کے نہیں دیکھا گیا تو تیس روزے پورے کر کے عید کرلیں اور اگر مطلع صاف ہے تو عید نہ کریں، مگر جبکہ دو عادلوں کی گواہی سے رمضان ثابت ہوا ہو۔[2] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۲۰: مطلع ناصاف ہے تو علاوہ رمضان کے شوال و ذی الحجہ بلکہ تمام مہینوں کے لیے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں اور سب عادل ہوں اور آزاد ہوں اور ان میں کسی پر تہمت زنا کی حد نہ قائم کی گئی ہو، اگرچہ توبہ کر چکا ہو اور یہ بھی شرط ہے کہ گواہ گواہی دیتے وقت یہ لفظ کہے میں گواہی دیتا ہوں۔[3] (عامۂ کتب)

مسئلہ ۲۱: گاؤں میں دو شخصوں نے عید کا چاند دیکھا اور مطلع ناصاف ہے اور وہاں کوئی ایسا نہیں جس کے پاس شہادت دیں تو گاؤں والوں سے کہیں، اگر یہ عادل ہوں تو لوگ عید کرلیں۔[4] (عالمگیری)

مسئلہ ۲۲: تنہا امام یا قاضی نے عید کا چاند دیکھا تو انھیں عید کرنا یا عید کا حکم دینا جائز نہیں۔[5] (درمختار وغیرہ)

مسئلہ ۲۳: انتیسویں رمضان کو کچھ لوگوں نے یہ شہادت دی کہ ہم نے لوگوں سے ایک دن پہلے چاند دیکھا جس کے حساب سے آج تیس ہے تو اگر یہ لوگ یہیں تھے تو اب ان کی گواہی مقبول نہیں کہ وقت پر گواہی کیوں نہ دی اور اگر یہاں نہ تھے اور عادل ہوں تو قبول کرلی جائے۔[6] (عالمگیری)

مسئلہ ۲۴: رمضان کا چاند دکھائی نہ دیا، شعبان کے تیس دن پورے کر کے روزے شروع کر دیے، اٹھائیس ہی روزے رکھے تھے کہ عید کا چاند ہوگیا تو اگر شعبان کا چاند دیکھ کر تیس دن کا مہینہ قرار دیا تھا تو ایک روزہ رکھیں اور اگر شعبان کا بھی

---

1 ...... "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مطلب: ما قاله السبكي من الاعتماد على قول الحساب مردود، ج۳، ص۴۱۳.

2 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مطلب: ما قاله السبكي من الاعتماد على قول الحساب مردود، ج۳، ص۴۱۳.

3 ......

4 ...... "الفتاوى الهندية"، کتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۸.

5 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۸، وغيره.

6 ...... "الفتاوى الهندية"، کتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۸.

چاند دکھائی نہ دیا تھا، بلکہ رجب کی تیس۳۰ تاریخیں پوری کر کے شعبان کا مہینہ شروع کیا تو دو روزے قضا کے رکھیں۔[1] (عالمگیری)

مسئلہ ۲۵: دن میں ہلال دکھائی دیا زوال سے پہلے یا بعد، بہر حال وہ آئندہ رات کا قرار دیا جائے گا یعنی اب جو رات آئے گی اس سے مہینہ شروع ہوگا تو اگر تیسویں رمضان کے دن میں دیکھا تو یہ دن رمضان ہی کا ہے شوال کا نہیں اور روزہ پورا کرنا فرض ہے اور اگر شعبان کی تیسویں تاریخ کے دن میں دیکھا تو یہ دن شعبان کا ہے رمضان کا نہیں لہٰذا آج کا روزہ فرض نہیں۔[2] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۲۶: ایک جگہ چاند ہوا تو وہ صرف وہیں کے لیے نہیں، بلکہ تمام جہان کے لیے ہے۔ مگر دوسری جگہ کے لیے اس کا حکم اُس وقت ہے کہ اُن کے نزدیک اُس دن تاریخ میں چاند ہونا شرعی ثبوت سے ثابت ہو جائے[3] یعنی دیکھنے کی گواہی یا قاضی کے حکم کی شہادت گزرے یا متعدد جماعتیں وہاں سے آکر خبر دیں کہ فلاں جگہ چاند ہوا ہے اور وہاں لوگوں نے روزہ

---

1 ...... "الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۹.

2 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصوم، مطلب في اختلاف المطالع، ج۳، ص۴۱۷.

3 ...... مجدد اعظم، اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: کہ رویت ہلال کے ثبوت کے لیے شرع میں سات طریقے ہیں:

(۱) خود شہادت رویت یعنی چاند دیکھنے والوں کی گواہی۔

(۲) شہادۃ علی الشہادۃ یعنی گواہوں نے چاند خود نہ دیکھا بلکہ دیکھنے والوں نے ان کے سامنے گواہی دی اور اپنی گواہی پر انہیں گواہ کیا۔ انہوں نے اس گواہی کی گواہی دی۔ یہ وہاں ہے کہ گواہان اصل حاضری سے معذور ہوں۔

(۳) شہادۃ علی القضاء یعنی دوسرے کسی اسلامی شہر میں حاکم اسلام کے یہاں رویت ہلال پر شہادتیں گزریں اور اس نے ثبوت ہلال کا حکم دیا اور دو عادل گواہوں نے جو اس گواہی کے وقت موجود تھے، انہوں نے دوسرے مقام پر اس قاضی اسلام کے روبرو گواہی گزرے اور قاضی کے حکم پر گواہی دی۔

(۴) کتاب القاضی الی القاضی یعنی قاضی شرع جسے سلطان اسلام نے مقدمات کا اسلامی فیصلہ کرنے کے لیے مقرر کیا ہو وہ دوسرے شہر کے قاضی کو، گواہیاں گزرنے کی شرعی طریقے پر اطلاع دے۔

(۵) استفاضہ یعنی کسی اسلامی شہر سے متعدد جماعتیں آئیں اور سب یک زبان اپنے علم سے خبر دیں کہ وہاں فلاں دن رویت ہلال کی بنا پر روزہ ہوا یا عید کی گئی۔

(۶) اکمال مدت یعنی ایک مہینے کے جب تیس ۳۰ دن کامل ہو جائیں تو دوسرے ماہ کا ہلال آپ ہی ثابت ہو جائے گا کہ مہینہ تیس ۳۰ سے زائد کا نہ ہونا یقینی ہے۔

(۷) اسلامی شہر میں حاکم شرع کے حکم سے انتیس ۲۹ کی شام کو مثلاً توپیں داغی گئیں یا فائر ہوئے تو خاص اس شہر والوں یا اس شہر کے گرد اگرد دیہات والوں کے واسطے توپوں کی آوازیں سننا بھی ثبوت ہلال کے ذریعوں میں سے ایک ذریعہ ہے۔

(انظر: "الفتاوى الرضوية"، ج۱۰، ص۴۰۵ ـ ۴۲۰، ملخصاً).

رکھایا عیدکی ہے۔[1] (درمختار)

مسئلہ ۲۷: تاریا ٹیلیفون سے رویت ہلال نہیں ثابت ہوسکتی، نہ بازاری افواہ اور جنتریوں اور اخباروں میں چھپا ہونا کوئی ثبوت ہے۔ آج کل عموماً دیکھا جاتا ہے کہ انتیس۲۹ رمضان کو بکثرت ایک جگہ سے دوسری جگہ تار بھیجے جاتے ہیں کہ چاند ہوا یا نہیں، اگر کہیں سے تار آ گیا بس لو عید آ گئی یہ محض ناجائز و حرام ہے۔

تار کیا چیز ہے؟ اولاً تو یہی معلوم نہیں کہ جس کا نام لکھا ہے واقعی اُسی کا بھیجا ہوا ہے اور فرض کرو اُسی کا ہو تو تمھارے پاس کیا ثبوت اور یہ بھی سہی تو تار میں اکثر غلطیاں ہوتی ہی رہتی ہیں، ہاں کا نہیں نہیں کا ہاں معمولی بات ہے اور مانا کہ بالکل صحیح پہنچا تو یہ محض ایک خبر ہے شہادت نہیں اور وہ بھی بیسوں واسطہ سے اگر تار دینے والا انگریزی پڑھا ہوا نہیں تو کسی اور سے لکھوائے گا معلوم نہیں کہ اُس نے کیا لکھوایا اُس نے کیا لکھا، آدمی کو دیا اُس نے تار دینے والے کے حوالہ کیا، اب یہاں کے تار گھر میں پہنچا تو اُس نے تقسیم کرنے والے کو دیا اُس نے اگر کسی اور کے حوالے کر دیا تو معلوم نہیں کتنے وسائط سے اُس کو ملے اور اگر اسی کو دیا جب بھی کتنے واسطے ہیں پھر یہ دیکھیے کہ مسلمان مستور جس کا عادل و فاسق ہونا معلوم نہ ہو اُس تک کی گواہی معتبر نہیں اور یہاں جن جن ذریعوں سے تار پہنچا اُن میں سب کے سب مسلمان ہی ہوں، یہ ایک عقلی احتمال ہے جس کا وجود معلوم نہیں ہوتا اور اگر یہ مکتوب الیہ[2] صاحب بھی انگریزی پڑھے نہ ہوں تو کسی سے پڑھوائیں گے، اگر کسی کافر نے پڑھا تو کیا اعتبار اور مسلمان نے پڑھا تو کیا اعتماد کہ صحیح پڑھا۔ غرض شمار کیجیے تو بکثرت ایسی وجہیں ہیں جو تار کے اعتبار کو کھوتی ہیں فقہا نے خط کا تو اعتبار ہی نہ کیا اگرچہ کاتب کے دستخط تحریر پہچانتا ہو اور اُس پر اُس کی مہر بھی ہو کہ الخط یشبہ الخط والخاتم یشبہ الخاتم خط خط کے مشابہ ہوتا ہے اور مُہر مُہر کے۔ تو کجا تار۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۲۸: ہلال[3] دیکھ کر اُس کی طرف انگلی سے اشارہ کرنا مکروہ ہے[4]، اگرچہ دوسرے کو بتانے کے لیے ہو۔[5] (عالمگیری، درمختار)

---

1 ...... "الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج ۳، ص ۴۱۹.

2 ...... یعنی جسے خط پہنچا۔

3 ...... یعنی چاند۔

4 ...... کیونکہ یہ اہلِ جاہلیت کا عمل ہے۔

5 ...... "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مطلب فی اختلاف المطالع، ج ۳، ص ۴۱۹.

میقات کا بیان

میقات اُس جگہ کو کہتے ہیں کہ مکۂ معظمہ کے جانے والے کو بغیر احرام وہاں سے آگے جانا جائز نہیں اگرچہ تجارت وغیرہ کسی اور غرض سے جاتا ہو۔[2] (عامہ کتب)

مسئلہ ۱: میقات پانچ ہیں:

① **ذُوالحلیفہ:** یہ مدینہ طیبہ کی میقات ہے۔ اس زمانہ میں اس جگہ کا نام ابیارِ علی ہے۔ ہندوستانی یا اور ملک والے حج سے پہلے اگر مدینہ طیبہ کو جائیں اور وہاں سے پھر مکۂ معظمہ کو تو وہ بھی ذُوالحلیفہ سے احرام باندھیں۔

② **ذاتِ عِرق:** یہ عراق والوں کی میقات ہے۔

③ **جحفہ** یہ شامیوں کی میقات ہے مگر **جحفہ** اب بالکل معدوم سا ہو گیا ہے وہاں آبادی نہ رہی، صرف بعض نشان پائے جاتے ہیں اس کے جاننے والے اب کم ہوں گے، لہٰذا اہلِ شام رابغ سے احرام باندھتے ہیں کہ **جحفہ** رابغ کے قریب ہے۔

④ **قَرن:** یہ نجد[3] والوں کی میقات ہے، یہ جگہ طائف کے قریب ہے۔

⑤ **یلملم:** اہلِ یمن کے لیے۔

مسئلہ ۲: یہ میقاتیں اُن کے لیے بھی ہیں جن کا ذکر ہوا اور انکے علاوہ جو شخص جس میقات سے گزرے اُس کے لیے وہی میقات ہے اور اگر میقات سے نہ گزرا تو جب میقات کے محاذی آئے اس وقت احرام باندھ لے، مثلاً ہندیوں کی میقات کوہِ یلملم کی محاذات ہے اور محاذات میں آنا اُسے خود معلوم نہ ہو تو کسی جاننے والے سے پوچھ کر معلوم کرے اور اگر کوئی ایسا نہ ملے جس سے دریافت کرے تو تحری کرے اگر کسی طرح محاذات کا علم نہ ہو تو مکۂ معظمہ جب دو منزل باقی رہے

---

2 ...... "الهداية"، كتاب الحج، ج ١، ص ١٣٣-١٣٤، وغيره.

3 ...... یعنی موجودہ ریاض۔

احرام باندھ لے۔[1] (عالمگیری، درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۳: جو شخص دو میقاتوں سے گزرا، مثلاً شامی کہ مدینہ منورہ کی راہ سے ذُوالحلیفہ آیا اور وہاں سے **جحفہ** کو تو افضل یہ ہے کہ پہلی میقات پر احرام باندھے اور دوسری پر باندھا جب بھی حرج نہیں۔ یو ہیں اگر میقات سے نہ گزرا اور محاذات میں دو میقاتیں پڑتی ہیں تو جس میقات کی محاذاۃ پہلے ہو، وہاں احرام باندھنا افضل ہے۔[2] (درمختار، عالمگیری)

مسئلہ ۴: مکہ معظمہ جانے کا ارادہ نہ ہو بلکہ میقات کے اندر کسی اور جگہ مثلاً جدّہ جانا چاہتا ہے تو اُسے احرام کی ضرورت نہیں پھر وہاں سے اگر مکہ معظمہ جانا چاہے تو بغیر احرام جاسکتا ہے، لہٰذا جو شخص حرم میں بغیر احرام جانا چاہتا ہے وہ یہ حیلہ کرسکتا ہے بشرطیکہ واقعی اُس کا ارادہ پہلے مثلاً جدّہ جانے کا ہو۔ نیز مکہ معظمہ حج اور عمرہ کے ارادہ سے نہ جاتا ہو، مثلاً تجارت کے لیے جدّہ جاتا ہے اور وہاں سے فارغ ہوکر مکہ معظمہ جانے کا ارادہ ہے اور اگر پہلے ہی سے مکہ معظمہ کا ارادہ ہے تو اب بغیر احرام نہیں جاسکتا۔ جو شخص دوسرے کی طرف سے حج بدل کو جاتا ہواُسے یہ حیلہ جائز نہیں۔[3] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۵: میقات سے پیشتر احرام باندھنے میں حرج نہیں بلکہ بہتر ہے بشرطیکہ حج کے مہینوں میں ہو اور شوال سے پہلے ہو تو منع ہے۔[4] (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ ۶: جو لوگ میقات کے اندر کے رہنے والے ہیں مگر حرم سے باہر ہیں اُن کے احرام کی جگہ حِل یعنی بیرون حرم ہے، حرم سے باہر جہاں چاہیں احرام باندھیں اور بہتر یہ کہ گھر سے احرام باندھیں اور یہ لوگ اگر حج یا عمرہ کا ارادہ نہ رکھتے ہوں تو بغیر احرام مکہ معظمہ جاسکتے ہیں۔[5] (عامہ کتب)

مسئلہ ۷: حرم کے رہنے والے حج کا احرام حرم سے باندھیں اور بہتر یہ کہ مسجد الحرام شریف میں احرام باندھیں اور عمرہ کا بیرون حرم سے اور بہتر یہ کہ تنعیم سے ہو۔[6] (درمختار وغیرہ)

مسئلہ ۸: مکہ والے اگر کسی کام سے بیرونِ حرم جائیں تو انھیں واپسی کے لیے احرام کی حاجت نہیں اور میقات سے

---

1 ...... "الفتاوی الهندية"، كتاب المناسك، الباب الثاني في المواقيت، ج١، ص٢٢١.
و"الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، مطلب في المواقيت، ج٣، ص٥٤٨-٥٥١.

2 ...... "الفتاوی الهندية" المرجع السابق، و"الدرالمختار كتاب الحج، مطلب في المواقيت، ج٣، ص٥٥٠.

3 ...... "الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، مطلب في المواقيت، ج٣، ص٥٥٢.

4 ...... المرجع السابق.

5 ......"الهداية"، كتاب الحج، ج١، ص١٣٤، وغيره.

6 ...... "الدرالمختار كتاب الحج، مطلب في المواقيت، ج٣، ص٥٥٤، وغيره.

نصاب

تخصص فی التوقیت

فتاویٰ رضویہ

(منتخب ابواب کا مجموعہ)

شعبہ اوقاتُ الصلاۃ

دعوتِ اسلامی

فتاوٰی رضویہ

جلد 2

رضا فاؤنڈیشن لاہور

فتویٰ مسمّٰی بہ

الھنئ النمیر فی الماء المستدیر

خوشگوار صاف آبِ مستدیر کی تحقیق (ت)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسئلہ ۴۴ ۱۱ جمادی الاولی ۱۳۳۴ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ کنوئیں کا دَور کے ہاتھ ہونا چاہئے کہ وہ دہ در دہ ہو اور نجاست گرنے سے ناپاک نہ ہوسکے بینوا توجروا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الجواب

اس میں چار قول ہیں ہر ایک بجائے خود وجہ رکھتا ہے اور تحقیق جُدا ہے:

قول اول اڑتالیس ہاتھ خلاصہ وعلمگیریہ میں اسی پر جزم فرمایا اور محیط امام شمس الائمہ سرخسی و فتاوی کبریٰ میں اسی کو احوط بتایا سید طحطاوی نے اُس کا اتباع کیا ہندیہ میں ہے:

ان کان الحوض مدورا یعتبر ثمانیۃ واربعون ذراعا کذا فی الخلاصۃ وھو الاحوط کذا فی محیط السرخسی[1]۔

اگر حوض گول ہو تو اڑتالیس ہاتھ کا اعتبار ہوگا کذا فی الخلاصۃ اور یہی احوط ہے کذا فی محیط السرخسی۔ (ت)

طحطاوی میں ہے: الاحوط اعتبار ثمانیۃ واربعین[2] (احوط اڑتالیس کا اعتبار کرنا ہے۔ ت)

---

[1] فتاوی ہندیہ فصل فی الماء الراکد نورانی کتب خانہ پشاور ۱/۱۸

[2] طحطاوی علی الدر المختار باب المیاہ بیروت ۱/۱۰۷

marfat.com

دوم چھیالیس ہاتھ بعض کتب میں اسی کو مختار و مفتٰی بہ بتایا بحرالرائق میں نقل فرمایا: المختار المفتی بہ ستۃ واربعون کیلا یعسر رعایۃ الکسر[1] اھ (مختار و مفتٰی بہ چھیالیس ہے تاکہ کسر کی رعایت کی دشواری میں مبتلا نہ ہوجائیں۔ ت)

اقول یرید ان ثمہ کسرا اسقط او رفع تیسیرا ثم رأیت فی الفتح ما عین الرفع حیث قال ان کان الحوض مدورا فقدر بار بعۃ واربعین وثمانیۃ و اربعین والمختار ستۃ واربعون و فی الحساب یکتفی باقل منھا بکسر للنسبۃ لکن یفتی بستۃ واربعین کیلا یتعسر رعایۃ الکسر قال والکل تحکمات غیر لازمۃ انما الصحیح ماقدمناہ من عدم التحکم بتقدیر معین[2] اھ ای عملا باصل المذھب وقد علمت ان الفتوی علی اعتبار العشر۔

میں کہتا ہوں ان کی مراد یہ ہے کہ یہاں کسر ہے جو ساقط کردی گئی ہے یا بڑھائی گئی ہے آسانی کے لیے، پھر میں نے فتح میں دیکھا تو انہوں نے رفع کو متعین کردیا، فرمایا اگر حوض گول ہو تو اس کا اندازہ چوالیس اور اڑتالیس کیا گیا ہے اور مختار چھیالیس کیا گیا ہے اور حساب کے اعتبار سے اس سے کم پر بھی اکتفا کیا جائیگا کسر نسبت کے لیے، لیکن چھیالیس پر فتوٰی دیا جائیگا تاکہ کسر کی رعایت میں پریشانی لاحق نہ ہو، فرمایا یہ تمام باتیں محض اپنی مرضی سے کہہ دی گئی ہیں ان کا ماننا لازم و ضروری نہیں، صحیح وہی ہے جو ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ کسی معین مقدار کا ہونا ضروری نہیں ہے اھ یعنی اصل مذہب پر عمل کرتے ہوئے، اور آپ جان چکے کہ فتوٰی دہ در دہ پر ہے۔ (ت)

سوم چوالیس ہاتھ اس کی ترجیح اس وقت کسی کتاب سے نظر میں نہیں، جامع الرموز میں ہے:

اما فی المدور فیشترط ان یکون دورہ ثمانیا واربعین ذراعا وقیل اربعا واربعین فالاول احوط کما فی الکبرٰی[3]۔

گول حوض میں شرط یہ ہے کہ اس کا دور اڑتالیس ہاتھ ہو، اور ایک قول ہے کہ چوالیس ہاتھ ہو تو اول احوط ہے جیسا کہ کبرٰی میں ہے۔ (ت)

چہارم چھتیس ہاتھ ملتقط میں اسی کی تصحیح کی امام ظہیر الدین مرغینانی نے فرمایا یہی صحیح اور فنِ حساب میں مبرہن ہے، جامع الرموز میں ہے:

وقیل ستۃ وثلثین وھو الصحیح المبرھن

اور ایک قول ہے کہ یہ چھتیس ہے اور یہی صحیح ہے

---

[1] بحرالرائق | کتاب الطہارت | ایچ ایم سعید کمپنی کراچی | ۱/۷۷

[2] فتح القدیر | الماء الذی یجوز بہ الوضوء ولایجوز بہ | نوریہ رضویہ سکھر | ۱/۷۰

[3] جامع الرموز | باب بیان المیاہ | گنبد ایران | ۱/۴۸

www.alahazratnetwork.org

عند الحساب کما فی الظہیریۃ وفی الاولین تحقق الحوض المربع داخل المدور وفی الثالث مایساویہ[1]

اور حساب کی رُو سے مبرہن ہے کما فی الظہیریہ اور پہلے دو میں مربع حوض مدور حوض متحقق ہوگیا اور تیسرے میں اس کے مساوی ہے۔(ت)

اسی پر مولیٰ خسرو نے متن غرر میں مع افادہ تصحیح اور مدقق علائی نے درمختار اور علامہ فقیہ و محاسب شرنبلالی نے مراقی الفلاح میں جزم فرمایا ردالمحتار میں ہے:

قولہ وفی المدور بستۃ وثلثین ای بان یکون دورہ ستۃ وثلثین ذراعا وقطرہ احد عشر ذراعا وخمس ذراع ومساحتہ ان تضرب نصف القطر وھو خمسۃ ونصف وعشر فی نصف الدور وھو ثمانیۃ عشر یکون مائۃ ذراع واربعۃ اخماس ذراع اھ سراج وما ذکرہ ھو احد اقوال خمسۃ[2] وفی الدر[3] عن الظہیریۃ ھو الصحیح۔

ان کا قول کہ مدور میں چھتیس ہیں یعنی اس کا دور چھتیس گز ہو اور اس کا قطر گیارہ گز اور ایک خمس ہو اور اس کی مساحت یہ ہے کہ نصف قطر یعنی ساڑھے پانچ کو اور دسویں کو نصف دور میں ضرب دی جائے، اور یہ اٹھارہ ہے، تو کل سو ہاتھ اور چار خمس ذراع ہوگا اھ سراج، اور جو انہوں نے ذکر کیا ہے وہ پانچ میں سے ایک قول ہے اور در میں ظہیریہ سے ہے کہ یہی صحیح ہے۔(ت)

اقول تحقیق یہ ہے کہ اُس کا دور تقریباً ساڑھے پینتیس ہاتھ چاہیے یعنی ۳۵٫۴۴۹ تو قطر تقریباً ۵ گز ½ ۱۰ گرہ ہوگا بلکہ دس گرہ ایک اُنگل یعنی ۱۱٫۲۸۴ ہاتھ بیان اس کا یہ کہ اصول ہندسہ[4] مقالہ ۳ شکل ۱۲ میں ثابت ہے کہ محیط دائرہ کو ربع قطر میں ضرب دینے سے مساحت دائرہ حاصل ہوتی ہے یا قطر دائرہ کو ربع محیط

---

[1] جامع الرموز باب بیان الماء گنبد ایران ۱/۴۸

[2] لم ار فی التقدیر الا اربعۃ اقوال وکانہ اراد بالخامس ما ذکر المحقق ان لا تعیین ۱۲ منہ حفظہ ربہ تعالٰی (م)
میں نے تقدیر میں صرف چار قول دیکھے ہیں شامی نے گویا پانچویں سے وہ مراد لیا ہے جس کو محقق نے ذکر کیا ہے کہ تعیین نہیں۔(ت)

[3] ردالمحتار باب المیاہ مصطفی البابی مصر ۱/۱۴۲

[4] یہ کتاب کتاب اقلیدس سے جدا و جدید ہے ۸ مقالوں پر مشتمل اور ہندسہ و مساحت و مثلث کروی سب میں مفید ہے اس میں بہت دعاوی کا بیان کتاب اقلیدس پر مزید ہے فاضل محمد عصمت مدی نے اسے ترکی سے عربی میں ترجمہ کیا ۱۲ (م)

www.alahazratnetwork.org

۲۸۸

یا نصف قطر کو نصف محیط میں ضرب دیجئے یا قطر و محیط کو ضرب دے کر ۴ پر تقسیم کیجئے کہ حاصل سب کا واحد ہے اور ہم نے اپنی تحریراتِ ہندسیہ میں ثابت کیا ہے کہ قطر اجزائے محیطیہ سے قید حہ لہ الط لو مہ ہے نصف قطر نزحہ سہ مدمح الف یعنی محیط جس مقدار سے ۳۶۰ درجے ہے قطر اُس سے ۱۱۴ درجے ۳۵ دقیقے ۲۹ ثانیے ۳۶ ثالثے ۵۴ رابعے ہے۔

وفی حساب الفاضل غیاث الدین جمشید الکاشی علٰی ما نقل العلامۃ البرجندی فی شرح تحریر المجسطی لو بعہ ای ستاو خمسین مکان مہ لایفارق محسوبی الابخوا رابعۃ و جاء بحساب اٰخر مربعہ رفعا ای سبعا و اربعین و بالجملۃ لافرق الا فی بعض روابع و علٰی ھذا الاخیر عولنا۔

اور فاضل غیاث الدین جمشید الکاشی کے حساب میں جیسا کہ علامہ برجندی نے شرح تحریر مجسطی میں لکھا ہے لو بعہ یعنی ۵۶ بجائے مہ، یہ حساب میرے حساب سے مختلف نہیں مگر صرف ۱۱ رابعہ کی مقدار میں اور دوسرے حساب سے مربعہ رفعا یعنی سینتالیس ہے، خلاصہ یہ کہ اختلاف صرف بعض روابع میں ہے اور اسی اخیر پر ہم نے اعتماد کیا ہے۔ (ت)

تو قطر اگر ایک ہی محیط ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ ہے فان ۳۶۰ ÷ ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ = ۱۱۴٫۵۹۱۵۵۹۱۵۷ تحویلہ الی الستینی قید حہ لہ الط لومہ یہاں سے ہمیں دو مساواتیں حاصل ہوئیں قطر و محیط و مساحت کو علی التوالی ق ط م فرض کیجئے پس (۱) ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ ق = ط اس لیے کہ

۱ : ۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ :: ق : ط

(۲) $\frac{ق ط}{۴}$ = م ان کے بعد قطر و محیط و مساحت سے جو چیز گز، ہاتھ، فٹ، گرہ وغیرہا جس معیار سے مقدر کی جائے اُسی معیار سے باقی دو کی مقدار معلوم ہو جائے گی جس کی جدول ہم نے یہ رکھی ہے۔

مطلوب / معلوم	قطر	محیط	مساحت
قطر		۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵ ق	$ق^۲$ ۰٫۷۸۵۳۹۸۱۶۲۵ [1]
محیط	$\frac{ط}{۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵}$		$\frac{ط^۲}{۱۲٫۵۶۶۳۷۰۶}$ [2]
مساحت	$\sqrt{\frac{م}{۰٫۷۸۵۳۹۸۱۶۲۵}}$	$\sqrt{۱۲٫۵۶۶۳۷۰۶ \times م}$	

---

[1] عدد معلوم یعنی مقدار محیط با جزائے قطریہ کو ص فرض کیجئے ∴ ص ق = ط، $\frac{ق ط}{۴}$ = م ∴ $\frac{ص ق^۲}{۴}$ = م یہ عدد $\frac{ص}{۴}$ ہے ۱۲ منہ (م)

[2] جبکہ $\frac{ط}{ص}$ = ق، $\frac{ق ط}{۴}$ = م ∴ $\frac{ط^۲}{۴ ص}$ = م یہ عدد ۴ص ہے ۱۲ منہ (م)

پھر آسانی کے لیے لوگارثم سے کام کرنے کو یہ دوسری جدول رکھی اور اس میں متممات حسابیہ سے وہ تصرفات کردئے کہ بجائے تفریق بھی جمع ہی رہے۔

مطلوب / معلوم	لوقطر	لومحیط	لومساحت
لوقطر		لوق + ۰٫۴۹۷۱۴۹۹	۲ لوق + آ۱٫۸۹۵۰۸۹۹
لومحیط	لوط + آ۱٫۵۰۲۸۵۰۱		۲ لوط + ۲̄٫۹۰۰۷۹۰۱
لومساحت	(لومـ + ۰٫۱۰۴۹۱۰۱) / ۲	(لومـ + ۱٫۰۹۹۲۰۹۹) / ۲	

یہاں مساحت معلوم ہے ۱۰۰ ہاتھ جس کا لوگارثم ۲٫۰ ∴ (۲٫۱۰۴۹۱۰۱)/۲ = ۱٫۰۵۲۴۵۵۰ اکہ لوگارثم ۱۱٫۲۸۴ کا ہے یہ قدر قطر ہوئی نیز (۳٫۰۹۹۲۰۹۹)/۲ = ۱٫۵۴۹۶۰۴۹ اکہ لوگارثم ۳۵٫۴۴۹ کا ہے یہ مقدار دَور ہوئی۔ ہمارے بیان کی تحقیق یہ ہے کہ ۱۱٫۲۸۴ × ۳۵٫۴۴۹ = ۴۰۰٫۰۰۶۵۱۶ ÷ ۴ = ۱۰۰٫۰۰۱۶ کہ سو ہاتھ سے صرف ۱۶/۱۰۰۰۰ یعنی ۱/۶۲۵ زائد ہے کہ ایک انگل عرض کا ۲۳/۶۲۵ یعنی انگل کے پچیسویں حصے سے بھی کم ہے بخلاف حساب سراج وشرح بلالیہ کہ اُن کے خیال سے ۱۹ انگل اور واقع میں تین ہاتھ سے بھی زیادہ بڑھتا ہے کما سیأتی۔

www.alahazratnetwork.org

فتاوٰی رضویہ

جلد 5

رضا فاؤنڈیشن لاہور

حوض کی اقسام

مسئلہ ۵۸ مقام کنپ ڈلیسہ گجرات محلہ محمد پورہ معرفت پیش امام مولوی نظام الدین صاحب مرسلہ نثار احمد صاحب ۲۰ رمضان شریف ۳۴ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ فقہا حوض کی چار اقسام لکھتے ہیں: (۱) مدوّر (۲) مربع (۳) مثلث (۴) طول بلا عرض۔ آیا یہ چاروں قسمیں بلا اختلاف درست اور جائز ہیں یا ان میں سے کسی قسم میں اختلاف ہے اور جو قسم ان اقسام میں سے افضلیت رکھتی ہو استثناء کی جائے جواب سے بہت جلد تشفی فرمائیں۔

الجواب

مدوّر مثلث مربع تو صرف اختلاف ہیأت ہے اقسام جداگانہ نہیں جن کے احکام مختلف ہوں طول بلا عرض میں البتہ

اختلاف ہے بعض کے نزدیک وہ مطلقاً آبِ کثیر نہیں اگرچہ سمرقند سے بخارا تک ہو اور صحیح و رجیح تر یہ ہے کہ سو ہاتھ مساحت درکار ہے جس طرح بھی حاصل ہو کما حققناہ فی فتاوٰنا بما لا مزید علیہ (اسکی تحقیق ہم نے اپنے فتاوٰی میں کی ہے جس پر زیادہ کی ضرورت نہیں۔ت) اسی اختلاف کی بنا پر مدوّر و مثلث کی مساحتوں میں بھی اختلاف پڑے گا جن کے نزدیک دس ہاتھ طول دس ہاتھ عرض دونوں کا ہونا ضرور ہے مدوّر کا رقبہ ۱۰۳ ہاتھ سے بھی زیادہ ہونا چاہئے اور مثلث کی ہر ضلع ساڑھے اکیس ہاتھ ۳/۴ گرہ اور قول مختار پر مدوّر کا قطر پانچ گز دس گرہ ایک اُنگل یا گیارہ ہاتھ دو گرہ ایک انگل کیجیے اور مثلث کی ہر ضلع پندرہ ہاتھ اور ۱/۵ ہاتھ کما بیناہ فی رسالتنا الھنیئ النمیر فی الماء المستدیر وھو من رسائل فتاوٰنا (جیسا کہ ہم نے اپنے رسالے "الھنیئ النمیر فی الماء المستدیر" میں جو کہ ہمارے فتاوٰی کے رسائل میں سے ہے، میں ذکر کیا ہے۔ت) افضل بے شک یہی ہے کہ مربع مثلث مدوّر کیسا بھی ہو اُس کے اندر ایک مربع واقع ہو سکے جس کی ہر ضلع پانچ ہاتھ یا پندرہ فٹ ہو لان الخروج عن الخلاف احوط و احسن بالاتفاق واللہ تعالٰی اعلم (کیونکہ بالاتفاق اختلاف سے بچنا بہتر اور باحتیاط ہے۔ت)

باب الاوقات

نماز کے وقتوں کا بیان

www.alahazratnetwork.org

مسئلہ (۲۶۹) مرسلہ حاجی اﷲ یار خان صاحب ۱۱ رجب ۱۳۰۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ روزۂ نفل میں جو نیت کو قبل زوال کے کرنے کو لکھا ہے اور زوال کے وقت جو نماز مکروہ ہے تو اس وقت سے کیا مراد ہے اور بڑھ سے بڑھ یہ وقت کس قدر ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

یہ سوال مع جوابِ مولوی گنگوہی صاحب پیش ہُوا اس میں تین مسئلے ہیں، دو کا گنگوہی صاحب نے جواب ہی نہ دیا اور ایک کا کہ دیا محض غلط کہ نہ دینا اُس سے ہزار جگہ بہتر تھا وہ مسائل یہ ہیں،

مسئلہ اولیٰ: باب صیام میں وقت زوال جس تک نیتِ روزۂ نفل ہوجانا چاہئے کیا ہے؟

اقول: فی الواقع روزۂ ماہ مبارک و نذر معین و روزۂ نفل جبکہ ادا ہو نہ قضا تو مذہب صحیح یہی ہے کہ ان کی نیت نصف النہار شرعی سے پہلے ہوجانی چاہئے جسے ضحوۂ کبریٰ کہتے ہیں اُس کے بعد بلکہ خاص ضحوۂ کبریٰ کے وقت بھی نیت کافی نہیں، درمختار میں ہے:

یصح اداء صوم رمضان والنذر المعین رمضان کے روزے، نذر معین کے روزے اور

والنفل بنیته من اللیل الی الضحوة الکبرٰی، لا بعدها ولا عندها، اعتبارا للاکثر الیوم[1]۔

نفلی روزے کی ادا صحیح ہے اگر رات سے ضحوۂ کبرٰی تک نیت کرلی جائے، ضحوۂ کبرٰی کے بعد یا اس کے دوران نیت کرنے سے روزہ نہیں ہوگا کیونکہ دن کے بیشتر حصّے کا اعتبار ہے۔ (ت)

اور نہارِ شرعی طلوعِ فجرِ صادق سے غروبِ مرئی کل قرصِ شمس تک ہے، ردالمحتار میں ہے:

الیوم الشرعی من طلوع الفجر الی الغروب[2]۔

شرعی دن، طلوعِ فجر سے غروب تک ہے۔ (ت)

یہ ہمیشہ نہارِ عرفی سے کہ طلوعِ مرئی کنارۂ بالائی شمس سے غروبِ مرئی کل جرمِ شمس تک ہے بمقدار مدت فجر زیادہ ہوتا ہے یعنی جس جگہ، جس فصل جس مہینے بلکہ جس دن میں طلوعِ فجر سے طلوعِ شمس بمعنی مذکور تک جتنی مدت ہوگی اُس دن کا نہارِ شرعی اس کے نہارِ عرفی سے اُسی قدر بڑا ہوگا اور ظاہر ہے کہ جب دو بڑی چھوٹی چیزوں میں صرف ابتدا مختلف اور انتہا متفق ہو تو اکبر کا نصف اصغر کے نصف سے بقدر نصف زیادت کے پہلے ہوگا لہذا ہمیشہ نصف النہار شرعی نصف النہار عرفی حقیقی یعنی نصف النہار دائرہ ہندیہ سے بقدر نصف مقدار فجر کے پیشتر ہوتا ہے، ردالمحتار میں ہے:

www.alahazratnetwork.org

اعلم، ان کل قطر نصف نہارہ قبل زوالہ بنصف حصة فجرہ[3]۔

جان لو کہ ہر علاقے کا نصف النہار، بقدر نصف حصہ فجر، زوال سے پہلے ہوتا ہے۔ (ت)

پس یہی حساب ہمیشہ ملحوظ رکھنا چاہئے آج کی فجر دریافت کرلی کہ کس مقدار کی ہوئی اُس کی تنصیف میں جتنے منٹ سکنڈ آئے ٹھیک دوپہر یعنی کیلی کا سایہ دھوپ گھڑی میں خط نصف النہار پر منطبق ہونے سے پیشتر اُتنے ہی منٹ سکنڈ لے لیے وہی وقت حقیقی نصف النہار شرعی کا ہوا اُس سے پہلے نیت روزے کی ہوجانی چاہئے اور پُر ظاہر کہ نہ نہارِ عرفی دائماً ایک حالت پر رہے نہ مقدار فجر دواماً یکساں ہو بلکہ دونوں ہر روز گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں یہاں تک کہ افق مستوی میں بھی کہ بوجہ میل[ع] و تزاید و تناقص میل تفاوت طوالع و مطالع ضروری ہے نہ کہ

ع نصف میل باعثِ اختلاف طوالع یا مطالع ہے اور اس کا تزاید و تناقص باعثِ اختلاف طوالع فی المطالع کما لایخفی علٰی ذی درایۃ ۱۲ (جیسا کہ ذی فہم پر مخفی نہیں۔ ت) (م)

---

[1] درمختار	کتاب الصوم	مطبوعہ مجتبائی دہلی	۱/۱۴۶
[2] ردالمحتار	"	" " "	۲/۸۰
[3] "	"	" " "	۲/۸۵

آفاق مائلہ نہ کہ ہمارے بلاد جن میں سائل و مجیب کا کلام ہے جن کے مدارات کا دائرہ معدل النہار سے میل میل کلی پر بھی کئی درجے افزوں ہے کہ کما بیش عرض الحہ رکھتے ہیں بریلی جس کا عرض الحہ الحہ ہے یہاں نہار نجومی کہ افق حقیقی پر جانب انطباق مرکز شمس سے جانب غرب انطباق تک ہے روز انقلاب صیفی پونے چودہ گھنٹے سے زائد ۱۳ گھنٹے ۴۸ منٹ تک پہنچتا ہے اور روز انقلاب شتوی سوا دس ساعت سے بھی کم ۱۰ گھنٹے ۱۲ منٹ کا ہوتا ہے اور مقدار فجر یعنی طلوعِ فجر سے طلوع نجومی شمس تک اواخر جوزا و اوائل سرطان میں پونے دو گھنٹے کے قریب یعنی تقریباً ایک گھنٹہ ۳۹ منٹ اور نزدیکی اعتدالین میں سوا گھنٹے سے کچھ زائد یعنی تخمیناً ایک گھنٹا ۲۲ منٹ تو نہار شرعی ہمیشہ ایک مقدار پر کیونکر رہ سکتا ہے نہ نہار اس کا تفاوت ایسا قلیل ہے جسے بے مقدار و ناقابلِ اعتبار سمجھ کر ہمیشہ کے لیے ایک اندازہ مقرر کر دیجئے بلکہ اس کی کمی بیشی سوا پہر کامل تک پہنچتی ہے انقلاب اول میں تخمیناً ۱۵ل یعنی ساڑھے پندرہ گھنٹے کا نہار شرعی ہوتا ہے کہ پانچ پہر سے بھی زائد ہوا کجا ساڑھے چار پہر اور انقلاب ثانی میں تقریباً ۱۱ھ یعنی پونے بارہ گھنٹے کا کہ چار پہر سے بھی کم ہوا کہاں ساڑھے چار پہر پونے بارہ اور ساڑھے پندرہ کا تفاوت وہی سوا پہر کامل ہوا یا نہیں پھر ایسی شدید التفاوت چیز میں ایک مقدار کا تخمینہ کر دینا کس قدر غلط و باعثِ مغالطہ مسلمین ہوگا مثلاً جب عوام نے یہ اندازہ جان لیا کہ ساڑھے چار پہر کا نہار شرعی ہوتا ہے اس کے اکثر حصے میں نیت ہو جانی چاہئے یعنی غروبِ آفتاب تک اس کے نصف سے زیادہ باقی ہو اور اس کا نصف سوا دو پہر یعنی پونے سات گھنٹے تو اس حکم کا حاصل یہ ہوا کہ اگر شام تک ۶ گھنٹے سے کچھ بھی زیادہ وقت باقی ہے جب تو روزے کی نیت صحیح ہو جائے گی اور ۶ یا اس سے کم ہیں تو ہرگز صحیح نہ ہوگی اب ملاحظہ کیجئے جب آفتاب تحویل سرطان پر آیا اور ۷ بجے ڈوبا یعنی وقتِ حقیقی سے تقریباً ڈیڑھ منٹ سات پر تو حقیقی بارہ بجے کے چند منٹ بعد بھی یہ بات صادق ہے کہ شام تک ۶ گھنٹے ۵۴ منٹ سے زیادہ وقت ہے تو لازم کہ اُس دن دوپہر ڈھلے پر بھی نیت روزہ ہو جائے حالانکہ یہ بالاجماع باطل ہے بلکہ اُس دن حقیقی سوا گیارہ بجے سے چند منٹ پہلے بھی نیت جائز نہیں کہ ۱۱ بج کر ۱۱ منٹ پر نصف النہار شرعی ہو چکا اور جب آفتاب تحویل جدی پر آیا اور سوا پانچ سے کچھ کم یعنی وقتِ حقیقی سے تقریباً ۵ بج کر ۱۰ منٹ پر ڈوبا تو لازم کہ اُس دن ساڑھے دس بجے بھی نیت جائز نہ ہو کہ اب شام تک ۶ گھنٹے باقی نہیں حالانکہ اُس دن ۱۱ کے بعد یعنی حقیقی وقت سے ۱۱ بج کر ۱۹ منٹ تک بھی نیت جائز ہے کہ نصف النہار شرعی اب ہوگا پس ثابت ہوا کہ ۴ پہر کا تخمینہ محض غلط و باعثِ تغلیط اور بنائے کار اُسی حساب پر واجب جو ہم بیان کر آئے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

رہا لفظ زوال کہ عبارت امام اجل ابو الحسن قدوری رحمہ اللہ تعالیٰ میں واقع عند التحقیق اُس سے دوپہر ڈھلے ہی کا وقت مراد ہے اس روایت پر نصف النہار عرفی تک اِن روزوں کی نیت جائز ہے مگر مختار و معتمد وہی روایت سابقہ ہے کہ نصف النہار شرعی سے پہلے نیت ہو جانی ضرور ہے ہدایہ و وقایہ و شرح وقایہ و عنایہ و

جواہر الاخلاطی وشرح نقایہ برجندی وشرح علامہ اسمٰعیل ومتن نورالایضاح میں اسی کو اصح کہا اور شرح جامع صغیر للامام السرخسی وکافی شرح وافی وشرح کنز للزیلعی ومتن اصلاح میں اسی کو صحیح بتایا اور نقایہ وکنز وملتقی و تنویر و درر واشباہ وغیرہا عامہ معتمدات میں اسی پر جزم کیا اور یہی من حیث الدلیل اقوٰی تو اسی پر عمل وفتوٰی اس سوال کا جواب اسی قدر ہے باقی اُس روایت کو غلط کہنا ائمہ کے ساتھ گنگوہی صاحب کا سوءِ ادب ہے کہ قدوری و مجمع و فتاوٰی خانیہ وفتاوٰی خلاصہ وشرح طحاوی وخزانۃ المفتین وغیرہا معتبرات میں کہ اجلہ متون وشروح وفتاوٰے مذہب سے ہیں اُسی پر جزم واعتماد کیا۔

اما المجمع فنقل عنہ فی ردالمحتار واما شرح الطحاوی فرمزلہ فی خزانۃ المفتین، واما الاربعۃ البواقی فرأیت فیہا بعینی۔

مجمع سے ردالمحتار نے نقل کیا ہے، شرح طحاوی کی طرف خزانۃ المفتین میں اشارہ کیا گیا ہے اور باقی چاروں میں، مَیں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ (ت)

بلکہ خود محررِ مذہب سیدنا امام محمد رضی اللہ تعالٰی عنہ نے کتاب الصوم میں وہی قول زوال ارشاد کیا،

کما نص علیہ الامام شمس الائمۃ السرخسی فی شرح الجامع الصغیر، ورأیت النقل عنہ فی الایضاح شرح الاصلاح للعلامۃ ابن کمال الوزیر۔

جیسا کہ شمس الائمہ سرخسی نے جامع صغیر کی شرح میں کہا ہے اور علامہ ابن کمال وزیر کی ایضاح شرح اصلاح میں، مَیں نے اس کی نقل دیکھی ہے۔ (ت)

تو ایسی جگہ ارسال زبان نازیبا وزیان اور زوال سے زوال نہار شرعی مراد لے کر قصد توفیق بھی خلاف تحقیق کہ عامہ ائمہ یہاں ابقائے خلاف کرتے ہیں اور خود ایک جانب کو اصح وصحیح کہنے کا یہی مفاد عبارت ہدایہ یُوں ہے:

قال فی المختصر (یعنی القدوری) مابینہ وبین الزوال، وفی الجامع الصغیر قبل نصف النہار وھو الاصح[1] الخ۔

کہا مختصر میں (یعنی قدوری میں) "اس کے اور زوال کے درمیان"۔ اور جامع صغیر میں ہے "نصف النہار سے پہلے"۔ اور یہ اصح ہے الخ (ت)

شرح وقایہ میں ہے:

فی الجامع الصغیر بنیۃ قبل نصف النہار ای قبل نصف النہار الشرعی، وفی مختصر

جامع الصغیر میں ہے "اگر نصف نہار سے پہلے نیت کرے" یعنی نصف نہار شرعی سے پہلے، اور

---

[1] الہدایۃ کتاب الصوم مطبوعہ المکتبۃ العربیۃ کراچی ١/١٩٢

www.alahazratnetwork.org

۱۲۵

القدوری الی الزوال، والاول اصح[۱]

مختصر قدوری میں ہے کہ زوال تک صحیح ہے[۱]، لیکن پہلا قول صحیح ہے۔ (ت)

کافی للامام النسفی میں ہے:

ذکر فی المختصر، وبینہ وبین الزوال، و فی الجامع الصغیر، قبل نصف النہار، وھو الصحیح[۲]۔

مختصر میں مذکور ہے "اس کے اور زوال کے درمیان" اور جامع صغیر میں ہے "نصف نہار سے پہلے" اور یہ صحیح ہے الخ (ت)

تبیین الحقائق میں ہے:

قال فی المختصر (یعنی الکنز) الی ما قبل نصف النہار، وھو المذکور فی الجامع الصغیر، و ذکر القدوری ما بینہ وبین الزوال، و الصحیح الاول[۳]

کما مختصر میں (یعنی کنز میں) "نصف نہار سے پہلے تک"۔ یہی جامع صغیر میں بھی مذکور ہے۔ اور قدوری نے کہا ہے "اس کے اور زوال کے درمیان" اور صحیح پہلا قول ہے۔ (ت)

برجندی میں ہے:

اشار القدوری انہ تجوز النیۃ فیما بین الصبح والزوال، و فی الھدایۃ الاول[۴]

قدوری نے اشارہ کیا ہے کہ نیت صبح اور زوال کے درمیان صحیح ہے۔ اور ہدایہ میں ہے کہ پہلا قول اصح ہے۔ (ت)

جواہر الاخلاطی میں ہے:

اجزأنہ النیۃ ما بینہ وبین الزوال اوقبل انتصاف النہار، وھو الاصح[۵]۔

اس کے لیے نیت کافی ہے، اگر صبح اور زوال کے درمیان کرے، یا نصف نہار سے پہلے، اور یہ اصح ہے (ت)

اور نص قاطع وہ ہے کہ تاتارخانیہ میں محیط سے نقل فرمایا:

یظھر ثمرۃ الاختلاف فیما اذا نوی عند

اختلاف کا نتیجہ تب ظاہر ہوگا جب زوال کے قریب

---

[۱] شرح الوقایۃ کتاب الصوم مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ دہلی ۱/۳۰۶
[۲] کافی شرح وافی
[۳] تبیین الحقائق، کتاب الصوم المطبعۃ الکبریٰ الامیریۃ، مصر ۱/۳۱۵
[۴] شرح النقایہ للبرجندی 〃 〃 نولکشور لکھنؤ ۱/۲۱۱
[۵] جواہر الاخلاطی 〃 قلمی نسخہ غیر مطبوعہ ۱/۴۸

www.alahazratnetwork.org

قرب الزوال اھ[1]۔ نیت کرے اھ(ت)

اقول بلکہ بعد اس عنایت کے بھی توفیق نہ ہوئی[عہ۱] کہ عین وقت انتصاف پر بھی مابینہ وبین الزوال وقبل الزوال وقرب الزوال صادق حالانکہ مذہب صحیح پر خاص وقت ضحوۂ کبریٰ بھی نیت کافی نہیں کما قدمنا عن الدر وغیرہ (جس طرح ہم نے در وغیرہ سے پہلے نقل کیا ہے) پھر اس تکلیف بے حاصل سے کیا حاصل۔ غرض نہ تغلیط مقبول نہ توفیق معقول بلکہ جواب وہی ہے جو فقیر نے ذکر کیا و باللہ التوفیق وافاضۃ التحقیق و اللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ثانیہ: وقت زوال جس میں نماز ممنوع کیا وقت ہے۔

اقول گنگوہی صاحب نے اس سوال کا جواب نہ دیا پیشتر بھی فقیر سے یہ سوال ہوا تھا بقدر ضرورت جواب لکھا گیا یہاں اس کی نقل پر اقتصار ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زوال کا وقت جس میں نماز ناجائز ہے کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

www.alahazratnetwork.org

زوال تو سورج ڈھلنے کو کہتے ہیں یہ وقت وہ ہے کہ ممانعت کا وقت نکل گیا اور جواز کا آیا کما صرح بہ فی البحر[2] عن الحلیۃ (جیسا کہ بحرالرائق میں حلیہ سے اسکی تصریح کی گئی ہے) تو وقت ممانعت کو زوال کہنا صریح مسامحت ہے اور غایت تاویل مجاز مجاورت بلکہ اسے وقت استوا کہنا چاہئے یعنی نصف النہار کا وقت، اب علما کو اختلاف ہے کہ اس سے نہار عرفی کا نصف حقیقی[عہ۲] مراد ہے یعنی دوپہر جس وقت مرکز آفتاب بالائے افق دائرۂ نصف النہار پر

عہ۱ نعم لو اول بالمنتصف کان توفیقا وان لم یکن تحقیقا ۱۲ منہ (م) ہاں اگر (اس قول کی) تاویل نصف النہار کے ساتھ کردی جاتی تو ان میں تطبیق ہوجاتی اگرچہ اس میں بھی تسامح ہے۔ (ت)

عہ۲ احتراز ہے نصف النہار عرفی سے کہ ۱۲ بجے کے وقت کو کہتے ہیں، یہ سال میں چار دن یعنی ۱۵ اپریل، ۱۴ جون، ۳۱ اگست، ۲۴ دسمبر کے سوا ہمیشہ نصف النہار حقیقی سے آگے پیچھے ہوتا ہے جس کا تقدم تاخر تقریباً پاؤ گھنٹے تک پہنچتا ہے یعنی زیادت میں تقریباً ۱۴ منٹ اور کمی میں ۱۶، پھر یہ بھی اس وقت ہے کہ گھڑیاں (باقی اگلے صفحہ پر)

---

[1] الفتاوی التاتارخانیۃ الفصل الثالث فی النیۃ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی ۲/ ۳۵۷

[2] البحر الرائق کتاب الصوم مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی دہلی ۱/ ۲۵۱

پہنچتا اور سایہ اپنی مقدار اصلی پر آکر اُس کے بعد جانبِ مشرق پلٹتا اور گھٹنے کی انتہا ہوکر پھر بڑھنا شروع ہوجاتا ہے یہ قول ائمۂ ماوراء النہر کی طرف منسوب یا نہارِ شرعی کا نصف مراد ہے جسے ضحوۂ کبرٰی کہتے ہیں۔ ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ نہارِ عرفی طلوعِ کنارۂ شمس سے غروبِ کل قرصِ شمس تک ہے۔

والمراد بالطلوع المبتنی علیہ احکام الشرع، تجاوز اول حاجب الشمس فی جہۃ الشرق عن دائرۃ الافق الحسی بالمعنی الاعم، المسمّٰی فی کلام البعض بالافق الترسی، بحرکۃ الکل، و بالغروب تجاوز کل قرصہا فی جہۃ الغرب عن الدائرۃ المذکورۃ بالحرکۃ المزبورۃ، فوضح امتیاز النہار العرفی عن النہار النجومی، فانہ من انطباق مرکز الشمس علی دائرۃ الافق الحقیقی من قبل المشرق، الی انطباقہ علیہا فی جہۃ المغرب، فان اتحد الافقان یکون العرفی اکبر من النجومی، بقدر ما یطلع نصف کرۃ الشمس ویغرب النصف، وان انحط الترسی من الحقیقی، وھو الاکثر،

جس طلوع پر شرعی احکام مبنی ہیں، اس سے مراد یہ ہے کہ شرقی جانب جو دائرۂ افقِ حسی ہے ــــ اُفقِ حسی کا عام معنی مراد ہے جس کو بعض نے اُفقِ ترسی کا نام دیا ہے ــــ اس دائرے سے، پُورے سورج کی حرکت کے ساتھ، سورج کا پہلا کنارہ گزر جائے۔ اور غروب سے مراد یہ ہے کہ سورج کی پوری ٹکیہ، اسی دائرے سے، اسی حرکت کے ساتھ، غربی جانب سے گزر جائے۔ اس سے نہارِ عرفی اور نہارِ نجومی کا امتیاز بھی واضح ہوگیا، کیونکہ نہارِ نجومی شروع اس وقت ہوتی ہے جب شرقی جانب سورج کا مرکز، افقِ حقیقی کے دائرے پر منطبق ہوجائے، اور ختم اس وقت ہوتی ہے جب غربی جانب سورج کا مرکز افقِ حقیقی کے دائرے پر منطبق ہوجائے۔ اب اگر دونوں افق (حقیقی

www.alahazratnetwork.org

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

اصل تعدیل الایام بلدی پر جاری کی جائیں اور اگر دوسرے مقام کے وقت پر اجرا ہو جیسے ہندوستان میں وقت مدراس کو اختلاف طول سے یہ دن متبدل ہوجائیں گے، مثلاً بریلی جس کا وقت مدراس سے ۳ منٹ ۱۹ سکنڈ زائد ہے یہاں تقریبی مساوات یعنی جیبی گھڑی کے ۱۲ بجے پر ٹھیک دوپہر ہونا ان چار تاریخوں پر ہوگا ۴ و ۲۵ مئی و ۱۱ ستمبر و ۱۸ دسمبر ۱۲ منہ ــــ یہ بھی اس وقت تک تھا اب کہ جولائی ۱۹۰۵ء سے مدراس ٹائم منسوخ اور وسط ہند کے وقت پر گھڑیاں جاری کی گئی ہیں یعنی جہاں طول ۸۲ درجے ہے جس کے ۵۔ گھنٹے ہوئے، اس اختلاف نے بریلی میں صرف دو ہی دن مساوات کے رکھے ۸ر اکتوبر اور ۲۸ نومبر، اور کمی کی مقدار یعنی جیبی گھڑی کے ۱۲ بجے سے نصف النہار حقیقی کا پہلے ہونا صرف ۴ منٹ رہ گئی، اور زیادت یعنی جیبی کے ۱۲ بجے سے ٹھیک دوپہر بعد کو ہونا ۲۶ منٹ تک پہنچ گئی ۱۲ منہ (م)

لاسیما من جہۃ دقائق الانکسار الافقی، فزیادۃ العرفی ازید۔ نعم، ان وقع فوقہ بقدر نصف قطر الشمس مع دقائق الانکسار لیستوی النہاران، او ازید من ذٰلک فیفضل النجومی، کمالایخفی۔ وھذہ فائدۃ سنحت للقلم حین التحریر فاحببنا ایرادھا۔

اور ترسی) متحد ہوں تو نہار عرفی، نہار نجومی سے اتنی بڑی ہوگی جتنی دیر میں سورج کا آدھا کُرہ طلوع ہوتا ہے اور آدھا غروب ہوتا ہے۔ اور اگر ترسی، حقیقی سے نیچے ہو، جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے ــــ خصوصاً جب افقی انکسار کے دقیقوں کو ملحوظ رکھا جائے ــــ تو نہار عرفی اور زیادہ بڑھ جائے گی۔ ہاں، اگر ترسی، حقیقی سے، سورج کے نصف قطر جتنا اوپر ہو اور انکسار کے دقیقے بھی ملحوظ ہوں تو نہار عرفی اور نہار نجومی برابر ہو جائیں گی۔ اور اگر سورج کے نصف قطر کی مقدار سے زیادہ اُوپر ہو تو نہار نجومی بڑھ جائے گی، جیسا کہ مخفی نہیں ہے ــــ یہ فائدہ لکھتے وقت قلم کے لیے ظاہر ہوا تو ہم نے اس کو ذکر کرنا مناسب سمجھا۔ (ت)

اور نہار شرعی طلوع فجر صادق سے غروب کل آفتاب تک ہے تو اس کا نصف ہمیشہ اُس کے نصف سے پہلے ہوگا، مثلاً فرض کیجئے آج تحویل حمل کا دن ہے آفتاب بریلی اور اُس کے قریب مواضع میں جیب گھڑی کے ۶ بج کر ۲ منٹ پر چمکا اور ۶ بج کر ۱۴ منٹ پر ڈوبا ۴ بج کر ۴۸ منٹ پر صبح ہوئی تو اس دن نہار شرعی ۱۳ گھنٹے ۲۶ منٹ کا ہے جس کا آدھا ۶ گھنٹے ۴۳ منٹ ہوا اسے ۴ گھنٹے ۴۸ منٹ پر بڑھایا تو ۱۱ گھنٹے ۳۱ منٹ کا وقت آیا اور نصف النہار شرعی وقت استوائے حقیقی سے ۳۷ منٹ پیشتر ہوا لا تسع وعشرین کما یتوھم فافھم واعرف انکنت تفھم (نہ کہ انیس منٹ، جیسا کہ وہم کیا جاتا ہے۔ اس کو سمجھو اور جانو، اگر سمجھ رکھتے ہو۔ ت) اسی کو ضحوۂ کبریٰ کہتے ہیں اسی وقت کے آنے تک کچھ کھایا پیا نہ ہو تو روزے کی نیت جائز ہے، اس دوسرے قول پر اس وقت سے نصف النہار عرفی یعنی استوائے حقیقی تک کہ تحویل حمل کے دن ۱۲ بج کر ۸ منٹ پر ہوگا، سارا وقت کراہت کا ہے جس میں نماز ناجائز وممنوع اور پُر ظاہر کہ یہ مقدار اختلافِ موسم سے گھٹتی بڑھتی رہے گی یہ قول ائمہ خوارزم کی طرف نسبت کیا گیا اور امام رکن الدین صباغی نے اسی پر فتویٰ دیا، ردالمحتار میں ہے:

عزا فی القھستانی القول بان المراد انتصاف النھار العرفی ای ائمۃ ماوراء النھر وبان المراد انتصاف النھار الشرعی وھو الضحوۃ الکبرٰی الی الزوال الی ائمۃ خوارزم[1]۔

قہستانی میں اس قول کو ائمہ ماوراء النہر کی طرف منسوب کیا ہے کہ مراد عُرفی نہار کا نصف ہونا ہے، اور اس قول کو ائمہ خوارزم کی طرف منسوب کیا ہے کہ مراد شرعی نہار کا نصف ہونا ہے یعنی ضحوۂ کبریٰ زوال تک۔ (ت)

---

[1] ردالمحتار مطلب یشترط العلم بدخول الوقت مطبوعہ المصطفٰے البابی مصر ۱/۲۷۳

۱۲۹

اُسی میں ہے :

وفی القنیۃ ، واختلف فی وقت الکراھۃ عند الزوال ، فقیل من نصف النھار الی الزوال ، لروایۃ ابی سعید رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ نھی عن الصلاۃ نصف النھار حتی تزول الشمس ، قال رکن الدین الصباغی : وما احسن ھذا ، لان النھی عن الصلاۃ فیہ یعتمد تصورھا فیہ[1] اھ ما فی الشامی ، وھذا کما تری من الفاظ الافتاء۔

اور قنیہ میں ہے کہ زوال کے قریب مکروہ وقت کی مقدار میں اختلاف ہے ۔ بعض نے کہا کہ نصف النہار سے زوال تک ہے ، کیونکہ ابو سعید رضی اللہ تعالٰی عنہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے راوی ہیں کہ آپ نے نصف النہار سے زوال تک نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے ، رکن الدین صباغی نے کہا ہے کہ یہ کتنا ہی اچھا استدلال ہے کیونکہ اس وقت میں نماز سے منع کرنے کی ضرورت تب ہی پڑسکتی ہے جب یہ وقت کم از کم اتنا ضرور ہو کہ اس میں نماز پڑھی جاسکے ، شامی کی عبارت ختم ہوئی ۔ اور جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو ، یہ افتاء کے الفاظ ہیں ۔ (ت)

اقول وبؤیدہ ما فی الشامی عن الطحطاوی عن ابی السعود عن الحموی عن البرجندی عن الملتقط ، فی باب الکسوف ، انھا اذا انکسفت بعد العصر او نصف النھار دعوا ولم یصلوا[2] ، ای لکراھۃ النفل فی الوقتین ، ووجہ التأیید ظاھر لیس بخاف ۔

اقول (میں کہتا ہوں) : اسی کا مؤید ہے وہ جو شامی میں ہے ، شامی نے طحطاوی سے ، اس نے ابو السعود سے ، اس نے حموی سے ، اس نے برجندی سے ، اس نے ملتقط سے باب الکسوف میں نقل کیا ہے کہ اگر سورج گرہن عصر کے بعد یا نصف النہار کے وقت لگے تو لوگ دعا کریں گے اور نماز نہیں پڑھیں گے ، یعنی اس وجہ سے کہ ان دو وقتوں میں نفل پڑھنا مکروہ ہے ، تائید کی وجہ ظاہر ہے ، مخفی نہیں ۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

غرض جب علماء میں اختلاف ہے اور ایک امام اجل نے اس قول کو ترجیح دی اور اُس کے خلاف ترجیح منقول نہ ہوئی تو احتیاط اسی پر عمل کرنے میں ہے ۔

---

[1] رد المحتار مطلب یشترط العلم بدخول الوقت مصطفی البابی مصر ۱/۲۷۳

[2] ؎ ؎ باب الکسوف ؎ ؎ ؎ ۱/۶۲۲

حتی یتبین خلافه اقول والمسئلة بعد تحتاج الی زیادة تحقیق وتحریر، وللعبد الضعیف ههنا ابحاث سنوردها ان شاء الله تعالٰی فی غیر هذا التحریر، والله تعالٰی اعلم ۔ انتھی ماکتبت فی الجواب ۔ و الله سبحٰنه اعلم بالصواب[1] ۔

یہاں تک کہ اس کا خلاف ظاہر ہوجائے اقول (میں کہتا ہوں) ابھی مسئلہ مزید تحقیق و تحریر کا محتاج ہے اور عبدِ ضعیف کی، یہاں کچھ بحثیں ہیں جنہیں عنقریب ہم کسی اور تحریر میں پیش کریں گے، واللہ تعالٰی اعلم، جو کچھ میں نے جواب میں لکھا ہے وہ ختم ہوا ۔ واللہ سبحٰنہ اعلم بالصواب ۔ (ت)

مسئلہ ثالثہ (۲۷۱): بڑھسے بڑھ یہ وقت کس قدر ہے ؟

اقول گنگوہی صاحب نے اس سوال کا جواب بھی قلم انداز کردیا، اس کا جواب اجمالی یہ ہے کہ ہمارے بلاد میں انتہا درجہ یہ وقت ۴۸ منٹ تک پہنچتا ہے جبکہ آفتاب انقلاب صیفی میں ہوتا ہے یعنی ۲۲ جون کو ٹھیک دوپہر سے اتنے منٹ پیشتر نصف النہار شرعی ہوجاتا ہے اور تحویلِ حمل و میزان یعنی ۲۱ مارچ و ۲۴ ستمبر کو ۳۹ منٹ پہلے ہوتا ہے نہ اس سے گھٹے نہ اس سے بڑھے باقی ایام میں انھیں کے بیچ بیچ دورہ کرتا ہے وتفصیل ذلك یطول جدا (اور اس کی تفصیل بہت طویل ہے ۔ ت) اور ٹھیک دوپہر سے یہ مراد کہ جب دائرۂ ہندیہ میں ظل ثانی خط سوال پر پورا منطبق ہو یہی نہار عرفی کا گویا نصف حقیقی ہے اسی کو استوائے حقیقی کہئے اس وقت آفتاب بیچ آسمان میں ہونا سمجھئے احکام شرعیہ میں اسی وقت کا اعتبار ہے نصف النہار شرعی سے اسی وقت تک نماز مکروہ ہے اس کے بعد پھر وقتِ ممانعت نہیں رہتا اس وقت بارہ بجے فرض کیجئے اور اس سے گھنٹہ بھر پہلے گیارہ وعلٰی ہذا القیاس انگریزی گھنٹوں کے بارہ کا حکم زوال و نصف النہار و شروع وقت ظہر میں اصلاً اعتبار نہیں اگرچہ نہایت صحیح ہوں کہ نہ عوام میں ان کا کمال صحت توپ سے مطابقت اور توپ قطع نظر اس سے کہ اکثر غلط چلتی ہے فقیر نے گیارہ منٹ تک کی غلطی اس میں مشاہدہ کی ہے اگر پوری صحیح بھی چلے تو خود اس حساب پر نہیں چلتی، فقیر نے بارہا بچشمِ خود مشاہدہ کیا ہے کہ دوپہر کی توپ صحیح چلی ہے اور اس وقت آفتاب مرأی العین میں صاف پلٹ چکا ہے یا ابھی وسط آسمان پر بھی نہ آیا و لہذا تحویل حوت کا شمس کہ بحساب دائرۂ ہندیہ مع حصۂ انکسار افقی ہمارے شہر میں ۵ بج کر ۳۹ منٹ پر ڈوبنا چاہئے توپ کے اعتبار سے قریب ۶ بجے کے ۵ بج کر ۵۶ منٹ پر ڈوبتا ہے تحویلِ قوس کا مہر کہ بحساب مذکور دائرہ ۶ بج کر ۴۲ منٹ پر چمکنا چاہئے توپ کے گھنٹوں پر ۶ سے ۳۱ منٹ

---

[1] اس گویا اور کہیے اور سمجھیے کی وجہ عالمِ ہیأت پر مخفی نہیں اور یہ بھی وہ جان سکتا ہے کہ یہ وقت وقت استوائے حقیقی تحقیقی کس صورت میں ہوگا ۱۲ منہ (م)

۱۳۱

بعد طلوع کر آتا ہے اسی طرح ہر جگہ فرق پائیے گا یہ امر ضرور قابلِ لحاظ ہے یہیں سے وُہ عقدہ کھل گیا کہ ہم نے مسئلہ ثانیہ کے جواب میں نصف النہار شرعی ۱۱ پر ۳۱ منٹ آ کر لکھا اور پھر اس سے استوائے حقیقی تک ۲۹ منٹ کا فاصلہ رکھا حالانکہ ۱۱ پر ۳۱ کے بعد ۱۲ بجنے تک صرف ۲۹ منٹ کا فصل ہے تو وجہ یہ کہ اُس مسئلہ میں انھیں رواجی مدراسی گھنٹوں کا حساب لیا تھا و لہذا طلوعِ شمس حمل ۶ پر ۷ منٹ آ کر مانا۔ یہ ہے ان مسائل کا اجمالی تخمینی جواب اور تفصیل و تحقیق مفضی تطویل و اطناب۔

وفیما ذکرنا کفایۃ لاولی الالباب وصلی اللّٰہ تعالٰی علی المولٰی الاواب سیدنا محمد و الاٰل والاصحاب واللّٰہ تعالٰی اعلم بالصواب۔

اور جو ہم نے ذکر کیا ہے وہ عقلمندوں کے لیے کافی ہے، اور درود بھیجے اللہ تعالٰی بہت رجوع کرنے والے آقا سیدنا محمد پر اور ان کی آل و اصحاب پر۔ واللہ تعالٰی اعلم بالصواب۔ (ت)

مسئلہ (۲۷۲) از حیدر آباد دکن قریب دروازہ دبیر پورہ مدرسہ محمدیہ مرسلہ مولوی عبد الخالق صاحب اعظم گڈھی ۱۲ جمادی الاخرٰی ۱۳۱۷ھ

حضرت مولٰنا العلام والحبر القمقام حامی السنۃ قامع البدعۃ بقیۃ السلف حجۃ الخلف مولانا الحاج المولوی احمد رضا خاں صاحب مدظلہ العالی بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے عالی متعالی ہو کر ان دنوں یہاں کے علما بلکہ چار پانچ علمائے ہند مثل حضرت مولانا مولوی لطف اللہ صاحب علی گڈھی و جناب مولوی محمد منصور علی خان صاحب مراد آبادی و جناب مولوی محمد یعقوب صاحب اعظم گڈھی وغیرہم نے مثلین سوی الزوال کا فتوٰی دیا بعدہٗ مولوی عبد الوہاب صاحب بہاری صدر مدرس مدرسہ نظامیہ نے سب علماء کے فتوے کو رَد کردیا اور لکھا کہ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالٰی قول مثلین سے رجوع کر کے قول صاحبین کی طرف آگئے ہیں اب التماس ہے کہ آپ اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں۔ خادم الطلبہ محمد عبد الخالق

الجواب

مولانا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، قول سیدنا الامام الاعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ وہی مثلین بعد فیئ الزوال ہے اور وہی احوط وہی اصح وہی من حیث الدلیل ارجح اسی پر اجماع و اطباق جملہ متون متین وہی مختار و مرضی جمہور محققین شارحین اُسی پر افتائے اکثر کبرائے ائمہ مفتین امام کا اس سے رجوع فرمانا ثابت نہیں اجماع متون مذہب موضوعہ لنقل المذہب کے حضور بعض حکایات شاذہ خاملہ غیر محفوظہ قابلِ لحاظ کب ہوئیں بلکہ قول یک مثل ہے مرجوع عنہ ہے۔

لما صرح بہ فی البحر والخیریۃ ورد المحتار

کیونکہ بحر، خیریہ اور ردالمحتار وغیرہ میں تصریح ہے کہ

وغیرھا ان کل ماخرج عن ظاھر الروایۃ فھو مرجوع عنہ[1]۔ ھذا ولکل وجھۃ ھو مولیھا فاستبقوا الخیرات[2]۔ وفقنا اللہ تعالٰی لھا وتقبلھا منا بالکرم واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

جو قول ظاہر الروایۃ کے خلاف ہو اس سے رجوع کیا جاچکا ہوتا ہے۔ اور ہر ایک کی ایک سمت ہے جس کی جانب وُہ منہ کرتا ہے تو نیکیوں میں سبقت لے جانے کی کوشش کرو۔ اللہ تعالٰی ہمیں نیکیوں کی توفیق دے اور اپنے کرم سے انھیں قبول فرمائے۔ واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم، وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔ (ت)

مسئلہ (۲۷۳) از کلکتہ فوجداری بالاخانہ نمبر ۳۶ مرسلہ جناب مرزا غلام قادر بیگ صاحب

۱۸ جمادی الآخرہ ۱۳۰۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ یہاں کلکتہ میں آج کل آفتاب ۶ ½ بجے طلوع ہوتا ہے اور پونے چھ بجے غروب اور نمازِ عصر پونے چار بجے ادا کی جاتی ہے کہ اُس وقت سایہ سوائے سایہ اصلی کے دو مثل کسی طرح نہیں ہوتا اس صورت میں نماز مذہب مفتی بہ کے موافق ہوتی یا نہیں اور ایسی حالت میں جماعت میں شریک ہونا چاہئے یا جماعت کا ترک اختیار کیا جائے صرف حکم چاہتا ہوں مجھے دلائل کی ضرورت نہیں، بینوا توجروا۔

www.alahazratnetwork.org

الجواب

حضرت سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کے نزدیک جب تک سایہ ظل اصلی کے علاوہ دو مثل نہ ہو جائے وقتِ عصر نہیں آتا اور صاحبین کے نزدیک ایک ہی مثل کے بعد آجاتا ہے اگرچہ بعض کتب فتاوٰی وغیرہ تصانیف بعض متاخرین مثل برہان طرابلسی وفیض کرکی و درمختار میں قول صاحبین کو مرجح بتایا مگر قولِ امام ہی احوط واصح اور از روئے دلیل ارجح ہے، عموماً متون مذہب قولِ امام پر جزم کیے ہیں اور عامہ اجلہ شارحین نے اُسے مرضی ومختار رکھا اور اکابر ائمہ ترجیح وافتا بلکہ جمہور پیشوایانِ مذہب نے اُسی کی تصحیح کی، امام ملک العلماء ابوبکر مسعود نے بدائع[3] اور امام سرخسی نے محیط میں فرمایا، ھو الصحیح[3] (یہی صحیح ہے)۔ امام اجل قاضیخان نے اسی کو تقدیم دی اور وُہ اسی کو تقدیم دیتے ہیں جو اظہر من حیث الدرایۃ اور اشہر من حیث الروایۃ ہو[4] کما

---

[1] ردالمحتار مطلب فی حدیث اختلاف امتی رحمۃ مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۵۰

[2] القرآن سورہ البقرۃ ۲ آیت ۱۴۸

[3] البحرالرائق بحوالہ بدائع کتاب الصلٰوۃ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی ۱/۲۴۵

[4] فتاوٰی قاضی خان مقدمۃ الکتاب مطبوعہ نولکشور لکھنؤ انڈیا ۱/۲

۱۳۳

نص علیہ فی خطبۃ الخانیۃ (جیساکہ خانیہ کے خطبہ میں یہ بات صراحۃً مذکور ہے۔ ت) اور وہی قول معتمد ہوتا ہے کما فی الطحطاوی و الشامی (جیساکہ شامی اور طحطاوی میں ہے۔ ت) یونہی امام طاہر بخاری نے خلاصہ میں اسے تقدیم دی۔ امام اجل برہان الدین صاحبِ ہدایہ نے ہدایہ اور امام اجل ابوالبرکات نسفی نے کافی اور امام زیلعی نے تبیین الحقائق میں اسی کی دلیل مرجح رکھی، امام اجل محبوبی نے اسی کو اختیار فرمایا۔ امام صدر الشریعۃ نے اسی پر اعتماد کیا وہ چند متاخرین اعنی مصنفین برہان و فیض و درمختار ان اکابر میں ایک کی بھی جلالتِ شان کو نہیں پہنچتے۔ فتاوٰی غیاثیہ و جواہر اخلاطی میں فرمایا: ھو المختار (یہی مختار ہے) علامہ قاسم نے تصحیح قدوری میں اسی کی تحقیق کی، امام سمعانی نے خزانۃ المفتین میں اسی پر اقتصار فرمایا قول خلاف کا نام بھی نہ لیا، امام محمود عینی نے اسی کی تائید فرمائی، ملتقی الابحر میں اسی کو مقدم رکھا اور وہ اسی کو تقدیم دیتے ہیں جو ارجح ہو کما ذکر فی خطبتہ (جیساکہ اس کے خطبے میں ذکر کیا گیا ہے۔ ت) اور وہی مختار للفتوٰی ہوتا ہے کما فی شرحہ مجمع الانھر[1] (جیساکہ اس کی شرح مجمع الانہر میں ہے۔ ت) مراقی الفلاح میں ہے ھو الصحیح وعلیہ جل المشایخ والمتون[2] (یہی صحیح ہے اور اسی پر بزرگ مشایخ و متون مذہب ہیں) طحطاوی علی المراقی میں ہے صححہ جمھور اھل المذھب[3] (جمہور ائمہ مذہب نے اسی کی تصحیح فرمائی) نقایہ میں روایت خلاف کی تضعیف فرمائی شرح المجمع للمصنف میں ہے انہ المذھب واختارہ اصحاب المتون وارتضاہ الشارحون[4] (مذہب یہی ہے اور اسی کو اصحابِ متون نے اختیار فرمایا اور اسی کو شارحین نے مرضی و پسندیدہ رکھا) ینابیع و علمگیری میں ہے ھو الصحیح[5] (یہی صحیح ہے) جامع الرموز میں اسی کو مفتٰی بہ بتایا، السراج المنیر میں ہے علی قولہ الفتوٰی[6] (امام ہی کے قول پر فتوٰی ہے) بحر الرائق پھر ردالمحتار میں ہے قول امام سے عدول کی اجازت نہیں اس مذہب مہذب پر دلیل جلیل صحیح بخاری شریف کی حدیث باب الاذان للمسافر[7] میں ہے کہ ابوذر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا ہم ایک سفر میں نبی صلی اللہ

---

[1] مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر خطبۃ کتاب مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۷

[2] مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ص ۹۴

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[4] البحر الرائق بحوالہ شرح المجمع کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۲۴۵

[5] الفتاوی الہندیۃ الباب الاول فی المواقیت مطبوعہ نورانی کتب خانہ پشاور ۱/۵۱

[6] السراج المنیر

[7] صحیح البخاری باب الاذان للمسافر مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۸۷

تعالٰی علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس تھے مؤذن نے اذانِ ظہر دینی چاہی، فرمایا: ابرد (وقت ٹھنڈا کر) دیر کے بعد پھر مؤذن نے اذان دینی چاہی، فرمایا: ابرد (وقت ٹھنڈا کر) دیر کے بعد مؤذن نے سہ بارہ اذان کا ارادہ کیا، فرمایا: ابرد (وقت ٹھنڈا کر) اور یونہی تاخیر کا حکم فرماتے رہے حتی ساوی الظل التلول (یہاں تک کہ سایہ ٹیلوں کے برابر ہوگیا) اُس وقت اذان کی اجازت فرمائی اور ارشاد فرمایا "گرمی کی شدت جہنم کی سانس سے ہے تو جب گرمی سخت ہو ظہر ٹھنڈے وقت پڑھو" مشاہدہ شاہد اور قواعد علم ہیأت گواہ اور خود ائمۂ شافعیہ کی تصریحات ہیں کہ دوپہر کو ٹیلوں کا سایہ ہوتا ہی نہیں معدوم محض ہوتا ہے خصوصاً اقلیم ثانی میں جس میں حرمین طیبین اور اُن کے بلاد ہیں۔ امام نووی، شافعی و امام قسطلانی شافعی نے فرمایا: ٹیلے زمین پر نصب کی ہوئی اشیاء کی مانند نہیں بلکہ زمین پر پھیلے ہوتے ہیں تو زوال کے بہت زمانے کے بعد اُن کا سایہ شروع ہوتا ہے جب ظہر کا اکثر وقت گزر جاتا ہے ظاہر ہے کہ جب آغاز اُس وقت ہوگا تو ٹیلوں کے برابر ہرگز نہ پہنچے گا مگر مثل ثانی کے بھی اخیر حصہ میں اُس وقت تک حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اذان نہ دینے دی تو نماز تو یقیناً اور بھی بعد ہوئی تو بلاشبہہ مثل ثانی بھی وقت ظہر ہوا اور اس حدیث کو ارادہ جمع بین الصلاتین پر حمل کرنا خود اسی حدیث کے الفاظ سے باطل ہے حضور یہاں ابراد کا اظہار فرمارہے ہیں کہ نماز اپنے وقت کے ٹھنڈے حصے میں پڑھی جائے نہ یہ کہ وقت نکال دینے کے بعد دوسری نماز کے وقت میں ادا کی جائے، حضور یہاں حکم عام ارشاد فرمارہے ہیں کہ جب گرمی سخت ہو یوں ہی وقت ٹھنڈا کرو یہ نہیں فرماتے کہ جب مسافر ہو تو ظہر کو عصر سے ملا کر پڑھو اور یہیں سے ظاہر ہوگیا کہ حدیث امامت جبریل جس کے بھروسے پر برہان و درمختار نے مثل اول اختیار کیا اصلا حجت نہیں ہوسکتی کہ وہ دنیا میں سب سے پہلی حدیث اوقات ہے نماز شب اسرا میں فرض ہوئی اور اسی کے دن میں وقتِ ظہر کو آکر جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے بیان اوقات کے لیے امامت کی تو جو حدیث اُس کے خلاف ہے اُس کے بعد اور اُس کی ناسخ ہے اور قول دو مثل سے امام کا رجوع فرمانا ہرگز صحیح نہیں بلکہ اُس کا خلاف ثابت ہے کہ تمام متونِ مذہب وہی نقل فرمارہے ہیں اور متون ہی نقل مذہب کے لیے موضوع ہیں، امام محمد نے کتاب الاصل یعنی مبسوط میں کہ کتب ظاہر الروایۃ سے ہے وہی قول امام لکھا نہایہ میں ہے امام سے وہی ظاہر الروایہ ہے غایۃ البیان میں ہے یہی امام کا مذہب مشہور و ماخوذ ہے۔ محیط میں ہے قول امام سے یہی صحیح ہے۔ ینابیع میں ہے امام سے یہی روایت صحیح ہے۔ شرح مجمع میں ہے مذہب امام یہی ہے کل ذلک فی البحر[1] (یہ سب بحر میں ہے۔ ت) تو بعض نقول خاملہ مرجوحہ کی بنا پر زعم رجوع محض ناموجہ ہے بلکہ قول ایک مثل ہی ہے رجوع ثابت ہے کہ وہ خلاف ظاہر الروایۃ ہے اور جو کچھ خلاف ظاہر الروایۃ ہے مرجوع عنہ ہے کما فی البحر و الخیریۃ

---

[1] البحر الرائق کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۲۴۵

www.alahazratnetwork.org

Index

وغیرہما (جیسا کہ بحر اور خیریہ وغیرہ میں ہے۔ ت) تو یہ مذہب مہذب بوجوہ کثیرہ مذہب صاحبین پر مرجح ہوا۔

اولاً یہی مذہب امام ہے اور مذہب امام اعظم پر عمل واجب جب تک کوئی ضرورت اس کے خلاف پر باعث نہ ہو۔

ثانیاً اسی پر متون مذہب ہیں اور متون کے حضور اور کتابیں مقبول نہیں ہوتیں۔

ثالثاً اسی پر عامہ شروح ہیں اور شروح فتاوٰی پر مقدم۔

رابعاً اجلۂ اکابر ائمۂ تصحیح وفتوی مثل امام قاضی خاں و امام برہان الدین صاحبِ ہدایہ و امام ملک العلماء مسعود کاشانی صاحبِ بدائع وغیرہم رحمہم اللہ تعالٰی نے اسی کی ترجیح و تصحیح فرمائی اور جلالت شان مصححین باعث ترجیح ہے۔

خامساً جمہور مشایخِ مذہب نے اس کی تصحیح و ترجیح کی اور عمل اسی پر چاہیے جس طرف اکثر مشایخ ہوں۔

سادساً اسی میں احتیاط ہے کہ مثل ثانی میں عصر پڑھی تو ایک مذہب جلیل پر فرض ذمہ سے ساقط نہ ہوا پڑھی بے پڑھی برابر رہی اور بعد مثل ثانی پڑھی تو بالاتفاق صحیح و کامل ادا ہوئی۔

سابعاً رہیں حدیثیں بعض صاحبوں نے گمان یہ کیا کہ احادیث مذہب صاحبین میں نص ہیں بخلاف مذہب امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہم، حالانکہ حق یہ ہے کہ صحاح احادیث دونوں جانب موجود ہرگز کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ مذہب صاحبین پر کوئی حدیث صحیح صریح سالم عن المعارض ناطق ہے جسے دعوٰی ہو پیش کرے اور بامداد روح پُرفتوح حضرت سیدنا الامام رضی اللہ تعالٰی عنہ اس فقیر سے جواب لے ان شاء اللہ تعالٰی یا تو ثابت ہوجائے گا کہ وہ حدیث جس سے مخالف نے استناد کیا صحیح نہ تھی یا صحیح تھی تو مذہب صاحبین میں صریح نہ تھی یا یہ بھی سہی تو اس کا معارض صحیح موجود ہے اور فقیر ان شاء اللہ تعالٰی ثابت کردے گا کہ اس تعارض میں احادیث مذہب صاحبین کو منسوخ ماننا ہی مقتضائے اصول ہے اور اگر نہ مانیں تاہم تعارض قائم ہو کر تساقط ہوگا اور پھر وہی مذہب امام رنگ ثبوت پائے گا کہ جب بوجہ تعارض مثل ثانی میں شک واقع ہوا کہ یہ وقت ظہر ہے یا وقت عصر اور اس سے پہلے وقت ظہر بالیقین ثابت تھا تو شک کے سبب خارج نہ ہوگا اور وقتِ عصر بالیقین نہ تھا تو شک کے سبب داخل نہ ہوگا والحمد للہ رب العلمین۔ **بالجملہ** عند التحقیق مثل ثانی میں عصر ادا ہی نہ ہوگی بلکہ فرض ذمہ پر باقی رہے گا ورنہ علی التنزل اُس وقت نماز مکروہ ہونے میں تو شک نہیں کہ جب بعض کتبِ فقہ میں اس وقت نماز ظہر میں کراہت گمان کی صرف اس خیال سے کہ صاحبین کے نزدیک وقت قضا ہوگیا حالانکہ فرض ظہر بالاجماع ساقط ہوجائے گا اگرچہ قضا ہی سہی تو اس وقت نمازِ عصر لاجرم سخت کراہت رکھے گی کہ امام کے نزدیک ہنوز وقت ہی نہ آیا تو فرض ہی سر سے ساقط نہ ہوگا اُدھر خلاف صاحبین تھا یہاں خلاف امام وہاں قضاء ادا میں خلاف تھا اور صحت اجماعی ادھر

www.alahazratnetwork.org

نفسِ صحت وبطلان ہی میں نزاع ہے جب وہاں کراہت زعم کی گئی تو یہ کس درجہ شدید مکروہ ہونا چاہئے اور یہ تو بے شمار کتبِ ائمہ میں تصریح ہے کہ اس وقت عصر کا پڑھنا بے احتیاطی ہے پس محتاط فی الدین کو لازم کہ اگر جانے کہ مجھے مثل ثانی کے بعد جماعت مل سکتی ہے اگرچہ ایک ہی آدمی کے ساتھ تو اس جماعتِ باطلہ یا کم از کم مکروہہ بکراہت شدیدہ میں شریک نہ ہو بلکہ وقت اجماعی پر اپنی جماعت صحیحہ نظیفہ ادا کرے اور اگر جانے کہ پھر میرے ساتھ کو کوئی نہ ملے گا تو بتقلید صاحبین شریک جماعت ہو جائے اور تحصیل صحت متفق علیہا و رفع کراہت کے لیے مثل ثانی کے بعد پھر اپنی تنہا ادا کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۲۷۴) شعبان ۱۳۳۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عصر کا وقت مستحب ووقت مکروہ کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

نمازِ عصر میں ابر کے دن تو جلدی چاہئے، نہ اتنی کہ وقت سے پیشتر ہو جائے۔ باقی ہمیشہ اس میں تاخیر مستحب ہے۔ اسی واسطے اس کا نام عصر رکھا گیا لانہا تعصر (یعنی وہ نچوڑ کے وقت پڑھی جاتی ہے) حاکم و دارقطنی نے زیاد بن عبداللہ نخعی سے روایت کی ہم امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے ساتھ مسجد جامع میں بیٹھے تھے مؤذن نے آکر عرض کی، یا امیر المومنین! نماز۔ امیر المومنین نے فرمایا بیٹھو۔ وہ بیٹھ گیا۔ دیر کے بعد پھر حاضر ہوا اور نماز کے لیے عرض کی۔ امیر المومنین نے فرمایا ھذا الکلب یعلمنا السنۃ (یہ کتا ہمیں سنّت سکھاتا ہے)۔ پھر اٹھ کر ہمیں نمازِ عصر پڑھائی۔ جب ہم نماز پڑھ کر وہاں آئے جہاں مسجد میں پہلے بیٹھے تھے فجثونا للرکب لنزول الشمس للغروب نتراھا[۱] (ہم زانوؤں پر کھڑے ہو کر سورج کو دیکھنے لگے کہ وہ غروب کے لیے نیچے اتر گیا تھا)۔" یعنی دیواریں اُس زمانے میں نیچی نیچی ہوتیں آفتاب ڈھلک گیا تھا بیٹھے سے نظر نہ آیا دیوار کے نیچے اُتر چکا تھا گھٹنوں پر کھڑے ہونے سے نظر آیا، مگر ہرگز ہرگز اتنی تاخیر جائز نہیں کہ آفتاب کا قرص متغیر ہو جائے اُس پر بے تکلف نگاہ ٹھہرنے لگے یعنی جبکہ غبارِ کثیر یا ابرِ رقیق وغیرہ حائل نہ ہو کہ ایسے حائل کے سبب تو ٹھیک دوپہر کے آفتاب پر نگاہ بے تکلف جمتی ہے اس کا اعتبار نہیں بلکہ صاف شفاف مطلع میں اس قدرتی دائمی حیلولت کرۂ بخار کے سبب کہ اُفق کے قُرب میں نگاہ کو اُس کا کثیر حصہ طے کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے طلوع وغروب کے قرب آفتاب پر نگاہ بے تکلف جمتی ہے جب اُس سے اونچا ہوتا اور کرۂ بخار کا قلیل حصہ حائل رہ جاتا ہے شعاعیں زیادہ ظاہر ہوتیں اور نگاہ جمنے سے مانع آتی ہیں اور یہ حالت مشرق ومغرب دونوں میں یکساں ہے جس کا حال اس شکل سے عیاں ہے ا ب کرۂ زمین ہے د موضع

---

[۱] سنن الدارقطنی باب ذکر بیان المواقیت الخ مطبوعہ نشر السنۃ ملتان ۱/ ۲۵۱



ناظر ہے یعنی سطحِ زمین کی وُہ جگہ جہاں دیکھنے والا شخص کھڑا ہے ح ۲ زمین کے سب طرف کرۂ بخار ہے جسے عالمِ نسیم و عالمِ لیل و نہار بھی کہتے ہیں اور یہ ہر طرف سطحِ زمین سے ۴۵ میل یا قولِ اوائل پر ۵۲ میل اونچا ہے اس کی ہوا اوپر کی ہوا سے کثیف تر ہے تو آفتاب اور نگاہ میں اس کا جتنا زائد حصّہ حاصل ہوگا اتنا ہی نور کم نظر آئے گا اور نگاہ زیادہ ٹھہرے گی ہ مرکزِ شمس ہے د ہ ہر طرف وُہ خط ہے جو نگاہ ناظر سے شمس پر گزرتا ہے پہلے نمبر پر آفتاب افقِ شرقی سے طلوع میں ہے اور دوسرے تیسرے نمبر پر چڑھتا ہوا ساتویں نمبر پر افقِ غربی پر غروب کے پاس پہنچا ظاہر ہے کہ جب آفتاب پہلے نمبر پر ہے تو خط د ہ کا حصّہ د س کرۂ بخار میں گزرا اور دوسرے پر د ح تیسرے پر د ط چوتھے پر د ح، اور اقلیدس سے ثابت ہے کہ ان میں د س سب سے بڑا ہے اور آفتاب جتنا اُونچا ہوتا جاتا ہے د ح د ط وغیرہ چھوٹے ہوتے جاتے ہیں کہ یہاں تک کہ نصف النہار پر خط د ح سب سے چھوٹا رہ جاتا ہے ہم نے اپنے محاسبات ہندسیہ میں ثابت کیا ہے کہ خط د ح یعنی دوپہر کے وقت کا خط پانسو اٹھانوے[۵۹۸] میل سے بھی زائد ہے پھر جب آفتاب ڈھلکتا ہے وہ خطوط اسی نسبت پر بڑے ہوتے جاتے ہیں د ی برابر د ط کے پڑتا ہے اور د ک برابر د ح کے اور د ل برابر د س کے ہے یہاں سے واضح ہوگیا کہ یہ قدرتی دائمی سبب ہے جس کے باعث آفتاب جب نصف النہار پر ہوتا ہے اپنی انتہائی تیزی پر ہوتا ہے اور اُس سے پہلے اور بعد دونوں پہلوؤں پر جتنا افق سے قریب تر ہوتا ہے اُس کی شعاع دھیمی ہوتی ہے یہاں تک کہ شرق و غرب میں ایک حد کے قرب پر اصلاً نگاہ کو خیرہ نہیں کرتی مشرق میں جب تک اس حد سے آفتاب نکل کر اونچا نہ ہو جائے اُس وقت تک نماز منع اور وقت کراہت کا ہے اور مغرب میں جب آفتاب اس حد کے اندر آجائے اُس وقت سے غروب تک نماز منع اور وقت کراہت کا ہے، تو اس بیان سے سبب بھی ظاہر ہوگیا اور

یہ بھی کھل گیا کہ مشرق و مغرب دونوں جانب میں یہ وقت برابر ہے نہ یہ کہ مشرق کی طرف، تو یہ وقت پندرہ بیس منٹ رہے جو تقریباً ایک نیزہ بلندی کی مقدار ہے اور مغرب میں ڈیڑھ دو گھنٹے ہوجائے جو اُس سے کئی نیزے زائد ہے تجربہ سے یہ وقت تقریباً بیس منٹ ثابت ہُوا ہے تو جب سے آفتاب کی کرن چمکے اُس وقت سے بیس منٹ گزرنے تک نماز ناجائز اور وقت کراہت ہوا اور ادھر جب غروب کو بیس منٹ رہیں وقتِ کراہت آجائے گا، اور آج کی عصر کے سوا ہر نماز منع ہوجائے گی۔ ہاں یہ جو بعض کا خیال ہے کہ آفتاب متغیر ہونے سے مراد دھوپ کا میلا ہونا ہے یہ ہرگز صحیح نہیں، جاڑے کے موسم میں تو آفتاب ڈھلکنے کے تھوڑی ہی دیر بعد کہ ابھی سایہ ایک مثل بھی نہیں پہنچتا اور بالاجماع وقتِ ظہر باقی ہوتا ہے یقیناً آفتاب بہت متغیر ہوجاتا ہے اور بیّن طور پر دُھوپ میں زردی پیدا ہوجاتی ہے تو چاہئے کہ عصر کا وقت آنے سے پہلے ہی وقتِ کراہت آجائے اور نماز بے کراہت مل ہی نہ سکے اور یہ صریح باطل و محال ہے، ابوالسعود علی الکنز اور طحطاوی علی الدر میں ہے:

المراد ان یذھب الضوء فلا یحصل للبصر بہ حیرۃ ولا عبرۃ لتغیر الضوء لان تغیر الضوء یحصل بعد الزوال[1]

یعنی تغیرِ آفتاب سے مراد یہ ہے کہ اُس کی روشنی جاتی رہے تو نگاہ کو اس سے خیرگی حاصل نہ ہو اور دھوپ کا تغیر کچھ معتبر نہیں کہ یہ تو زوال کے بعد ہوجاتا ہے (ت)

www.alahazratnetwork.org

بالجملہ سخن تحقیق وہ ہے جو ائمہ نے کتاب الاسرار و بحرالرائق وغیرہما میں تصریح فرمائی کہ جن نمازوں میں تاخیر مستحب ہے جیسے فجر و عصر وغیرہما، وہاں تاخیر کے یہ معنی ہیں کہ وقت کے دو حصے کریں نصف اول چھوڑ کر نصف آخر میں پڑھیں اور ظاہر یہ ہے کہ یہاں وقت سے مراد وقتِ مستحب ہے کہ وقتِ مستحب کے نصف آخر میں پڑھیں، جب یہ قاعدہ معلوم ہوگیا اب تعیینِ وقت کے لیے مثل ثانی کے وقت کا تخمینہ لکھیں جس سے ظہر و عصر کا اندازہ ہوسکے وہ یہ کہ ۲۱ مارچ تحویلِ حمل اور ۲۳-۲۴ ستمبر تحویل میزان میں ختم مثل ثانی یعنی شروع وقت عصر حنفی سے آفتاب کے غروب شرعی تک ان بلاد میں ایک گھنٹا ۴۱ منٹ باقی ہوتے ہیں اور ۲۰-۲۱ اپریل تحویل ثور اور ۲۳-۲۴ اگست تحویل سنبلہ کو ایک گھنٹا ۵۰ منٹ ہوتے ہیں اور ۲۱-۲۲ مئی تحویل جوزا اور ۲۳ جولائی تحویل اسد کو دو گھنٹا ایک منٹ اور ۲۳ جون تحویل سرطان کو دو گھنٹے ۶ منٹ، اور یہ سال میں سب سے بڑا وقت عصر ہے کہ اس سے زیادہ ان بلاد میں کبھی نہیں ہوتا اور ۲۴ اکتوبر تحویل عقرب اور ۱۹ فروری تحویل حوت کو ایک گھنٹا ۳۶ منٹ اور ۲۲-۲۳ نومبر تحویل قوس سے ۲۲ دسمبر تحویل جدی اور پھر ۲۰-۲۱ جنوری تحویل دلو تک دو مہینے برابر بلکہ اس سے

---

[1] حاشیۃ الطحطاوی علی الدرالمختار کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دارالمعرفت بیروت ۱/۱۷۸

بھی کچھ زائد ایک گھنٹا ۵ ۲ منٹ باقی ہوتا ہے اور یہ سال میں سب سے چھوٹا وقتِ عصر ہے کہ اس سے کم ان بلاد میں کبھی نہیں ہوتا، اسی حساب سے جس دن جتنا وقت عصر ہو اس کے آخر سے ۲۰ منٹ وقت مکروہ کے نکال کر باقی کے دو حصے کریں حصہ اول چھوڑ کر حصہ دوم سے وقت مستحب ہے اور حصہ اول میں بھی اصلاً کراہت نہیں، ہاں اتنی تعجیل کہ دو مثل پورے ہونے میں شک ہو ضرور سخت خلاف احتیاط ہے اُس سے بچنا چاہئے کہ اگر وہم و خدشہ ہے تو کراہت ہے اور اگر واقعی شک ہے تو امام کے طور پر ہوگی ہی نہیں یونہی اتنی تاخیر نہ چاہئے کہ وقت کراہت آنے کا اندیشہ ہو جائے اور اس سے پہلے پہلے اصلاً کسی قسم کی کراہت کا نام و نشان نہیں، نہ وہ اللہ و رسول کے نزدیک کاہل ہے یہ محض غلط و باطل ہے جب شرع مطہر اُس وقت کو مستحب فرما رہی ہے تو کیا وقت مستحب میں ادا کرنا مکروہ اور فاعل کاہلی کے ساتھ منسوب ہو سکتا ہے یہ نری نادانی ہے پھر اگر اس نے احتیاط کی اور نماز میں تطویل کی کہ وقتِ کراہت وسط نماز میں آگیا جب بھی اس پر اعتراض نہیں، نہ کہ وقت کراہت آنے سے پہلے ختم کر دے اور اعتراض ہو، درمختار میں ہے:

لوشرع فیہ قبل التغیر فمدہ الیہ لایکرہ[1] واللہ تعالٰی اعلم۔

سورج میں تغیر آنے سے پہلے نماز شروع کی پھر تغیر تک لمبی کر دی تو مکروہ نہیں ہوگی واللہ تعالٰی اعلم (ت)

www.alahazratnetwork.org

مسئلہ ۲۷۵ و ۲۷۶ شوال ۱۳۲۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان مسائل میں:

(۱) فرض و سنّت ہر دو کا اولٰی وقت کیا ہے؟

(۲) امسال وقت صلاۃ عید الفطر انتہا درجہ کب تک تھا جس نے بعد ساڑھے گیارہ بجے نماز پڑھی اس کی نماز ہوئی یا نہیں؟

الجواب

(۱) سنّت قبلیہ میں اولٰی اول وقت ہے بشرطیکہ فرض و سنّت کے درمیان کلام یا کوئی فعل منافی نماز نہ کرے اور سنّت بعدیہ میں مستحب فرضوں سے اتصال ہے مگر یہ کہ مکان پر آکر پڑھے تو فصل میں حرج نہیں لیکن اجنبی افعال سے فصل نہ چاہیے یہ فصل سنت قبلیہ و بعدیہ دونوں کے ثواب کو ساقط اور انھیں طریقہ مسنونہ سے خارج کرتا ہے اور فرض فجر و عصر و عشاء میں مطلقاً اور ظہر میں بموسم گرما تاخیر مستحب ہے اور مغرب میں تعجیل۔ تاخیر کے یہ معنٰی کہ وقت غیر مکروہ کے دو حصے کرکے پہلا نصف چھوڑ دیں دوسرے نصف میں نماز پڑھیں کما نص

---

[1] درمختار کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۶۱/۱

۱۴۰

علیہ فی البحرائق وغیرہ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) مذہب اصح پر اس کی نماز نہ ہوئی وقت اس کے قریب قریب ختم ہوچکا تھا مگر ایسی جگہ علما آسانی پر نظر فرماتے ہیں ہمارے علما کا دوسرا قول یہ ہے کہ وقت عید زوال تک ہے اس تقدیر پر جس نے بارہ بج کر چھ منٹ تک بھی سلام پھیر دیا اس کی نماز ہوگئی کہ اس دن بارہ بج کر ساڑھے چھ منٹ پر زوال ہوا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۷) از سندیلہ مرسلہ بعض علما بتوسط مولٰنا مولوی محمد وصی احمد صاحب محدث سورتی۔

دوم ربیع الاول شریف ۱۳۱۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ نماز مغرب کا وقت افق شرقی کی جڑ سے سیاہی نمودار ہوتے ہی معاً ہوجاتا ہے یا جب سیاہی بلند ہوجاتی ہے اُس وقت آفتاب ڈوبتا ہے بر تقدیر ثانی وہ بلندی کتنے گز ہوتی ہے اور آبادیوں میں سیاہی شرق سے نظر آنے پر نماز کا وقت سمجھا جائے گا یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

اقول وباللہ التوفیق (اللہ تعالیٰ کی مدد سے کہتا ہوں۔ ت) افق شرقی سے سیاہی کا طلوع قرص شمس کے شرعی غروب سے بہت پہلے ہوتا ہے سیاہی کئی گز بلند ہوجاتی ہے اُس وقت آفتاب ڈوبتا ہے جس طرح قرص شمسی کے شرعی طلوع سے سیاہی غربی کا غروب بہت بعد ہوتا ہے آفتاب مرتفع ہوجاتا ہے اُس وقت تک سواد مرئی رہتا ہے اس پر عیان وبیان وبرہان سب شاہد عدل ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لیس الخبر کالمعاینۃ[1] (خبر مشاہدہ کی طرح نہیں۔ ت) جسے شک ہو طلوع وغروب کے وقت جنگل میں جاکر جہاں سے دونوں جانب افق صاف نظر آئیں مشاہدہ کرے جو کچھ مذکور ہُوا آنکھوں سے مشاہدہ ہوجائے گا الحمد للہ عجائب قرآن منتہی نہیں۔

کما فی حدیث الترمذی عن امیر المؤمنین علی عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تنقضی عجائبہ[2]۔

جیسا کہ ترمذی کی حدیث میں امیر المومنین علی، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں کہ قرآن کے عجائبات کبھی ختم نہیں ہوتے۔ (ت)

ایک ذرا غور سے نظر کیجئے تو آیۂ کریمہ تولج الیل فی النھار وتولج النھار فی الیل[3] (تو، رات کو دن

---

[1] الجامع الصغیر مع فیض القدیر حدیث ۷۵۰۷ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت ۵/ ۳۵۷
[2] جامع الترمذی ما جاء فی فضل القرآن مطبوعہ امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۱۴
[3] القرآن الحکیم ۳/ ۲۷

میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ت) کے مطالعہ رفیعہ سے اس مطلب کی شعاعیں صاف چمک رہی ہیں رات یعنی سایۂ زمین کی سیاہی کو حکیم قدیر عز جلالہٗ دن میں داخل فرماتا ہے ہنوز دن باقی ہے کہ سیاہی اٹھائی اور دن کو سواد مذکور میں لاتا ہے ابھی ظلمتِ شبینہ موجود ہے کہ عروس خاور نے نقاب اٹھائی،

فان ایلاج شیئ فی شیئ یقتضی وجودھما، لا ان یعدم احدھما فیعقبہ الاٰخر، واللیل والنہار بمعنی الملوین متضادان لایجتمعان، فلابد من التجوز۔ ومن اقرب وجوھہ ما ذکر العبد، من حمل اللیل علی السواد، فیبقی النہار علٰی حقیقتہ ویظہر الایلاج من دون کلفۃ، ولا یتجاوز التجوز قدر الحاجۃ۔ و یمکن العکس ایضا، بان یحمل النہار علی الاشعۃ الشمسیۃ واللیل علی حقیقتہ، فیکون اشارۃ الٰی ظہور نور الشمس فی الافق الشرقی واللیل باق بعد، کما فی الصبح الاول۔ وان ارید اللیل العرفی فاظہر واکمل۔ والی حصول اللیل مع بقاء الضوء الشمسی فی الافق الغربی من الشفقین الاحمر والابیض و ان کان الامام الفخر الرازی رحمہ اللہ تعالٰی لایرضی ان یجعل تلک الانوار من الشمس حتی الصبح الصادق ایضا، کما اطال الکلام فیہ فی سورۃ الانعام، تحت قولہ عزوجل فالق الاصباح[1] ولیس الامر کما ظن، واغتر بقولہ العلامۃ الزرقانی فظن ان

کیونکہ ایک چیز دوسری میں تبھی داخل کی جاسکتی ہے جب دونوں موجود ہوں، نہ کہ ایک ختم ہوجائے اور اس کے بعد دوسری آئے۔ اور لیل ونہار بمعنی رات دن، آپس میں متضاد ہیں، اکٹھے نہیں ہوسکتے، تو مجازی معنی مراد لینا ضروری ہے۔ اور اس کا اقرب طریقہ وہی ہے جو بندے نے بیان کیا ہے کہ لیل سے مراد تاریکی لی جائے اور نہار اپنے حقیقی معنی میں ہو۔ اس طرح داخل کرنے کا مفہوم بغیر کسی تکلف کے ظاہر ہوجائے گا اور مجاز کی طرف ضرورت سے زیادہ نہیں جانا پڑے گا۔ اور اس کا عکس بھی ممکن ہے، یعنی نہار سے مراد سورج کی شعاعیں لی جائیں اور لیل اپنے حقیقی معنی میں ہو۔ اس صورت میں آیت کے اندر اشارہ ہوگا کہ مشرقی افق میں سورج کی روشنی نمودار ہوجاتی ہے اور رات ابھی باقی ہوتی ہے جیسا کہ صبح کاذب کے وقت ہوتا ہے۔ اور اگر لیل سے مراد لیل عرفی لی جائے تو یہ مفہوم مزید واضح اور کامل ہوجاتا ہے۔ نیز اس آیت میں اس طرف بھی اشارہ ہوگا کہ مغربی افق میں شفق احمر اور ابیض کے دوران سورج کی روشنی باقی ہوتی ہے، اس کے باوجود رات ہوجاتی ہے اگرچہ امام فخر الرازی ان روشنیوں کو، حتی کہ صبح صادق کی روشنی کو بھی

[1] التفسیر الکبیر زیر آیت فالق الاصباح مطبوعہ مطبعۃ بہیۃ مصریۃ ۱۳/۹۵

هذا مذهب منقول، فنسبه لاهل السنة، مع انه ليس الا من توسعات الامام فی البحث والكلام ولم يستدل له الا ببحث عقلی، لا تام ولا جلی۔ ومن البديهی عند كل احد ان الشفق والصبح اختان، وما امرهما الا واحد۔ وقد اخرج ابن ابی شيبة عن العوام بن حوشب قال، قلت لمجاهد، ما الشفق؟ قال، ان الشفق من الشمس[1]۔ ذكره فی الدر المنثور، تحت قوله تعالٰی فلا اقسم بالشفق، بل فی التفسير الكبير تحت الكريمة، اتفق العلماء علی انه اسم للاثر الباقی من الشمس فی الافق بعد غروبها[2]۔ اما دليله العقلی فقد رده العبد الضعيف بكلام لطيف ذكرته علی هامشه۔ وبالله التوفيق۔

سورج کی روشنی ماننے پر بھی راضی نہیں ہیں، جیسا کہ سورۂ انعام کی تفسیر میں اللہ تعالٰی کے فرمان "فالق الاصباح" کے تحت انہوں نے اس موضوع پر لمبی گفتگو کی ہے، حالانکہ معاملہ اس طرح نہیں ہے جس طرح انہوں نے سمجھا ہے۔ ان کی گفتگو سے علامہ زرقانی کو دھوکہ ہوا اور انہوں نے رازی کی رائے کو مذہبِ منقول سمجھ کر اہل سنّت کی طرف منسوب کر دیا حالانکہ یہ ان توسعات میں سے ہے جو امام رازی بحث اور کلام میں اختیار کرتے رہتے ہیں۔ امام رازی نے اس پر کوئی دلیل بھی پیش نہیں کی صرف ایک عقلی بحث کی ہے، جو نہ تام ہے نہ واضح۔ اور یہ تو سب کے لیے بدیہی ہے کہ شفق اور صبح دونوں بہنیں ہیں اور ان کا معاملہ ایک جیسا ہے۔ اور ابن ابی شیبہ نے عوام ابن حوشب سے تخریج کی ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے مجاہد سے پوچھا: "شفق کیا ہے؟" انہوں نے جواب دیا: "شفق سورج سے ہے"۔ یہ روایت دُرِمنثور میں اللہ تعالٰی کے فرمان "فلا اقسم بالشفق" کے تحت مذکور ہے۔ بلکہ تفسیر کبیر میں اسی آیت کے تحت لکھا ہے کہ علما کا اتفاق ہے کہ شفق سورج کے اس اثر کو کہتے ہیں جو غروب آفتاب کے بعد افق پر باقی رہتا ہے۔ رہی امام رازی کی عقلی دلیل، تو اس کو عبدِ ضعیف نے ایک لطیف کلام کے ساتھ رد کر دیا ہے، جو تفسیر کبیر کے حاشیے پر مرقوم ہے، وباللہ التوفیق۔ (ت)

قرآن عظیم کا نائب کریم کلام صاحبِ جوامع الکلم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہے صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن ابی داؤد وجامع ترمذی ومسند امام احمد میں امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا اقبل اللیل من ھھنا وادبر النھار من — جب ادھر سے رات آئے اور اُدھر سے دن پیٹھ دکھائے

---

[1] الدر المنثور زیر آیۃ فلا اقسم بالشفق مطبوعہ مکتبۃ آیۃ اللہ العظمٰی قم، ایران ۵/ ۳۳۰
[2] التفسیر الکبیر " " " مطبوعہ مطبعۃ بہیۃ مصریہ مصر ۳۱/ ۱۰۹

www.alahazratnetwork.org

ھھنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم[1]

اور سورج پُورا ڈوب جائے تو روزہ دار کا روزہ پُورا ہوچکا۔ (ت)

لیل سے مراد سیاہی ہے اور نہار سے مقصود ضوء فان الاقبال من ھھنا والادبار من ھھنا انما یکون لھما (کیونکہ تاریکی اور روشنی ہی ادھر سے آتی ہیں اور اُدھر جاتی ہیں۔ ت) تیسیر میں ہے:

اذا اقبل اللیل، یعنی ظلمتہ، وادبر النھار، ای ضوؤہ[2]

جب کہ رات آئے، یعنی اس کی تاریکی، اور دن واپس جائے، یعنی اس کی روشنی۔ ت

عالم ماکان وما سیکون صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے تینوں لفظ اُسی ترتیب سے ارشاد فرمائے جس ترتیب سے واقع ہوتے ہیں، پہلے سیاہی اُٹھتی ہے اُس وقت تک اگر اُفق صاف اور غبار و بخار سے پاک ہو آفتاب کی چمک باقی رہتی بلکہ قلل جبال واعالی اغصان شجر پر عکس ڈالتی ہے پھر جب قرص چھپنے پر آیا تکاثف الجزء الافقیہ وکثرت بعد عن الابصار وطول مرور شعاع البصر فی ثخن کرۃ البخار کے باعث روشنی بالکل محتجب ہوجاتی ہے مگر ہنوز قدرے قرص بالائے افقِ مرئی شرعی باقی ہے اس کے بعد آفتاب ڈوبتا اور وقت افطار و نماز آتا ہے اس صاف ونفیس و بے تکلف معنی پر بحمد اللہ تعالٰی انتظام کلام اُسی اعلٰی جلالت پر جلوہ فرما ہے جو صاحبِ جوامع الکلم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی شان رفیع بلاغت بے مثل کو شایاں و بجا ہے کلماتِ علمائے کرام بھی ان نفیس معنی کے ایما سے خالی نہ ہے امام ابنِ حجر مکی شرح مشکوٰۃ المصابیح میں اسی حدیث کے نیچے فرماتے ہیں:

ای وقد یقبل اللیل ولا تکون غربت حقیقۃ، فلا بد من حقیقۃ الغروب[3]۔

یعنی کبھی رات آجاتی ہے اور ابھی حقیقۃً غروب نہیں ہوا ہوتا، اس لیے حقیقی غروب ضروری ہے (ت)

حفنی علی الجامع الصغیر میں ہے:

قولہ، وغربت الشمس، لم یکتف بما قبلہ عن ذلک، اشارۃ الی انہ قد یوجد اقبال الظلمۃ وادبار الضوء ولم یوجد غروب الشمس[4]۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان "اور سورج ڈوب جائے" آپ نے سیاہی کے آنے اور روشنی کے جانے پر اکتفا نہیں کیا اور غروب کی تصریح فرمائی کیونکہ کبھی سیاہی آجاتی ہے اور روشنی چلی جاتی ہے مگر غروب آفتاب نہیں ہوتا۔ (ت)

---

[1] جامع الترمذی　باب ماجاء اذا اقبل اللیل　مطبوعہ امین کمپنی دہلی　١/٨٨

[2] التیسیر شرح الجامع الصغیر　حدیث مذکور کے تحت، مکتبہ امام شافعی ریاض سعودیہ۔　١/٧٦

[3] مرقات المفاتیح　بحوالہ ابن حجر باب من کتاب الصوم غسل اول۔ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان　٤/٢٥٢

[4] الحفنی علی الجامع الصغیر مع السراج المنیر　زیر حدیث اذا اقبل اللیل الخ　مطبوعہ المطبعۃ الازہریہ مصر　١/٩٧

اور اگر حدیث میں لیل ونہار معنیٔ حقیقی پر رکھئے تو اگرچہ اتنا ضرور ہے کہ مجاز مرسل کی جگہ مجاز عقلی ہوگا۔

لما علمت ان اسناد الاقبال والادبار من ھھنا وھھنا لیس الیہما علی الحقیقۃ۔

کیونکہ تم جان چکے ہو کہ ادھر سے اُدھر آنے جانے کی نسبت لیل ونہار کی طرف حقیقۃً نہیں ہے۔ (ت)

مگر اب تینوں الفاظ کریمہ کے جمع ہونے سے سوال متوجہ ہوگا شک نہیں کہ اس معنی پر امور ثلثہ متلازم ہیں اور ایک کا ذکر باقی سے مغنی،

وھذا ما قالہ الامام النووی فی المنہاج، قال العلماء، کل واحد من ھذہ الثلثۃ یتضمن الاٰخرین ویلازمہما[1]۔

یہ وہی بات ہے جو امام نووی نے منہاج میں کہی ہے۔ علماء نے کہا ہے کہ ان تینوں میں سے ہر ایک، باقی دو کو یا تو متضمن ہوتا ہے یا ان کے ساتھ لازم ہوتا ہے۔ (ت)

اس کی اطیب توجیہ وہ ہے کہ علامہ طیبی نے شرح مشکوٰۃ میں افادہ کی کہ

انما قال وغربت الشمس، مع الاستغناء عنہ لبیان کمال الغروب، کیلا یظن انہ اذا غرب بعض الشمس جاز الافطار[2]۔

آپ نے فرمایا "اور سورج ڈوب جائے" حالانکہ بظاہر اس کی ضرورت نہیں تھی، تاکہ مکمل غروب کا بیان ہوجائے اور کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ سورج کا کچھ حصہ غروب ہونے سے افطار جائز ہوجاتا ہے۔ (ت)

علامہ مناوی وغیرہ نے بھی اُن کی تبعیت کی۔ تیسیر شرح جامع صغیر میں ہے،

وزاد (وغربت الشمس) مع ان ماقبلہ کاف اشارۃ الی اشتراط تحقق کمال الغروب[3]۔

آپ نے فرمایا "اور سورج ڈوب جائے" فرمایا حالانکہ پہلے الفاظ کافی تھے، اس میں اشارہ ہے کہ کامل غروب کا پایا جانا شرط ہے۔ (ت)

اقول: یہ توجیہ وجیہ صراحۃً ہمارے مدعائے مذکور کی طرف ناظر ہے نظر غائر میں بروجہ جلی اور قلت تدبر میں من طرف خفی یعنی اگرچہ لیل ونہار حقیقی مراد ہونے پر ذکرِ غروب کی حاجت نہ تھی کہ رات جبھی آئے گی کہ سورج ڈوب چکے گا مگر سواد وضیا پر اُن کا حمل بعید نہیں خصوصاً جبکہ اقبال من ھھنا وادبار من ھھنا اُس پر قرینۂ ظاہرہ ہیں تو اگر اسی قدر پر قناعت فرمائی جاتی احتمال تھا کہ مجرد اقبال سواد وادبار ضیا پر وقت افطار سمجھ لیا جاتا حالانکہ اقبال لیل در کنار ہنوز

---

[1] شرح مسلم للنووی مع صحیح مسلم زیرِ حدیث اذا اقبل اللیل الخ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۳۵۱
[2] شرح الطیبی باب فی مسائل متفرقۃ الفصل اول ادارۃ القرآن کراچی ۴/ ۱۵۱
[3] التیسیر شرح جامع الصغیر حدیث مذکور کے تحت مکتبہ امام شافعی ریاض سعودیہ ۱/ ۷۶

Index

بعض قرص غروب کو باقی ہوتا ہے کہ ضیا بھی معدوم ہوجاتی ہے لہٰذا وغربت الشمس (اور سورج ڈوب جائے۔ت) زائد فرمایا کہ کوئی غروب بعض قرص کو کافی نہ سمجھ لے پُر ظاہر کہ اگر یہ اقبال وادبار اُسی وقت ہوتے جب پُورا قرص ڈوب لیتا تو اس احتمال وظن کا کیا محل تھا ذکر غروب سے استغنا بدستور باقی رہتا اور جواب محض مہمل جاتا تو صاف ثابت ہوا کہ سیاہی اٹھنا اور شعاع چھپنا دونوں غروب شمس سے پہلے ہو لیتے علامہ علی قاری نے بھی اس کلام طیب طیبی کو تحقیق بتایا اور حُسنِ قبول سے تلقی فرمایا،

حیث قال بعد نقلہ، وقال بعض العلماء، انما ذکر ھذین لیبین ان غروبہا عن العیون لایکفی لانہا قد تغیب ولا تکون غربت حقیقۃ، فلابد من اقبال اللیل[1] اھ ثم ردہ بقولہ، فیہ ان القید الثانی مستغن عنہ حینئذ، وانما کان یتم کلامہم لوکان غربت متقدما[2] اھ ای انما کان یحتاج اذ ذاک الی دفع ذلك الوھم بذکر اقبال اللیل، اما اذا ذکر اولا ما ھو القاطع للوھم فای حاجۃ بعدہ الی ذکر الغروب الموھم؟ ثم قال: فیرجع الحکم الی ما حققہ الطیبی[3] اھ فقد رجع الی مایفید تحقیق کلام الامام ابن حجر کما علمت، غیر ان المولی الفاضل رحمہ اللہ تعالٰی شدید الایلاع بالرد علیہ فی شرحیہ للمشکوۃ والشمائل، حتی فی الواضحات الجلائل، مع انہ من تلامذتہ، رحمۃ

چنانچہ علی قاری نے طیبی کا کلام نقل کرنے کے بعد کہا ہے "بعض علماء نے کہا ہے کہ آپ نے اقبال لیل اور ادبار نہار کا اس لیے ذکر کیا ہے تاکہ واضح کردیں کہ سورج کا آنکھوں سے غروب ہوجانا کافی نہیں ہے، کیونکہ کبھی آنکھوں سے تو غائب ہوجاتا ہے مگر حقیقۃً ڈُوبا نہیں ہوتا"۔ پھر علی قاری نے اس کو یہ کہہ کر رَد کیا ہے کہ اس پر یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ اس صورت میں دوسری قید (یعنی وغربت الشمس) کی کوئی ضرورت نہیں رہتی۔ علماء کی یہ بات تو تب تام ہوسکتی تھی جب "غربت" (اقبال وادبار سے) پہلے مذکور ہوتا۔ علی قاری کا مطلب یہ ہے کہ اس صورت میں تو یہ کہا جاسکتا تھا کہ چونکہ آنکھوں سے غائب ہونا کافی نہیں ہے اس لیے اس توہّم کو دُور کرنے کےلیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد میں اقبال لیل کا ذکر کیا ہے مگر جب توہّم کو قطع کرنے والی چیز (یعنی اقبال لیل) کا ذکر پہلے ہی ہوچکا تھا، تو پھر اس کے بعد توہّم پیدا کرنیوالی

---

[1] مرقات المفاتیح باب من کتاب الصوم الفصل الاول مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ۴/ ۲۵۲
[2] " " " " " " " " "
[3] " " " " " " " " "

۱۴۶

اللہ تعالیٰ علیھما وعلی سائر العلماء الکرام۔ چیز (یعنی غروب) کو لانے کی کیا ضرورت تھی؛ پھر علی قاری نے کہا ہے کہ آخر کار بات ادھر ہی لوٹ جاتی ہے جس کی تحقیق طیبی نے کی ہے۔ اس طرح علی قاری اسی فائدے کی طرف لوٹ آئے جو امام ابن حجر کے کلام کی تحقیق سے حاصل ہوتا ہے، جیسا کہ تم جان چکے ہو۔ لیکن علی قاری مشکوٰۃ اور شمائل کی دونوں شرحوں میں ابنِ حجر کی ہر بات کی تردید کرنے سے خصوصی شغف رکھتے ہیں، حتی کہ انتہائی واضح باتوں میں بھی (ابن حجر کی تردید کردیتے ہیں) حالانکہ وہ ابن حجر کے شاگردوں میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں پر اور تمام علماء کرام پر رحمت نازل فرمائے۔ (ت)

ہاں شہروں باغوں خصوصاً نخلستان وکوہستان کی آبادیوں جنگلوں میں جہاں اُفق نظروں سے دُور ہوتا ہے، غالباً یہ شرق سے اُٹھتی ہُوئی تاریکی خوب بلند ہو کر نظر آتی ہے اور یہ وقت خاص غروب کا ہوتا ہے بلکہ بہت جگہ اس سے بھی پہلے غروب ہوچکتا ہے کلمات علماء مثل قول امام ابو زکریا،

قال بعد مانقلنا سابقا، وانما جمع بینھما لانہ قد یکون فی واد ونحوہ بحیث لایشاھد غروب الشمس فیعتمد اقبال الظلام وادبار الضیاء[1]۔

ابو زکریا نے، بعد اس کے جو ہم پہلے نقل کر آئے ہیں، کہا ہے کہ (اقبالِ لیل اور غروب کی) جمع اس لیے کیا ہے کہ کبھی روزہ دار کسی وادی وغیرہ میں ہوتا ہے جہاں غروب کا مشاہدہ نہیں ہوسکتا تو تاریکیوں کے آنے اور روشنی کے جانے پر اعتماد کرنا پڑتا ہے (ت)

www.alahazratnetwork.org

وقول امام قاضی عیاض فی شرح صحیح مسلم،

قد لایتفق مشاھدۃ عین الغروب ویشاھد ھجوم الظلمۃ حتی یتیقن الغروب بذلک، فیحل الافطار[2]۔

کبھی غروب کا مشاہدہ کرنے کا اتفاق نہیں ہوتا لیکن تاریکی چھا جانے کا مشاہدہ ہوجاتا ہے جس سے غروب ہونے کا یقین ہوجاتا ہے، تو اس وقت افطار جائز ہے۔ (ت)

وقول امام عینی فی عمدۃ،

ثم بین مایعتبرہ من لم یتمکن من رؤیۃ جرم الشمس، وھو اقبال الظلمۃ من المشرق، فانھا لاتقبل منہ

پھر اس چیز کو بیان کیا جس کو وُہ آدمی بھی جان لیتا ہے جس کے لیے سورج کی ٹکیہ کو دیکھنا ممکن نہ ہو، یعنی مشرق کی جانب تاریکی کا آجانا، کیونکہ وہ تب ہی آتی ہے

---

[1] شرح مسلم للنووی مع صحیح مسلم حدیث اقبل اللیل مطبوعہ قدیمی کتب خانہ ۱/۳۵۱

[2] شرح صحیح مسلم للامام قاضی عیاض

۱۴۷

الاقد سقط القرص۱؎۔
جب سورج کی ٹکیہ غائب ہوچکی ہوتی ہے۔(ت)

وقول جامع الرموز:

ای وقت غیبۃ جرم الشمس کلہ اذا ظھر الغروب والا فالی وقت اقبال الظلمۃ من المشرق، کما فی التحفۃ۲؎۔
یعنی افطار اس وقت کرے جب سورج کی پوری ٹکیہ غائب ہوجائے، اگر غروب اس کے لیے ظاہر ہو، ورنہ جب مشرق کی جانب تاریکی آجائے (تو افطار کرلے) جیسا کہ تحفہ میں ہے۔(ت)

وامثال ذٰلک کہ صراحۃً انھیں مواضع سے متعلق ہیں جہاں افق ظاہر اور رؤیت مقدور نہ ہو ایسے ہی عدم تمکن پر محمول ورنہ جب باجماعِ اُمت اور خود اُنھیں علماء اور اُن کے امثال کی تصریحات قطعیہ سے مدار حکم غروب جمیع جرم شمس ہے اور اصل اُفق سے ارتفاع سواد بشہادت مشاہدہ قبل غروب حاصل تو مجرد اقبال پر ادارت حکم کیونکر معقول اور حدیث موطاء:

مالک عن ابن شھاب عن حمید بن عبدالرحمٰن ان عمر بن الخطاب وعثمٰن بن عفان رضی اللہ تعالٰی عنہما کانا یصلیان المغرب حین ینظر الی اللیل الاسود قبل ان یفطرا، ثم یفطران بعد الصلاۃ، وذٰلک فی رمضان۳؎۔
مالک، ابن شہاب سے، وہ حمید ابن عبدالرحمٰن سے راوی ہیں کہ عمر ابن خطاب اور عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہما رمضان میں اس وقت مغرب کی نماز پڑھا کرتے تھے جب افطار سے پہلے سیاہ رات کو دیکھ لیتے تھے، پھر نماز کے بعد افطار کیا کرتے تھے۔(ت)

www.alahazratnetwork.org

تو اُن عبارات سے بھی قریب تر ہے۔ شہر اور شہر کا بھی وسط اور وہ بھی نخلستان اور ملک کوہستان، پھر امامین جلیلین رضی اللہ تعالٰی عنہما کا حُسنِ احتیاط خود عبارتِ حدیث سے ظاہر کہ حین ینظران الی اللیل الاسود مجرد ذکر لیل یعنی سواد پر قناعت نہ کی بلکہ تاکیداً صفتِ اسود بڑھائی یعنی جب سیاہ سیاہی گہری ظلمت دیکھ لیتے اُس وقت نماز پڑھتے، حدیثِ صحیحین اذا رأیتم اللیل قد اقبل من ھھنا فقد افطر الصائم۴؎ (جب تم رات کو دیکھو کہ ادھر سے آگئی ہے تو روزہ دار افطار کرلے۔ت) میں اقبال لیل پر اقتصار بعض رواۃ کا اقتصار ہے کہ بکثرت معہود خود اسی حدیث کی دوسری روایت میں صرف اذا غابت الشمس من ھھنا فقد افطر الصائم۵؎

۱؎ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری باب الصوم فی السفر والافطار مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ بیروت ۱۱/۴۳
۲؎ جامع الرموز للقہستانی کتاب الصلوٰۃ مکتبہ اسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۱۱۳
۳؎ مؤطا الامام مالک ماجاء فی تعجیل الفطر مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی ص ۲۲۸
۴؎ الصحیح لمسلم باب بیان وقت انقضاء الصوم الخ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۳۵۱
۵؎ " " " " " " " " "

(جب اِدھر سے سورج غائب ہوجائے تو روزہ دار افطار کرلے۔ت) ہے، تیسری میں اذا غابت الشمس من ھھنا وجاء اللیل من ھھنا فقد افطر الصائم[1] (جب اِدھر سے سورج غائب ہوجائے اور اُدھر سے رات آجائے تو روزہ دار افطار کرلے۔ ت) ہے کما ھما فی صحیح مسلم وغیرہ (دونوں صحیح مسلم اور دیگر کتابوں میں ہیں۔ت) اور اگر نہ بھی ہوتا تو بعد ارادہ لیل حقیقی اصلاً مفید متوہم نہ رہتی اور علی التنزل یہ بھی نہ سہی تو انھیں مواضع سے متعلق سمجھی جاتی بالجملہ خلاف پر اصلاً کوئی لفظ ایسا بھی نہیں جسے صریح مفسر کہئے نہ کہ ایسا جس کے سبب مشاہدات وحسیات کو باطل کر دیجیے کہ اُن کے ابطال میں معاذ اللہ ابطال شرائع ہے تعلق کتاب ورؤیت معجزات آخر بذریعہ حاسۂ سمع وبصر ہی ہوں گے فقیر غفر اللہ لہ نے اس مطلب پر برہان ہندسی قائم کی ہے اگرچہ بعد بیان سابق کسی دلیل عقلی کی حاجت نہیں مگر اُس سے زیادت تایید وتشیید کے علاوہ یہ مقدار معلوم ہوگی کہ غروب شمس سے کتنے پہلے سیاہی چمک آئیگی نیز اُس سے مقدار بلندی سیاہی وقت غروب کے حساب میں بھی مدد ملے گی جسے اُس پر اطلاع منظور ہو فقیر کی کتاب "زیج الاوقات للصوم والصلوات" کی طرف رجوع کرے وباللہ التوفیق واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۲۷۸) از شہر کہنہ مسئولہ خیاط وبابی ۲۹ ربیع الآخر شریف

تنگ وقت نماز ادا کرنے والے کو اللہ تعالٰی وَیل فرماتا ہے اور آپ خود تنگ وقت ادا فرماتے ہیں اس کی تفصیل بیان فرمایئے گا۔

www.alahazratnetwork.org

الجواب

تنگ وقت نماز ادا کرنے پر قرآن عظیم میں وَیل کہیں نہ فرمایا ساھون کے لیے وَیل آیا ہے جو وقت کھو کر نماز پڑھتے ہیں حدیث میں اس آیت کی یہی تفسیر فرمائی ہے بزار وابویعلی وابن جریر وابن المنذر وابن حاتم اور اور طبرانی اور ابن مردویہ تفسیر اور بیہقی سنن ومحی السنہ بغوی معالم میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالٰی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی:

قال سألت النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عن قول اللہ تعالٰی الذین ھم عن صلوتھم ساھون، قال ھم الذین یؤخرون الصلٰوۃ عن وقتھا[2]۔

میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے پوچھا وہ کون لوگ ہیں جنہیں اللہ عزوجل قرآن عظیم میں فرماتا ہے "خرابی ہے اُن نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں"۔ فرمایا وہ لوگ جو نماز وقت گزار کر پڑھیں۔

---

[1] الصحیح لمسلم باب بیان وقت انقضاء الصوم الخ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۳۵۱

[2] السنن الکبرٰی للبیہقی باب الترغیب فی حفظ الصلٰوۃ الخ مطبوعہ دار صادر بیروت ۲/ ۲۱۴

بغوی کی روایت یُوں ہے:

عن مصعب بن سعد عن ابیه رضی الله تعالٰی عنهما انه قال سئل رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم عن الذین هم فی صلوتهم ساهون، قال: اضاعة الوقت[1]۔

مصعب بن سعد سے انکے والد رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے میں سوال ہوا تو فرمایا: اس سے مراد وقت کھونا ہے۔ (ت)

کھونا ہے۔ بعینہٖ یہی معنی ابن جریر نے عبداللہ بن عباس اور ابن ابی حاتم نے مسروق اور عبدالرزاق وابن المنذر نے بطریق مالک بن دینار امام حسن بصری رضی اللہ تعالٰی عنہم سے روایت کیے روایت اخیرہ یوں ہے کہ ابوالعالیہ نے کہا ساھون وہ لوگ ہیں جنھیں یاد نہ رہے کہ رکعتیں دو پڑھیں یا تین۔ اس پر امام حسن نے فرمایا: ھو الذی یسھو عن میقاتھا حتی تفوت (ہائیں وہ وہ ہیں جو اُس کے وقت سے غافل رہیں یہاں تک کہ وقت نکل جائے۔م) فقیر کے یہاں بحمداللہ نماز تنگ وقت نہیں ہوتی بلکہ مطابق مذہب حنفی ہوتی ہے، عوام بیچارے اپنی ناواقفی سے غلط سمجھے ہیں، مذہب حنفی میں سوا مغرب اور جاڑوں کی ظہر کے سب نمازوں میں تاخیر افضل ہے اُس حد تک کہ وقتِ کراہت نہ آنے پائے اور وہ عصر میں اُس وقت آتا ہے جب قرص آفتاب پر بے تکلف نگاہ جمنے لگے اور تجربے سے ثابت کہ یہ بیس منٹ دن رہے ہوتا ہے اس سے پہلے پہلے جو نماز عصر اُس کے وقت کا نصف اول گزار کر نصف آخر میں ہو وہ وقت مستحب ہے مثلاً آج کل تقریباً ساڑھے سات بجے غروب ہے اور قریب پانچ کے عصر کا وقت ہوجاتا ہے تو وقت مستحب یہ ہے کہ پانچ بج کر پچاس منٹ سے چھ بج کر چالیس منٹ تک نمازِ عصر پڑھیں اور عشا میں وقتِ کراہت آدھی رات کے بعد ہے یہ حالتیں بحمداللہ تعالٰی میرے یہاں نہیں مجھے پابندی امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کے احکام کی ہے نہ جاہلوں کے خیالات واوہام کی دارقطنی سنن اور حاکم صحیح مستدرک میں بطریق عباس بن ذریح، زیاد بن عبداللہ نخعی سے راوی:

قال کنا جلوسا مع علی رضی الله تعالٰی عنه فی المسجد الاعظم فجاء المؤذن فقال: یاامیرالمؤمنین! فقال: اجلس، فجلس ثم عاد فقال له ذلك، فقال رضی الله تعالٰی

ہم کوفہ کی جامع مسجد میں مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم کے پاس بیٹھے تھے، مؤذن آیا اور عرض کی: یاامیرالمومنین (یعنی نمازِ عصر کو تشریف لے چلیے) امیرالمومنین نے فرمایا: بیٹھ۔ وہ بیٹھ گیا۔ پھر دوبارہ حاضر ہوا اور

[1] تفسیر البغوی مع تفسیر الخازن زیرآیۃ الذین ھم عن صلوتھم ساھون مطبوعہ مکتبہ المصطفی البابی مصر ۲۹۹/۷

١٥٠

عنه، هذا الکلب یعلمنا السنة، فقام علی فصلی بنا العصر، ثم انصرفنا، فرجعنا الی المکان الذی کنا فیه جلوسا، فجثونا للرکب لنزول الشمس للغروب نتراءاها۔[1]

وہی عرض کی۔ مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ نے فرمایا: یہ کتا ہمیں سُنّت سکھاتا ہے۔ بعدہٗ مولا علی کھڑے ہوئے اور ہمیں عصر پڑھائی پھر ہم نماز کا سلام پھیر کر مسجد میں جہاں بیٹھے تھے وہیں آئے تو گھٹنوں کے بل کھڑے ہوکر سورج کو دیکھنے لگے اس لیے کہ وہ ڈوبنے کو اُتر گیا تھا۔

حاکم نے کہا اس حدیث کی سند صحیح ہے

اما ان زیادا لم یرو عنه غیر العباس[2]، قاله الدارقطنی، فاقول: عباس ثقة، و غایته جهالة عین، فلا تضر عندنا، لاسیما فی اکابر التابعین۔ قال فی المسلم، لا جرح بان له راویا فقط و هو مجهول العین باصطلاح[3]۔ قال فی الفواتح، و قیل لا یقبل عند المحدثین، و هو تحکم[4]۔

رہی یہ بات کہ زیاد سے سوائے عباس کے کسی نے روایت نہیں کی، جیساکہ دارقطنی نے کہا ہے، تو میں کہتا ہُوں: عباس ثقہ ہے، زیادہ سے زیادہ اس میں "جہالت عین" پائی جاتی ہے اور یہ ہمارے نزدیک مضر نہیں ہے، خصوصاً اکابر تابعین میں۔ مسلّم میں ہے کہ یہ کوئی جرح نہیں ہے کہ فلاں سے ایک ہی راوی ہے اور وہ اصطلاحی طور پر "مجہول العین" ہے، فواتح میں ہے کہ بعض نے کہا کہ ایسا راوی قابل قبول نہیں ہے، لیکن یہ بے دلیل بات ہے۔ (ت)

اگر یہ مولٰی علی کا صرف اپنا فعل ہوتا جب بھی حجت شرعی تھا نہ کہ وہ اسے صراحۃً سنّت بتارہے اور مؤذن پر جو جلدی کا تقاضا کرتا تھا ایسا شدید غضب فرمارہے ہیں، اسی کی مثل امیرالمومنین کرم اللہ تعالٰی وجہہ سے نماز صبح میں مروی امام طحاوی بطریق داود بن یزید الاودی عن ابیہ روایت فرماتے ہیں:

قال کان علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالٰی عنه یصلی بنا الفجر و نحن

مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ ہمیں نماز صبح پڑھایا کرتے اور ہم سورج کی طرف دیکھا کرتے تھے اس

---

[1] سنن الدارقطنی باب ذکر بیان المواقیت الخ مطبوعہ نشر السنۃ ملتان ۱/۲۵۱
[2] " " " " " "
[3] مسلّم الثبوت مع شرح فواتح الرحموت مسئلہ مجہول الحال الخ مطبوعہ منشورات الشریف الرضی قم، ایران ۲/۱۴۹
[4] فواتح الرحموت شرح مسلّم الثبوت مسئلہ مجہول الحال الخ " " " " ۲/۱۴۹

| ۵ |

نترای الشمس مخافۃ ان تکون قد طلعت[1] خوف سے کہ کہیں طلوع نہ کر آیا ہو۔

مناقب سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ للامام حافظ الدین الکردری میں ہے:

ذکر الامام الدیلمی عن زھیر بن کیسان قال صلیت مع الرصافی العصر ثم انطلقت مسجد الامام فاخر العصر حتی خفت فوات الوقت ثم انطلقت الی مسجد سفین فاذا ھو لم یصل العصر فقلت رحم اللہ اباحنیفۃ ما اخرھا مثل اخر سفین[2]

یعنی امام دیلمی نے زہیر بن کیسان سے روایت کی کہ میں رصافی کے ساتھ نماز عصر پڑھ کر مسجد امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ میں گیا امام نے عصر میں اتنی تاخیر فرمائی کہ مجھے خوف ہوا کہ وقت جاتا رہے گا پھر میں مسجد امام سفین ثوری رضی اللہ تعالٰی عنہ کی طرف گیا تو کیا دیکھوں کہ انھوں نے ابھی نماز پڑھی بھی نہیں میں نے کہا اللہ ابوحنیفہ پر رحمت فرمائے انہوں نے تو اتنی تاخیر کی بھی نہیں جتنی سفین نے۔

فقیر کے یہاں سوا گھنٹا دن رہے اذانِ عصر ہوتی ہے اور گھنٹا بھر دن رہے نماز ہوتی ہے اور پون گھنٹا دن رہے سے پہلے ہوچکتی ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۲۷۹) از ریاست رام پور متصل تالاب کنڈا محلہ میاں نگاناں مکان جناب سید غلام چشتی صاحب مرسلہ جناب مولنا مولوی محمد یحیٰی صاحب ۱۲ صفر ۱۳۲۲ھ

www.alahazratnetwork.org

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قطع نظر شفق سُرخ و سپید کے باتفاق علمائے حنفیہ بعد غروبِ آفتاب کے ایک گھنٹے بیس منٹ کے بعد ہمیشہ وقت عشاء کا آجاتا ہے یانہیں؟ بیّنوا توجّروا۔

الجواب

عشائے متفق علیہ کا وقت ہمیشہ ایک گھنٹہ بیس منٹ بعد ہوجانے کا جبروتی حکم کہ بعض بے علموں نے محض جزافاً لکھ دیا اور گنگوہ و دیوبند کے جاہل و ناواقف مُلّاؤں نے اُس کی تصدیق و توثیق کی۔ بریلی، بدایوں، رامپور، شاہجہان پور، مرادآباد، بجنور، بلندشہر، پیلی بھیت، دہلی، میرٹھ، سہارنپور، دیوبند، گنگوہ وغیرہا بلاد شمالیہ بلکہ عامہ مواضع و اضلاع ممالک مغربی و شمالی و اودھ و پنجاب و بنگال و وسط ہند و راجپوتانہ غرض معظم آبادی ہندوستان میں محض غلط و باطل اور حلیہ صدق وصواب سے عاری و عاطل ہے ہمارے بلاد اور اُن کے قریب العرض شہروں میں عشا کا اجماعی وقت غروب شرعی شمس کے ایک گھنٹا اُنیس منٹ بعد سے ایک گھنٹا

---

[1] شرح معانی الآثار باب الوقت الذی یصلی فیہ الفجر ای وقت ھو مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/ ۱۲۳

[2] مناقب امام اعظم ابوحنیفہ للکردری الفصل الثانی فی اصول بنی علیہ مذہب مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ ۱/ ۱۵۲

۱۵۲

پینتیس[۳۵] منٹ بعد تک ہوتا ہے پھر جس قدر شمال کو جائیے وقت بڑھتا جائے گا یہاں تک کر اقصائے شمالی ہند میں تحویل سرطان کے آس پاس بعد غروب شمس پونے دو گھنٹے سے بھی زائد ایک گھنٹا اڑتالیس منٹ تک پہنچتا ہے، دو منٹ کم آدھے گھنٹے کی غلطی ہے کہ شفق احمر وابیض میں اختلاف ائمہ بھی اُس کی چھوت تک نہیں اٹھا سکتا ہم اپنے بلاد میں سب سے جلد آنے والی عشا کہ حوالی اعتدالین یعنی ۲۱ مارچ و ۲۴ ستمبر کے اردگرد ہوتی ہے اور سب سے دیر میں ہونے والی عشا کہ تحویلِ سرطان ۲۲ جون پر ہوتی ہے حساب ہندسی سے پیش کریں جس سے واضح ہوجائے گا کہ اُن بے علم مفتیوں نے شرع الٰہی پر جاہلانہ حکم لگا دینے میں کس قدر جرأت کی **تحویل حمل** غروب نجومی و ت یا انکسار افقی تقریباً رقہ تعدیل الایام زائد نہ فرق طول شرقی مدراس خ مجموع ت یہ یعنی ۲۱ مارچ کو یہاں غروب شمس تقریباً سوا چھ بجے ہے **العشاء** (جیب غایۃ الانخفاض سح لرمثل تمام العرض لعدم المیل = نتحہ مر کہ کح) = (جیب انخفاض الوقت نحح = تح لب ارم) = لد مد مو یح ÷ (جیب اوسط = جیب تمام العرض لعدم المیل = نتقہ مر مد منحطا) = تح نہ لب سہم قوسہ سطح الوکح فضل الدائر × ر = ت لرمہ تمامہ الی سہ ر ت الک نہ + (تعدیل الایام و فرق طول زائدین = ما قمہ) رت لح مہ یعنی اُس تاریخ سات بج کر ساڑھے تینتیس منٹ پر وقتِ عشا آیا اس میں سے سوا چھ گھنٹے تفریق کیے تو ایک گھنٹا سوا اٹھارہ منٹ رہے **تحویل سرطان** غروب نجومی و ت مد کہ انکسار قرہ تعدیل الایام و فرق طول زائدین ہ قہ مجموع رت ح یعنی ۲۲ جون کو یہاں غروب شمس سات بج کر تین منٹ پر ہے و بروجہ ادق تمام العرض ... میل اعظم الحہ الر = رتحی غایۃ الانحطاط جیبہ آرر لرالو نصف قطر قہ مو + انکسار معدل نب نا = مح لرا انحطاط الوقت جیبہ قہ مذلہ تفاضل الجیبین لو کہ مہ نا جیب تمام المیل سٹو لح = نکہ سم ر × جیب تمام العرض نتحہ مر کہ نح منحط = تح الہ لح لح جیب اوسط پس تفاضل جیبین ÷ جیب اوسط منحط = مدنح طمہ سہم قوسہ عحہ الدلو مہ فضل الدائر × رقہ = ہ الح تمامہ و ت نح الب + تعدیل الایام آ لب + فصل شرقی ح ما = رت ح ہ یُوں بھی وہی سات پر تین منٹ آئے۔

العشاء آر لرالو - تح لب الرم = تح لب طمو ÷ مح الہ لح لح = الحہ زسو سہم قوسہ نا نح و فضل الدائر × قرہ = ح الرلب تمامہ تح لب الحہ + الب + قح ما = ح ت لرما یعنی اُس تاریخ ۸ بج کر ساڑھے سینتیس منٹ پر عشا ہوتی تفریق وقت غروب کرنے پر ایک گھنٹے چونتیس منٹ سے قدرے زائد وقت ہوا بعینہٖ یہی مقداریں وقت صبح کی ہیں ہاں ہمارے بلاد میں صرف بقدر ثلث سال بھر یعنی تقریباً نصف دلو سے نصف حمل اور نصف سنبلہ سے نصف عقرب تک یہ اوقات ایک گھنٹا بیس منٹ کے قریب قریب رہتے ہیں باقی تمام سال میں اُس سے زائد تو دہلی، رامپور، میرٹھ، مظفر نگر، دیوبند، گنگوہ، سہارن پور میں کہ سب بریلی سے شمال کو ہیں اور باہم ہر پچھلا پہلے سے زیادہ شمالی ہے ہمیشہ ایک گھنٹا بیس منٹ کیونکر معقول ہے اگرچہ مفتیان جاہل و مخطیان غافل اپنی بخردی سے تصدیقیں کریں شہادتیں دیں اُس کو اپنے بے بصر بے خبر عمائد کا معمول یہ بتائیں وہ کبھی نہ فقط عشا بلکہ وقت صبح میں بھی جس کا

حاصل یہ کہ سال کے دو تہائی حصے میں اُن کبراء اذباب سب کے روزے نذر جہل بے حساب اور اُن کی سحری کے ختم بلکہ کبھی شروع سے بھی پہلے جلوہ صبح صادق بے حجاب۔ نسأل اللہ العفو والعافیۃ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم واللہ سبحٰنہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم

مسئلہ (۲۸۰) از اترولی ضلع علی گڈھ مدرسۂ اسلامیہ مرسلۂ حافظ عبدالکریم صاحب مدرس ۸ جمادی الآخرہ ۱۳۲۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ وقت ظہر کا عصر کا مغرب وعشا و فجر کا کب تک رہتا ہے خصوص مغرب کا وقت کب تک رہتا ہے ؟

الجواب

وقت ظہر کا اُس وقت تک رہتا ہے کہ سایہ سوا سایۂ اصلی کے جو اُس روز ٹھیک دوپہر کو پڑا ہو دو مثل ہوجائے اور عصر کا وقت غروبِ آفتاب تک یعنی جب سورج کی کوئی کرن بالائے اُفق نہ رہے اور اُس کا وقت مستحب جب تک ہے کہ آفتاب کے قرص پر نظر اچھی طرح نہ جمے جب بغیر کسی عارض بخار یا غبار وغیرہ کے نگاہ قرص آفتاب پر جمنے لگی وقتِ کراہت آگیا اور یہ وقت فقیر کے تجربہ سے اُس وقت آتا ہے جب سورج ڈوبنے میں بیس منٹ رہ جاتے ہیں مغرب کا وقت سپیدی ڈوبنے تک ہے یعنی چوڑی سپیدی کہ جنوباً شمالاً پھیلی ہوتی اور بعد سُرخی غائب ہونے کے تادیر باقی رہتی ہے جب وہ نہ رہی وقتِ مغرب گیا اور عشا آئی دراز سپیدی کہ صبح کاذب کی طرح شرقاً غرباً ہوتی ہے معتبر نہیں اور یہ وقت ان شہروں میں کم سے کم ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ بعد غروبِ آفتاب ہوتا ہے آخر مارچ و آخر ستمبر میں اور زیادہ سے ایک گھنٹا ۳۵ منٹ ہوتا ہے آخر جون میں، اور موسم سرما میں بڑھ سے بڑھ ایک گھنٹا چوبیس منٹ ہوتا ہے آخر دسمبر میں، اور اس کا وقت مستحب جب تک ہے کہ ستارے خوب ظاہر نہ ہوجائیں، اتنی دیر کرنی کہ چھوٹے چھوٹے ستارے بھی چمک آئیں مکروہ ہے۔ عشا کا وقت طلوعِ فجر صادق تک ہے اور وقتِ مستحب آدھی رات سے پہلے پہلے۔ یہ تمام اوقات درجات شمس و درجات عرض البلاد کے اختلاف سے مختلف ہوتے رہتے ہیں ان کے لیے ایک وقتِ معین بتانا ممکن نہیں۔ مغرب کو سائل نے بالخصوص دریافت کیا تھا اُس کے لیے وہ قریب تخمینہ کہ ان شہروں میں ہے گزارش ہوا یہی تخمینہ مقدار صبح صادق کا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸۱) از رانی کھیت

ماہِ جون وجولائی واگست میں نمازِ ظہر کا وقتِ مستحب کے بجے سے شروع ہوتا ہے اور کے بجے تک رہتا ہے ؟

الجواب

بحکمِ حدیث وفقہ ایامِ گرما میں تاخیرِ ظہر مستحب ومسنون ہے اور تاخیر کے یہ معنی کہ وقت کے دو حصے

کیے جائیں نصف اول چھوڑ کر نصف ثانی میں پڑھیں[۱] کما افادہ فی البحر الرائق عن الاسرار وغیرہ (جیسا کہ بحرالرائق میں اسرار وغیرہ سے اس کا افادہ کیا ہے) اور صیف یعنی ایامِ گرما سے مراد زمان اشتداد گرمی ہے۔ خلاصہ و بحر وغیرہما میں ہے:

الشتاء ما اشتد فیہ البرد علی الدوام، والصیف مایشتد فیہ الحر علی الدوام۔[۲]

شتاء اس موسم کو کہتے ہیں جس میں مستقل طور پر شدید سردی رہے اور صیف اس موسم کو کہتے ہیں جس میں ہر وقت سخت گرمی رہے۔ (ت)

اور یہ باختلاف بلاد مختلف ہوتا ہے فلکیوں کی تقسیم کہ تحویلِ حمل سے آخر جوزا تک ربیع، آخرِ سنبلہ تک صیف، آخر قوس تک خریف، آخر حوت تک شتا ہے اُن کے بلاد کے موافق ہوگی، ہمارے بلاد میں ہر فصل ایک بُرج پہلے شروع ہوجاتی ہے مثلاً جاڑا تحویل جدی یعنی ۲۲ دسمبر سے شروع نہیں ہوتا بلکہ دسمبر کا سارا مہینہ اور اواخر نومبر یقیناً اشتدادِ سرما کا وقت ہے، یونہی درختوں مشاہدہ شہادت دیتا ہے کہ اواخر فروری تحویل حوت سے بہار شروع ہوجاتی ہے اور بیشک جون کا پورا مہینہ اور اواخرِ مئی شدتِ گرما کا وقت ہے تو ہمارے یہاں تقسیم فصول یوں ہے حوت حمل ثور بہار، جوزا سرطان اسد گرمی، سنبلہ میزان عقرب خریف، قوس جدی دلو جاڑا، توزمانۂ استحباب تاخیرِ ظہر ۲۲ مئی سے ۲۴ اگست تک ہے اوقات نماز کا آغاز و انجام ہر روز بدلتا ہے ایک وقت معین کی تعیین ناممکن ہے لہذا ہم صرف ایام تحویلات ثور تا سنبلہ کا حساب بیان کریں کہ اُس سے ایام مابین کا تقریبی قیاس کرسکیں اور زیادت افادت کے لیے ان ایام کا طلوع وغروب بھی لکھ دیں کہ اگرچہ مئی جُون گزر گئے جولائی اگست باقی ہیں صحیح گھڑی سے مقابلہ کرسکتے ہیں اگر دھوپ گھڑی موجود ہو تو جس وقت اس میں کیلی کا سایہ خطِ نصف النہار پر منطبق ہو جیبی گھڑی میں وہ وقت کردیں جو خانۂ شروع وقت ظہر میں ہم نے لکھا ہے یہ گھڑی نہایت کافی وجہ پر صحیح ہوگی ورنہ شام کے چار بجے جو مدراس سے تار آتا ہے جس وقت وہ سولہ[۱۶] کا گھنٹا بتائے گھڑی میں فوراً چار بجائیں ورنہ ریل تار کی گھڑیوں بلکہ توپ کا بھی کچھ اعتبار نہیں میں نے توپ میں گیارہ منٹ تک کی غلطی مشاہدہ کی ہے اور تین چار منٹ کی غلطی تو صدہا بار پائی ہے ہم اس نقشہ میں ریلوے کا وقت دیں گے اور ازانجا کہ یہ تقریب سالہا سال تک کام دے سکنڈوں کی تدقیق نہ کریں گے رانی کھیت کے لیے جس کا عرض شمالی ۲۹ درجے ۳۰ دقیقے اور طول شرقی ۹۷ درجے ۲۸ دقیقے ہے۔

---

[۱] البحر الرائق کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۲۴۷

[۲] " " " " " " ۱/۲۴۸

۱۵۵

اوقات بعض تحویلات کا نقشہ

تاریخ شمسی	تحویل برج	طلوع شمس		شروع وقت ظہر		وقت مستحب ابتدائے فرض ظہر		شروع وقت عصر حنفی		غروب شمس	
		گھنٹا	منٹ	گھنٹا	منٹ	گھنٹا	منٹ	گھنٹا	منٹ	گھنٹا	منٹ
۲۱ر اپریل	ثور	۵	۴۱	۱۲	۱۱	۲	۳۱	۴	۵۱	۶	۴۴
۲۲ر مئی	جوزا	۵	۱۶	۱۲	۰۸	۲	۳۴	۴	۵۹	۷	۱
۲۲ر جون	سرطان	۵	۱۲	۱۲	۰۱۳	۲	۴۰	۵	۷	۷	۱۵
۲۲ر جولائی	اسد	۵	۲۶	۱۲	۰۱۸	۲	۴۴	۵	۹	۷	۱۱
۲۴ر اگست	سنبلہ	۵	۴۴	۱۲	۰۱۴	۲	۳۴	۴	۵۴	۶	۴۵

بعض عوام کو اپنی ناواقفی سے وقت ظہر پانچ بجے تک رہنے کا بھی تعجب ہوتا ہے نہ کہ پانچ سے بھی کچھ منٹ زائد تک لہذا ایامِ خمسہ میں سب سے بڑا وقت کہ ۲۴ جولائی کا آیا ہم اس کی برہان ہندسی ذکر کردیں کہ آج کل بہت مدعیانِ علم بھی فنِ توقیت سے محض ناواقف ہیں انھیں اطمینان ہو کہ یہ بیانات جزافی نہیں تحقیقی ہیں جو نہ جانتا ہو جاننے والوں کا اتباع کرے، اور جو نہ خود جانے نہ جاننے والوں کی مانے اس کا مرض لاعلاج ہے البرھان تحویل مفروض بوقت مطلوب راس الاسد بہت ساعۃ درجہ سابقہ قب الجہ سب × وقت تخمینی رب مطلو = تم لاماث تقویم نصف النہار حقیقی عج الطمح الطمیلک سب یا ۱ + تمام العرض سہ الب + نصف قطریۃ قم مو = فح مطمو تمامہ طحی مدبعد سمتی حقیقی حاجی وقت ظہیرہ تحویلش برئی طحی ۵ ۵ فہ ظلش طح ما اما ظل وقت عصر حنفی عک طما اما قوسہ شہ سب لح الب + نصف قطر = سہ الزنط الب بعد سمتی حقیقی مرکزی وقت مطلوب = عرض البلد الطح لح۔ میل راس الاسد ک طلحز = قد۔ الجہ الوح + بعد سمتی = عد نواله اله نصف لز الجہ سب مح جیبہ ۱۵۲۶ ۴ ۸ ۷ ر ۹ وبعد سمتی۔ نصف مذکور = الز نط مولط جیبہ ۴ ۵۶ ۱۵ ۱۷ ۶ ر ۹ قاطع عرض ۶۶ ۰۸ ۷ ۶ ۰ ۲۰ ر ۰ قاطع میل ۰ ۵۶ ۴ ۷ ۲ ۰ ر جمیع الاربعہ ۲۲ ۰ ۴ ۴ ۵ ر ۹ تقویسش درجدول وقت ۶ر ۹گ ۵ک ۴ت + فصل طول وسط الہند ۶گ ۱۲ + تعدیل الایام ۱۶ ۶ = ۶ر ۳۳ ۸ ۵ت یعنی پانچ بج کر آٹھ منٹ ۳۴ سکنڈ پر وقتِ ظہر ختم ہوا واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۸۳،۲۸۲) از شہر سنہری مسجد مسئولہ مولوی عبدالرشید صاحب یکے از طلبائے مدرسہ اہل سنّت و جماعت بریلی ۲ ذی الحجہ ۱۳۳۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسجد نالہ میں ظہر کی نماز وقت ۲½ پر باجماعت ہوتی ہے اور عصر کی نماز ۴½ پر باجماعت ہوتی ہے یہ وقت نماز کے ایامِ سرما میں تنگ سمجھے جائیں گے یا کچھ کمی بیشی ان اوقات میں کی جائے۔ بعض صاحب فرماتے ہیں کہ ظہر ۲ بجے اور عصر ۴ بجے ہونی چاہئے ان دو وقتوں میں اوّل کی پابندی کی جائے یا ثانی کی۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ بازار کی مسجد میں ہر جماعت یعنی ایک ہی وقت کی کئی جماعت کے واسطے تکبیر اور اذان ہر مرتبہ پڑھی جائے یا صرف جماعت اوّل ہی میں اور محلّہ کی مسجد میں جماعت ثانی میں تکبیر اور اذان ہونی چاہئے یا نہیں اور بازاری مسجد میں ہر جماعت اولیٰ کا ثواب ہے یا نہیں۔

الجواب

اگر یہ صحیح وقت ہوں تو کسی موسم میں ظہر اور عصر کے لیے تنگ وقت نہیں سب میں جلد وقت مغرب نومبر کے آخر اور دسمبر کی ابتدائی تاریخوں میں ہوتا ہے جب ریلوے وقت سے آفتاب سوا پانچ بجے ڈوبتا ہے اور کراہت کا وقت غروب سے صرف بیس (۲۰) منٹ پہلے ہے تو چار بج کر پچپن (۵۵) منٹ پر وقتِ کراہت آجائے گا نماز اگر ٹھیک ساڑھے چار بجے شروع ہوئی تو غایت درجہ دس بارہ منٹ میں ختم ہوجائے گی جب بھی وقت کراہت سے تقریباً پاؤ گھنٹے پہلے ہو چکے گی، ہاں اُن دنوں میں پونے پانچ بجے شروع جماعت میں خطرہ ہے کہ اگر جماعت ۸ منٹ میں ادا کی اور شروع میں پونے پانچ بجے سے دو تین منٹ بھی دیر ہوگئی تو سلام سے پہلے وقتِ کراہت آجائے گا اتنی تاخیر وہ کرے جسے وقت صحیح معلوم ہوں اور تصحیح ساعات جانتا ہو کہ عصر میں جتنی تاخیر ہو افضل ہے جبکہ وقتِ کراہت سے پہلے پہلے ختم ہو جائے، پھر جو وقت مقرر ہوتا ہے اکثر چند منٹ اس سے تاخیر بھی ہو جاتی ہے اور گھڑی کبھی چند منٹ سست ہو جاتی ہے ومن رتع حول الحمی اوشك ان یقع فیہ (اور جو چراگاہ کے ارد گرد چرے، تو ہو سکتا ہے کہ اس میں گھس پڑے۔ ت) لہٰذا اُن ایام میں عام کو عصر سوا چار بجے مناسب تر ہے اور گھڑی کی تحقیق صحیح ہو تو ایام سرما میں ساڑھے چار بجے شروع نماز میں اصلاً حرج نہیں۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے بازار کی مسجد میں کہ اہلِ بازار کے لیے بنی اسی طرح سرا اور اسٹیشن کی مسجد اور مسجد جامع ان سب میں افضل یہی ہے کہ جو گروہ آئے نئی اذان نئی اقامت سے جماعت کرے وہ سب جماعت اولیٰ ہوں گی اور مسجدِ محلّہ میں جماعت ثانیہ کے لیے اعادۂ اذان منع ہے تکبیر میں حرج نہیں، واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۸۴ و ۲۸۵) از موضع سرنیاں ضلع بریلی مسئولہ امیر علی صاحب رضوی ۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں بعض اشخاص ذی علم اور مولوی سوال کرتے ہیں کہ آپ کے اعلحضرت مولنا مولوی حاجی مفتی قاری صاحب کیوں نماز جمعہ وقت کھوکر پڑھتے ہیں وقت قطعی نہیں رہتا ہے اور دیگر نمازیں بھی اخیر وقت پر پڑھتے ہیں، سائل نے اس کے جواب میں یُوں کہا کہ وقت کھونا نہیں ہے بلکہ درمیان وقت جمعہ ادا ہوتا ہے اور کُل نمازیں بھی درمیان وقت میں پڑھتے ہیں کیونکہ امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ طریق ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم درمیان وقت میں پڑھتے تھے کیونکہ جبرئیل علیہ السلام نے پہلے روز اوّل وقت اور دوسرے روز اخیر وقت پڑھا اور کہا کہ وقت اِن دونوں نمازوں کے درمیان ہے اس پر وُہ لوگ جواب دیتے ہیں کہ اکثر ہم لوگ دُور دُور تک سَیر کو گئے ہیں بمبئی، مکہ شریف، مدینہ شریف اور ہندوستان کے کل شہروں میں مولوی اول وقت ادا کرتے ہیں کیا وہ حنفی مذہب نہیں ہیں دیگر دیہات میں مولوی جمعہ کی نماز جائز کرتے ہیں اور اعلحضرت منع کرتے ہیں حنفی مذہب سے خلاف ہے ہر قسم کے سوال کرتے ہیں خیر ان کا لکھنا مناسب نہ جانا حضور جو کچھ تحریر فرماویں جواب دیا جائے گا۔

الجواب

www.alahazratnetwork.org

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

وکذٰلک جعلنا لکل نبی عدوا شیٰطین الانس و الجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا[1]۔

یونہی ہم نے ہر نبی کے دشمن کر دیے آدمیوں اور جن میں کے شیطان کہ اُن میں ایک دوسرے کے دل میں جھُوٹی بات ڈالتا ہے دھوکے کی۔

جب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے ساتھ یہ برتاؤ رہا تو اُن کے ادنی غلام کیوں اپنے آقایان کرام کے ترکہ سے محروم رہیں، جائے ہزاراں ہزار شکر ہے کہ ہم سے نالائقوں کو اُن کریموں کے ترکہ سے حصّہ ملے، اللہ عزوجل فرماتا ہے: واعرض عن الجٰھلین[2] (جاہلوں سے منہ پھیرلو) اور فرماتا ہے جاہلوں کے جواب میں یُوں کہو: لانبتغی الجٰھلین[3] (جاہلوں کے مُنہ لگنا ہم نہیں چاہتے) نہ کہ وُہ حضرات کہ جاہل بھی ہوں اور کذاب بھی اور مفتری بے حجاب بھی اور معاند تعصب مآب بھی، ایسوں کے لیے یہ مناسب ہے کہ نذھم فی طغیانھم

---

[1] القرآن سورہ الانعام ۶ آیت ۱۱۲
[2] القرآن سورہ الاعراف ۷ آیت ۱۹۹
[3] القرآن سورہ القصص ۲۸ آیت ۵۵

Index

۱۵۸

یعمہون[1] ہم انھیں چھوڑتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں) ان تمام مسائل کے روشن بیان ہمارے فتاوٰی میں موجود ہیں مگر متعصب معاند کو علم دینا بے سُود اور کذب وافترا کا علاج مفقود ، سائل ان کو ذی علم مولوی کہتا ہے اور جو باتیں اُن کی بیان کیں وُہ تو ایسے جاہلوں کی ہیں جن کو کسی عالم کی صحبت بھی نصیب نہ ہوئی ۔ سائل کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی کی ایسی بیہودہ باتیں پیش نہ کیا کرے ، واللہ تعالٰی اعلم ۔

---

[1] القرآن ۶/۱۱۰

www.alahazratnetwork.org

مسئلہ (۲۸۸) از جبل پور عقب کوتوالی مرسلہ مولوی محمد برہان الحق صاحب سلمہ سلخ شعبان ۱۳۳۵ھ

حضور پُرنور بعد سلام نیاز گزارش ضحوۂ کبرٰی نکالنے کا کیا قاعدہ ہے ایک بار پہلے ارشاد ہوا تھا مگر غلام بھول گیا۔

الجواب

نورِ دیدہ سعادت مولٰنا المکرم جعلہ المولی تعالٰی کاسمہ برہان الحق السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، خیریت مزاجِ جنابِ مولٰنا المکرم اکرمھم السلام وسلمہ سے اطلاع دیجئے اور میرے لیے بھی طلبِ دعا کیجئے ابھی ایک ہفتہ میں تین دورے بخار کے ہوچکے ہیں ضعف قوی ہے اور قوٰی ضعیف وحسبنا المولی الکریم اللطیف جس دن کا ضحوۂ کبرٰی نکالنا منظور ہو اُس دن کے وقتِ صبح و وقتِ غروب کو جمع کرکے تنصیف کریں اور اس پر چھ گھنٹے بڑھالیں یہ وقت ضحوۂ کبرٰی ہوگا اس سے لے کر نصف النہار حقیقی تک نماز مکروہ ہے یہ وقت ہمارے بلاد میں کم سے کم

ل دُرمختار باب الاستخلاف مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱/ ۸۷ - ۸۸

ل ردالمحتار باب صفۃ الصلوٰۃ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۳۱۴

۳۱۵

۳۹ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ۷،۴ منٹ ہوتا ہے مثلاً کل روز پنجشنبہ بحسابِ قواعد لبشرطِ رویت یکم ماہ مبارک ہے اوقات یہ ہیں:

ختم سحری	۲۶	۳۷	ت ۳
+افطار	۷	۱۶	۷
	۳۳	۵۳	۱۰
+	۴۶۲۵=۲	۲۶	۵/۶
+	۴۶۲۵=≚	۲۶	۱۱
ختم سحری	۵۷	۵۲	ت ۳
+افطار	۲۹	۱۳	۷
	۳۶	۶	۱۱
۲÷ =	۱۸	۳۳	۵/۶
±	۱۸	۳۳	۱۱

نقشے میں تمام اوقات ثانیوں سے اعشاریہ تک تھے جن کے رفع اسقاط کے سبب ۲ ۶ یعنی تفاوت آیا

مثال دوم ۳۰ ماہ مبارک کو

انس علیہ السلام[1]، واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸۹) از شہسرام مدرسہ عربیہ مرسلہ مولوی ظفر الدین صاحب مدرس اول مدرسہ مذکور

۹ رمضان ۱۳۳۵ھ

بحضور اعلیحضرت عظیم البرکت قبلہ وکعبہ دام ظلہم الاقدس۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، ۔ خاکسار حضورِ والا کے قواعدِ فرمودہ کے مطابق برابر وقت نکالا کرتا تھا مگر اس دفعہ جب میں مدراس گیا وہاں مولوی عبداللہ صاحب کی احقر سے ملاقات ہوئی وہ برابر وقت مدراس شائع کیا کرتے ہیں چنانچہ ایک تختہ جس پر سال تمام شمسی کے اوقات اُنھوں نے استخراج کرکے شائع کیا ہے مجھے دیا اور یہ کہا کہ: پرچہ میں نے بریلی بھی روانہ کیا ہے تاکہ وُہ حضرات میری غلطی پر مجھے متنبہ فرمائیں اس کی طرف توجہ فرمائیے، جناب کو میں بھی اسی غرض سے دیتا ہوں، چنانچہ وُہ پرچہ لیتا ہوا میں یہاں آیا ۲۲ جون ۱۹۱۷ء سے میں نے جانچ شروع کیا وقت غروب میرے قاعدہ کے مطابق ۶ بج کر ۳۷ منٹ ۲۵ سکنڈ اور طلوع ۵ بج کر ۴ منٹ ۱۹ سکنڈ ہوا اور اس نقشہ میں غروب ۶ بج کر ۳۴، اور طلوع ۵ بج کر ۸ منٹ لکھا ہے، غرض ۳، ۴ منٹ کا فرق ہے عشاء کا وقت نقشہ میں ۷ بج کر ۵۶ منٹ لکھا ہے میں پریشان ہُوا کہ آخر فن کا جاننے والا اس قدر غلطی کیا کرے گا لاجرم میں نے اپنے ہی مستخرج وقت کو غلط سمجھ کر اس غلطی کی جستجو میں ہُوا تو سوا اس کے اور کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ میں نے بوجہ موافق الجہۃ ہونے کے عرض بلد اور میل سے تفریق کرکے حاصل فرق کو جمع کرکے عمل کیا ہے اور جگہ کے لیے میل کو عرض بلد سے کم

---

[1] نوٹ، انس علیہ السلام، واللہ تعالیٰ اعلم۔ یہ غیر مربوط عبارت اصل مطبوعہ نسخوں میں اسی طرح ہے۔

۳۱۶

کرکے حاصل فرق الحہ الونخ میل سے عمل کرنا ہوتا ہے اور یہاں عرض بلد بہت کم ہونے کی وجہ سے میل کو عرض بلد سے کم کیا گیا ہے اُس کے بعد یہ خیال ہُوا کہ یہ وقت تو اخیر پنجاب قریب کشمیر کا ہونا چاہیئے جہاں کا عرض لح مطا ہو کہ الحہ الونخ کو اُس کو تفریق کرکے ی الــہ بچتا ہے اب پریشانی ہے کہ یہاں کا عمل کس طرح ہوگا اگرچہ قاعدہ کے یہ لفظ (اگر موافق الجہۃ ہو تفاضل لیں) اس کو بھی عام ہے اس لیے اس کا قاعدہ ارشاد ہو کہ جب عرض مَیل سے کم ہوگا تو کیا کیا جائے گا۔

لح مح عرض
ی الــہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

الجواب

ولدی الاعز جلہ اللہ تعالٰی کاسمہ ظفر الدین المتین آمین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مولوی عبداللہ صاحب کا کوئی تختۂ اوقاتِ مدراس یہاں نہ آیا صرف ایک چھوٹے رسالہ تحفۃ المصلے کے کہ سمت قبلہ میں ہے دو نسخے ایک پلندے میں آئے تھے وقت کا قاعدہ یقیناً وہی ہے کہ جب عرض و مَیل متفق الجہۃ ہوں تفاضل لیا جائیگا یعنی اُن میں جو اصغر ہو اکبر سے تفریق کیا جائے گا عرض ہو خواہ مَیل تو مدراس جس کا عرض لحہ م ہے اُس میں راس السرطان کا بعد اقل جس کا میل مَیلِ کلی الحہ الرہے ی ح الحہ ہوا، نیز وہ شہر جس کا عرض شمالی لحہ ہو اُس میں بھی راس السرطان کا بعد اقل وہی ی ح الحہ ہوگا غایت یہ کہ مدراس میں یہ بعد سمت الراس سے شمالی ہوگا اور اُس شہر میں جنوبی دونوں نصف اوران کی جیبیں اور قاطع مَیل سب بدستور رہیں گے اور فرق وقت بوجہ قاطع عرض ہوگا مثلاً صبح وعشا ہے راس السرطان بہ مدراس کا حساب بھیجتا ہوں یہاں مجموعہ اربعہ ۹۲۷۸۶، ۸ ۵ ۹۲، ۹ ہوا اور وقت عشا ۴ ۴۶ ۴۷ ت آیا اور اس شہر میں مجموعہ ۹۲۰۴۶۱۹، ۹ ہوا اور وقتِ عشا ۳۱ ۵۶ ۸ ت ایک گھنٹہ دس منٹ سے زیادہ فرق ہوگیا طلوع وغروب کہ آپ نے نکالے یہی صحیح ہیں جن کی صحت اس پرچہ مؤامرہ سے ظاہر ہے حقیقی وقت ہیں اور راس السرطان کی تعدیل الایام مزید ۴۴ ۳ ۴ ۱ اور وسط ہند سے فصل غربی مدراس ۹ تو مجموعہ ۴۴ ۳ ۴ ۳۴ ۱۰ بڑھانے سے مدراس کا وقت ریلوے حاصل ہوگا یہ وقت غروب وہی ہے

غروب ۶۲۶۵۴۳۱
+ ۱۰۳۴۴۳۴
۶۳۰۲۸،۵۵

طلوع ۵۳۳ ۵ ۷ ۹
+ ۱۰ ۳۴ ۳۴
۵ ۴۴ ۰۰ ۱۳

جو آپ نے نکالا تین سکنڈ کا تفاوت ان فرقوں سے ہوا کہ آپ نے مَیل الحہ الونخ لیا جو ۲۲ جون سنہ حال کو گرینچ کے نصف النہار کا تھا اور میں نے الحہ الرجو باسقاطِ خفیفِ ثوانی مَیلِ کلی ہے پھر آپ نے بُعدِ سمتی افق مطلق حسبِ دستور سابق کہ میرے یہاں معمول تھا حصہ لب ناليا ہوگا اور اب میں حصہ لدمہ رکھتا ہوں البتہ طلوع میں ۳۹ سکنڈ کا تفاوت آنا اس پر دال ہے کہ آپ نے تعدیل الایام ۲ ۵ ۱ لی جو ۲۳ جون کی تعدیل مرصدی ہے اور ۹ منٹ فصل طول مل کر ۵۲ ۱۰ دونوں وقت حقیقی غروب وطلوع پر زائد کیے۔ دلیل یہ کہ آپ کے یہاں

Index

۳۱۷

معدل بتعدیلِ ریلوے وقت غروب ۲۵ ، ۳۲ ۶ اور طلوع ۱۹ ۴۴ ۵

اس کا تمام ۵ ۲۲۳۵ ـ تمام غروب ۵ ۲۲۳۵ ۵

= ۲۱۴۴

نصف ۱۰ ۵۲

یہی منٹ سکنڈ آگئے جو تعدیل مرصدی ۲۳ جون کے تھے۔

اس سے ثابت ہوا کہ آپ کے یہاں وقت حقیقی غروب ۳۲ ۲۶ ۶ آیا اور طلوع ۲۰ ۳۳ ۵ تو آپ کے اور یہاں کے محسوب میں ۱۲ سکنڈ کا تفاوت ہے خیر ایسا کثیر نہیں۔ مدراسی صاحب کا حساب یقیناً وجہ صحت نہیں رکھتا کہ غروب ساڑھے تین منٹ کم ہے اور طلوع سوا چار منٹ زیادہ، اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُنہوں نے طلوع و غروب نکالنے کا قاعدہ ہی استعمال نہ کیا بلکہ معمولِ عوام بے علم کی طرح طلوع و غروبِ نجومی حقیقی مرکزی لے کر اُن میں تعدیل ریلوے ملادی ظلِ میلِ راس السرطان ۹۶۳۷۲۶۴۱ اس جیب کی قوس تقریباً ۵ ھ ہے جس کا وقت + ظلِ عرضِ مدراس ۹۳۶۵۶۶۴۱ الحرح = غروب نجومی ۶ الحرح

۹۲۰۰۳۹۲۰۶

طلوع نجومی ۵ لونب	اور دقائق تعدیل بھی

اُنہوں نے لو ظاہروہی مجھ نب لیے ہیں : و الحرح ۵ لونب

+ ی نب + ی نب

= ولدہا = مرمد

غروب	طلوع
۳۴ ۶	۴۸ ۵

یہ اُن کا ملتا غلط ہے۔ رہا وقتِ عشاء، وہ انہوں نے صحیح دیا ہے پرچہ حساب ملاحظہ ہو۔

وقت حقیقی ۴ ۴۶ ۷ یہ وقت ہوا

+ تعدیل ریلوے ۱۰۳۴

۷ ۵۶۳۸

سکنڈوں میں فرق ہے وبس۔

مؤامرات

مدراس ت طول ہ ـ عرض ۱۳

الحرالر =	۲۷ ـــ ۲۳°
ـ عرض =	۴ ـــ ۱۳
بعد اقل =	۲۳ ـــ ۱۰

حرف نصف اول

۹۹۳۳۸۹۷۶

فاضل ۳۷۷

۹۹۳۳۹۳۵۳

۳۱۸

صرف نصف دوم

۹٫۸۷۶۴۴۵۷۴

فاضل ۵۵۳

۹٫۸۷۶۵۱۲۷

وقت لومربع
۷ت — ۴۶ — ۰
۱۰٫۲۶۵۶
لوفصل

۱۰۸

۲ | ۱۱۸ — ۲۳

نصف اول = ۵۹ — ۱۱ — ۳۰

نصف دوم = ۴۸ ۴۸ ۳۰

صرف نصف اول = ۹٫۹۳۳۹۳۵۳

" " دوم = ۹٫۸۷۶۵۱۲۷

قاطع میل = ٫۰۳۷۴۳۷۶

" عرض = ٫۰۱۱۳۹۳۰

لومربع = ۹٫۸۵۹۲۷۸۶

لومربع = ۱۹۷۸

۸۰۸

لا = ۹٫۳۵۱۱

+ لوفصل = ۱۰٫۲۶۵۶

۹٫۶۱۶۷

تحویل = ۴٫۱۳۶

+ وقت لومربع = ۷ — ۴۶ — ۰

عشا = ۷ — ۴۶ — ۴٫۱۳۶

صبح = ۴ — ۱۳ — ۵۵٫۸۶۴

صرف نصف اول

۶٫۸۸۸۰۲۹۸
فاضل ۷۸۶
۹٫۸۸۸۱۰۸۴

۴۵٫۵۰
۱۰۳۷
۳۱۸۵۰
۱۳۶۵۰
۴۵۵۰۰
۴۷۱۸۳

۹۰ — ۳۴ — ۵۴٫۱
۸٫۷۸

بعد سمتی افقی مطلق = ۹۰ — ۳۴ — ۴۵٫۳۲

+ نصف قطر راس السرطان = ۱۵ — ۴۵٫۶۷

بعد سمتین ی افقی راس السرطان = ۹۰ — ۵۰ — ۳۰٫۹۹

+ بعد اقل راس السرطان بہ راس = ۱۰ — ۲۳ —

مجموعہ = ۲) ۱۰۱ — ۱۳ — ۳۰٫۹۹

نصف اول = ۵۰ — ۳۶ — ۴۵٫۵۰

نصف دوم = ۴۵٫۴۹ – ۱۳ – ۴۰

نصف اول = ۹٫۸۸۸۱۰۸۴

نصف دوم = ۹٫۸۱۰۱۳۰۵

قاطع میل = ۰٫۰۳۴۴۷۶

〃 عرض = ۰٫۰۱۱۳۹۳۰

لو مربع = ۹٫۷۴۷۰۶۹۵

لو مربع = ۶۹۵۱۴

۱۱۸۱

ط = ۹٫۵۱۵۹

+ لو فضل = ۱۰٫۱۰۸۱

۹٫۶۲۴۰

تحویل = ۴٫۳۰۸

+ وقت لو مربع = ۶ – ۲۶ – ۵۰

غروب　۶ – ۲۶ – ۵۴٫۳۰۸

طلوع　۵ – ۳۳ – ۵٫۶۹۲

فائدہ

وقت لو مربع
۶ – ۲۶ – ۵۰
۱۰٫۱۰۸۱
لو فضل

۶۰) ۴۷۱۸۳ (۷۸۶
۴۲۰
۵۱۸
۴۸۰
۳۸۳
۳۶۰
۲۳

صرف نصف دوم

۹٫۸۱۰۰۱۷۲
۱۱۳۳
۹٫۸۱۰۱۳۰۵

۴۵٫۴۹
۱۴۹۴
۱۸۱۹۶
۴۰۹۴
۱۸۱۹۶
۴۵۴۹
۶۰) ۶۷۹۶۲ (۱۱۳۳
۶۰
۷۹
۶۰
۱۹۶
۱۸۰
۱۶۲
۱۲۰
۴۲

مسئلہ (۲۹۰، ۲۹۱) ازشہر۔ جامع مسجد مسئولہ مولوی محمد افضل صاحب بخاری طالب علم منظر اسلام

شخصے در نماز فجر بود کہ ناگاہ بشنید کہ گویندہ میگفت کہ آفتاب برآمد الحال ایں کس در نماز است نماز را بگذارد یا زواپس اعادہ کند یا سلام بدہد بعد از طلوع

کوئی آدمی فجر کی نماز پڑھ رہا تھا اچانک اس نے سنا کہ کوئی کہہ رہا ہے "سورج نکل آیا ہے" اب یہ آدمی جو فی الحال نماز میں ہے اپنی نماز پوری کرکے اس کا اعادہ کرے یا

٣٢٠

آفتاب بخواند، بینوا توجروا۔

سلام پھیر دے اور طلوع کے بعد دوبارہ پڑھے؟ بیّنوا، توجروا۔ (ت)

الجواب

نماز تمام کند و باز اگر صدق قائل دریابد اعادہ نماید ایں زمان بسیارے از مردم وقت نمی شناسند و بقرب طلوع بانگ برآرند کہ آفتاب برآمد واللہ تعالٰی اعلم۔

نماز پوری کرے، بعد میں اگر ثابت ہوجائے کہ سورج نکلنے والی بات درست تھی تو اعادہ کرے۔ آج کل اکثر لوگ وقت کا صحیح علم نہیں رکھتے اور طلوع قریب ہونے پر شور مچادیتے ہیں کہ سورج نکل آیا ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

سوال دوم: چہ میفرمایند علمائے دین کہ امام نماز صبح را ایں قدر تاخیر میکند کہ از برآمدنِ آفتاب پنج دقیقہ یا دہ دقیقہ میماند کہ سلام میدہد ایں طور نماز بغیر کراہت ادا میشود یانہ، بینوا توجروا۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ ایک امام صبح کی نماز اتنی تاخیر سے پڑھاتا ہے کہ سلام پھیرنے کے بعد سورج طلوع ہونے میں صرف پانچ منٹ یا دس منٹ باقی رہتے ہیں کیا یہ نماز بغیر کراہت کے ادا ہوجاتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

الجواب

در بحرالرائق وغیرہ تصریح فرمودہ اند کہ وقت فجر و وقت ظہر اول تا آخر ہیچ کراہت ندارد یعنی بخلاف باقی اوقات کہ آخر آنہا مکروہ است پس ہر کہ در وقت شناسی دستگاہ کافی دارد بایں طور نماز ازو بلاشبہہ بے کراہت است کہ بوئے از کراہت ندارد۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

البحرالرائق وغیرہ میں تصریح کی گئی ہے کہ فجر اور ظہر کے اوقات میں اوّل سے آخر تک کوئی کراہت نہیں ہے بخلاف باقی اوقات کے کہ وہ آخر میں مکروہ ہوجاتے ہیں، اس لیے جو شخص وقت شناسی میں مہارت رکھتا ہو، اگر اس طرح نماز پڑھے (جیسا کہ سوال میں مذکور ہے) تو اس کی نماز بغیر کراہت کے صحیح ہے۔ اس میں کراہت کا کوئی شائبہ تک نہیں ہے۔ (ت)

مسئلہ ۲۹۲ تا ۲۹۶: از جڑودہ ضلع میرٹھ مسئولہ سید سراج احمد صاحب ۱۲ شعبان ۱۳۳۷ھ

(۱) فجر کی نماز کا مستحب وقت کون سا ہے اور جس جگہ اُفق صاف نظر آتا ہو وہاں طلوع کی کیا پہچان ہے؟

(۲) ظہر کا اول وقت کے بجے ہوتا ہے اور ضلع میرٹھ میں کے بجے سے کے بجے تک رہتا ہے اور جماعت کے بجے ہونا چاہئے موسم گرما اور موسم سرما کب سے کب تک مانے جاتے ہیں اور ان میں ظہر کے مستحب اوقات۔

کیا ہیں؟

(۳) عصر کا مستحب وقت کون سا ہے، جماعت کے بجے ہونا چاہیے؟

(۴) جس جگہ اُفق نظر آتا ہو وہاں غروب کی کیا پہچان ہے اور غروب سے کتنی دیر بعد مغرب کی اذان اور جماعت ہونا چاہیے اور مغرب کا وقت کتنی دیر تک رہتا ہے؟

(۵) عشا کا وقت مغرب سے کتنی دیر بعد ہوتا ہے؟

الجواب الملفوظ

(۱ و ۵) فجر کا مستحب وقت اس کے وقت کا نصف اخیر ہے مثلاً اگر آج ایک گھنٹہ بیس منٹ کی صبح ہو تو اس وقت کے طلوعِ شمس میں چالیس منٹ باقی رہیں اور افضل یہ ہے کہ ایسے وقت ۴۰ یا ۶۰ آیتوں سے پڑھی جائے کہ اگر فسادِ نماز ثابت ہو تو پھر طلوع سے پہلے یونہی اعادہ ہو سکے اس کا لحاظ رکھ کر جتنی بھی تاخیر کی جائے افضل ہے، جب اُفق صاف نظر آتا ہے اور بیچ میں درخت وغیرہ کچھ حائل نہیں تو طلوع یہ ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن چمکے اور غروب یہ کہ پچھلی کرن نگاہ سے غائب ہو جائے واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.alahazratnetwork.org

(۲) ظہر کا اول وقت آفتاب نصف النہار سے ڈھلتے ہی شروع ہوتا ہے اور گھنٹوں کے اعتبار سے باختلافِ بلاد مختلف ہوگا یہاں تک کہ بعض بلادِ ہندوستان میں بعض ایام میں ریلوے گھڑی سے ۱۲ بجے بھی وقت شروع ہوگا اور بعض یعنی بعض ایام میں ۱۱ بجے سے پہلے ظہر کا وقت ہو جائے گا یہ تعدیلِ ایام و اختلافات طول معلوم ہونے پر موقوف ہے جماعت گرمی میں وقت ظہر کے نصف آخر میں ہو اور جاڑوں میں نصف اول میں، میرٹھ میں کبھی ۵ بجے سے بعد تک وقتِ ظہر باقی رہتا ہے اور کبھی پونے چار بجے سے پہلے ختم ہو جاتا ہے اس میں بیانات کا اختلاف ہے اصل تقسیم اہلِ ہیئت نے یہ کی ہے کہ راس الحمل سے ختم جوزا تک بہار اور راس السرطان سے ختم سنبلہ تک گرما اور راس المیزان سے ختم قوس تک خریف اور راس الجدی سے ختم حوت تک سرما مگر یہ یہاں کی فصلوں سے مطابق نہیں آتی، صاحبِ بحر نے ربیع کو گرما سے ملحق کیا ہے اور یہ بھی قرینِ قیاس کہ آخر ستمبر سے دو ثلث مارچ تک سرما سمجھنا چاہیے اور باقی گرما، واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۳) عصر کا وقت مستحب ہمیشہ اس کے وقت کا نصف اخیر ہے مگر روزِ ابر تعجیل چاہیے، واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) غروب کا جس وقت یقین ہو جائے اصلاً دیر اذان و افطار میں نہ کی جائے اس کی اذان و جماعت میں فاصلہ نہیں، مغرب کا وقت میرٹھ میں کم از کم ایک گھنٹا ۱۹ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹا ۳۶ منٹ ہے، و اللہ تعالیٰ اعلم۔

Index

مسئلہ (۲۹۷) ازموضع سراں ڈاک خانہ لشندور تحصیل ضلع جہلم مرسلہ حافظ سجاد شاہ ۷ اشعبان ۱۳۲۷ھ

بخدمت جناب فیض مآب سرتاج حنفیان حضرت احمد رضا خان صاحب ادام اللہ فیوضکم السلام علیکم و رحمۃ اللہ تعالیٰ کے بعد بہزار آداب التماس کہ ہم حنفیان کو بڑا فخر ہے کہ آپ جیسے مجتہد فقیہ خلیفۂ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ و امام اعظم اس زمانے کے آپ موجود ہیں اِن مسئلوں مفصلۂ ذیل کی سخت ضرورت ہے مہربانی فرما کر بتحقیق عمیق و تدقیق ما یلیق ارشاد فرمادیں عنداللہ ماجور ہوں گے اما مسئلۂ اولیٰ فی الزوال کی اور شناخت وقت ظہر کی سخت ضرورت ہے میں اس میں بہت حیران ہوں بعض اوقات مجمع عام میں نماز ظہر جو بدخول وقت اوّل ہی پڑھی جاتی ہے مگر مجھے یقین دخولِ وقت کا بھی نہیں ہوتا آپ تحریر فرمائیں کہ بارہ۱۲ بجے کے بعد ایک دو منٹ پر وقت ظہر داخل ہوتا ہے یا نہیں اور جن دیہات میں حساب گھڑی کا نہ ہو تو مسجد کے دروازہ سے اگر سایہ باہر ایک دو انگشت نکلے تو ظہر داخل ہے یا نہ، پھر جب سایہ بڑھنے میں ہو تو وقت ظہر داخل ہے یا نہ قبل قیام ظہیرہ نصف نہار کے سایہ گھٹتا رہتا ہے نصف نہار کو کھڑا ہوتا ہے پھر بڑھنے لگتا ہے جب سایہ بڑھ جائے میں ہو تو ظہر داخل ہے یا نہ، اور سایۂ اصلی ظہر کے واسطے نکالا جاتا ہے یا نہ شناخت ظہر سفر حضر میں کس طرح ہوتی ہے اور سایہ اصل قبل زوال یا وقت زوال یا بعد زوال کیا ہوتا ہے اور سایہ اصلی بوقتِ دوپہر بطرف شمال ہوتا ہے پس عصر کے واسطے مقیاس کی بیخ سے سایہ اصلی خارج بطرف مشرق کیا جاتا ہے یا کہ بطرف شمال خارج کر کے پھر دوچند کیا جائے۔ فرائد سنیہ کی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ بطرف شمال سایۂ اصلی کو چھوڑ کر دوچند کیا جائے۔ عبارت فرائد سنیہ کی یہ ہے۔

معرفۃ فیئ الزوال یغرز خشبۃ مستویۃ فی ارض مستویۃ قبل الزوال فالظل ینقص فاذا وقف لم ینقص ولم یزد فھو قیام الظھیرۃ فاذا اخذ فی الزیادۃ فقد زالت الشمس فخط علی راس الزیادۃ خطا فیکون من راس الخط الی العود فیئ الزوال فاذا صار ظل العود مثلہ او مثلیہ من راس الخط لا من موضع غرز العود خرج وقت الظھر ودخل وقت العصر وفیئ الزوال یکون الی الشمال[1]

فیئ الزوال کی پہچان۔ زوال سے پہلے ایک سیدھی لکڑی ہموار زمین میں نصب کی جائے تو اس کا سایہ کم ہوتا جائے گا، جب سایہ ٹھہر جائے اور گھٹے بڑھے نہ تو یہ قیام ظہیرہ کا وقت ہے۔ جب بڑھنے لگے تو سورج کا زوال شروع ہوجاتا ہے، اب جہاں سے بڑھنے کا آغاز ہُوا ہے وہاں ایک لکیر بطور نشانی لگادو، اس لکیر سے لکڑی تک جو سایہ ہے یہ فیئ الزوال ہے، جب لکڑی کا سایہ اس کی ایک مثل یا دو مثل ہوجائے یعنی لکیر سے، نہ کہ لکڑی کی جڑ سے، تو ظہر کا وقت ختم ہوجائے گا اور عصر کا وقت داخل ہوجائے گا اور زوال کا سایہ شمال کی جانب ہوتا ہے۔ (ت)

[1] فرائد سنیہ

اس مسئلہ کی مجھے سخت ضرورت ہے مہربانی فرماکر اس میں اچھی غور فرماکر پھر ان میں جو جو میرے سوالات ہیں جن کے سبب میں غلطی میں پڑا ہوں ان کو بنور سواد منور فرماؤ۔

الجواب

نصف النہار وفئ الزوال کی یہ کافی پہچان ہے جو آپ نے فرائد سنیہ سے نقل کی ہموار زمین میں سیدھی لکڑی عمودی حالت پر قائم کی جائے اور وقتاً فوقتاً سایہ کو دیکھتے رہیں جب تک سایہ گھٹنے میں ہے دوپہر نہیں ہوا اور جب ٹھہر گیا نصف النہار ہو گیا اس وقت کا سایہ ٹھیک نقطۂ شمال کی جانب ہوگا اسے ناپ رکھا جائے کہ یہی فئ الزوال ہے اس سے پہلے سایہ مغرب کی طرف تھا جب سایہ بڑھنے لگا دوپہر ڈھل گیا اب سایہ مشرق کی طرف ہوجائے گا جب لکڑی کا سایہ مشرق و شمال کے گوشہ میں اُس فئ الزوال کی مقدار اور لکڑی کے دو مثل کو پہنچ گیا مثلاً آج ٹھیک دوپہر کو لکڑی کا سایہ اُس کے نصف مثل تھا اور اُس وقت خاص نقطہ شمال کو تھا اب وقتاً فوقتاً بڑھے گا اور مشرق کی طرف جھکے گا جب سایہ لکڑی کا ڈھائی مثل ہوجائے عصر ہوگیا اور اس سے زیادہ صحیح طریقہ یہ ہے کہ صحیح کمپاس سے نہایت ہموار زمین میں سیدھا خط جانبِ قطب کھینچ لیجئے اور اس خط کے جنوبی کنارے پر وہ لکڑی عموداً قائم کیجئے لکڑی کا سایہ جب تک اس خط سے مغرب کو ہے دوپہر نہ ہوا جب سایہ اس خط پر منطبق ہوجائے ٹھیک دوپہر ہے اور اُسی وقت کا سایہ فئ الزوال ہے جب سایہ اس خط سے مشرق کو ہٹے دوپہر ڈھل گیا مسجد کی مشرقی دیوار اگر سیدھی ہموار اور ٹھیک نقطتین جنوب و شمال کو ہے اور اُس کے دونوں پہلو پر زمین ہموار ہے تو اُس سے بھی شناخت ہوسکتی ہے دیوار کا سایہ جب تک اُس سے مغرب کو ہے دوپہر نہ ہوا اور جب مشرق کو پڑے دوپہر ڈھل گیا اور جب دونوں پہلوؤں پر سایہ نہ ہو تو ٹھیک دوپہر ہے گھڑیوں کے بارہ سے اس کی شناخت تعدیل الایام و فصل طول جاننے پر منحصر ہے اصل بلدی وقت سے دوپہر کبھی سوا بارہ بجے بھی نہیں ہوتا اور کبھی پونے گیارہ بجے ظہر ہوجاتا ہے اور یہ کہ گھڑیاں مقامی وقت پر نہ چلیں بلکہ دوسری جگہ کے وقت پر جیسے ہندوستان میں شرق سے غرب تک ساری گھڑیاں وسطِ ہند کے وقت پر جاری ہیں جس کا طول ۸۲ درجے ۳۰ دقیقے ہے جب تو بہت کثیر تفاوت ہوجائے گا مثلاً جہلم میں ۱۱ فروری کو ۱۲ بج کر انچاس منٹ تک بھی دوپہر نہ ہوگا اور کلکتہ میں نومبر کی چوتھی کو ۱۱ بج کر ۲۰ منٹ پر وقتِ ظہر ہوجائے گا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۹۸) ازمزنگ لاہور مرسلہ ابوالرشید محمد عبدالعزیز خطیب و امام جامع مسجد ملک سردار خاں مرحوم ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۳۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ اوقاتِ نماز جو شارع علیہ السلام نے معین فرمائے ہیں ان کے بیچ میں کسی نماز کا خاص وقت مقرر کرنا جائز ہے یا حرام؟

www.alahazratnetwork.org

۳۲۴

الجواب

حدیث میں سنّتِ اقدس یُوں مروی ہے کہ جب لوگ جلد حاضر ہو جاتے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز جلد پڑھ لیتے اور حاضری میں دیر ملاحظہ فرماتے تو تاخیر فرماتے اور کبھی سب لوگ حاضر ہو جاتے اور تاخیر فرماتے یہاں تک کہ ایک بار نمازِ عشا میں تشریف آوری کا بہت انتظارِ طویل صحابہ کرام نے کیا بہت دیر کے بعد مجبور ہو کر امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درِ اقدس پر عرض کی کہ عورتیں اور بچے سو گئے، اس کے بعد حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برآمد ہوئے اور فرمایا: "رُوئے زمین پر تمہارے سوا کوئی نہیں جو اس نماز کا انتظار کرتا ہو اور تم نماز ہی میں ہو جب تک نماز کے انتظار میں رہو"۔ نمازوں کے لیے اگر گھنٹے گھڑی کے حساب سے اگر کوئی وقت معین کر لیا جائے جس سے لوگوں کو زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے اور وقت معیّن پر جلد جمع ہو جائیں جیسا حرمین طیبین میں اب معمول ہے تو اس میں بھی حرج نہیں جبکہ ضعیفوں اور مریضوں پر تکلیف اور جماعت کی تفریق نہ ہو، واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۹) از مراد آباد مرسلہ مولوی محمد عبد الباری صاحب ۷ صفر ۱۳۳۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی امام عادتاً مغرب کی اذان اُس وقت دِلاوے کہ اُس شہر کی سب مساجد میں یقیناً نماز ہو چکی ہو مثلاً ۲۰ منٹ کے بعد اور اپنے پیر کے دکھانے کو یعنی اُس کی موجودگی میں بیس منٹ قبل قصداً ایسا کرے اور ساتھ ہی اس کے جو سجود و قعود کہ وہ عادتاً کرتا تھا اپنے پیر کی موجودگی اُس سے سہ گنے وقت میں ادا کرے تو یہ اذان و نماز کہاں تک ریا و مکاری پر دال ہے۔

الجواب

اذانِ مغرب میں بلا وجہ شرعی تاخیر خلافِ سنّت ہے پیر کے سامنے جلد دلوانا ریا پر کیوں محمول کیا جائے بلکہ پیر کے خوف یا لحاظ سے اُس خلافِ سنّت کا ترک پیر کے سامنے رکوع و سجود میں دیر بھی خواہ نخواہ ریا اور مکاری پر دلیل نہیں بلکہ اس کے موجود ہونے سے تاثر بھی ممکن اور مسلمان کا فعل حتی الامکان محملِ حسن پر محمول کرنا واجب اور بدگمانی ریا سے کچھ کم حرام نہیں، ہاں اگر رکوع و سجود میں اتنی دیر لگاتا ہو کہ سنّت سے زائد اور مقتدیوں پر گراں ہو تو ضرور گناہگار ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال دوم کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ طلوعِ آفتاب ہونے کے کتنی دیر کے بعد نماز قضا پڑھنے کا حکم ہے اور وہ شخص جس نے کہ سنتیں فجر کی نہ پڑھی ہوں اور دس بارہ منٹ طلوع میں باقی ہوں نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں، اسی طرح پر ظہر کی سنت بے پڑھے امامت کر سکتا ہے یا نہیں، بینوا توجروا۔

www.alahazratnetwork.org

الجواب

طلوع کے بعد کم از کم بیس منٹ کا انتظار واجب ہے۔ دس بارہ منٹ میں سنتیں اور فرض دونوں ہوسکتے ہیں سنتیں پڑھ کر نماز پڑھائے، اگر وقت بقدر فرض ہی کے باقی ہے تو آپ ہی سنتیں چھوڑے گا پھر اگر جماعت میں کسی نے ابھی سنتیں نہ پڑھیں یا جس نے پڑھیں وہ قابلِ امامت نہیں تو جس نے نہ پڑھیں وہی امامت کرے گا اور اگر وقت میں وسعت ہے تو سنّتِ قبلیہ کا ترک گناہ ہے اور اُس کی امامت مکروہ ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۰۱) از موضع باکڑی ضلع گورگانوہ ڈاک خانہ ڈھنیہ مسئولہ محمد لیسین خاں ۱۰ رمضان ۱۳۳۱ھ

علمائے دین کیا فرماتے ہیں ایک مولوی صاحب مولود شریف عشا سے لے کر ایک بجے رات تک پڑھتے اور نمازِ عشا بعد مولود شریف کے ایک بجے کے بعد پڑھتے ہیں بغیر عذر کے، فقط۔

الجواب
الملفوظ

نمازِ عشا کی نصف شب سے زائد تاخیر مکروہ ہے اُن کو چاہئے عشا پڑھ کر مجلس شریف پڑھا کریں، وہو تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۰۲) از جے پور بیرون اجمیری دروازہ، کوٹھی حاجی عبدالواجد علی خاں مسئولہ حامد حسن قادری

۱۷ رمضان ۱۳۳۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ نمازِ مغرب اور افطار کا حکم ایسے وقت دینا کہ چند حضار مسلمانوں کو غروب میں کلام ہوگیا ہے اور ان دونوں کا صحیح وقت کیا اور اس کی شناخت کیا ہے؟

(۲) نمازِ مغرب اور اذانِ عشا میں کس قدر فاصلہ درکار ہے، کیا جس جگہ پر بحساب دھوپ گھڑی قریب سوا سات بجے شام کو اذانِ مغرب ہوتی ہو وہاں آٹھ بجے فرضِ عشا پڑھ سکتے ہیں، اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ کم از کم ایک گھنٹا پچیس منٹ کا فاصلہ اذانِ مغرب و اذانِ عشا میں ہونا چاہئے، اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

جب مشرق سے سیاہی بلند ہو اور مغرب میں دن چھپے اور آفتاب ڈوبنے پر یقین یعنی پورا ظنِ غالب ہوجائے اُس وقت افطار کیا جائے اُس کے بعد دیر لگانا نہ چاہئے، یہی علامات حدیث میں ارشاد ہوئیں اور جو عالم مقتدا ہو اور علمِ توقیت جانتا ہو اور اُسے قرائن صحیحہ سے غروب کا یقین ہوگیا ہو وہ افطار کا فتویٰ دے سکتا ہے اگرچہ بعض ناواقفوں کو غروب میں ابھی تردد ہو کما دلّ علیہ حدیث انزل فاجدح لنا واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۲۶

(۲) یہ فاصلے باختلافِ عرض بلد مختلف ہوتے ہیں، ان بلاد میں کم از کم ایک گھنٹہ ۸ منٹ کا فاصلہ ہے سواسات پر آفتاب ڈوبے اور پون گھنٹے بعد عشا ہو جائے ایسا تمام جہان میں کہیں نہیں جس زمانے میں سواسات کے قریب غروب ہوتا ہے اذانِ مغرب وعشا کا فاصلہ اور بھی بہت زائد ہو جاتا ہے مثلاً ان بلاد میں ایک گھنٹا چھتیس منٹ اور پون گھنٹے کا فاصلہ تو ان بلاد میں کسی طرح مذہب صاحبین پر بھی صحیح نہیں تو وہ نمازِ عشا از رُوئے مذہبِ حنفی بالکل باطل ہے، واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۰۳) چہ میفرمایند علمائے دین اندریں مسئلہ کہ فرائض داخل نماز در ہر صلاۃ فرضیت او یکسان ست یا صرف در نماز فرض، بیّنوا توجروا۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو فرائض نماز میں داخل ہیں، ان کی فرضیت ہر نماز میں یکساں ہے یا صرف فرضی نمازوں کے ساتھ مختص ہے؟ بیّنوا توجروا۔ (ت)

الجواب

تکبیر تحریمہ در ہر نماز مطلقا حتی صلاۃ الجنازۃ ورکوع وسجود وقراءت وقعود در ہر نمازِ مطلق اگرچہ نافلہ باشد وقیام در ہر نماز فرض و واجب ونیز در سنّت فجر علی الاصح وخروج بصنع خود علی تخریج البردعی بخلاف الکرخی اینہمہ فرض است وتعدیل ارکان واجب و قدرت ہمہ جا شرط است اخرس را بتکبیر وقراءت ومریض مؤمی را بر رکوع وسجود تکلیف ندہند وفی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح للعلامۃ الشرنبلالی الاحدب اذا بلغت حدبتہ الرکوع یشیر براسہ للرکوع لانہ عاجز عما ھو اعلٰی[1] اھ واللہ تعالٰی اعلم۔

تکبیر تحریمہ، ہر نماز میں، حتی کہ نماز جنازہ میں بھی۔ رکوع، سجود، قرأت اور قعود (نماز جنازہ کے علاوہ) ہر نماز میں، خواہ نفل نماز ہو۔ قیام، ہر اس نماز میں جو فرض اور واجب ہو اور اصح قول کے مطابق فجر کی سُنّتوں میں بھی۔ اپنے کسی عمل سے نماز سے خارج ہونا۔ بروعی کی تخریج کے مطابق، کرخی کا اس میں اختلاف ہے۔ یہ سب فرائض ہیں اور تعدیلِ ارکان واجب ہے۔ لیکن استطاعت سب میں شرط ہے۔ گونگا تکبیر و قرأت کا اور اشارہ کرنے والا مریض رکوع وسجود کا مکلف نہیں ہے۔ علامہ شرنبلالی کی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں ہے کہ اگر کبڑے کا کُبڑاپن رکوع کی حد تک پہنچا ہوا ہے تو وہ رکوع کے لیے سر سے اشارہ کرے گا کیوں کہ اس سے زیادہ اس کے بس میں نہیں ہے اھ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

---

[1] مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی باب شروط الصلوٰۃ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ص ۲۵

مسئلہ (۳۰۴) نہار عرفی وشرعی میں کیا فرق ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ نہار عرفی طلوع مرئی کنارۂ شمس سے غروب مرئی کل قرص شمس تک ہے

واحترزت بذلك عن النهار النجومي فانه من انطباق مركز الشمس على دائرة الافق من قبل المشرق الى انطباقه عليها في جهة المغرب، فيكون العرفي اكبر من النجومي ابداً بقدر ما يطلع نصف كرة الشمس و يغرب النصف كما لا يخفى، ويقدر ما يقتضيه الانكسار الافقي في الجانبين، وهو قدر اربع وثلثين دقيقة من دقائق فلك البروج في كل جانب۔

اس سے میں نے احتراز کیا ہے نہار نجومی سے، کیونکہ وہ مشرقی جانب کے افقی دائرہ پر سورج کے مرکز کے منطبق ہونے سے شروع ہوتی ہے اور مغربی جانب کے افقی دائرہ پر سورج کے مرکز کے منطبق ہونے پر ختم ہوتی ہے تو نہار عرفی، نہار نجومی سے ہمیشہ اتنی بڑی ہوتی ہے جتنی دیر میں سورج کا آدھا کرہ طلوع ہوتا ہے اور آدھا غروب ہوتا ہے، جیسا کہ مخفی نہیں ہے، اور دونوں طرف جو افقی انکسار واقع ہوتا ہے اس کے تقاضے کا اندازہ کیا جائے گا اور وہ ہر جانب' فلکِ بروج کے دقیقوں میں سے چونتیس ۳۴ دقیقوں کے برابر ہوتا ہے۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

اور نہار شرعی طلوع فجر صادق سے غروب مرئی کل آفتاب تک ہے تو اس کا نصف ہمیشہ اس کے نصف سے پہلے ہوگا مثلاً فرض کیجئے کہ جو تحویل حمل کا دن ہے کہ آفتاب بریلی اور اس کے قریب کے مواضع میں چھ بجے نکلا اور چھ بج کر چودہ منٹ پر ڈوبا اور تقریباً پونے پانچ بجے صبح صادق چمکی تو اس دن نہار شرعی ساڑھے تیرہ (۱۳½) گھنٹے کا ہے جس کا آدھا چھ گھنٹے پینتالیس منٹ، اسی مقدار کو پونے پانچ (۴¾) پر بڑھایا تو ساڑھے گیارہ بجے کا وقت آیا اسی کو ضحوۂ کبریٰ کہتے ہیں اس وقت تک کچھ کھایا پیا نہ ہو تو روزہ کی نیت جائز ہے اس دوسرے قول پر اس وقت سے نصف النہار حقیقی تک کہ روز تحویل حمل یعنی بیس ۲۱ اکیس مارچ کو تقریباً بارہ بجے سات منٹ پر ہوتا ہے سارا وقت سینتیس ۳۷ منٹ کا وقت استوا ہے جس میں نماز ناجائز وممنوع اور یہ ظاہر کہ یہ مقداریں اختلاف موسم سے گھٹتی بڑھتی رہیں گی، یہ قول ائمہ خوارزم کی طرف نسبت کیا گیا اور امام رکن الدین صباغی نے اسی پر فتویٰ دیا، ردالمحتار میں ہے:

عزا في القهستاني، القول بان المراد انتصاف النهار العرفي، الى ائمة

قہستانی میں اس قول کو کہ مراد نہار عرفی کا انتصاف ہے، ائمہ ماوراء النہر کی طرف منسوب کیا ہے اور

ماوراء النھر، وبان المراد انتصاف النہار الشرعی، وھو الضحوۃ الکبرٰی الی الزوال الٰی ائمۃ خوارزم[لہ] وھھنا ابحاث سنوردھا ان شاء اللہ تعالٰی فی غیر ھذا التحریر[عہ]۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

اس قول کو کہ نہار شرعی کا انتصاف مراد ہے، یعنی ضحوۂ کبرٰی زوال تک، ائمہ خوارزم کی طرف منسوب کیا ہے اور یہاں کچھ اور بحثیں ہیں جنہیں ہم کسی اور تحریر میں بیان کریں گے واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۰۵) مسئولہ حافظ علی بخش ساکن قصبہ آنولہ ضلع بریلی محلہ گنج مسجد خلیفان ۲۵ شوال المکرم ۱۳۳۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں:

(۱) ۱۴ اگست کو دھوپ گھڑی سے ۱۱ بج کر ۱ منٹ پر اور مدراس ٹائم سے ۱۱ بج کر ۲۳ منٹ سے ضحوۂ کبرٰی شروع ہوا اور دھوپ گھڑی سے ۱۲ بجے اور ریلوے ٹائم سے ۱۲ بج کر ۱۶ منٹ پر تمام ہوا تو ضحوۂ کبرٰی سے لے کر حقیقی نصف النہار تک کوئی نماز مثل عیدین و جنازہ درست ہے یا نہیں؟

(۲) مدراسی ٹائم شرعی وقت سے جنوری فروری میں ۲۰ منٹ آگے ہوتا ہے جبکہ شرعی وقت میں ۱۲ بجتے ہیں تو مدراسی ٹائم میں ۱۲ بج کر ۲۰ منٹ آتے ہیں اگر کسی مسجد میں مدراسی ٹائم سے گھڑی ہو اسی حساب سے ۱۲ بج کر ۱۰ منٹ باقی ہیں اور زوال دھوپ گھڑی سے مانا جائے گا یا مدراسی ٹائم سے اور یوم جمعہ کو زوال ہوتا ہے یا نہیں؟

الجواب

(۱) اصح و احسن یہی ہے کہ ضحوۂ کبرٰی سے نصف النہار حقیقی تک سارا وقت وہ ہے جس میں نماز نہیں، ہاں جنازہ اسی وقت میں آیا تو پڑھ سکتے ہیں لتادیھا کما وجبت۔

(۲) ہمارے مذہب میں بروز جمعہ بھی وقت استوا پر وہی احکام ہیں جسے لوگ وقت زوال بولتے ہیں، زوال میں صحیح دھوپ گھڑی کا اعتبار ہے مدراس وغیرہ کے اوقات کا کچھ لحاظ نہیں، جو اذان زوال سے پہلے ہوئی ناجائز ہوئی زوال آنے پر پھر کہی جائے کما ھو حکم کل اذان اذن قبل الوقت اب ریلوے گھڑیوں میں جولائی ۱۹۰۵ء سے مدراسی وقت بھی نہیں بلکہ وسط ہند کا وقت ہے جہاں فصل طول ساڑھے بیاسی درجے یعنی ساڑھے پانچ گھنٹے کا ہے لہذا ہندوستان بھر کی گھڑیاں جب سے نو منٹ زائد کر دی گئی ہیں اس زیادت پر بھی جنوری کی ابتدائی تاریخوں

عہ بیاض فی الاصل بخط الناسخ ختمہ علی لفظ التی فبدلناہ بالتحریر ۱۲ مصحح الفقیر حامد رضا خاں غفرلہ

لہ ردالمحتار کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۲۷۳

میں ۱۲ بج کر ۲۰ منٹ سے پہلے زوال ہے، ہاں بعد کی تاریخوں اور فروری میں اتنا اور اتنے سے زائد آنولہ میں ۱۲ بج کر ۲۶ منٹ تک ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۰۶) مسئولہ عبداللہ دکاندار مقام درو ضلع نینی تال روز سہ شنبہ ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۳۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس میں کہ:

(۱) صبح کاذب اور صبح صادق کی مجھے قطعی پہچان نہیں ہے کہ صبح صادق کتنی دیر کی ہوتی ہے کل میعاد لگادی جائے کہ گھنٹہ بھر کا یا کم وبیش مجھے نفلوں میں شک رہتا ہے اور بارہ مہینے ایک ہی برابر ہوتا ہے یا کچھ فرق ہے ہر مہینہ کی علٰحدہ علٰحدہ میعاد لگا دیجئے تاکہ تسکین ہو۔

(۲) تہجد کے وقت بیس رکعت قضا پڑھے تو ہر نیت کے ساتھ اقامت کرے یا کہ پہلی نیت کے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

(۱) ان شہروں میں کم سے کم ایک گھنٹہ انیس منٹ کی ہوتی ہے یعنی صبح صادق ہونے سے طلوعِ آفتاب تک اتنا وقت رہتا ہے یہ مارچ کے مہینہ میں ہے پھر وقت بڑھتا جاتا ہے اخیر جون میں ایک گھنٹہ پینتیس منٹ ہو جاتا ہے اس سے زیادہ صبح کی مقدار ان شہروں میں نہیں ہوتی پھر گھٹتا جاتا ہے اخیر ستمبر میں وہی ایک گھنٹہ انیس منٹ رہ جاتا ہے چوبیس اکتوبر تک یہی رہتا ہے پھر بڑھتا ہے ۲۲ دسمبر کو ایک گھنٹہ ۲۸ منٹ ہو جاتا ہے۔ جاڑے کے موسم میں اس سے زیادہ نہیں بڑھتا پھر گھٹنا شروع ہوتا ہے مارچ میں وہی ایک گھنٹہ ۱۹ منٹ رہ جاتا ہے انھیں ۱۶ منٹ کے اندر دورہ کرتا ہے یعنی کم سے کم ایک گھنٹہ ۱۹ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ ۳۵ منٹ۔

(۲) قضا کہ تنہا پڑھے اس میں ایک دفعہ بھی اقامت نہ چاہئے کہ قضا کرنا گناہ تھا اور گناہ کے چھپانے کا حکم تھا نہ کہ اعلان کا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۰۷) مسئولہ محمد یوسف از فتح پور ڈاکخانہ سیور ضلع بھاگل پور بتاریخ ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۳۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ اوقاتِ نماز کو مقرر کرنا چاہئے یا جس وقت خاص لوگ آلیں اس وقت نماز شروع کرنا چاہئے، بینوا توجروا۔

الجواب

عادت کریمہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ تھی جب لوگ جلد جمع ہو جاتے نماز پڑھ لیتے ورنہ دیر فرماتے مگر آج کل لوگوں کو شوقِ جماعت کم ہے وقت مستحب کی تعیین مناسب ہے پھر بھی اگر تاخیر دیکھیں تو اتنا انتظار کریں کہ حاضرین پر بار نہ ہو اور کسی خاص شخص کے انتظار کے لیے تاخیر نہ چاہئے مگر چند صورتوں میں، اول کہ وہ امام معین ہو، دوم عالمِ دین، سوم حاکمِ اسلام، چہارم پابندِ جماعت کہ بعض اوقات مرض وغیرہ عذر

کی وجہ سے اسے دیر ہوجائے، پنجم سر برآوردہ شریر جس کا انتظار نہ کرنے سے ایذا کا خوف ہے واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۰۸) از مقام آہور ملک مارواڑ متصل آیر پتورا پیر محمد امیر الدین بروز یک شنبہ بتاریخ ۱۲ محرم الحرام ۱۳۳۴ھ
نمازِ عصر کے بعد قرآن شریف پڑھنا دیکھ کر یا زبانی امام اعظم رحمہ اللہ تعالٰی کے نزدیک جائز ہے یا نہیں، بیّنوا توجروا۔

الجواب

بعد نمازِ عصر تلاوتِ قرآنِ عظیم جائز ہے دیکھ کر ہو خواہ یاد پر، مگر جب آفتاب قریبِ غروب پہنچے اور وقتِ کراہت آئے اُس وقت تلاوت التوی کی جائے اور اذکارِ الٰہیہ کیے جائیں کہ آفتاب نکلتے اور ڈوبتے اور ٹھیک دوپہر کے وقت نماز ناجائز ہے اور تلاوت مکروہ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۰۹) بعد نماز عصر کے اور فجر کے سجدہ کرنا یا فقہ پڑھنا امام اعظم رحمہ اللہ تعالٰی کے نزدیک جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب

جائز ہے مگر جب عصر میں وقتِ کراہت آجائے تو قضا بھی جائز نہیں اور سجدہ مکروہ اگرچہ سہو یا تلاوت کا ہو اور سجدۂ شکر تو بعد نمازِ فجر و عصر مطلقاً مکروہ، درمختار میں ہے:

www.alahazratnetwork.org

وکرہ تحریما، وکل ما لا یجوز مکروہ، صلاۃ مطلقا، ولو قضاءً اواجبۃ اونفلا اوعلی جنازۃ وسجدۃ تلاوۃ وسہو، مع شروق واستواء وغروب[1]

مکروہ تحریمی ہے ـــ اور جو کام جائز نہ ہو وہ مکروہ ہی ہوتا ہے ـــ نماز مطلقاً خواہ قضا ہو، واجب ہو، نفل ہو یا نماز جنازہ ہو۔ اور سجدۂ تلاوت اور سجدۂ سہو۔ بوقتِ طلوع، استواء اور غروب۔ (ت)

ردالمحتار میں ہے:

یکرہ ان یسجد شکرا بعد الصلاۃ، فی الوقت الذی یکرہ فیہ النفل ولا یکرہ فی غیرہ[2] اھ واللہ تعالٰی اعلم

نماز کے بعد سجدۂ شکر کرنا ان اوقات میں مکروہ ہے جن میں نماز مکروہ ہے، اس کے علاوہ مکروہ نہیں (ت)

---

[1] درمختار کتاب الصلوٰۃ یستحب تاخیر العصر مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱/۶۱

[2] ردالمحتار " مطلب طلوع الشمس من مغربہا " مصطفی البابی مصر ۱/۲۷۳

مسئلہ (۳۱۰) از سہاور ضلع ایٹہ مسئولہ اولاد علی صاحب بروز شنبہ بتاریخ ۵ صفر المظفر ۱۳۳۴ھ

(۱) زید نے نمازِ فجر طلوعِ آفتاب سے پہلے شروع کی اور اُس کے نماز پڑھنے میں آفتاب نکل آیا تو وہ نماز ہُوئی یا نہیں؟

(۲) نمازِ مغرب غروبِ آفتاب سے پہلے شروع کی اور نماز پڑھتے ہی میں آفتاب غروب ہوگیا تو نماز ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب

(۱) نمازِ فجر میں سلام سے پہلے اگر ایک ذرا سا کنارہ طلوع ہوا نماز نہ ہوگی۔

(۲) اگر ایک نقطہ بھر کنارۂ شمس غروب کو باقی ہے اور اس نے مغرب کی تکبیر تحریمہ کہی نماز نہ ہوگی۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۱۱) مسئولہ منشی عبدالرحمٰن صاحب اعظمی از ریاست جے پور گھاٹ دروازہ ۲۴ محرم ۱۳۳۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ فجر کی نماز جو اصحاب حنفیہ کے یہاں اسفار میں ہے کہ وہ کس وقت سے شروع ہوتا ہے اور طلوعِ آفتاب سے کتنے پر نماز ختم ہونی چاہئے، اس کی کیا مقدار ہے اور بعد اختتام نمازِ فجر کتنے منٹ طلوعِ آفتاب کو باقی رہنا چاہئیں، مفصل طور پر بیان فرمایا جائے، بینوا توجروا۔

الجواب

آج صبح کا جتنا وقت ہے اس کا نصف اول چھوڑ کر نصف ثانی سے وقت مستحب شروع ہوتا ہے کما فی البحرالرائق وغیرہ اور اس میں بھی جس قدر تاخیر ہو افضل ہے اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر[1] (فجر کو خُوب روشن کرو کیونکہ اس میں زیادہ اجر ہے۔ ت) مگر نہ اس قدر کہ طلوع میں شبہہ پڑجائے اتنا وقت رہنا اولٰی کہ اگر نماز میں کوئی فساد ہو تو وقت میں مسنون طور پر اعادہ ہوسکے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۳۱۲) مرسلہ ولی احمد قلعی گر رانی کھیت صدر بازار ۱۸ ربیع الاول شریف ۱۳۳۵ھ

جناب پیر صاحب قبلہ السلام علیکم، بعد سلام علیک کے واضح ہو کہ جمعہ کا وقت جاڑے کے دنوں میں کتنے بجے تک رہتا ہے اور گرمیوں میں کتنے بجے تک رہتا ہے خلاصہ حال سے براہِ مہربانی اطلاع دیجئے اور عصر کا وقت کتنے بجے تک رہتا ہے یہ بھی اطلاع دیجئے ایک شخص اعتراض کرتے ہیں جمعہ کے وقت کا اس وجہ سے آپ کو تکلیف دی فقط والسلام۔

---

[1] مشکوۃ المصابیح باب تعجیل الصلوۃ مطبوعہ مجتبائی دہلی ص ۶۱

۳۳۲

الجواب

جمعہ اور ظہر کا ایک ہی وقت ہے سایہ جب تک سایۂ اصل کے سوا دو مثل کو پہنچے جمعہ و ظہر دونوں کا وقت باقی رہتا ہے، بریلی میں ریلوے وقت سے جاڑوں میں کم از کم ۳ بج کر چالیس منٹ تک وقت رہتا ہے اور گرمیوں میں زیادہ سے زیادہ ۵ بج کے ۲ منٹ تک، عصر کا وقت غروب تک ہے اور اس سے تقریباً بیس منٹ پہلے وقتِ کراہت شروع ہوجاتا ہے، غروب جاڑوں میں ۵ بج کر ساڑھے ۱۵ منٹ پر ہوتا ہے اور گرمیوں میں زیادہ سے زیادہ سات بج کے چودہ منٹ پر، وھو تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۱۳) ۱۶ جمادی الاولٰی ۱۳۱۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ سفر کے عذر سے جس میں قصر لازم آتا ہے دو نمازوں کا جمع کرنا جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

ناجائز ہے، قال اللہ تعالٰی : انّ الصلٰوۃ کانت علی المؤمنین کتٰبا موقوتا[1] (بیشک نماز مسلمانوں پر فرض ہے وقت باندھا ہوا) کہ نہ وقت سے پہلے صحیح نہ وقت کھوکر پڑھنا روا بلکہ فرض ہے کہ نماز اپنے وقت پر ادا ہو حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں،

لیس فی النوم تفریط انما التفریط فی الیقظۃ ان تؤخر صلاۃ حتی یدخل وقت صلاۃ اخرٰی[2]۔ سونے میں کچھ تقصیر نہیں تقصیر تو جاگنے میں ہے کہ تو ایک نماز کو اتنا مؤخر کرے کہ دوسری نماز کا وقت آجائے۔

یہ حدیث خود حالتِ سفر میں حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھی رواہ مسلم و احمد و ابوداود والطحاوی وابن حبان عن ابی قتادۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ کہ سفر و حضر میں حاضر بارگاہِ رسالت پناہ ہمرکاب نبوت مآب رہا کرتے صاف صریح انکار فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو کبھی دو نمازیں جمع فرماتے نہ دیکھا مگر مزدلفہ عرفات میں جہاں کی جمع ہنگام حج حجاج کے لیے سب کے نزدیک متفق علیہ ہے نویں تاریخ عرفات میں ظہر و عصر پھر نویں شب مزدلفہ میں مغرب و عشا ملا کر پڑھتے ہیں صحیح بخاری صحیح مسلم و سنن ابی داود و سنن نسائی و شرح معانی الآثار امام طحاوی میں اُس جناب

---

[1] القرآن ۴/ ۱۰۳

[2] مسند احمد بن حنبل مسانید ابن ابی قتادۃ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۵/ ۳۰۵

سے ہے: قال ما رأیت النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم صلی صلاۃ لغیر میقاتہا الاصلاتین جمع بین المغرب والعشاء وصلی الفجر قبل میقاتہا[1]۔ وفی لفظ للنسائی کان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یصلی الصلاۃ لوقتہا الا بجمع وعرفات[2]۔ سیدنا امام محمد مؤطا شریف میں بسند صحیح امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی: انہ کتب فی الافاق ینہاھم ان یجمعوا بین الصلاتین ویخبرھم ان الجمع بین الصلاتین فی وقت واحد کبیرۃ من الکبائر[3] (یعنی اُس جناب خلافت مآب ناطق بالحق والصواب رضی اللہ تعالٰی عنہ نے تمام آفاق میں فرمان تحریر فرما بھیجے کہ کوئی شخص دو نمازیں جمع نہ کرے اور اُن میں ارشاد فرمادیا کہ ایک وقت میں دو نمازیں ملانا کبیرہ گناہوں سے ایک گناہ کبیرہ ہے) مخالفین کے پاس جمع حقیقی پر قرآن وحدیث سے اصلاً کوئی دلیل نہیں جو کچھ پیش کرتے ہیں یا تو جمع صوری صریح ہے یعنی ظہر یا مغرب کو اُس کے ایسے آخر وقت میں پڑھنا کہ فارغ ہوتے ہی فوراً یا ایک وقفہ قلیل کے بعد عصر یا عشا کا وقت آجائے پھر وقت ہوتے ہی معاً عصر یا عشا کا پڑھ لینا کہ حقیقت میں تو ہر نماز اپنے وقت پر ہُوئی مگر دیکھنے میں مل گئیں ایسی جمع مریض ومسافر کے لیے ہم بھی جائز مانتے ہیں اور حدیثوں سے یہی ثابت ہے یا محض مجمل ہے جس میں جمع حقیقی کی اصلاً بُو نہیں یا صاف محتمل کہ احادیث جمع صوری سے بہت اچھے طور پر متفق ہوسکتی ہے غرض کوئی حدیث صحیح وصریح مفسر اُن کے ہاتھ میں اصلاً نہیں بعونہٖ تعالٰی اس کا نہایت شافی ووافی بیان فقیر نے رسالہ حاجز البحرین الواقی عن جمع الصلاتین ۱۳۱۳ھ میں لکھا کہ اس سوال کے آنے پر تحریر کیا جسے تحقیقِ حق منظور ہو اس کی طرف رجوع کرے وباللہ التوفیق واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۱۴) مرسلہ جناب مولانا مولوی شاہ عبدالغفار صاحب قادری قدوسی مدرس اول مدرسہ جامع العلوم معسکر بنگلور

مولٰنا المولوی جناب مولوی احمد رضا خاں صاحب قادری الحنفی البرکاتی البریلوی ادام برکاتکم والطافکم السلام علیکم وعلٰی من لدیکم حضرت قاضی مفتی ارتضا علی خاں صاحب جو وقت اخراج کے اس طور سے کہ پہلے ایک تختۂ اصطرلاب اپنے سامنے رکھے تھے اور دو دائرہ ہندیہ پتھر پر تیار کرکے اصطرلاب پر شاقول پھرائے اور دائرہ ہندیہ پر نظر کرکے ایسا ایک ہی کامل محنت کرکے یہ رسالہ لکھے ہیں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ مدراس تیرہ[13]

---

[1] صحیح مسلم باب استحباب زیادۃ التغلیس بصلوٰۃ الصبح مطبوعہ اصح المطابع قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۴۱۷

[2] سنن النسائی الجمع بین الظہر والعصر بعرفۃ " سلفیہ لاہور ۲/۳۹

[3] مؤطا امام محمد باب الجمع بین الصلاتین فی السفر والمطر مطبوعہ آفتاب عالم پریس مجتبائی لاہور ص ۱۳۲

www.alahazratnetwork.org

۳۳۴

درجہ پر واقع ہے اور یہ معسکر بنگلور دوسوستّرہ میل پر ساڑھے سترہ درجہ پر ہے ہم اس حساب سے ۵ لحظہ بڑھا کر لیتے ہیں اس رسالہ میں جو ۱۵ لحظہ دیری کرنا لکھے ہیں حاجت نہیں ریلوے حساب سے مدراس اور یہاں دو لحظہ ہی کا فرق ہے اگر ۵ لحظہ تاخیر کریں تو کافی رہا آپ کا بریلی شہر اس حساب کے موافق ہرگز نہ ہوگا کیونکہ اغلباً شاید چودہ درجہ پر ہے، بیّنوا توجروا۔

الجواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، اختلاف اوقات بہ تقدم و تاخر تو ضرور تبدیل طول بلد سے ہوجاتا ہے مگر وہ وجہ تغیر حساب نہیں مثلاً جس بلد میں طلوع شمس کسی جز میں سات بجے پر ہو تو اس عرض کے جتنے بلاد و آفاق ہیں سب میں طلوع شمس جز مذکور میں سات ہی بجے ہوگا بلا تفاوت اگرچہ بلد شرقی میں سات پہلے بجیں گے اور غربی میں بعد ہاں اختلاف عرض موجب تزاید و تناقص و تغیر حساب ہوتا ہے کہ اس کے باعث تعدیل النہار و مطالع البروج و قوس النہار و قوس اللیل و غایت ارتفاع و غایت انحفاض وغیرہا امور جن پر ابتنائے حساب اوقات ہے متبدل ہوجاتے ہیں مدراس بنگلور کے عرض میں ایسا تفاوت نہیں کہ تغیر معتد بہ دے، مدراس تیرہ درجہ ۵ دقیقہ پر ہے اور بنگلور جہاں تک مجھے مراجعت اطالس سے معلوم ہوا ہے علی قول بارہ درجہ انسٹھ دقیقہ اور علی قول آخر ۱۲ درجہ ۵۵ دقیقے پر ہے۔ یہ چھ یا دس دقیقے کا تفاوت چنداں مغیر اوقات نہ ہوگا، پانچ دقیقہ ساعت جو آپ نے مقرر فرمائے کثیر ہیں بریلی کا عرض ۲۸ درجہ ۲۱ دقیقے ہے واللہ تعالٰی اعلم۔

www.alahazratnetwork.org

فتاویٰ رضویہ

جلد 6

رضا فاؤنڈیشن لاہور

بابُ القِبلَۃِ

(قبلہ کا بیان)

مسئلہ ۲۹۳: از خیرآباد ضلع سیتاپور محلہ مہمان سرائے درگاہ حضرت مخدوم صاحب خورد قدس سرہٗ مرسلہ مولوی سید عظیم الدین صاحب خادم آستانہ مقدسہ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۳۲ھ

چہ می فرمایند علمائے دین ومفتیان شرع متین اندریں مسئلہ، نقشہ نظری بالا درگاہ حضرت مخدوم سید نظام الدین صاحب الٰہ دیا خیرآبادی عرف حضرت چھوٹے مخدوم صاحب قدس سرہٗ کا ہے اس احاطہ میں ایک مسجد سہ دری تعمیر شدہ ۱۰۵۶ھ ہے جس کے اندر دو صف کی گنجائش تھی ان صفوف کا جہت قبلہ موافق رخ مسجد قریب ثلث شمالی بین المغربین تھا اور تخمیناً آخر صدی دوازدہم تک اسی رُخ نماز ادا ہوتی رہی بعد ازاں فرشِ مسجد و صحنِ مسجد کو بوجہ شکستہ ہوجانے کے مرمت ہُوئی چونکہ رُخ روضہ شریف کا جو تعمیر کردہ صناعان دہلی تعمیر شدہ ۹۹۴ھ ہے ایسا تھا جس کا جہت قبلہ وسط مغربین ہوتا تھا فرش جدید میں نشان صفوف میں موافق رخ روضہ قائم ہوکر اب تک نماز اُس رُخ ادا ہُوئی اس کارروائی سے اندر مسجد کے بجائے دو صفوف کامل کے ایک صف کامل کی گنجائش رہی اور روقت ضرورت اگر اندر مسجد صف دویم قائم کی گئی تو کامل نہ ہوسکی ناقص رہی اب پھر فرش مذکورہ خراب ہوکر مرمت ہورہا ہے بصورت ضرورت نشانات صفوف جدید قائم کئے جائیں گے، چونکہ اکثر مساجد بلاد وامصار ہند قطب رُخ ہیں جن کا جہت قبلہ ثلث جنوبی مغرب میں ہے، نیز عبارت کتب فقہ سے اس کی تائید حسب ذیل معلوم ہوتی ہے۔

Index

فی تجنیس الملتقط القبلۃ فی دیارنا بین مغرب الشتاء و مغرب الصیف ، فان صلی الی جھۃ خرجت من المغربین فسدت صلاتہ قال الامام ابومنصور ینظر الی اقصر ایام الشتاء والی اطول ایام الصیف فیتعرف مغربھما ثم یترك الثلثین عن یمینہ وثلثا عن یسارہ ویصلی ما بین ذلك ، قال الامام السید ناصر الدین الاول للجواز والثانی للاستحباب کما فی جامع المضمرات[1]۔

تجنیس ملتقط میں ہے کہ ہمارے علاقے کا قبلہ موسم سرما کے مغرب اور موسم گرما کے مغرب کے درمیان ہے اگر کسی نے ایسی جہت میں نماز ادا کی جو دونوں مغرب سے خارج ہو تو نماز فاسد ہوگی، امام ابومنصور نے فرمایا موسم سرما کے سب سے چھوٹے دنوں اور موسم گرما کے سب سے بڑے دنوں کو دیکھا (غور کیا) جائے تو اس طرح ان دونوں کے مغرب کی پہچان ہوجائے گی۔ پھر اپنے دائیں طرف سے دو تہائی اور بائیں طرف سے ایک تہائی چھوڑ کر اس کے درمیان نماز ادا کرے۔ امام السید ناصر الدین نے فرمایا پہلا قول جواز اور دُوسرا استحباب کے لئے ہے، اسی طرح جامع المضمرات میں ہے۔ (ت)

عبارتِ بالا کے متعلق تو یہ بات دریافت طلب ہے کہ صیغہ مضارع ینظر' فیتعرف' یترك' یصلی معروف یا مجہول اور فاعل یا مفعول مالم یسم فاعلہ کون ہے؟ اور لفظ عن یمینہ و عن یسارہ کی ضمائر کا مرجع مصلی ہے یا قبلہ؟ لہٰذا عبارت عربیہ پر اعراب قائم فرمائے جائیں اور فاعل وغیرہ ومرجع ضمائر کی تشریح اور ہدایتاً امور ذیل کی ہدایت مطلوب ہے۔ مسجد موجودہ مذکورہ مخصوصہ کا جہت قبلہ مسجد ہی کے رُخ رہنے دینا اور ہر دو صفوف کامل کی بدستور گنجائش قائم رکھنا افضل واولٰی ہے یا نشانات قائم کرکے جہتِ قبلہ بدل دینا افضل ہے تو قطب رخ جس میں صف واحد بھی کامل نہیں رہتی ہے افضل واولٰی ہے یا روضہ کے مطابق جس سے ایک صف کامل قائم رہ سکتی ہے حدمکان اس مسجد خاص میں بلحاظ تکمیل صفوف کی تصریح مستحب ہے یا تبدیلی جہت قبلہ کی مغرب بین شمس و مغرب بین قمر ایک ہی ہیں یا جُداگانہ؟ جواب استفتاء ہٰذا کی نہایت عجلت ہے کہ مرمت قریب الاختتام ہے اور یہ پوشیدہ نہیں کہ بحالت تری فرش کے نشانات جیسے پائدار قائم ہوسکیں گے بعد خشکی ممکن نہ ہوگا لہٰذا توجہ خاص کا محتاج ہے اور چونکہ یہ استفتاء خاص متعدد علوم وفنون سے تعلق رکھتا ہے بدیں وجہ باوجود آگہی عدیم الفرصتی بندگان ذات بابرکات سے رجوع کی گئی کہ حسب مراد دوسرے کی دوسری جگہ حصول جواب کی پُوری امید نہ تھی لہٰذا اس تکلیف دہی خاص کی نسبت متر صد معافی ہوکر توجہ خاص سے مستفید ہونے کا بواپسی امیدوار ہوں ، جزاکم اللہ فی الدارین خیرا۔

---

[1] تجنیس الملتقط

www.alahazratnetwork.org

۵۵

الجواب

علمائے کرام نے جو خاص تخمینے جہتِ قبلہ کے لئے ارشاد فرمائے وہ خاص اپنے بلاد کے لئے ہیں نہ کہ حکم عام، ولہٰذا وہ تخمینے بہت مختلف آئے ہیں جن کا بیان ہمارے رسالہ ھدایۃ المتعال فی حد الاستقبال میں ہے۔

علامہ برجندی نے شرح نقایہ میں اسی عبارت تجنیس الملتقط کی نسبت فرمایا انما یصح فی بعض البقاع[1] (یہ قاعدہ بعض جگہوں میں صحیح و درست ہے۔ ت) خیرآباد جس کا عرض شمالی ستائیس[۲۷] درجے اکتیس[۳۱] دقیقے اور گرینچ سے مشرقی اسی درجے اڑتالیس[۴۸] دقیقے ہے اس کا قبلہ تقریباً ٹھیک نقطۂ مغرب الاعتدال ہے یعنی وسط مغربین صیف و شتا وسط حقیقی سے جنوب کی طرف ایک خفیف مقدار جھکا ہوا کہ پاؤ درجہ تک بھی نہیں پہنچتی نہ وہ محسوس ہونے کے قابل ہے۔

وذلك لان عرض مكة المكرمة شرفها الله تعالٰی کا حه اله وطولها مدى فما بين الطولين مدلح لوظل عرض مكة ۹٫۶۵۹۳۵۴۲۳ ۔لوجم مابين الطولين ۹٫۶۸۸۰۱۸۰۲=۹٫۶۷۱۳۳۶۲۰ قوسه فی جدول الظل حه لط نه لوجمها ۹٫۶۹۴۸۵۸۹۶ ۔، محفوظ اول، ثم فضل عرض البلد علی هذه القوس ماقه لوجمها بالتدقيق ۹٫۶۵۰۸۳۹۵۸ ۔محفوظ ثانی، فلوظل ما بين الطولين ۹٫۶۹۳۳۵۴۴۶ + محفوظ اول ۔محفوظ ثانيا =۱۲٫۶۳۷۳۷۲۸۴ قوس هذا الظل فسط حمه الو ۔ هو الانحراف الی نقطة المغرب من نقطة الجنوب لان عرض البلد الشمالی اکثر من القوس المذكورة فالانحراف من المغرب الاعتدال الی الجنوب مدقلح وهو المقصود۔

یہ اس لئے ہے کہ مکہ مکرمہ (اللہ تعالٰی اس کی بزرگی میں اضافہ فرمائے) کا عرض مثلاً کا حه اله ہو اور اس کا طول مدى ہو تو دونوں طولوں کے درمیان مدلح ہوگا کہ اگر ظل عرض مکہ ۹٫۶۵۹۳۵۴۲۳ ۔ لوجم جو دونوں طولوں کے درمیان ہے ۹٫۶۸۸۰۱۸۰۲=۹٫۶۷۱۳۳۶۲۰ ہے جس کا قوس جدول میں حه لط نه ہو اس کا لوجم ۹٫۶۹۴۸۵۸۹۶ ہے یہ محفوظ اول ہے۔ پھر اس قوس پر عرض بلد زائد ہوگا جو ماقه ہے جس کا لوجم بالتدقیق ۹٫۶۵۰۸۳۹۵۸ ہے یہ محفوظ ثانی ہے، پس اگر ظل "جو دونوں طولوں کے درمیان ہے" ۹٫۶۹۳۳۵۴۴۶ + محفوظ اول ۔ محفوظ ثانی = ۱۲٫۶۳۷۳۷۲۸۴ ہے اس ظل کا قوس فسط حمه لو ہے اور یہ نقطہ جنوب سے نقطہ مغرب کی طرف انحراف ہے کیونکہ بلد شمالی کا عرض قوسِ مذکورہ سے زائد ہے پس مغربِ اعتدال سے جنوب کی طرف انحراف مدقلح ہے اور یہی مقصود ہے۔ (ت)

---

[1] شرح النقایہ للبرجندی　کتاب الصلوٰۃ　مطبوعہ نولکشور لکھنؤ　۸۹/۱

۵۶

سوال میں وسط مغربین کو جہت قبلہ روضہ رخ لکھا اس سے معلوم ہوا کہ مزار مبارک کا منہ صحیح جانب قبلہ تحقیقی ہے تو لازم تھا کہ سرہانا تقریباً سیدھا جانب قطب ہو کہ وسط مغربین و وسط قطبین شئ واحد ہے مگر نقشہ میں قطب شمالی کا خط دیوار روضۂ مبارکہ سے جانب مغرب منحرف بنایا ہے اگر واقعی اتنا انحراف ہے تو وسط مغربین کا ہرگز جہت قبلہ روضہ رخ ہونا متصور نہیں پھر یہاں امر اہم اس کی معرفت ہے کہ دیوار محراب مسجد کو قبلۂ تحقیقی سے کتنا انحراف ہے اگر وہ انحراف ثمن دور یعنی ۴۵ درجے کے اندر ہے تو نماز محراب کی جانب بلا تکلف صحیح و درست ہے اس انحراف قلیل کا ترک صرف مستحب ہے خود سوال میں تجنیس ملتقط سے گزرا:

قال الامام السید ناصر الدین، الاول للجواز والثانی للاستحباب[1]۔

امام ناصر الدین نے کہا: پہلی صورت میں جواز اور دوسری میں استحباب ہے۔ (ت)

اسی طرح اُس سے اور نیز ملتقط سے حلیہ امام ابن امیر الحاج میں ہے، شرح زاد الفقیر للعلامۃ الغزی و شرح الخلاصۃ للقہستانی۔ پھر ردالمحتار میں وہی دو ثلث جانب راست اور ایک ثلث جانب چپ رکھنا بیان کرکے فرمایا:

ولو لم یفعل ھکذا وصلی فیما بین المغربین یجوز[2]۔

اگر کسی نے اس طرح نہ کیا اور مغربین کے درمیان نماز پڑھی تو جائز ہوگی۔ (ت)

تو ایک امر مستحب کے لئے مسلمانوں کو تردد میں ڈالنا اور صفوف مسجد کو ناقص و ناتمام کردینا ہرگز مناسب نہیں۔ شرع مطہر میں تکمیل نہایت امر مہتم بالشان ہے جس کا پتا اس حدیث سے چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من وصل صفا وصلہ اللہ ومن قطعہ قطعہ اللہ[3]۔

جس نے صف کو ملایا اللہ تعالیٰ اسے ملائے گا اور جس نے صف کو قطع کیا اللہ تعالیٰ اسے قطع فرمائے گا (ت)

یہاں اگر قطع صف موجود نہیں صف بروجہ قطع ہے کہ دیواریں حائل ہوکر تکمیل نہ کرنے دیں گی فکان کالصف بین السواری وقد نھی عنہ بنحو ذلك کما ذکرنا فی فتاوٰنا (یہ اس صف کی طرح ہے جو ستونوں کے درمیان ہو حالانکہ اس سے اور اس طرح کی دوسری صورتوں سے منع کیا گیا ہے جیسا کہ اسے ہم نے اپنے فتاوٰی میں بیان کیا۔ ت) بیان

---

[1] تجنیس الملتقط

[2] ردالمحتار　باب شروط الصلوٰۃ　مطبوعہ مصطفی البابی مصر　۳۱۶/۱

[3] سنن ابوداؤد　باب تسویۃ الصفوف　" آفتاب عالم پریس لاہور　۹۷/۱

www.alahazratnetwork.org

۵۷

سوال اگر صحیح ہے تو یہ انحراف میں ثابت کرچکے ہیں کہ جب تک ۴۵ درجے انحراف نہ ہو نماز بلاشُبہ جائز ہے اور یہ کہ قبلۂ تحقیقی کو مُنہ کرنا نہ فرض نہ واجب صرف سنّتِ مستحبہ ہے لہذا مسجد میں نماز بلاشُبہ جائز ہے اور اس میں اصلاً نقصان نہیں، نہ یہ دیوار سیدھی کرنا فرض البتہ بہتر و افضل ہے، ردالمحتار میں ہے:

لوانحرف عن العین انحرافا لاتزول منہ المقابلۃ بالکلیۃ جاز ویؤیدہ ماقال فی الظہیریۃ اذاتیامن اوتیاسر تجوز[1]۔

اگر عین کعبہ سے اتنا منحرف ہُوا کہ اس سے بالکلیہ مقابلہ ختم نہ ہو تو نماز جائز ہے اس کی تائید ظہیریہ کی اس عبارت سے ہوتی ہے کہ جب وُہ تھوڑا دائیں یا بائیں ہو جائے تو نماز جائز ہوگی۔ (ت)

حلیہ میں ملتقط سے:

ھذا استجاب والاول للجواز اھ یرید ان عدم الانحراف مھما قدر مستحب والانحراف مع عدم الخروج عن الجھۃ بالکلیۃ جائز[2]۔

یہ استجاب کے لئے ہے اور پہلا جواز کے لئے ہے اھ اس سے مراد یہ ہے کہ کسی قدر بھی انحراف نہ ہو یہ مستحب ہے اور اس طرح کا انحراف کہ جہت کعبہ سے بالکل خروج نہ ہو یہ بھی جائز ہے۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

پھر اگر اس افضل کو اختیار کرنا چاہیں تو دیوار سیدھی قطب سے مشرق کو ہٹی ہوئی بنائیں اور اس کا وہ طریقہ جس میں زاویہ ناپنے کی حاجت نہ پڑے یہ ہے کہ اس دیوار قبلہ کا جنوبی گوشہ جس پر حرف "ب" لکھا ہے قائم رکھیں اور صحیح قطب نما سے ایک خط ب سے سیدھا قطب کو اتنا بڑا کھینچیں جس کا طول اس دیوار کے برابر ہو ایک رسّی لیں اور اس کا ایک سرا حرف ب پر خوب جمائے رہیں کہ سرکنے نہیں اور دوسرا سرا حرف ح سے ملا کر مشرق کی طرف اس طرح کھینچیں کہ رسّی میں جھول نہ پڑنے پائے، اس کی کشش سے کمان کی شکل میں زمین پر بن جائے اور پھر ایک سیدھی لکڑی سوا چھ قبضہ کی ناپ کر اس کا ایک سرا حرف ح پر رکھیں اور دوسرا اس کمان سے ملادیں جہاں ملے اس ملنے کی جگہ کا نام حرف ۶ رکھیں، ۶ سے ب تک سیدھا خط ملادیں، یہ ٹھیک دیوارِ قبلہ ہوگی

وذلک لان فی مثلث ح ب ۶، ساقا ح ب، ۶ ب۔ کل ۱۰۶۔ وزاویۃ ب = ح لہ فکل من زاویتی القاعدۃ مہ ح ل فلو جیبھا

اور یہ اس لئے کہ مثلث ح ب ۶ میں ح ب، ۶ ب کی دو ساقیں ہیں کل ۱۰۶ ہوئے اور زاویہ ب = ح لہ ہے تو قاعدہ کے دونوں زاویوں کا کل مہ ح ل

---

[1] ردالمحتار باب شروط الصلوٰۃ مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۳۱۵
[2] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

۵۸

۹۶۹۹۹۸۱۰۷ ولوجیب ح لحہ ۸۶۷۷۰۹۶۹۷ ولو ۱۰۶ = ۲۶۰۲۵۳۰۵۹ مجموع ھذین = ۹۹۹۸۱۰۷ — ۱۰۶۷۹۶۲۷۵۶ = ۰۶۷۹۶۴۶۴۹ عددہٗ = ۶۲۵۸ ۶ ھذہ قبضات خطح ۶ وذلك ما اردناہ۔

ہوگا اس کا اگر جیب ۹۶۹۹۹۸۱۰۷ ہوا اور اگر جیب ح لحہ کا ۸۶۷۷۰۹۶۹۷ ہے اور لو ۱۰۶ = ۲۶۰۲۵۳۰۵۹، ان دونوں کا مجموعہ = ۹۹۹۸۱۰۷ — ۱۰۶۷۹۶۲۷۵۶ = ۰۶۷۹۶۴۶۴۹، جس کا عدد = ۶۲۵۸ ۶ ہے یہ خطح ۶ کے قبضے ہیں اور یہی ہماری مراد ہے (ت)

اور اگر پہلے صحیح جانچ کرلی ہو تو دوبارہ قطب نما لگانے اور زیچ کا خط یعنی ح ب بنانے کی حاجت نہیں بلکہ دیوار کے ناپ کی رسّی لیں اور اس کا ایک سرا حرف ب کی جگہ پر خوب جما کر رسّی میں بے خم پڑے دوسرا سرا دیوار کے حرف ا پر رکھ کر دوسرا سرا جہاں ملے کمان سے ملادیں، اس ملنے کی جگہ دیوار کے کنارہ ب تک سیدھا خط کھینچ دیں دیوار قبلہ اس خط پر اٹھائیں کہ صحیح ہوگی

لان زاویۃ اب ۶ = ولر کما تقدم فکل زاویۃ القاعدۃ ومال جیبہا ۹۶۹۹۹۳۷۵۷ وجیب ولر ۹۰۵۵۰۹ ۰۰۶۱۵۵۰۹ فاذا جمع فیہ ۱۰۶ اصار ۹۶۹۹۹۳۰۵۷ — ۱۱۶۰۸۶۸۵۶۸ = ۱۶۰۸۷۵۸۱۱ عددہ ۱۲۶۲۳۴ وذلك ما اردناہ۔

کیونکہ زاویہ اب ۶ = ولر کے ہے جیسا کہ گزرا تو قاعدہ کے زاویہ کا کل ومال ہوگا جس کا جیب ۹۶۹۹۹۳۷۵۷ اور جیب ولر کا ۹۰۵۵۰۹ د ۰۰۶۱ ہے تو جب اس میں اگر ۱۰۶ کو جمع کیا جائے تو یہ ۱۱۶۰۸۶۸۵۶۰ — ۹۶۹۹۹۳۰۵۷ = ۱۶۰۸۷۵۸۱۱ ہوگا جس کا عدد = ۱۲۶۲۳۴ ہے اور یہی ہماری مراد ہے۔ (ت)

مگر ان صورتوں میں ایک لحاظ لازم ہے جبکہ مسلمان اُسے مسجد کر چکے تو یہ گلی جو دیوار سیدھی کرنے میں چھوٹے گی اُسے ضائع چھوڑ دینا جائز نہیں کہ وہ مسجد ہی کا ٹکڑا ہے اور اُس کی بے حرمتی حرام۔ تو یا تو سیدھی دیوار ہی اور چُن کر اس سے ملادیں کہ زمین چھوٹی نہ رہے یا ممکن ہو تو دیوار کا گوشہ الف برقرار رکھیں اور گوشہ ب سے سوا بارہ قبضہ زمین مغرب کو حرف س تک بڑھا کر ا اور س میں خط ملا کر دیوار جدید اٹھائیں کہ اگلی دیوار کی زمین شاملِ مسجد رہے واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۳۹۵: ازحیات نگر ڈاکخانہ سرائے ترین ضلع مرادآباد مرسلہ سید حبیب شاہ صاحب ۸ جمادی الاخری ۱۳۳۶ھ

ہادی مراحل تحقیق جناب مولٰنا صاحب دامت برکاتکم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ جناب عالی اس قصبہ حیات نگر کی مسجد سمت مغرب سے متجاوز ہے اُس کا نقشہ علیحدہ ایک پرچہ کاغذ کی پشت پر اور اس کا تمام حال کاغذ کی پیشانی پر لکھ کر حضور کے ملاحظہ کے واسطے ارسال کرتا ہوں باعث اس کا یہ ہے کہ یہاں چند اشخاص ایسے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ اس مسجد میں سیدھے مسجد کے رُخ نماز نہیں ہوتی کمترین نے ایک صاحب کے پاس مسجد کا

www.alahazratnetwork.org

٥٩

نقشہ بھیج کر اُن سے دریافت کیا تھا انھوں نے ردالمحتار سے یہ نشان دے کر (ج ا ص ۴۴۶) کچھ عربی کی عبارت لکھ کر اُس کا خلاصہ اُردو میں کیا تھا کہ انحراف قلیل جانب کعبہ سے مصلی کو مضر نہیں ہے اور اس انحراف قلیل کی حد یہ ہے کہ چہرہ اور چہرے کے اطراف میں کوئی جز و کعبہ کے مقابل باقی رہے اس طرح کہ چہرہ یا اُس کے بعض اطراف سے کعبہ تک خطِ مستقیم کھینچا جا سکے اور یہ ضرور نہیں ہے کہ یہ خط مستقیم پیشانی سے ہی خارج ہو بلکہ عام ہے خواہ پیشانی سے خارج ہو یا اُس کے دونوں طرف میں سے کسی طرف سے خارج ہوا ہو اس صورت میں بہت بڑی وسعت ہے، جو نقشہ مسجد کا آپ نے بھیجا ہے اس مسجد میں مسجد کے رُخ پر نماز پڑھنا بے شُبہ جائز ہے لہذا مسجد کے رُخ پر نماز پڑھائیے، بعض صاحب اس جواب کو پذیرا نہیں کرتے اور وہ حضور ہی پر اس کا انحصار رکھتے ہیں لہذا گزارش یہ ہے کہ حضور اس کاغذ کو جس پر مسجد کا نقشہ ہے ہر دو جانب سے ملاحظہ فرما کر اگر ممکن ہو تو کاغذ مذکور کے ذیل ہی میں جو دریافت طلب گزارشیں کاغذ کی پیشانی پر عرض کی گئی ہیں اُن کا جواب ارقام فرما کر کمترین کو معزز فرمایا جائے۔ واجباً گزارش ہے اس مسجد کا رُخ نقشۂ مذکور سے بخوبی نمایاں ہے، یہ قصبہ حیات نگر ۲۸ درجے ۳۰ دقیقے عرض شمالی پر واقع ہے اور مکہ معظمہ ۲۱ درجے ۳۰ دقیقے عرض شمالی پر، لہذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس مسجد میں جماعت سیدھی مسجد کے رُخ پر کی جائے یا مسجد کا خیال چھوڑ کر اور کعبہ شریف کا خیال کرکے ٹیڑھی اور اگر مسجد کے رُخ پر سیدھی جماعت کی جائے تو نماز ہوگی یا نہیں؟

www.alahazratnetwork.org

الجواب

ا ب ح مثلث قائم الزاویہ ہے ب موضع قیام مصلی ح سمت نقطہ مغرب کہ ا سمت قطب شمالی ہے نقطہ ب سے مسجد کی دیوار قبلہ ا ح پر عمود ب ح قائم کیا تو مثلث ا ب ح کا مشابہ ہوا اُس کا زاویہ ب اُس کے زاویہ ا کے مساوی ہے کہ ہر ایک زاویہ ح سے مل کر ا قائمہ کے برابر ہے تو زاویہ ا زاویہ انحراف یعنی اس کے مساوی ہوا، یہ وہ مقدار ہے کہ مسجد نقطہ مغرب سے جس قدر شمال کو جھکی ہوئی ہے یہ زاویہ پیمائش میں ۱۸ درجے ہے۔ اب یہ معلوم کرنا ہے کہ حیات پور میں قبلہ نقطہ مغرب سے کتنا جدا ہے اس کے لئے صرف عرض بلد کافی نہیں ہوتا طول بھی درکار ہے۔ وہ سوال میں نہ لکھا نہ یہاں اطلس میں حیات پور کا نام نکلا مگر ضلع مراد آباد کی عام آبادیاں ۸۰، ۹۰ درجے کے اندر ہیں ۲۸ درجے عرض پر اگر طول ۸۰ درجے ہو تو عمود قبلہ سمت الراس سے جنوب کو تین درجے جُھکے گا، دوسری میں دو درجے ستائیس دقیقے، بہرحال حیات پور میں قبلہ جنوب کو تقریباً ۲ درجے مائل ہے اور مسجد ۱۸ درجے شمال کو ہے تو مسجد قبلہ واقعیہ حیات پور سے اکیس درجے کم شمال کو جُھکی ہوئی ہے اور ہم نے اپنے رسالہ ھدایۃ المتعال فی حد الاستقبال میں ثابت کیا ہے کہ جب تک پینتالیس درجے انحراف نہ ہو سمتِ قبلہ باقی رہتی ہے۔ عبارت ردالمحتار وغیرہا عبارات کثیرہ مختلفہ اسی طرف راجح ہیں نہ وہ اطلاق کہ سوال میں کسی سے حکایت کیا تو یہ مسجد ضرور حدِ قبلہ کے اندر ہے بلکہ اس سے دوچند جھکی ہوتی تب بھی حد سے

۶۰

نہ نکلتی، تو اگر مسجد ہی کے رُخ پر نماز پڑھی جائے ضرور صحیح ہو جائے گی مگر بعد اطلاع قبلہ سے اتنا انحراف مکروہ و خلافِ سنّت ہے، لہذا سمتِ مسجد کا خیال نہ کریں بلکہ سمتِ قبلہ کا، یعنی خط ب ۶ کی سیدھ سے بھی پونے تین درجے جنوب کی جانب اور جھکیں لیکن یہ انحراف ضعیف ہوگا اگر خط ب ۶ ہی کی سیدھ پر پڑھیں حرج نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

www.alahazratnetwork.org

رسالہ ۲۴
ہِدَایَۃُ المُتعال فی حد الاستقبال ۱۳
(استقبالِ قبلہ کی تعیین میں اللہ تعالٰی جل شانہ، کی رہنمائی)

مسئلہ ۳۹۶: از علی گڑھ معرفت مولوی بشیر احمد صاحب مدرس اول مدرسہ اہلسنت ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۲۴ھ

شہر علی گڑھ کی عیدگاہ کہ صدہا سال سے بنی ہوئی ہے اور حضرات علماء متقدمین بلاکراہت اس میں عیدین کی نمازیں پڑھتے پڑھاتے رہے، آج کل کی نئی روشنی والوں نے اپنے قیاسات اور نیز آلاتِ انگریزی سے یہ تحقیق کیا ہے کہ سمت قبلہ سے منحرف ہے اور قطب شمالی داہنے کونے کی پشت پر واقع ہے کہ جس سے نوّے فٹ کے قریب مغرب سے پھری ہوئی ہے لہذا اس کو توڑ کر سمت ٹھیک کرنا مسلمانانِ شہر پر بر تقدیر استطاعت کے لازم اور فرض ہے ورنہ نماز اس میں مکروہ تحریمی ہے، اور ۱۰ دسمبر ۱۹۰۶ء کو اس میں ایک فتوٰی چھپا جس کی عبارت جواب یہ ہے: "اگر وہاں کے مسلمانوں میں اس قدر مالی طاقت ہے کہ اس کو شہید کرکے ٹھیک سمتِ قبلہ پر بناسکتے ہیں تو ان کے ذمے فرض ہے کہ وہ ایسا ہی کریں اور اگر ان میں اسے ٹھیک سمت قبلہ کی طرف بنانے کی طاقت نہیں تو ان کے ذمہ فرض ہے کہ وہ اس مسجد یا عیدگاہ میں ٹھیک سمتِ قبلہ کی طرف خطوط کھینچ لیں اور اُن خطوط پر کھڑے ہوکر نماز پڑھا کریں، چنانچہ ہدایہ میں مذکور ہے:

ومن کان غائبا ففرضہ اصابتہ جھتھا ھو الصحیح لان التکلیف بحسب الوسع[1] انتھی

جو شخص کعبہ سے دور ہو اس پر نماز کے دوران سمت کعبہ کی طرف رُخ کرنا فرض ہے یہی صحیح ہے کیونکہ تکلیف حسبِ طاقت ہوتی ہے انتہی (ت)

---

[1] الہدایۃ باب شروط الصلٰوۃ مطبوعہ المکتبۃ العربیہ کراچی ۱/۸۰

۶۲

کتبِ معتبرہ سے یہ ارشاد ہو کہ اب ہندوستان کا قبلہ مابین المغربین ہونا چاہئے یا کیا ؟ اور اس کا سمتِ قبلہ درست کرنا فرض ہے یا کیا ؟ بینوا توجروا

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی جعل لنا الکعبۃ قبلۃ و اماناً والصلٰوۃ والسلام علی من الی افضل قبلۃ ولّانا، رسول الثقلین و امام القبلتین جعل اللہ تعالٰی بابہ الکریم فی الدارین قبلۃ اٰمالنا وکعبۃ منانا وعلٰی اٰلہ وصحابتہ و سائر اھل قبلتہ الذین ولوا الیہ وجوھھم تصدیقا و ایمانا اٰمین اللھم ھدایۃ الحق والصواب۔

تمام تعریف اللہ تعالٰی کے لیے جس نے کعبہ کو ہمارا قبلہ اور پناہ گاہ بنایا اور صلوٰۃ سلام ان پر کہ جس نے ہمیں اچھے قبلہ کی طرف پھیرا، جن وانس کے رسول اور دونوں قبلوں کے امام جن کے باعزت دروازے کو اللہ تعالٰی نے جنھیں دنیا وآخرت میں ہماری تمام امیدوں کا قبلہ اور آرزوؤں کا کعبہ بنایا، آپ کی آل، اصحاب اور اُن اہل قبلہ پر جنھوں نے حالتِ ایمان وتصدیق میں اس کعبہ کی طرف رخ کیا آمین: اے اللہ! حق وصواب کی ہدایت فرمادے)

www.alahazratnetwork.org

فتوائے مذکورہ محض باطل اور حلیہ صدق وصحت سے عاطل اور منصب افتا پر نرا اجترا بلکہ شریعتِ مطہرہ پر کھلا افترا ہے۔

اوّلاً اگر بفرض باطل یہ عیدگاہ جہت قبلہ سے بالکل خارج ہوتی بلکہ مشرق ومغرب بدل گئے ہوتے جب بھی یہ جبروتی حکم کہ بحالت استطاعت اسے توڑ کر ٹھیک سمت قبلہ پر بنانا فرض ہے، دل سے نئی شریعت ایجاد کرنا تھا، اس حالت پر غایت یہ کہ اگر بے انہدام کوئی چارۂ کار ممکن نہ تھا منہدم کرنا مطلوب ہوتا ٹھیک ہمت پر بنانا کس نے فرض مانا، عیدگاہ میں کوئی عمارت ہونا ہی سرے سے خدا و رسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرض کیا نہ واجب نہ سنّت، زمانۂ اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں مصلائے عید کفِ دست میدان تھا جس میں اصلاً کسی عمارت کا نام نہ تھا، جب حضور پُرنور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نمازِ عید کو تشریف لے جاتے مواجہ اقدس میں سُترہ کے لئے ایک نیزہ نصب کر دیا جاتا، زمانۂ خلفائے راشدین رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین میں بھی یونہی رہا۔ عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالٰی عنہ نے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے نماز پڑھنے کے سب مواضع میں تبرک کے لئے مسجدیں بنائیں ظاہراً انھیں کے وقت میں مصلائے عید میں بھی عمارت بنی کما استظھرہ السید نور الدین السمھودی قدس سرہ فی تاریخ المدینۃ الکریمۃ (جیسا کہ سید نور الدین سمہودی قدس سرہ نے اپنی کتاب تاریخ المدینۃ المنورہ میں اس بات کی تصریح کی ہے۔ ت) صحیح بخاری شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہے:

۶۳

ان النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کان ترکزلہ الحربۃ قدامہ یوم الفطر والنحر ثم یصلی۔[1]

نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے مواجہہ اقدس کے سامنے عید الفطر اور عید الاضحٰی کے موقع پر نیزہ نصب کیا جاتا پھر آپ نماز پڑھاتے۔(ت)

انھیں کی دُوسری روایت میں ہے،

قال کان النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یغدو الی المصلّی والعنزۃ بین یدیہ تحمل و تنصب بالمصلّی بین یدیہ فیصلی الیہا۔[2]

حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عیدگاہ کی طرف تشریف لے جاتے تو آپ کے آگے نیزہ اٹھا کر لایا جاتا اور عیدگاہ میں آپ کے سامنے گاڑ دیا جاتا تھا پھر اس کی طرف رُخ کرکے نماز پڑھاتے تھے(ت)

سنن ابن ماجہ و صحیح ابن خزیمہ و مستخرج اسمٰعیلی میں زائد کیا:

وذلک ان المصلی کان فضاء لیس فیہ شیئ یستتربہ۔[3]

یہ اس لئے کیا جاتا تھا کہ عیدگاہ فضاء میں تھی وہاں کوئی ایسی چیز نہ تھی جسے سُترا بنایا جاسکے۔(ت)

افسوس کہ نئی روشنی کا یہ فرض زمانۂ رسالت و زمانۂ خلافت و زمانۂ رسالت سب میں متروک رہا۔

ثانیاً اس عیدگاہ کی عمارت موجودہ سے دین الٰہی کو کوئی ایسا ضرر شدید پہنچتا ہے جس کے سبب اس کا ڈھانا فرض ہوگیا نہیں اگر نہیں تو بحال استطاعت مالی اس کا ہدم کیوں فرض ہوا اور اگر ہاں تو بحال عدم استطاعت مالی کیوں فرض نہیں، استطاعت مالی بنانے کو چاہئے، ڈھانے میں کیا ایسا درکار ہے جس سے مسلمانانِ شہر عاجز ہوں۔

ثالثاً خطوط سمت قبلہ ڈال لینے سے کاربراری ممکن اور وہ ضرر مندفع ہے یا نہیں، اگر نہیں تو بحال عدم استطاعت یہ لغو حرکت کیوں فرض ہوئی اور کس نے فرض کی، اور اگر ہاں تو بحال استطاعت یوں کاربراری کس نے حرام کی کہ بالتعیین ڈھا دینا ہی فرض ہوگیا، کیا یہاں متعدد ضرر مفترض الازالہ مختلف الحالہ ہیں کہ توزیع ممکن ہو۔

رابعاً یہ عیدگاہ سمت سے یکسر خارج ہے یا حدود جہت کے اندر ہے اگرچہ محاذات عین سے منحرف ہے برتقدیر اول اس میں نماز مکروہ تحریمی کیوں ہوئی باطل محض ہونی لازم تھی، برتقدیر ثانی اس کا ڈھانا کیوں فرض ہوا جبکہ وہ حدود مشروع کے اندر ہے۔

---

[1] صحیح بخاری باب الصلٰوۃ الی الحربۃ یوم العید مطبوعہ قدیمی کتب خانہ اصح المطابع کراچی ۱/ ۱۳۳

[2] صحیح بخاری باب حمل العنزۃ او الحربۃ الخ " " " " " " " "

[3] سُنن ابن ماجہ باب ماجاء فی الحربۃ یوم العید مطبوعہ آفتاب عالم پریس لاہور ص ۹۳

خامساً علمائے کرام کا حکم تو یہ ہے کہ جہت سے بالکل خروج ہو تو نماز فاسد اور حدودِ جہت میں بلا کراہت جائز کہ آفاقی کا قبلہ ہی جہت ہے نہ کہ اصابت عین۔ بدائع امام ملک العلماء ابوبکر مسعود کاشانی پھر حلیہ امام ابن امیر الحاج حلبی میں ہے:

قبلته حالة البعد جهة الكعبة وهي المحاريب لاعين الكعبة[1]۔ کعبہ سے دُوری کی صورت میں جہتِ کعبہ ہی قبلہ ہے اور وہ محرابِ مسجد ہے نہ کہ عینِ قبلہ۔ (ت)

جامع الرموز میں امام زندویسی سے ہے: الجهة قبلة كالعين[2] (جہتِ کعبہ عینِ قبلہ کی طرح ہے۔ ت) ہاں حتی الوسع اصابتِ عین سے قرب مستحب۔ اس بارے میں ملتقط و حلیہ وغیرہما کے نصوص بعونہٖ تعالیٰ آگے آتے ہیں، اور خیریہ میں فرمایا: هو افضل بلاريب ولامين[3] (یہ بغیر کسی شک وشُبہ کے افضل ہے۔ ت) درر مولا خسرو و ردالمحتار میں ہے:

لوانحرف عن العين انحرافا لا تزول منه المقابلة بالكلية جاز ويؤيده ماقال في الظهيرية اذا تيامن اوتياسر تجوز[4]۔ اگر عینِ کعبہ سے بالکلیہ انحراف نہ ہو (یعنی معمولی انحراف ہوا) تو نماز جائز ہے۔ اس کی تائید ظہیریہ کے ان الفاظ سے ہوتی ہے: جب نمازی ذرا دائیں یا بائیں ہوگیا تو نماز جائز ہوگی۔ (ت)

اور ترکِ مستحب مستلزم کراہت تنزیہ بھی نہیں کراہت تحریم تو بڑی چیز، بحرالرائق باب العیدین میں ہے:

لايلزم من ترك المستحب ثبوت الكراهة اذلا بدلها من دليل خاص[5]۔ ترکِ مستحب سے کراہت لازم نہیں آتی کیونکہ اس کے ثبوت کے لئے مستقل دلیل کا ہونا ضروری ہے (ت)

تو اُس میں نماز مکروہ تحریمی ٹھہرانا نئی روشنی کی محض ظلماتی ساخت ہے۔

سادساً عبارت ہدایہ کہ فتوٰی مذکورہ نے نقل کی اُس کے مُدعا سے اصلاً مس نہیں رکھتی بلکہ حقیقۃً وہ اس کا رد ہے، عبارت کا مطلب یہ ہے کہ غیر مکّی کو ہرگز ضرور نہیں کہ اس کی توجہ عینِ کعبہ معظمہ کی طرف ہو بلکہ اس جہت کی طرف

---

[1] بدائع الصنائع فصل فی شرائط الارکان مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۱۱۸

نوٹ: بدائع میں یہ عبارت معناً مذکور ہے الفاظ بعینہٖ موجود نہیں۔ نذیر احمد سعیدی

[2] جامع الرموز فصل شروط الصلوٰۃ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۱۳۰

[3] فتاوٰی خیریہ کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت ۱/۹

[4] ردالمحتار باب شروط الصلوٰۃ مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۳۱۵

[5] البحرالرائق باب العیدین " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۱۶۳

منہ ہونا بس ہے جس میں کعبہ واقع ہے کہ تکلیف بقدر وسعت اور طاعت بحسب طاقت ہے اس سے خود ثابت ہُوا کہ غیر مکّہ مکرمہ میں اتنا انحراف کہ جہت سے خارج نہ کرے مضر نہیں اور اس کی تصریح نہ صرف ہدایہ بلکہ عامہ کتب مذہب میں ہے پھر مسافت بعیدہ میں ایک حد تک کثیر انحراف بھی جہت سے باہر نہ کرے گا اور در حق نماز قلیل ہی کہلائے گا اور جتنا بُعد بڑھتا جائے گا انحراف زیادہ گنجائش پائے گا۔ بحر الرائق وطحطاوی علی الدر وغیرہما میں ہے:

المسامتة التقریبیة ھو ان یکون منحرفا عن القبلة انحرافا لاتزول به المقابلة بالکلیة، والمقابلة اذا وقعت فی مسافة بعیدة لاتزول بما تزول به من الانحراف لوکانت فی مسافة قریبة۔[1]

مسامتت تقریبی یہ ہے کہ انحراف عن القبلہ اس طرح ہو کہ جہتِ کعبہ سے مقابلہ بالکلیۃ ختم نہ ہو اور مقابلہ جب مسافتِ بعیدہ کی صورت میں ہو تو وہ اتنے انحراف سے ختم نہیں ہوتا جتنے سے مسامت قریبہ میں مقابلہ ہو تو ختم ہوجاتا ہے۔ (ت)

معراج الدرایہ وفتح القدیر وحلیہ شرح منیہ وبحر شرح کنز وفتاوٰی خیریہ وغیرہا میں ہے:

ویتفاوت ذلك بحسب تفاوت البعد وتبقی المسامتة مع انتقال مناسب لذلك البعد۔[2]

انحراف بُعد کے اعتبار سے متفاوت ہوتا ہے اور اس بُعد کے مناسب انتقال کے ساتھ مسامتت (سمت) باقی رہتی ہے۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

فتوٰی میں عبارتِ ہدایہ سے استناد کے لئے یہ ثبوت دینا کہ مکہ معظمہ سے علی گڑھ کو یہ ہزاروں میل کا بُعد نقطہ مغرب سے تیئس گز انحراف کی گنجائش نہیں رکھتا اتنا تفاوت جہت سے باہر لے جائے گا بے اس ثبوت کے ذکر عبارت محض تغلیط عوام ہے اور حقیقت امر دیکھئے تو عبارت مستدل کے لئے صرف نا مفید ہی نہیں بلکہ صاف مضر ہے، ہم عنقریب بعونہٖ تعالٰی ثابت کریں گے کہ عیدگاہ مذکور ضرور حدودِ جہت کے اندر ہے۔

سابعًا ہمارے بعض علما تو یہاں تک فرماتے ہیں کہ اس باب میں ہیأت قیاسات وآلات کا اعتبار ہی نہیں، جامع الرموز نے اسی بحثِ سمتِ قبلہ میں لکھا:

منھم من بناہ علی بعض العلوم الحکمیة الا ان العلامة البخاری قال فی بحث القیاس من الکشف ان اصحابنا

فقہاء میں سے بعض نے اس مسئلہ کی بنیاد بعض علومِ حکمیہ پر رکھی ہے مگر علامہ بخاری نے کشف الاسرار میں قیاس کی بحث کے تحت لکھا ہے کہ ہمارے علماء نے

---

[1] حاشیۃ الطحطاوی علی الدرالمختار باب شروط الصلوٰۃ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت ۱/۱۹۷

[2] البحر الرائق شرح کنز الدقائق " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۲۸۴

لم یعتبروہ و بہ یشعر کلام قاضی خاں اھ[1]
وایدہ فی النھر بان علیہ اطلاق المتون[2]
اھ وردہ فی رد المحتار قائلا لم ار فی المتون
ما یدل علی عدم اعتبارھا ولنا تعلم
ما نھتدی بہ علی القبلۃ من النجوم وقال
تعالٰی والنجوم لتھتدوا بھا الخ واستظھر
ان الخلاف فی عدم اعتبارھا انما ھو عند
وجود المحاریب القدیمۃ اذ لا یجوز التحری
معھا کما قدمناہ لئلا یلزم تخطئۃ السلف
الصالح وجماھیر المسلمین بخلاف ما اذا
کان فی المفازۃ فینبغی وجوب اعتبار النجوم
ونحوھا فی المفازۃ لتصریح علمائنا وغیرھم
بکونھا علامۃ معتبرۃ فینبغی الاعتماد فی
اوقات الصلٰوۃ وفی القبلۃ علی ماذکرہ العلماء
الثقات فی کتب المواقیت وعلی ما وضعوہ لھا
من الاٰلات کالربع والاصطرلاب فانھا ان لم
تفد الیقین تفید غلبۃ الظن للعالم بھا،
وغلبۃ الظن کافیۃ فی ذلک[3] الخ۔

اس کا اعتبار نہیں کیا، قاضی خاں کی گفتگو بھی اسی طرف رہنمائی کرتی ہے اھ نہر میں اس کی تائید یوں کی ہے کہ اسی پر متون کا اطلاق ہے اھ رد المحتار میں یہ کہتے ہُوئے اس کا رد کیا کہ میں نے متون میں ایسی کوئی دلیل نہیں دیکھی جو ان کے عدمِ اعتبار پر دال ہو، حالانکہ ہم پر اس چیز کا تعلم ہے جس کے ساتھ ستاروں کے ذریعے ہم قبلہ پر رہنمائی حاصل کرتے ہیں اور اللہ تعالٰی کا یہ ارشاد بھی دلیل ہے والنجوم لتھتدوا بھا الخ (اس نے ستارے اس لئے بنائے تاکہ تم ان سے رہنمائی حاصل کرو) اس سے ظاہر کیا کہ ان کے عدمِ اعتبار میں اختلاف اس صورت میں ہے جب وہاں قدیم محراب موجود ہوں کیونکہ ان کے ہوتے ہُوئے تحری جائز نہیں جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر آئے، تاکہ سلف صالحین اور جمہور مسلمانوں کو غلط ثابت قرار دینا لازم نہ آئے بخلاف اس صورت کے جب مصلی جنگل اور ویران جگہ میں ہو تو وہاں ستاروں وغیرہ کا اعتبار ضروری ہے کیونکہ ہمارے علماء وغیرہم نے ان چیزوں کے علامتِ معتبرہ ہونے پر تصریح کی ہے لہذا اوقاتِ نماز اور تعیینِ قبلہ کے متعلق ثقہ علماء کے کتب مواقیت میں بیان کردہ قواعد وضوابط پر اعتماد کرنا مناسب ہے اور وہ آلات مثلاً ربع، اصطرلاب وغیرہ جو اوقات کی پہچان کے لئے انھوں نے بنائے ہیں ان پر بھی اعتماد کیا جائے۔ کیونکہ اگر ان آلات سے یقین کا درجہ حاصل نہ ہو تو کم از کم غلبۂ ظن تو اس شخص کو جو ان آلات سے متعلق معلومات رکھتا ہو حاصل ہو جائے گا، اور اس مسئلہ میں ظنِ غالب ہی کافی ہے الخ (ت)

www.alahazratnetwork.org

---

[1] جامع الرموز فصل شروط الصلٰوۃ مطبوعہ گنبد قاموس ایران ۱/۱۳۰
[2] رد المحتار بحوالہ النہر مبحث فی استقبال القبلۃ " مصطفی البابی مصر ۱/۳۱۷
[3] " " " " " " " "

اقول وھو کلام نفیس واین تحری جزاف لایکاد یرجع الی اثارۃ علم من الظن الغالب الحاصل بتلک القواعد ولولا مکان اطوال البلاد وعروضها فی امر تعیین القبلۃ ومجال الظنون فی اکثرھا لکان ما یحصل بها قطعیا لامساغ لریبۃ فیہ بل لو حققت لالفیت جل المحاریب المنصوبۃ بعد الصحابۃ والتابعین رضی اللہ تعالٰی عنهم انما بنیت بناءً علی تلک القواعد وعلیها اُسست لها القواعد فکیف یحل اعتماد تلک المحاریب دون الذی بنیت علیہ نعم عند التعارض ترجح القدیم خلافا للشافعیۃ لئلا یلزم تخطئۃ السلف الصالح وجماھیر المسلمین کما ذکرہ الشامی وغیرہ[1] ولان علم الجمیع اقوی من علم الاٰحاد وللسلف مزیۃ جلیۃ علی الخلف ولربما یخطئ النظر فی استعمال القواعد والاٰلات کما ھو مرئی مشاھد فهو اولی بالخطاء منهم ولذا قال فی الفتاوی الخیریۃ واما الاجتهاد فیها ای فی محاریب المسلمین بالنسبۃ الی الجهۃ فلا یجوز حیث سلمت من الطعن لانها لم تنصب الا بحضرۃ جمع من المسلمین اھل معرفۃ بسمت الکواکب والادلۃ فجری ذلک مجری الخبر فتقد

اقول (میں کہتا ہوں) یہ نفیس گفتگو ہے علم کے کسی پہلو کو نہ چھُونے والے بے اصل اندازے کو ان آلات سے حاصل شدہ ظنِ غالب سے کیا تعلق، اگر تعیینِ قبلہ کے معاملہ میں طول البلد اور عرض البلد اور ان کے اکثر معاملات میں ظن کا دخل نہ ہوتا تو ان آلات سے حاصل شدہ علم قطعی ہوتا جس میں شک کی گنجائش نہ ہوتی۔ بلکہ اگر تُو تحقیق کرے تو تجھے معلوم ہوگا کہ وہ بڑے بڑے محراب جو صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالٰی عنہم کے بعد بنائے گئے وہ انہی قواعد کی بنا پر بنائے گئے ہیں اور انہی ضوابط پر ان مساجد کے ستون بنائے گئے، تو یہ کیسے درست ہوگا کہ ان محرابوں پر تو اعتماد کیا جائے مگر ان قواعد پر نہ کیا جائے جن کی بنا پر وہ محراب معرضِ وجود میں آئے ہیں۔ ہاں یہ درست ہے کہ جہاں قاعدہ و محرابِ قدیم میں تعارض ہوگا وہاں محرابِ قدیم کو ترجیح ہوگی بخلاف شوافع کے تاکہ سلف صالحین اور جمہور مسلمانوں کو غلط ثابت قرار دینا لازم نہ آئے جیسا کہ امام شامی وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔ اور یہ بات بھی ہے کہ جماعت کا علم احاد کے علم سے زیادہ قوی ہوتا ہے اور سلف کو خلف پر واضح فضیلت حاصل ہے نیز بعض دفعہ استعمالِ قواعد و آلات میں نظر سے خطا بھی ہو جاتی ہے جیسا کہ مشاہدہ و ملاحظہ میں آیا ہے لہذا واحد کا خاطی ہونا جماعت کے خاطی ہونے سے زیادہ قریب ہے، اسی لئے فتاوٰی خیریہ میں کہا کہ جہتِ قبلہ کی تعیین

---

[1] ردالمحتار　مبحث فی استقبال القبلۃ　مطبوعہ مصطفی البابی مصر　۱/۳۱۷

www.alahazratnetwork.org

Index

تلك المحاریب[1] اھ۔ کے معاملہ میں مسلمانوں کے قدیم محرابوں میں اجتہاد اور غور وفکر اس لئے جائز نہیں تاکہ طعن سے محفوظ رہا جاسکے کیونکہ یہ محراب مسلمانوں کی اُن جماعتوں نے قائم کئے ہیں جو کواکب کی سمت اور دلائل کی معرفت رکھتی تھیں، تو چونکہ خیر و بھلائی اسی میں ہے لہذا ان محرابوں کی تقلید کی جائے اھ (ت)

اقول وبہ ظھران الحکم لایختص بالمفاوز فانھم انما صبوا فی الامصار بناءً علٰی تلك الادلۃ لاجرم ان قال العلامۃ البرجندی فی شرح النقایۃ ان امر القبلۃ انما یتحقق بقواعد الھندسۃ والحساب بان یعرف بعد مکۃ عن خط الاستواء وعن طرف المغرب ثم بعد البلد المفروض کذلك ثم یقاس بتلك القواعد لتحقیق سمت القبلۃ ونحن قد حققنا بتلك القواعد سمت قبلۃ ھراۃ[2] الٰی اٰخر ماسیاتی ونقلہ الفتال فی حاشیتہ مقرا علیہ۔

اقول (میں کہتا ہوں) اس سے یہ بھی آشکارا ہوگیا کہ یہ حکم محض ویرانے اور جنگل کے ساتھ ہی مخصوص نہیں کیونکہ شہروں میں بھی مسلمانوں نے انہی قواعد وضوابط کی بنا پر محراب قائم کئے ہیں، چنانچہ علامہ برجندی نے شرح نقایہ میں کہا کہ قبلہ کا معاملہ قواعدِ ہندسہ وحساب کی بنا پر حل ہوتا ہے بایں طور کہ پہلے خطِ استوا سے اور مغرب کی جانب سے مکّہ کا بُعد پہچانا جائے پھر مفروض شہر کے بعد کو اسی طرح پہچانا جائے پھر ان قواعد کے مطابق قیاس کیا جائے تاکہ سمتِ قبلہ معلوم ہوسکے اور ہم ان قواعد کے ذریعے قبلہ ہرات کی سمت یونہی ثابت کرچکے ہیں آخر تک جس کا بیان آئیگا اور اس کو علامہ فتال نے اپنے حاشیہ میں ثابت رکھتے ہُوئے نقل کیا ہے۔ (ت)

اور اتنا تو اکابر نے بھی فرمایا کہ جو مسجد مدتوں سے بنی ہو اور اہلِ علم وعامہ مسلمین اس میں بلانکیر نمازیں پڑھتے رہے ہوں جیسا کہ عیدگاہ مذکور کی نسبت سوال میں مسطور ہے اگر کوئی فلسفی اپنے آلات وقیاسات کی رُو سے اُس میں شک ڈالا چاہے اُس کی طرف التفات نہ کیا جائے گا کہ صدہا سال سے علماء وسائر مسلمین کو غلطی پر مان لینا نہایت سخت بات ہے، بلکہ تصریح فرماتے ہیں کہ ایسی قدیم محرابیں خود ہی دلیل قبلہ ہیں جن کے بعد تحری کرنے اور اپنا قیاس لگانے کی شرعاً اجازت نہیں، ایسی تشکیک بعض مدعیانِ ہیئات نے بعض محرابات نصب کردہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم میں بھی پیش کی حالانکہ بالیقین صحابۂ کرام کا علم زائد تھا اُس کے بعد فلسفی ادعا کا سننا بھی حلال نہیں، ہاں تحقیق معلوم ہو

---

[1] فتاوٰی خیریہ کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت ۱/۷
[2] شرح النقایۃ للبرجندی باب شروط الصلوٰۃ 〃 منشی نولکشور لکھنؤ ۱/۸۹

www.alahazratnetwork.org

کہ فلاں محراب کسی جاہل ناواقف نے یُونہی جزافاً قائم کردی ہے تو البتہ اُس پر اعتماد نہ ہوگا۔ علامہ خیر الدین رملی استادِ صاحبِ دُرِمختار رحمہما اللہ تعالیٰ فتاوٰی خیریہ میں فرماتے ہیں:

نحن علی علم بان الصحابۃ رضی اللہ تعالٰی عنھم اعلم من غیرھم فاذا علمنا انھم وضعوا محرابا لا یعارضھم من ھو دونھم واذا علمنا ان محرابا وضع من غیرھم بغیر علم لا نعتمدہ، واذا لم نعرف شیئا وعلمنا کثرۃ المارین وتوالی المصلین علی مرور السنین عملنا بالظاھر وھو الصحۃ[1]۔

ہمیں یقین ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنھم دیگر تمام افرادِ اُمت سے زیادہ علم رکھتے تھے۔ جب ہمیں یہ معلوم ہوا کہ یہ محراب صحابہ نے قائم کئے ہیں تو ان کے مقابل کسی دوسرے کی بات کو تسلیم نہیں کیا جاسکتا (لہذا اس محراب پر اعتماد کیا جائے گا) اور جب ہمیں معلوم ہو جائے کہ صحابہ کے علاوہ کسی جاہل ناواقف نے یہ محراب بنائی ہے تو اس پر ہم اعتماد نہیں کریں گے، اور اگر کسی محراب کے بارے میں ہمیں کچھ معلومات نہ ہوں صرف اتنا جانتے ہوں کہ یہاں کئی سالوں سے کثیر راہ گیر اور نمازی مسلسل نماز پڑھ رہے ہیں تو ہم اسی ظاہر صورت پر عمل کریں گے اور یہی درست ہے (ت)

www.alahazratnetwork.org

اُسی میں ہے:

مذھب الحنفیۃ یعمل بالمحاریب المذکورۃ ولا یلتفت للطعن المذکور[2]۔

احناف کا مسلک یہی ہے کہ ان محاریب مذکورہ پر عمل پیرا ہوں اور مخالف کے طعن و اعتراض مذکور کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ت)

اُسی میں ہے:

نھایۃ الفلکی المذکور ان یطعن بالانحراف الیسیر الذی لا یجاوز الحد المذکور وھو علی تقدیر صدقہ لا یمنع الجواز ولھذا قال الشارح

قولِ فلکی (ماہرِ فلکیات) مذکور کی نہایۃ یہ ہے کہ وہ اس تھوڑے انحراف کے ساتھ جو حدِ مذکور سے تجاوز نہ کرتا ہو طعن (اعتراض) کریگا حالانکہ اگر اس کا یہ قول سچا بھی ہو تاہم جوازِ نماز کے منافی نہیں اس لئے شارح

---

[1] فتاوٰی خیریۃ کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت ۹/۱

[2] " " " " " " ۸/۱

الزیلعی لایجوز التحری مع المحاریب[1]۔

امام زیلعی نے فرمایا محاریب کے ہوتے ہوئے اجتہاد اور غور و فکر کی ضرورت نہیں۔ (ت)

اُسی میں ہے:

الکلام فی تحقق ذلک (یعنی الانحراف الکثیر) ولا یقع علی وجہ الیقین مع البعد باخبار المیقاتی کما لا یخفی عند الفقہاء[2]۔

لیکن کلام انحراف کثیر کی تحقیق کے بارے میں ہے اور یہ بات بُعد کی صورت میں ماہر فلکیات کی رائے سے یقینی طور پر حاصل نہیں ہوسکتی جیسا کہ فقہا پر مخفی نہیں (ت)

حلیہ میں ہے:

المحراب فی حق المصلی قد صار کعین الکعبۃ ولہذا لایجوز للشخص ان یجتہد فی المحاریب فایاک ان تنظر الی ما یقال ان قبلۃ اموی دمشق واکثر مساجدھا المبنیۃ علی سمت قبلتہ فیہا بعض انحراف اذ لا شک ان قبلۃ الاموی من حین فتح الصحابۃ رضی اللہ تعالٰی عنہم ومن صلی منہم الیہا وکذا من بعدہم اعلم واوثق من فلکی لا ندری ھل اصاب ام اخطأ بل ذلک یرجح خطأہ وکل خیر من اتباع من سلف[3]۔

نمازی کے لئے محراب عین کعبہ کی طرح ہے اسی لئے کسی شخص کو روا نہیں کہ وُہ محاریب میں اجتہاد یا غور و فکر کرے اس بات سے تو دُور رہ (جو کہا جاتا ہے) کہ جامع اموی دمشق اور اُسکی اکثر دیگر مساجد جو اسکی سمت پر بنائی گئی ہیں ان کی سمت قبلہ کچھ منحرف ہے کیونکہ جامع اموی کے قبلہ کا تعین اس وقت سے ہوا ہے جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم نے اس علاقہ کو فتح کیا تھا صحابہ کرام خود بھی اسی رُخ نماز ادا کرتے رہے اور اُن سے بعد کے لوگ بھی اور وہ حضرات اس فلکی سے زیادہ عالم اور ثقہ تھے اس فلکی کے بارے میں ہمیں کیا معلوم کہ اس کی رائے درست ہے یا غلط بلکہ اس کا خاطی ہونا ہی راجح ہے اور تمام خیر اسلاف کی اتباع میں ہے۔ (ت)

پھر علماء کے یہ ارشادات اس کے بارے میں تھے جو فنِ ہیأت کا ماہر کامل عالم فاضل ثقہ عادل ہو یہ نئی روشنی والے نہ فقہ سے مس نہ ہیأت سے خبر اور دین و دیانت کا حال روشن تر، ان کی بات کیا قابلِ التفات،

---

[1] فتاوٰی خیریۃ کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت ۱/۷

[2] ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ۱/۹

[3] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

ان کی ہیأت دانی اس اعتراض ہی سے پیدا ہے کہ قطب شمالی شانۂ راست سے جانب پشت مائل ہونے کو دلیلِ انحراف بتایا اور دیوار توڑکر ٹھیک محاذاتِ قطب میں بنانا چاہتے ہیں، علمِ ہیأت میں ادراک سمت قبلہ کے لئے دو طریقے ہیں: ایک تقریبی کہ عامۂ کتبِ متداولہ میں مذکور، دوسرا تحقیقی کہ زیجات میں مسطور۔ یہاں سے واضح کہ یہ حضرات اُن دونوں سے مجبور، اگروہ طریقۂ تقریبی جانتے اُن پر معترض نہ ہوتے کہ اس کی رُو سے سمتِ قبلہ علی گڑھ نکالیں تو ضرور قطبِ شمالی شانۂ راست سے جانبِ پشت ہی پھرا رہے گا کہ اس طریقہ پر علی گڑھ کا خطِ قبلہ نقطۂ مغرب سے ساڑھے دس درجے جانبِ جنوب جُھکا ہوا ہے۔ ظاہر ہے کہ نقطۂ مغرب کی طرف مُنہ کرتے تو قطب محاذاتِ شانہ پر رہتا اب کہ مغرب سے دس درجے جنوب کو پھرے، قطب ضرور جانبِ پشت میلان کرے گا، اور اگر طریقۂ تحقیقی سے آگاہ ہوتے ہرگز دیوار جدید محاذی قطب بنانی نہ چاہتے کہ طریقِ تحقیقی میں بھی خط قبلہ علی گڑھ نقطۂ مغرب سے جنوب ہی کو مائل ہے اگرچہ نہ اُتنا کہ طریقِ تقریب میں تھا ہم دونوں طریق تقریب و تحقیق ان شاء اللہ آخر کلام میں ذکر کریں گے۔

ثامنا محاذاتِ قطب چاہنا بھی ان صاحبوں کے خیال میں علمائے اسلام رحمہم اللہ تعالٰی کا صدقہ ہے جن کا منشا اگر ان کے خیال میں ہوتا مسجد کا ڈھانا فرض نہ کرتے زمانۂ اقدس صحابۂ کرام بلکہ حضور پُرنور سید الانام علیہ وعلیہم الصلٰوۃ والسلام سے غیر مکی کیلئے جہتِ کعبہ قبلہ قرار پائی ہے اصابت عین کی ہرگز تکلیف نہیں ولہذا صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالٰی عنہم نے بلادِ متقاربہ بلکہ ملک بھر کے لئے ایک ہی قبلہ قرار دیا، ملک عراق کے واسطے باتباع ارشادِ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و فرمانِ فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ صحابہ نے بین المشرق والمغرب قبلہ مقرر فرمایا، ائمہ کرام نے بخارا، سمرقند، نسف، ترمذ، بلخ، مرو، سرخس وغیرہا کا قبلہ مسقط راس العقرب بنایا، بیت المقدس، حلب، دمشق، رملہ، نابلس وغیرہا تمام ملک شام کا قبلہ ستارۂ قطب کو پس پشت لینا ٹھہرایا۔ کوفہ، بغداد، ہمدان، قزوین، طبرستان، جرجان وغیرہا میں نہر شاش تک قطب کو دہنے کان کے پیچھے ملک عراق میں سیدھے (دائیں) شانے، ملک مصر میں بائیں کندھے، ملک یمن میں منہ کے سامنے بائیں کو ہٹا ہوا فرمایا۔ امام فقیہ ابو جعفر ہندوانی نے بغداد مقدس و بخارا شریف کا قبلہ ایک بتایا۔ علما نے خراسان و سمرقند وغیرہا بلادِ مشرقیہ کے لئے جن میں ہندوستان بھی داخل بین المغربین قبلہ ٹھہرایا۔ امام اجل فقیہ النفس قاضی خان رحمہ اللہ تعالٰی نے مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالٰی سے دربارۂ قبلہ چھ قول نقل فرمائے: بنات النعش صغری کو جس کی نعش کا سب سے روشن ستارہ قطب ہے دہنے کان پرلے کر قدرے بائیں کو پھرنا، ستارۂ قطب کو سیدھے (دائیں) کان کے پیچھے لینا، مسقطِ راس العقرب کی طرف مُنہ کرنا، آفتاب جب برج جوزا میں ہو آخر وقت ظہر میں اُس کی سمت دیکھ کر ملحوظ رکھنا، مسقط دو نسر طائر و واقع کے درمیان بین المغربین کے فاصلے سے دو ثلث دہنے ایک بائیں کو رکھنا۔ اور فرمایا کہ یہ سب اقوال باہم قریب ہیں ان تمام احکام کا مبنٰی وہی ہے کہ اعتبار جہت میں بڑی وسعت ہے فلسفی بیچارا آلات کا پٹارا، خیالات کا پشتارا کھول کر بیٹھے تو ہرگز

۲۷

نہ اُن شہروں کا قبلہ ایک پاسکتا ہے نہ ملک بھر کی ایک سمت ٹھہرا سکتا ہے مگر وُہ نہیں جانتا کہ یہ دین تدقیق آلات پر مبنی نہیں یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دین سمح سہل ہے والحمد للہ رب العٰلمین قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انّا اُمّۃٌ اُمّیّۃٌ لا نکتب ولا نحسب[1] (تمام خوبیاں اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم اُمّی اُمّت ہیں نہ لکھتے ہیں نہ حساب رکھتے ہیں۔ ت)

فتاوٰی خانیہ میں ہے:

جھۃ الکعبۃ تعرف بالدلیل والدلیل فی الامصار والقری المحاریب التی نصبتھا الصحابۃ والتابعون رضی اللہ تعالٰی عنھم فحین فتحوا العراق جعلوا قبلۃ اھلھا بین المشرق والمغرب لذلک قال ابوحنیفۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ ان کان بالعراق جعل المغرب عن یمینہ والمشرق عن یسارہ وھکذا قال محمد رحمہ اللہ تعالٰی وانما قال ذلک لقول عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ اذا جعلت المغرب عن یمینک والمشرق عن یسارک فما بینھما قبلۃ لاھل العراق وحین فتح خراسان جعلوا قبلۃ اھلھا ما بین مغرب الصیف ومغرب الشتاء فعلینا اتباعھم وعن ابی یوسف رحمہ اللہ تعالٰی انہ قال فی قبلۃ اھل الری اجعل الجُدَیّ[ع] علی منکبک

جہتِ کعبہ دلیل کے ذریعہ پہچانی جاسکتی ہے اور دلیل شہروں اور دیہاتوں میں وہ محراب ہیں جو صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے قائم کئے، صحابہ نے جب عراق کا علاقہ فتح کیا تو انھوں نے وہاں کے لوگوں کےلئے مشرق ومغرب کے درمیان جہتِ کعبہ مقرر کی اس لئے امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا عراقی مغرب کو اپنی دائیں طرف اور مشرق کو اپنی بائیں طرف کرلے۔ اسی طرح امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس قول کی اتباع میں کہا ہے جس میں ہے کہ جب تم مغرب کو اپنی دائیں اور مشرق کو اپنی بائیں طرف کرلے تو ان کے درمیان اہلِ عراق کا قبلہ ہے۔ اور جب صحابہ نے خراسان فتح کیا تو وہاں کے رہنے والوں کے لئے قبلہ موسم گرما کے مغرب اور موسم سرما کے مغرب کے درمیان قرار دیا۔ پس ہم پر ان کی اتباع لازم ہے۔ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ مروی ہے کہ انھوں نے اہلِ رے کے لئے قبلہ کا تعیّن کرتے ہوئے

ع بضم الجیم وفتح الدال وتشدید الیاء ای جُدَیّ الفرقد اسم النجم الثاقب السابع فی اٰخر النعش الصغرٰی ۱۲ العلامۃ حامد رضا رحمہ اللہ تعالٰی

جیم پر پیش، دال پر زبر، یاء مشدّد کے ساتھ یعنی جُدَیّ الفرقد یہ اس ساتویں ثاقب ستارے کا نام ہے جو نعش صغرٰی کے آخر میں ہے ۱۲ علامہ حامد رضا رحمہ اللہ تعالیٰ (ت)

[1] صحیح مسلم باب وجوب صوم رمضان لرؤیۃ الہلال الخ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۳۴۷

الایمن واختلف المشائخ رحمهم الله تعالٰی فیما سوی ذٰلك من الامصار، قال بعضهم اذا جعلت بنات نعش الصغری علی اذنك الیمنی یمینك وانحرفت قلیلا الی شمالك فتلك القبلة، وقال بعضهم اذا جعلت الجُدَیَّ خلف اذنك الیمنی فتلك القبلة وعن عبد الله المبارك وابی مطیع وابی معاذ وسلم بن سالم وعلی ابن یونس رحمهم الله تعالٰی انهم قالوا قبلتنا العقرب وعن بعضهم اذا کانت الشمس فی برج الجوزاء ففی اٰخر وقت الظهر اذا استقبلت الشمس بوجهك فتلك القبلة وعن الفقیه ابی جعفر رحمه الله تعالٰی انه قال اذا قمت مستقبل المغارب فالنسر الواقع بسقوطه یکون بحذاء منکبك الایمن والنسر الطائر سقوطه فی وجهك بحذاء عینك الیمنی فالقبلة ما بینهما، قال قبلة بخارا هی علی قبلتنا، وعن القاضی الامام صدر الاسلام قال القبلة ما بین النسرین، وعن الشیخ الامام ابی منصور الماتریدی رحمه الله تعالٰی انظر الی مغرب الشمس فی اطول ایام السنة ثم فی اقصر ایام السنة دع الثلثین عن یمینك والثلث عن یسارك فالقبلة عند ذلك وهذه الاقاویل بعضها قریب من بعض[1] اھ مختصرا۔

فرمایا: جدی (ستارہ) کو اپنے بائیں کاندھے پر کرو۔ ان کے علاوہ دیگر شہروں کے بارے میں مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالٰی کا اختلاف ہے۔ بعض کا قول یہ ہے کہ جب بنات نعش صغرٰی کو اپنے دائیں کان پر کرتے ہوئے تھوڑا سا اپنی بائیں طرف پھر جاؤ یہی تمہارا قبلہ ہے۔ اور بعض کا قول یہ ہے کہ جدی (ستارہ) کو جب اپنے بائیں کان کے پیچھے کرلے تو یہ تیرا قبلہ ہے۔ اور حضرت عبداللہ ابن مبارک، ابو مطیع، ابو معاذ، سلم بن سالم اور علی بن یونس رحمہم اللہ تعالٰی فرماتے ہیں کہ ہمارا قبلہ عقرب (ستارہ) ہے۔ اور بعض کا کہنا یہ ہے کہ سورج بُرج جوزا میں ہو تو ظہر کے آخری وقت میں جب تو سورج کی طرف اپنے چہرے کو پھیرلے تو یہی تمہارا قبلہ ہے۔ اور فقیہ ابوجعفر رحمہ اللہ تعالٰی نے فرمایا: جب تم چہرہ مغارب کے سامنے کی طرف کرو تو نسر واقع تمہارے دائیں کاندھے کے برابر اور نسر طائر چہرے میں تمہاری دائیں آنکھ کے مقابل ہوگا جو ان کے درمیان ہو وہ قبلہ ہے، فرمایا اور بخارا کا قبلہ ہمارے ہی قبلہ پر ہے۔ اور امام قاضی صدر الاسلام کا قول ہے کہ قبلہ دونوں نسروں کے درمیان ہے۔ شیخ الاسلام ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نے فرمایا کہ تم سال کے بڑے دنوں میں سورج کے مغرب کی طرف دیکھو اسی طرح سال کے چھوٹے دنوں میں دیکھو پھر اپنی دائیں جانب سے دو تہائی اور بائیں جانب سے ایک تہائی چھوڑ دو تو یہ سمت قبلہ ہے۔ یہ تمام اقوال ایک دوسرے کے قریب قریب ہیں اھ مختصراً (ت)

---

[1] فتاوٰی قاضی خاں کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ۱/۳۳

۷۴

معراج الدرایہ و فتح القدیر و حلیہ میں ہے :

ولذا وضع العلماء قبلۃ بلد وبلدین و بلاد علی سمت واحد فجعلوا قبلۃ بخاری و سمرقند ونسف وترمذ وبلخ ومرو و سرخس موضع الغروب اذاکانت الشمس فی اٰخر المیزان واول العقرب کما اقتضتہ الدلائل الموضوعۃ لمعرفۃ القبلۃ ولم یخرجوا لکل بلد سمتا لبقاء المقابلۃ والتوجہ فی ذلک القدر ونحوہ من المسافۃ۔[1]

اسی لئے علما نے ایک شہر، دو شہر بلکہ متعدد شہروں کا قبلہ ایک ہی سمت مقرر کیا ہے مثلاً بخارا، سمرقند، نسف، ترمذ، بلخ، مرو، سرخس کا قبلہ موضع غروب (مسقط راس العقرب) قرار دیا جبکہ شمس آخر میزان اور اول عقرب میں ہو جیسا کہ معرفت قبلہ کے لئے وضع کردہ دلائل اسی کا تقاضا کرتے ہیں اور ہر شہر کے لئے الگ الگ سمت مقرر نہ کی کیونکہ اس قدر اور اسی جیسی مسافت میں مقابلہ اور توجہ الی الکعبہ باقی رہتی ہے۔ (ت)

منیہ و حلیہ و بحر و ردالمحتار وغیرہا میں ہے :

الجُدَیُّ اذا جعلہ الواقف خلف اذنہ الیمنی کان مستقبل القبلۃ ان کان بناحیۃ الکوفۃ و بغداد وھمدان وقزوین وطبرستان و جرجان وما والاھا الی نھر الشاش ویجعلہ من بمصر علی عاتقہ الایسر ومن بالعراق علی عاتقہ الایمن وبالیمن قبالۃ المستقبل مما یلی جانبہ الایسر وبالشام وراءہ۔[2]

جب کھڑا ہونے والا جدی (قطب ستارہ) کو اپنے دائیں کان کے پیچھے کرلے تو اب اس کے سامنے جہتِ قبلہ ہے اگر وہ کوفہ، بغداد، ہمدان، قزوین، طبرستان، جرجان اور اس کے قُرب وجوار نہر شاش تک کے علاقے میں رہنے والا ہو (تمام علاقوں کا قبلہ یہی ہے) مصر میں رہنے والا جدی (ستارۂ قطب) اپنے بائیں کاندھے پر کرلے، عراقی دائیں کاندھے پر کرلے، یمنی اپنے سامنے کی اس جانب کرے جو بائیں جانب سے متصل ہے اور شامی اپنے پیچھے کی طرف کرلے۔ (ت)

فتاوٰی خیریہ میں ہے :

وذکر بعضھم ان اقوی الادلۃ القطب فیجعلہ من بالشام وراءہ والرملۃ ونابلس

بعض علما نے فرمایا کہ سب سے قوی دلیل قطب (ستارہ) ہے تو اہلِ شام اسے پشت کی طرف کریں، رملہ، نابلس،

---

[1] فتح القدیر باب شروط الصلوٰۃ مطبوعہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۲۳۵

[2] البحر الرائق " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/ ۲۸۵

۷۵

وبیت المقدس من جملۃ الشام کدمشق وحلب وجوز للکل الاعتماد علی القطب وجعلہ خلفہ ولابد فی ذلک من نوع انحراف لاھل ناحیۃ منہا لکنہ لایضر کما قررناہ۔[1]

بیت المقدس سب ملک شام کے حصے ہیں جیساکہ دمشق اور حلب اور ان کے بعض حضرات[عہ] ان تمام کے لئے قطب ستارے پر اعتماد کو جائز قرار دیا ہے جبکہ وہاں کے رہنے والا اسے اپنے پیچھے کرے حالانکہ اس صورت میں یہاں سے ایک جانب رہنے والوں کیلئے کچھ نہ کچھ انحراف ضرور لازم آتا ہے، لیکن یہ انحراف نقصان دہ نہیں جیسے کہ ہم اس کو بیان کر آئے۔ (ت)

اسی حکم کی بنا پر ہندوستان میں ستارۂ قطب داہنے شانے پر لیا گیا ہے اور قدیم سے عام مساجد اسی سمت پر بنیں کہ بین المغربین کا اوسط مغرب اعتدال تھا اور اس کی طرف توجہ میں قطب سیدھے ہی شانے پر ہوتا ہے اور اُس کی پہچان آسان اور اُس میں انحراف بقدر (قدرے انحراف) مضر نہیں ولہذا اسی پر تعامل ہوا' یہ مدعیان ہیأت سمجھے کہ عام بلادِ ہندیہ شاید خاص علی گڑھ کا یہی قبلہ تحقیقی ہے حالانکہ وہ محض ناواقفی ہے۔ ہندوستان آٹھ درجے عرض شمالی سے پینتیس[۳۵] درجے تک آباد ہے اور طولِ شرقی چھیاسٹھ[۶۶] درجے سے بانوے[۹۲] تک۔ یہ بھی ہندوستان کی خوش نصیبی ہے ۶۶ عدد ہیں اسمِ جلالت اللہ کے اور ۹۲ نامِ پاک محمد کے جل جلالہ وصلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ ہم نے اپنے رسالہ کشف العلۃ عن سمت القبلۃ (۱۳۰۳ھ) میں براہین ہندسیہ سے ثابت کیا ہے کہ شروع جنوبی ہند جزیرہ سرندیپ وغیرہا سے تیئیس[۲۳] درجے چونتیس[۳۴] دقیقے عرض تک جتنے بلاد ہیں جن میں مدراس، حاطۂ بمبئی، حیدرآباد کا علاقہ وغیرہا داخل ہیں، سب کا قبلہ نقطۂ مغرب سے شمال کو جُھکا ہوا ہے ستارۂ قطب داہنے شانے سے سامنے کی جانب مائل ہوگا اور انتیسویں[۲۹] درجۂ عرض سے اخیر شمالی ہند تک جس میں دہلی، بریلی، مرادآباد، میرٹھ، پنجاب، بلوچستان، شکارپور، قلات، پشاور، کشمیر وغیرہا داخل ہیں سب کا قبلہ جنوب کو جُھکا ہُوا ہے، قطب سیدھے کندھے سے پشت کی طرف میلان کرے گا۔ دلیل کی رُو سے یہ عام حکم ساڑھے بتیس[۳۲] درجے سے ہوتا تھا مگر ۲۸ کے بعد سے ۳۲ تک عدمِ انحراف کے لئے جتنا طول درکار ہے ہندوستان میں اُس طول وعرض پر آبادی نہیں ۲۳° - ۳۴' سے ۲۸° تک جتنے بلادِ کثیرہ ہیں اُن میں کسی کا قبلہ مغربی جنوبی، کسی کا خاص نقطۂ مغرب کی طرف، علی گڑھ اسی قسمِ دوم میں ہے جس کا قبلہ جنوب کو مائل ہے۔ ہم نے اُس رسالے میں عرض الحل سے

عہ ھھنا سقط ۱۲ العلامۃ حامد رضا رحمہ اللہ تعالٰی

یہاں کچھ عبارت ساقط ہوگئی ۱۲ علامہ حامد رضا رحمہ اللہ تعالٰی (ت)

---

[1] فتاوٰی خیریۃ کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت ۱/ ۷

Index

عرض الکم ہا تک ایک ایک دقیقے کے فاصلے سے ایک جدول دی ہے کہ اتنے عرض پر جب اتنا طول ہو تو قبلہ ٹھیک مغرب اعتدال کی طرف ہوگا اس کے ملاحظہ سے واضح ہوسکتا ہے کہ ہندوستان میں کتنے شہروں کا تحقیقی قبلہ اس حکم مشہور کے مطابق ہے بااینہمہ عام عملدرآمد اسی حکم واحد پر ہے اور کچھ مضر نہیں کہ حدودِ شرع سے باہر نہیں، بالجملہ یہ ناواقف لوگ اگر سمت حقیقی چاہتے ہیں تو محاذات قطب چاہنا باطل اور جہت پر قانع ہیں تو جہت اب بھی حاصل، بہرحال مسجد شہید کرنے کی فرضیت باطل، اُس میں نماز کی تحریمی کراہت باطل۔ غرض اُس بے معنی فتوے کی جہالت کہاں تک گنئے ہم اصل حکمِ شرع بتوفیق اللہ تعالٰی واضح کریں کہ عیدگاہ مذکور ضرور حدودِ شرعیہ کے اندر ہے اس کا بیان چند افادوں پر موقوف، **فاقول** وماتوفیقی الّا باللہ علیہ توکلت و الیہ انیب (میں اللہ تعالٰی کی توفیق سے کہتا ہوں اسی پر بھروسہ اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ ت)

فی حکایتہ غنی عن نکایتہ لکن لا ازراء فیہ بھم فانھم رحمھم اللہ تعالٰی لم یکن لھم اشتغال بتلك الفنون وقد کانوا معتنین بما یھمہم ویعنی فرحمھم اللہ تعالٰی ورحمنا بھم رحمتہ تکفی وتغنی اٰمین!

کی ضرورت نہ تھی، لیکن اس سے ان پر طعن نہیں آتا کیونکہ ان حضرات کا اس فن سے خاص شغل نہیں ہے وہ صرف اپنے مقصد اور ضروری مراد کو بیان کرنے کا اہتمام کرتے ہیں، اللہ تعالٰی ان پر اور ہم پر اپنی کفایت کرنے والی رحمت فرمائے، آمین!

ثم اعلم ان الجبینین منتھیان فی الجانبین الی محاذاۃ الحاجبین، قال فی القاموس الجبینان حرفان مکتنفا الجبھۃ من جانبیھا فیما بین الحاجبین مصعدا الی قصاص الشعر[1]۔

پھر واضح ہو کہ دونوں جبینیں دونوں ابروؤں کے برابر جانبین پر ختم ہوتی ہیں۔ قاموس میں ہے: "جبینیں پیشانی کو دونوں طرف سے گھیراؤ کرنے والی دو طرفیں ہیں جو دونوں ابروؤں سے بلند ہو کر پیشانی کے بالوں تک پہنچتی ہیں اھ۔ (ت)

بالجملہ ہماری تحقیق پر قولِ چہارم کا حاصل یہ ہوا کہ محاذاتِ حقیقیہ سے دونوں طرف جُھک سکتا ہے کہ جبین یعنی کنارۂ پیشانی محاذی کنارۂ بیرونی ابرو سے جو خط اُس کی استقامت پر اُفق کی طرف جائے سطح کعبۂ معظمہ پر زاویہ قائمہ بناتا گزرے **اقول** (میں کہتا ہوں) ظاہر ہے کہ اس معنی پر جبین سے دوسری تک یعنی مابین دو ابرو اگر سر کو مدوّر فرض کیا جائے تقریباً ربع دور ہوگا تو وسط جبہہ سے ہر طرف ثمن دَور ہے صفتِ مذکورہ پر خط اگر وسط پیشانی پر جاتا تو محاذاتِ حقیقیہ ہوتی، اب اُس سے ثمن دَور پھرنا صحیح ہُوا تو وہی جانبین کعبہ میں ۴۵ - ۴۵ درجے آئے، قولِ سوم کا بھی یہی محصل تھا' اور کیوں نہ ہو کہ عبارتِ دُرر سے اُن کا ایک محصل ہونا ظاہر کما قدمنا وباللہ التوفیق۔

پنجم۵ اہلِ مشرق کا قبلہ مغرب ہے، اہلِ مغرب کا مشرق، اہلِ جنوب کا شمال، اہلِ شمال کا جنوب۔ تو جب تک ایک جہت دوسری سے نہ بدلے مثلاً ربع مغرب میں قبلہ ہے، یہ ربع شمال یا ربع جنوب کی طرف منہ کرے جہتِ قبلہ باقی رہے گی۔ **اقول** اس قول کا حاصل یہ ہے کہ موضع مصلی سے محاذاتِ حقیقیہ کا خط کعبۂ معظمہ پر گزرتا ہُوا دونوں طرف کے افق تک ملادیں اور وہیں سے دُوسرا خط اُس پر عمود گرائیں کہ افق کے چار حصّے مساوی ہوجائیں، پھر ہر حصّے کی تنصیف کرکے ہر دو نصف متجاور میں خط وصل کردیں ان اخیر خطوط سے جو چار ربع افق حاصل ہوں گے وہی ارباع جہات اربعہ ہیں ان میں وہ ربع جس کے منتصف پر کعبہ معظمہ ہے جہت

---

[1] القاموس المحیط فصل الجیم باب النون مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۴/۲۱۰

Index



استقبال ہے اور اُس کے مقابل جہتِ استدبار اور باقی دو ربع جہات یمین وشمال بایں صورت ہ مصلی ہے اور ر کعبۂ معظمہ، اب خط محاذات حقیقیہ ج ء اس پر عمود، ان نقاط اربعہ نے تربیع افق کی پھر ربع ا ج کو ح اور ربع ا ء کو ط پر تنصیف کرکے خط ح ط ملادیا، یونہی ط ک، ء ک ی۔ ی ح تو قوس ح ا ط جہتِ قبلہ ہے اور ی ب ک جہتِ استدبار، ی ج ح جہتِ یمین، ک ء ط جہتِ شمال۔ ہ اگر ا کی طرف مُنہ کرے عین کعبہ کی طرف متوجہ ہے اور روا ہے کہ دہنی جانب ح یا بائیں طرف ط کے قریب تک پھرے جہتِ قبلہ باقی رہے گی، جب قوس ح ا ط سے باہر گیا جہت نہ رہی تو وہی دونوں جانب ۴۵ - ۴۵ درجے تک انحراف روا ہوا۔ یہ قولِ نفیس خود امام مذہب سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ سے منقول، فتاوٰی خیریہ میں ہے:

عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالٰی المشرق قبلۃ اھل المغرب والمغرب قبلۃ اھل المشرق والجنوب قبلۃ اھل الشمال و الشمال قبلۃ اھل الجنوب[1]۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالٰی سے مروی ہے کہ مغرب والوں کا قبلہ مشرق ہے اور مشرق والوں کا مغرب ہے۔ شمال والوں کا جنوب اور جنوب والوں کا شمال ہے۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

شرح نقایہ علامہ قہستانی میں ہے:

قال الزندویسی ان المغرب قبلۃ لاھل المشرق وبالعکس والجنوب لاھل الشمال وبالعکس فالجھۃ قبلۃ کالعین[2]۔

زندویسی نے کہا کہ مشرق والوں کا مغرب قبلہ ہے اور اس کے برعکس، اور شمال والوں کا جنوب قبلہ ہے اور اس کے برعکس۔ پس جہت بھی عین کعبہ کی طرح قبلہ ہے۔ (ت)

حلیہ میں ہے:

قد قطع الزندویسی فی روضتہ بالتفریع المذکور[3] الخ قالہ بعد ماذکر انہ بناہ علی کون الکعبۃ وسط الارض وتردد

زندویسی نے اپنی کتاب "روضہ" میں مذکورہ تفریع پر یقین کا اظہار کیا ہے الخ، انھوں نے یہ بات کعبہ کو وسطِ زمین پر قرار دینے کے بعد کہی اور اس کے اثبات

---

[1] فتاوٰی خیریۃ کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت ۱/۷
[2] جامع الرموز فصل شروط الصلوٰۃ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۱۳۰
[3] التعلیق المجلی لمافی منیۃ المصلی مع منیۃ المصلی الشرط الرابع مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ لاہور ص ۱۸۶

فی ثبوتہ ثم ایدہ بکلام الامام الرازی فی التفسیر وانہ من القضایا المتلقاۃ بینہم بالقبول اقول لامحل لتردد فان الارض کرۃ فلک ان تقدر ایۃ نقطۃ منہا شئت وسطا والکعبۃ احق بذلک فان اللہ تعالٰی جعلہا مثابۃ للناس ثم الفرع لایتوقف علیہ الاتری انا صورناہ بفرض موضع المصلی وسطا۔

میں انھوں نے تردد کیا ہے، پھر انھوں نے اس کی تائید امام رازی کے کلام جو ان کی تفسیر میں ہے سے فرمائی یہ بات مسلّمہ قضایا میں سے ہے۔ میں کہتا ہوں اس میں تردد کی گنجائش نہیں کیونکہ آپ زمین کے جس نقطہ کو وسط قرار دیں وہ کعبہ ہے اس لئے کہ زمین گول ہے اسی لئے اللہ تعالٰی نے کعبہ کو "مثابۃ للناس" فرمایا ہے پھر یہ تفریع کعبہ کے وسط ہونے پر موقوف نہیں ہے۔ آپ نے خیال نہیں کیا کہ ہم نے نمازی کی جگہ کو وسط فرض کرتے ہوئے اس کی تصویر بنائی ہے۔ (ت)

نظم زندویسی پھر ذخیرہ پھر حلیہ میں ہے:

قبلۃ اھل المشرق الی المغرب عندنا وقبلۃ اھل المغرب الی المشرق وقبلۃ اھل المدینۃ الی یمین من توجہ الی المغرب وقبلۃ اھل الحجاز الی یسار من توجہ الی المغرب[۱] اھ

ہمارے ہاں مشرق والوں کا قبلہ مغرب اور مغرب والوں کا مشرق ہے، اور مدینہ والوں کا قبلہ مغرب کی طرف متوجہ ہونے والے کی دائیں طرف ہے، اور حجاز والوں کا قبلہ مغرب کی طرف متوجہ ہونے والے کی بائیں جانب ہے اھ (ت)

اقول کانہ اراد بالحجاز نحو الیمن والا فالمدینۃ السکینۃ سیدۃ الحجاز وسیدۃ بلاد العالم ثم من المعلوم قطعا ان قبلتہا الی یسار من توجہ الی المغرب اعنی الجنوب فکانہ انقلب فی البیان الیمین والیسار او تبدل المشرق بالمغرب ولعل من ھذا القبیل و اللہ تعالٰی اعلم ماوقع من الخانیۃ من ان القبلۃ لاھل الھند ما بین الرکن

اقول انھوں نے حجاز سے گویا دایاں حصہ مراد لیا ہے ورنہ مدینہ منورہ حجاز کا مرکز اور سردار ہے بلکہ پورے عالم کا سردار ہے۔ پھر قطعاً یہ معلوم ہے کہ مدینہ منورہ کا قبلہ مغرب کی طرف متوجہ ہونے والے کی بائیں جانب یعنی جنوب ہے، گویا انہوں نے بیان میں (غلطی سے) یمین کی جگہ لیسار کو ایک دوسرے سے بدل دیا، یا پھر مشرق اور مغرب کو ایک دوسرے سے بدل دیا واللہ تعالٰی اعلم، ہوسکتا ہے کہ جو خانیہ میں مذکور ہے وہ بھی اسی طرح کی تبدیلی پر مبنی ہو کہ ہندوالوں کا

---

[۱] التعلیق المجلی لما فی منیۃ المصلی مع منیۃ المصلی بحوالہ الحلیہ الشرط الرابع مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ لاہور ص ۱۸۶

www.alahazratnetwork.org

۱۱۲

الیمانی الی الحجر[1] وکتبت علیہ **اقول** ھذا جھۃ الجنوب ولا یصح الا لبعض بلاد الھند الی عرض الخ تقریبا الا ان یقرأ الحجر بالکسر وھو الحطیم ویراد بالرکن الیمانی الجدار الیمانی تماما ویخرج الغایتان فیبقی الجدار الشرقی الذی فیہ الباب الکریم او یقرأ الرکن علی معناہ ویدخل الغایتان ویراد التوزیع ای قبلۃ الھند متوزعۃ بین الجنوب و الشرق والشمال وھذا لبعید بعد قولہ ثم تعین لکل قوم منھا ای "من الکعبۃ" مقام فلاھل الشام الرکن الشامی ولاھل المدینۃ موضع الحطیم والمیزاب و لاھل الیمن الرکن الیمانی ولاھل الھند[2] الخ فلیتامل واللہ تعالٰی اعلم

قبلہ رکن یمانی اور حجر کے مابین ہے۔ اور میں نے اس پر حاشیہ لکھا کہ یہ جنوبی جہت ہے، اور یہ صرف بعض ہند جو کہ عرض الخ تقریباً ہے کا قبلہ ہوسکتا ہے۔ ہاں اگر حجر کی بجائے حِجر کسرہ (زیر) کے ساتھ پڑھا جائے، یعنی حطیم کعبہ مراد لیا جائے۔ اور "رکنِ یمانی" سے مراد ساری یمانی دیوار مراد لی جائے اور پھر (خانیہ کی بیان کردہ لمبائی میں سے) دونوں انتہاؤں یعنی یمانی دیوار، اور حطیم کو خارج کردیا جائے اور صرف ان دونوں حدوں کا درمیانی یعنی کعبہ کی شرقی دیوار جس میں کعبہ کا دروازہ ہے مراد لیا جائے، یا پھر یُوں کہا جائے کہ رُکنِ یمانی اپنے اصلی معنی پر باقی رہے اور دونوں حدیں یعنی رکنِ یمانی اور حطیم کو شمار میں داخل مان کر ہند کے قبلہ کو پھیلا دیا جائے اور یُوں کہا جائے کہ ہند کا قبلہ جنوب مشرق اور شمال میں پھیلا ہوا ہے لیکن یہ احتمال ان کے اس بیان کے بعد بعید ہے کہ پھر کعبہ کا ہر حصہ ایک قوم کے لئے متعین ہے، شام والوں کے لئے رکنِ شامی اور مدینہ والوں کے لئے حطیم اور میزاب کا حصہ، یمن والوں کے لئے رکن یمانی اور ہند والوں کے لئے الخ مذکورہ، یعنی رکنِ یمانی اور حجر کا درمیان ہے، غور سے کام لو، واللہ تعالٰی اعلم۔ (ت)

اقول یہی قول نقل وعقل وشرع وعرف سب سے مؤید اور یہی اضبط الاقوال واعدل واصح و اظہر واسد۔

اوّلاً یہ خود امام مذہب سے منقول وکلام الامام امام الکلام (امام کا کلام، کلام کا امام ہے)

اذا قال الامام فصدقوہ

فان القول ما قال الامام

(جب امام فرمائے تو اس کی تصدیق کرو کیونکہ صحیح قول وُہی ہے جو امام نے فرمایا ہے)

---

[1] فتاوٰی قاضی خان کتاب الصلوٰۃ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ۱/۳۳

[2] حواشی الفتاوی الخانیۃ

ثانیاً امام احمد و بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ وغیرہم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا اتی احدکم الغائط فلا یستقبل القبلۃ ولا یولہا ظہرہ ولکن شرقوا او غربوا[1]	جب تم میں سے کوئی شخص پاخانے کو جائے تو نہ قبلہ کو منہ کرے نہ پیٹھ ہاں پورب پچھم منہ کرو۔

مدینہ طیبہ کا قبلہ جانبِ جنوب ہے لہذا شرقاً غرباً منہ کرنا فرمایا، ہمارے بلاد میں جنوباً شمالاً ہوگا۔ حدیث میں جنوب شمال کے کسی حصے کو رُو یا پُشت کرنے کی اجازت ارشاد نہ ہوئی اور مشرق و مغرب کے کسی حصے کا استثناء نہ فرمایا تو دائرہ اُفق کے صاف چار حصے ظاہر ہوئے جن میں ایک جہتِ استقبال ہے۔

ثالثاً عرفِ عام میں بھی یہ دائرہ چار ہی ربع پر منقسم شرق غرب جنوب شمال، اور بدنِ انسان بھی چار ہی رُخ و پہلو رکھتا ہے قدام، خلف، یمین، شمال۔ انہی میں فوق و تحت ملا کر تمام جہان میں جہاتِ ستہ مشہور ہیں ان چاروں میں ایک کو دوسری پر کوئی ترجیح نہیں، کوئی وجہ نہیں کہ مثلاً ایک کا اتساع ۴۰ درجے تک لیا جاوے اور دُوسری کا صرف ۴۰ تک، تو دائرہ افق چار ربع متساوی ہی پر منقسم ہونا چاہیے۔

رابعاً دائرہ اُفق میں چار نقطے مفروض ہوئے اُن میں ایک نقطہ استقبال حقیقی ہے، دوسرا استدبار حقیقی، دو باقی یمین و شمال حقیقی، تو جو ان میں کسی نقطہ کا ٹھیک محاذی نہ ہو اُس کی تقریب لاجرم راجح بقریب ہوگی بعید کی طرف نسبت تبعید ہے نہ کہ تقریب، لاجرم ہر ایک کے پہلو پر وہی ثمن ثمن دو راُس کا حصہ پڑے گا۔

خامساً تمام اقوالِ مذکورہ میں یہ ایسا نص ہے کہ دُوسری طرف راجح نہ ہوگا اور بقیہ اقوال سب اس کی طرف رجوع کرسکتے ہیں اور فائدہ مستمرہ ہے کہ توفیق القائے خلاف سے اولٰی ہے اور محتمل جانب مفسر رد کیا جاتا ہے، قولِ سوم و چہارم کا یہی محصل ہونا تو ہم اوپر بیان کرچکے ہیں اور قولِ اوّل میں عبارتِ منیہ قبلۃ اھل المشرق والمغرب عندنا[2] (ہمارے نزدیک اہلِ مشرق و اہلِ مغرب کا قبلہ۔ ت) کی شرح امام ابن امیر الحاج نے اسی عبارت ذخیرہ عن نظم الزندویسی سے فرمائی جس میں تقسیم رباعی مذکور قول دوم میں وجہ سے جبہہ مراد لینا چاہیے کہ موضع سجود ہونے کے سبب اشرف اجزائے وجہ ہے اُوپر گزرا کہ وجہ کو مطلق چھوڑیں

---

[1] صحیح البخاری	باب لاتستقبل القبلۃ بغائط الخ	مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی	۲۶/۱
سنن ابوداؤد	باب کراہیۃ استقبال القبلۃ الخ	" آفتاب عالم پریس لاہور	۳/۱
[2] منیۃ المصلی	شرط الرابع استقبال القبلۃ	مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ لاہور	ص ۱۸۵

تو جہتین یمین و شمال بھی داخلِ استقبال ہوئی جاتی ہیں کہ کان کے نزدیک کنپٹیوں کی جہت یقیناً جہتِ چپ و راست ہے، دو شخص کہ برابر برابر ایک سمت کو جا رہے ہوں کوئی نہ کہے گا کہ ان میں ایک کا منہ دوسرے کی طرف ہے بغرض کعبے کو اپنی دہنی یا بائیں کنپٹی پر لینا لغۃً عرفاً شرعاً کسی طرح استقبال نہیں۔

سادساً یہ تو قطعاً معلوم کہ قولِ اول و دوم اور ایک توہم پر سوم کا جو ارسال و اطلاق ہے ہرگز مراد نہیں ہوسکتا، اب اگر تقیید میں اسی تربیع جہات کی طرف رجوع کیجئے تو عین مطلوب ہے ورنہ بیچ میں کوئی حدِ فاصل معیّن و مرجح للاعتبار نہیں اور ترجیح بلا مرجح باطل تو حد نہ بندھ سکے گی کہ یہاں تک انحراف روا اور اس کے بعد فساد تو یہی قول اضبط الاقوال ہے تو اسی طرف رجوع بلکہ ان سب کا بھی ارجاع مناسب۔

سابعاً اس میں وسعتِ جہت ان سب سے تنگ تر، تو یہی احوط ہے کہ جہاں تک اس کا مفاد ہے وہ تمام اقوالِ مذکورہ پر یقیناً جہتِ قبلہ ہے اور جو اس کے مفاد سے باہر ہے وہ مختلف فیہ و مشکوک و نامنضبط ہے تو اخذ متفق و ترک مشتبہ و اختلاف ہی مناسب، لاجرم اسلامی علمائے ہیأت نے بھی شرع سے اخذ کر کے جہتِ قبلہ کے لئے یہی ضابطہ باندھا، فتاوٰی خیریہ کے ایک سوال میں ہے:

من القواعد الفلکیۃ اذا کان الانحراف عن مقتضی الادلۃ اکثر من خمس و اربعین درجۃ یمنۃ او یسرۃ یکون ذلك الانحراف خارجا عن جہۃ الربع الذی فیہ مکۃ المشرفۃ من غیر اشکال علی ان الجہات بالنسبۃ الی المصلی اربعۃ۔[1]

فلکی قواعد میں ہے کہ جب دلائل کے مقتضٰی سے انحراف ۴۵ درجے سے زیادہ دائیں یا بائیں ہو جائے تو نمازی کیلئے مسلّمہ چار جہات میں سے، وہ ایک چوتھائی جہت جس میں مکہ مکرمہ واقع ہے بغیر کسی اشکال کے یہ انحراف اس سے خارج قرار پائے گا۔ (ت)

اقول اور یہیں سے ظاہر ہُوا کہ یہ قول امام زندویسی ہرگز ایسی وسعت نہیں رکھتا کہ اسے قول دوم سے مقید کیجئے بلکہ وہی اتنا وسیع ہے کہ اسے اس سے مقید کرنا چاہئے

فما وقع من الامام الحلبی فی الحلیۃ مما قد منا نقلہ لیس فی موضعہ وھذا اتمام انجاز ما وعدناك فی القول الاول۔

پس امام حلبی کا وہ کلام جو حلیہ میں واقع ہے جس کو ہم پہلے نقل کر چکے ہیں وہ مناسب محل نہیں ہے، قولِ اول میں جو ہم نے وعدہ کیا تھا یہ اس کی تکمیل ہے۔ (ت)

رہی حدیث مرفوع مابین المشرق والمغرب قبلۃ[2] (مشرق اور مغرب کے درمیان قبلہ ہے۔ ت)

---

[1] فتاوٰی خیریۃ — کتاب الصلوٰۃ — مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت ۱/۹

[2] جامع الترمذی — باب ماجاء ان بین المشرق والمغرب قبلۃ — مطبوعہ امین کمپنی دہلی ۱/۴۶

www.alahazratnetwork.org

Index

اور اُس کے مثل ارشاداتِ امیر المؤمنین فاروقِ اعظم و عبداللہ بن عمرو غیرہما صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

اقول اُس کا یہ مفاد ہونا ہرگز مسلّم نہیں نہ ممکن التسلیم کہ شرق سے غرب تک نصف دَور میں قبلہ پھیلا ہوا ہے ورنہ لازم کہ نصف دیگر میں استدبار پھیلے کہ استقبال و استدبار دو جہت مقابل ہیں سارا دائرہ انہی دو جہتوں نے گھیر لیا، اب ارشادِ اقدس و لکن شرقوا او غربوا (لیکن پورب اور پچھم کی طرف منہ کرو۔ ت) کا کیا محل رہے گا، مگر یہ کہیں کہ خاص نقطتین مشرق و مغرب مستثنیٰ ہیں تو لازم ہوگا کہ ہر شخص جو پیشاب کو بیٹھے یا پاخانے کو جائے صحیح آلات معرفت نقاط ساتھ لیتا جائے حالانکہ آلات بھی حقیقی تعیین نقاط سے قاصر ہیں، اگر کہئے عرفاً جہاں تک جہتِ مشرق و مغرب پھیلے گی وہ سب مستثنیٰ ہے فان بین اذا اضیف الی غیر الاعداد لم یدخل فیہ الغایتان کما فی الفتح (لفظ "بین" جب غیر عدد کی طرف مضاف ہو تو ابتداء اور انتہاء دونوں غایتیں اس میں داخل نہ ہوں گی جیسا کہ فتح میں ہے۔ ت)

اقول اب ٹھکانے سے آگئے عرف میں جہتیں چار ہی سمجھی جاتی ہیں اور جو ایک سے قریب ہے وہ اُسی کی طرف منسوب ہوتا ہے تو اس نصف دور کے ۱۸۰ درجے سے ۴۵-۴۵ درجے کہ مشرق و مغرب سے قریب ہیں ان کے حصے میں رہ کر مستثنیٰ ہوں گے بیچ کے ۹۰ درجے جن کے وسط میں کعبہ واقع ہے جہتِ قبلہ رہیں گے وھو المطلوب (اور یہی مطلوب ہے۔ ت) ایک جماعتِ علماء نے یہاں بین بمعنی وسط لیا یعنی مشرق و مغرب کے اندر جو قوس جنوبی ہے اُس کے وسط و منتصف کی طرف قبلہ مدینہ سکینہ ہے۔

اقول اور اُس کے مؤید قول مذکور عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہے کہ جب تو مغرب کو اپنے دہنے بازو اور مشرق کو بائیں بازو پر لے تو اُس وقت تیرا منہ قبلے کو ہے،

وکانہ رضی اللہ عنہ لذا زاد قولہ اذا استقبلت بعد قولہ فما بینہما قبلۃ لکون ھذا محتملا لخلاف المراد ھذا وحملہ الامام الاجل عبداللہ بن المبارک علی ان ھذا لاھل المشرق وکذا قال الشیخ البغوی فی المعالم انہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اراد بقولہ مابین المشرق والمغرب قبلۃ فی حق اھل المشرق[1] اھ ولا ادری ما الحامل

ہوسکتا ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے قول "فما بینہما قبلۃ" کے بعد "اذا استقبلت" کا لفظ اسی لئے بڑھایا ہو کہ فما بینہما قبلۃ میں اس مراد کے خلاف کا احتمال تھا۔ امام عبداللہ بن مبارک نے مابین المشرق والمغرب والی حدیث کو اہلِ مشرق کے لئے قرار دیا ہے۔ امام بغوی نے اس کو یُوں بیان کیا ہے معالم میں فرمایا کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنا قول "مشرق و مغرب کے درمیان قبلہ ہے" اہلِ مشرق کے حق میں فرمایا ہے اھ مجھے معلوم نہیں کہ ان حضرات

---

[1] تفسیر البغوی المعروف بمعالم التنزیل مع الخازن زیر آیۃ وما انت بتابع مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/ ۱۲۲

www.alahazratnetwork.org

ذلك بل الاظهر كما افاد الامام الحلبی فی الحلية وعلی القاری فی المرقاة ان المراد لاهل المدينة وما وافق قبلتها۔

اقول ومعلوم ان المدينة السكينة علی شماليتها من مكة المكرمة مائلة قليلا الی المغرب دون المشرق ثم ان البغوی فی التفسير والرازی فی الكبير والمناوی فی التيسير حملوا المشرق علی اقصر يوم فی الشتاء قال فی المناوی وهو مطلع قلب العقرب[1]۔

اقول ولا يستقيم الا بفرق عدة درج ولا فی زمانه اذ كان اذ ذاك بعد القلب عــه الٓه لو جنوبيا والمغرب علی مغرب اطول يوم فی الصيف قال

نے یہ کیوں فرمایا ——— جبکہ زیادہ ظاہر وہ معنیٰ ہے جس کا افادہ امام حلبی نے حلیہ میں اور ملا علی قاری نے مرقات میں فرمایا کہ اس سے مدینہ منورہ اور اس کے اردگرد والوں کا قبلہ مراد ہے۔

اقول (میں کہتا ہوں) مدینہ منورہ کا مکہ مکرمہ سے شمال میں تھوڑا سا مغرب کی طرف مائل ہونا واضح طور معلوم ہے نہ کہ مشرق کی طرف، پھر امام بغوی نے اپنی تفسیر امام رازی نے تفسیر کبیر میں اور امام مناوی نے التیسیر میں مشرق سے مراد سردیوں میں سب سے چھوٹے دن کا مطلع مراد لیا ہے، امام مناوی نے یُوں فرمایا کہ وُہ عقرب کے قلب کا مطلع ہے۔ (ت)

اقول (میں کہتا ہوں) یہ بیان چند درجوں کے فرق بغیر درست نہیں ہوسکتا، اور نہ ہی ان کے زمانے میں یہ درست تھا کیونکہ اُس وقت قلب کا بُعد الٓہ لو جنوبی تھا، اور ان حضرات نے مغرب کو گرمیوں

عــه طول القلب فی زمان المناوی حٓ ٥ تقريبا فالبعد عن الاعتدال الاقرب ســه جيبه فی اللوغارثميات ٩٫٩٥٧٢٧٥٧ × ظل الميل الكلی ذاك لٓم الط تقريباً ٩٫٦٢٣٧٩٥٦٣ = ٩٫٥٩٥٢٣٢٠ قوسه كالٓطل هو الميل الثانی للقلب ثم بعد درجة القلب عن الانقلاب الاقرب الٓه جيبه ٩٫٦٢٥٩٤٨٣ + جيب الميل الكلی

علامہ مناوی کے زمانہ میں طول القلب تقریباً حٓ ۵ تھا تو اعتدالِ اقرب سے اس کا بُعد ســہ جس کا جیب لوگارثم میں ۹٫۹۵۷۲۷۵۷ × اس کے میل کلی کا ظل لٓم الط تقریباً ۹٫۶۲۳۷۹۵۶۳ = ۹٫۵۹۵۲۳۲۰ ہوگا اس کے قوس کا الٓطل ہوگا جو قلب کے لئے میل ثانی ہے پھر انقلاب اقرب سے قلب کے درجہ کا بُعد الٓہ ہوگا جس کا جیب ۹٫۶۲۵۹۴۸۳ + میل کلی کا جیب

(باقی برصفحہ آئندہ)

---

[1] التیسیر شرح الجامع الصغیر حدیث مابین المشرق الخ کے تحت۔ مکتبہ امام شافعی الریاض ۲/۳۴۵

وھو مغرب السماك الرامح۔

اقول ھذا ابعد وابعد فانّ[عہ] بعد السماك اذ ذاك لوٌکـ شمالیا

کے طویل ترین دن کا مغرب قرار دیا ہے، اور امام مناوی نے فرمایا کہ وہ "سماک رامح" کا مغرب ہے (ت)

اقول (میں کہتا ہوں) یہ بات بہت بعید ہے کیونکہ اس وقت "سماک" کا بُعد لوٌکـ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

لمو الط ۹،۶۰۰۴۰۹۰ = ۹،۲۲۶۳۵۷۳ قوسہ طٌ ما مح ھو المیل الکلی المنکوس لہ وعرضہ ءٌ ل کمیلہ الثانی جنوبی فمجموعھما الہٌ نطل حصۃ البعد جیبہ ۹،۶۴۱۷۱۲۴ + جیب تمام المیل المنکوس ۹،۹۹۳۷۵۲۴ = ۹،۶۳۵۴۶۴۸ قوسہ الہٌ لو بعد القلب ای میلہ الاول ومعلوم ان المیل الاعظم کان اصغر منہ باکثر من درجتین فکیف یتساوی سعتا مشرقھما ۱۲ منہ (م)

عہ طول السماك اذ ذاك ونط تقریبا بعدہ عن الاعتدال الاقرب نط جیبہ ۹،۵۱۲۶۴۱۹ + ظل المیل الاعظم = ۹،۱۵۰۵۹۸۲ قوسہ حٌ ح ھو میلہ الثانی وبعد درجتہ عن راس الجدی عٓا جیبہ ۹،۹۷۵۶۷۰۱ + جیب المیل الاعظم = ۹،۵۷۶۰۷۹۱ قوسہ الـسح میلہ المنکوس وعرضہ کالح شمالیا + حٌ ح = لطمو حصۃ البعد جیبہ ۹،۸۰۵۹۵۱۰ + جیب شس نب ۹،۹۶۶۷۵۶۲ = ۹،۷۷۲۷۰۷۲ قوسہ لوٌکـ بعد السماك ۱۲ منہ (م)

لمو الط ۹،۶۰۰۴۰۹۰ = ۹،۲۲۶۳۵۷۳ ہوگا اور اس کا قوس طٌ ما مح ہوگا، یہی اس کا منکوس میل کلی ہوگا جس کا عرض ءٌ ل ہوگا جو اس کے جنوبی میل ثانی جیسا ہوگا پس ان کا مجموعہ الہٌ الطل جو بُعد کا حصّہ ہوگا اس کا جیب ۹،۶۴۱۷۱۲۴ + میل منکوس کے کل کا جیب ۹،۹۹۳۷۵۲۴ = ۹،۶۳۵۴۶۴۸ ہوگا جس کا قوس الہٌ لو بُعدِ قلب یعنی اس کا میل اول ہوگا اور یہ بات معلوم ہے کہ میل اعظم اس سے دو درجے کم ہوگا، تو اس سے دونوں مشرقوں کی وسعت کیسے مساوی ہوگی ۱۲ منہ (ت)

سماک کا طول اس وقت و نط تقریبًا ہو تو اس کا اعتدالِ اقرب سے بُعد نط ہو جس کا جیب ۹،۵۱۲۶۴۱۹ + ظلِ میل اعظم = ۹،۱۵۰۵۹۸۲ ہوگا جس کا قوس حٌ ح جو اس کا میل ثانی ہوگا اور راس جدی سے اس کے درجے کا بُعد عٓا جس کا جیب = ۹،۹۷۵۶۷۰۱ + میل اعظم کا جیب ۹،۵۷۶۰۷۹۱ ہوگا جس کا قوس الـسح اس کا میل منکوس ہوگا اور اس کا شمالی عرض کالح + حٌ ح = لطمو بُعد کا حصہ ہوگا جس کا جیب شس نب ۹،۹۶۶۷۵۶۲ = ۹،۷۷۲۷۰۷۲ ہوگا جس کا قوس لوٌکـ سماک کا بُعد ہوگا ۱۲ منہ (ت)

۱۱۸

زائد على الميل الكلي بنحو ١٣ درجة قال البغوي فمن جعل مغرب الصيف في هذا الوقت على يمينه ومشرق الشتاء على يساره كان وجهه الى القبلة[1] اھ قال الرازي و ذلك لان المشرق الشتوي جنوبي متباعد عن خط الاستواء بقدر الميل و المغرب الصيفي شمالي متباعد عن خط الاستواء بمقدار الميل والذي بينهما هو سمت مكة[2] اھ

اقول ولا ادري كيف يحمل المطلقات على هذين المقيدين واي قرينة عليه بل واي حاجة اليه فان الظاهر من الاطلاق ارادة مغرب الاعتدال ومشرقه ولا شك ان بينهما قبلة المدينة السكينة وما يليها بل ان اريد زيادة التقريب كان العكس اولى وهو اخذ مغرب الجدي و مشرق السرطان لان قبلة المدينة الكريمة على جنوبيتها ميلا ما عن نقطة الجنوب الى الشرق بعدة درج۔

ثم اقول في قول الامام الرازي متباعد عن خط الاستواء

شمالی تھا، اور یہ بُعد "میل کلی" سے تقریباً ۱۳ درجے زائد تھا۔ امام بغوی نے فرمایا، جس نے اس وقت گرمیوں کے مغرب کو اپنی دائیں طرف اور سردیوں کے مشرق کو اپنی بائیں طرف کیا تو اس شخص کا منہ قبلہ کی طرف ہوگا اھ اور امام رازی نے فرمایا یہ اس لئے ہے کہ سردیوں کا مشرق جنوبی ہوتا ہے اور خطِ استوار سے میل کی مقدار دُور ہوتا ہے اور گرمیوں کا مغرب شمالی ہوتا ہے اور خطِ استوار سے میل کی مقدار دُور ہوتا ہے اور جو ان دونوں کے درمیان ہے وہ سمتِ مکہ ہے اھ (ت)

اقول (میں کہتا ہوں) معلوم نہیں مطلق مشرق و مغرب کو کیونکر مقید کر دیا گیا اور اس پر قرینہ کیا ہے بلکہ اس کی ضرورت ہی کیا ہے کیونکہ مشرق و مغرب سے اعتدال کا مشرق و مغرب علی الاطلاق مراد ہے۔ اور یقیناً ان دونوں کے درمیان مدینہ منورہ اور اس کے اردگرد کا قبلہ ہے بلکہ (عین قبلہ کی بجائے) صرف تقریبی سمت مراد ہو تو پھر اس بیان کا عکس بہتر ہے وُہ یہ کہ "الجدی" کا مغرب اور "السرطان" کا مشرق لیا جائے کیونکہ مدینہ منورہ کا قبلہ اس سے جنوب میں تھوڑا سا نقطہ جنوب سے مشرق کی طرف چند درجے ہٹ کر ہے۔ (ت)

ثم اقول کہ امام رازی کے قول "کہ گرمیوں کا مغرب اور سردیوں کا مشرق، خطِ استوار سے

---

[1] تفسیر البغوی المعروف بمعالم التنزیل مع الخازن زیر آیت وما انت بتابع مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۱۲۲

[2] التفسیر الکبیر زیر آیت فول وجھک الخ مطبوعہ المطبعۃ البھیۃ المصریۃ مصر ۴/۱۲۲

بمقدار المیل تسامحا ظاھرا فان ذلك انما ھو فی الافق المستوی اما فی غیرہ فسعة المشرق والمغرب لراسی الجدی والسرطان اکبر دائما من المیل الکلی کیف وھی وتر القائمة من مثلث کروی یحدث من قوس المعدل بین الافق والمیلیة وقوس من المیلیة واخری من الافق کلتاھما بین المعدل والجزء وزاویتاہ الباقیتان حادتان اما کون ھذہ قائمة فلانھا من میلیة وقعت علی المعدل واما حدة البواقی فلان وتر القائمة وھی السعة والمیل کلاھما اقل من الربع واحدی الزوایا غیر حادة فتمت شرائط (من اولی اکُرٍ وجب) عظیمة وتر العظمی بالسابع منھا وھی السعة فھی اعظم من المیل الاعظم ومن قوس المعدل الباقیة ایضا اما فی افق المستوی فتنطبق المیلیة علی الافق فلا مثلث ولم یکن بین الجزء ونقطة الاعتدال حینئذ الا میلہ وذلك ما اردناہ واللہ تعالٰی اعلم۔

میل کی مقدار دُور ہوتا ہے میں کُھلا تسامح ہے کیونکہ یہ مستوی افق میں ہے لیکن اس کے غیر میں مشرق ومغرب کی وسعت راس جدی اور راس سرطان پر ہمیشہ میل کل سے بڑی ہوتی ہے، ان کا قول کیسے صحیح ہوسکتا ہے جبکہ یہ وسعت، مثلث کروی کے قائمہ کا وَتر ہے اور یہ مثلث کروی افق اور میلیہ کے درمیان معدل کے قوس اور میلیہ کے قوس اور ایک دوسرے' جو کہ افق کا قوس ہے' سے پیدا ہوئی۔ یہ دونوں معدل اور جزء کے درمیان ہیں اس کے باقی دونوں زاویے حادہ ہیں، اس کا قائمہ ہونا تو اس لئے ہے کہ یہ میلیہ سے معدل پر گری ہے، اور دوسرے زاویوں کا حادہ ہونا اس لئے ہے کہ قائمہ کا وَتر جو کہ وسعت اور میل ہے یہ دونوں چوتھائی سے کم ہیں اور ایک زاویہ جو کہ غیر حادہ ہے تو اس طرح کُرہ میں سے پہلے کی "د" کے شرائط مکمل ہوگئے تو اب "ان کے ساتویں کی وجہ سے وترِ عظمٰی کی بڑھائی ضروری ہوگئی اور یہ وہی وسعت ہے تو یہ میل اعظم سے اور باقی معدل کے قوس سے بھی بڑی ہے لیکن مستوی کے افق میں میلیہ افق پر منطبق ہوجاتی ہے اس لئے وہاں مثلث نہیں ہے، اور جُزء اور نقطۂ اعتدال کے درمیان اب صرف اس کا میل ہے اور یہی ہماری مراد ہے، اللہ تعالٰی بہتر جانتا ہے۔ (ت)

تذییل کتب مذہب میں یہ پانچ عبارتیں ہیں کہ افادۂ حکم عام کرتی ہیں اور یہاں ایک عبارت اور ہے جسے بعض کتب میں صورۃً بطورِ عموم ظاہر کیا اور حقیقۃً اصلاً صالحِ عموم نہیں بلکہ اُنھیں علاماتِ خاصہ سے ہے جو بلادِ مخصوصہ کے لئے اقوال فقیہ ابوجعفر وغیرہ مشائخ سے گزریں وہ یہ کہ بین المغربین قبلہ ہے یعنی گرمیوں میں سب سے بڑے دن مثلاً ٢٢ رجون اور جاڑوں میں سب سے چھوٹے دن مثلاً ٢١ ردسمبر میں آفتاب جہاں ڈوبے اُن

www.alahazratnetwork.org

۱۲۰

دونوں موضع غروب کے اندر سمتِ قبلہ ہے۔ ردالمحتار میں بحوالہ شرح زاد الفقیر للعلامۃ الغزی بعض کتب معتمدہ سے اور شرح الخلاصہ للعلامۃ القہستانی میں ہے:

ینظر مغرب الصیف فی اطول ایامہ ومغرب الشتاء فی اقصر ایامہ فلیدع الثلثین فی الجانب الایمن والثلث فی الایسر والقبلۃ عند ذلک ولو لم یفعل ھکذا وصلی فیما بین المغربین یجوز۔[1]

گرمیوں کے طویل ترین دن کے مغرب اور سردیوں کے چھوٹے دن کے مغرب کو ملحوظ رکھ کر دائیں جانب ۲۰ اور بائیں جانب ۳ درجے چھوڑے تو یہ نمازی کا قبلہ ہوگا، اور اگر وہ یہ احتیاط نہ کرے اور دونوں مغرب کے درمیان سیدھا نماز پڑھ لے تو نماز جائز ہوگی۔ (ت)

حلیہ میں ملتقط و تجنیس ملتقط سے ہے:

وقال ابو منصور ینظر الی اقصر یوم و اطول یوم فیعرف مغربیھما ثم یترك الثلثین عن یمینہ قال صاحب الملتقط ھذا استحباب والاول للجواز[2] اھ وھذا ما وعدناك صدر الکلام فی الایراد الخامس۔

اور ابو منصور نے کہا سب سے چھوٹے اور سب سے بڑے دن کے مغرب کو معلوم کرکے پھر ۲۰ درجے دائیں طرف چھوڑے۔ صاحبِ ملتقط نے کہا کہ پہلا بیان جواز کےلئے اور یہ دوسرا استحباب ہے اھ اور یہی صدر کلام میں پانچویں اعتراض میں ہمارا وعدہ تھا۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

ظاہر ہے کہ جو بلادِ مکۂ معظمہ سے خاص جنوب یا شمال کو ہیں یہ بیان ان سے تو اصلاً متعلق نہیں ہوسکتا آخر نہ دیکھا کہ قبلۂ مدینۂ سکینہ قبلۂ قطعیہ یقینیہ ہے، بین المغربین درکنار خود جمیع جہت مغرب سے بہت بعید ہے اور بلادِ شرقیہ وغربیہ کو بھی عام نہیں ہوسکتی، آخر نہ دیکھا کہ ابھی بحث چہارم مکالمہ علامہ شامی میں جو شہر مکۂ معظمہ سے پانچ درجے طول مشرقی زائد خاص خطِ استوار پر لیا اُس کا قبلہ بین المغربین سے چوّن ۵۴ درجے شمال کو ہٹا ہوا ہے،

لان السعۃ العظمی فی الافق المستوی لح لہ و قد کان انحراف قبلۃ عن نقطۃ المغرب عح لح۔

کیونکہ مستوی افق میں بڑی وسعت لح لہ ہے جبکہ نقطۂ مغرب سے قبلہ کا انحراف عح لح تھا۔ (ت)

تو قبلہ تقریباً ننانوے ۹۹ درجے مغربین سے باہر ہوگا جو ربع دورہ سے بھی زیادہ ہے، لاجرم امالی الفتاوی میں اس قول کو اپنے بلادِ سمرقند وغیرہا سے خاص کیا، منیہ میں ہے:

---

[1] ردالمحتار مبحث فی استقبال القبلۃ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱/۲۸۸

[2] التعلیق الجلی لما فی منیۃ المصلی مع منیۃ المصلی بحوالہ حلیہ الشرط الرابع مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ لاہور ص ۱۸۶

ذکر فی امالی الفتاوی حد القبلۃ فی بلادنا یعنی فی سمرقند ما بین المغربین مغرب الشتاء و مغرب الصیف[1]۔

امالی الفتاوٰی میں ذکر کیا گیا ہے کہ ہمارے سمرقند کے علاقہ میں قبلہ کی حد گرمیوں اور سردیوں کے مغربوں کے درمیان ہے۔ (ت)

انھیں بلادِ شرقیہ سے ہرات ہے، علامہ برجندی فرماتے ہیں: ہم نے اس کا قبلہ تحقیق کیا بین المغربین سے باہر جنوب کو ہٹا ہوا پایا۔ اور اسی کے مطابق امام عبداللہ بن المبارک مروزی و امام ابو مطیع بلخی کا ارشاد آیا، شرح نقایہ میں ہے:

نحن قد حققنا بتلك القواعد سمت قبلۃ ھراۃ فظھر لنا انہ یقع عن یسار مغرب اقصر ایام السنۃ حیث یغرب کواکب العقرب و ھو الموافق لما ذکرہ عبد اللہ بن المبارك وابو مطیع فما وقع فی تجنیس الملتقط انہ لوصلی الی جھۃ خرجت ما بین مغرب الصیف و مغرب الشتاء فسدت صلاتہ انما یصح فی بعض البقاع[2] (ملخصاً)

ہم نے ان قواعد سے ہرات کے قبلہ کی سمت تحقیق کی ہے تو ہمیں معلوم ہوا کہ سال کے چھوٹے دن کے مغرب سے بائیں جانب جہاں عقرب کے ستارے غروب ہوتے ہیں یہاں کا قبلہ ہے، عبداللہ بن مبارک اور ابو مطیع کے بیان کے یہی مطابق ہے اور جو تجنیس الملتقط میں ہے کہ اگر نمازی نے گرمیوں کے مغرب اور سردیوں کے مغرب سے خارج کسی جہت میں نماز پڑھی تو اس کی نماز فاسد ہوگی، تو یہ بات بعض علاقوں میں درست ہوسکتی ہے ملخصاً (ت)

www.alahazratnetwork.org

اقول حقیقت امر یہ ہے کہ معظم معمورہ میں اکثر بلادِ شرقیہ کا قبلہ تحقیقی مغرب سرطان سے مغرب جدی تک ہے اور بہ نسبت درجات ادراک مغربین ہر شخص پر آسان اور اُن بلادِ کثیرہ میں اگرچہ جہت قبلہ مغربین سے باہر تک ممتد مگر امر محدود سہل الادراک کی تعیین جو حدود قبلہ کے اندر داخل ہے مضائقہ نہیں رکھتی بلکہ بارہا اُس میں زیادہ تقریب ہے جس سے سہولت و قُربِ بحقیقت دونوں منافع حاصل، لہذا علماء نے اُن بلاد میں عامہ کو ما بین المغربین کی تحدید بتائی اُس کے معنی یہ نہ تھے کہ اس سے باہر جہت اصلاً نہیں، اور مغربین سے تجاوز ہوتے ہی نماز فاسد ہو، مگر شرح خلاصہ قہستانی اور شرح زاد الفقیر میں بحوالۂ بعض کتب معتمدہ کہ شاید وہی شرح خلاصہ ہو کہ وہ تمام عبارت بعینہا فقیر نے اس میں پائی، بعد عبارت مذکورہ ہے: واذا وقع توجھہ خارجاً منھا لایجوز بالاتفاق[3] (اگر اس کی

---

[1] منیۃ المصلی الشرط الرابع استقبال القبلہ مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور ص ۱۸۵

[2] شرح النقایۃ للبرجندی باب شروط الصلوٰۃ مطبوعہ منشی نولکشور بالسرور لکھنؤ ۱/ ۸۹

[3] رد المحتار باب شروط الصلوٰۃ مبحث فی استقبال القبلۃ مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۲۸۸

توجہ اس جگہ سے خارج ہوجائے تو اس کی نماز بالاتفاق جائز نہ ہوگی۔ت) دونوں کتابوں میں عبارت بلفظ منہا بضمیر مؤنث ہے نہ منہما بضمیر تثنیہ کہ جانب مغربین راجع ہو، اور شک نہیں کہ جہت سے خروج مفسد صلوٰۃ ہے اور لفظ بالاتفاق اس معنی پر صریح دال کہ خروج عن الجہۃ ہی کا مفسد ہونا متفق علیہ ہے نہ کہ یہ تحدید خاص جو اقوالِ خمسہ مذکورہ ائمہ مشہورہ دوارہ فی کتب المذہب سب کے خلاف ہے لیکن منیہ میں امالی سے یوں ہے:

فان صلی الی جھۃ خرجت من المغربین فسدت صلاتہ[1]	اگر نمازی نے کسی ایسی جہت میں نماز پڑھی جو مغربین سے خارج ہو تو اس کی نماز فاسد ہوگی۔(ت)

اور تجنیس الملتقط کی نقل گزری، علامہ برجندی کا ارشاد سُن چکے کہ انھوں نے ہراۃ کے لئے یہ حکم نہ مانا بلکہ اس کا تحقیقی مغربین سے باہر ہے اور اس حکم کو صرف بعض مقامات سے مخصوص کہا **اقول** بلکہ اصلاً کہیں صادق نہ آئے گا سوا گنتی کے دو چار نادر مقاموں کے جو شاید آباد بھی نہ ہوں بلکہ غالباً سمندر میں پڑیں جن کا قبلہ نقطۂ اعتدال ہو اور عرض تقریباً چھپن ۵۶ درجے کہ ان کی سعۃ المغرب ۴۵ درجے ہوگی ورنہ اگر عرض اس سے کم ہوا تو سعۃ المغرب ۴۵ درجے سے کم ہوگی اور باجماع اقوال خمسہ بین المغربین سے کم و بیش خروج روا ہوگا اور اگر قبلہ اعتدال سے ہٹا ہوا ہے تو ضرور احد السعتین کی طرف جُھکے گا تو جس سے جتنا قریب ہے اُس سے اُسی قدر باہر جانا بھی روا ہوگا اور جس سے بعید ہے اُس کے اندر بھی بعض انحراف مفسد نماز ہوگا کما لا یخفٰی (جیسا کہ ظاہر ہے۔ت) پھر یہ بھی زیادہ بین الفساد پھر تمام دنیا چھوڑ کر گنتی کے چند مواضع کا حکم لینا اور اُسے صورتِ عام میں بیان کرنا کیونکر دُور بعصمت ہوگا خصوصاً وہ مواضع بھی اتنے دُور دراز عرض کے جو اگر آباد بھی ثابت ہوں تو شک نہیں کہ اُس زمانے میں معمورہ سے باہر سمجھے جاتے اور خارج الاقالیم کہلاتے تھے کہ اُن کی تقسیم میں ساتوں اقلیمیں ۲۰. ۵۰ تک ختم ہوگئیں۔ ہماری اس تقریر سے متفطن نکال سکتا ہے کہ اس قول پر کتنے نقض وارد ہیں۔

اوّلاً عرب و عجم و ہند و سندھ غرض ایشیا افریقہ کے عام شہر بلکہ تمام ہفت اقلیم میں کہیں سعۃ المغرب ۴۵ درجے نہیں اور اوپر واضح ہوچکا کہ یہاں تک انحراف باجماع جمیع اقوال مذکورہ روا ہے کہ یہی سب سے تنگ تر قول ہے تو عامہ معمورہ کے جملہ بلاد جن کا قبلہ نقطۂ مشرق یا مغرب ہو باتفاق اقوال مزبورہ ان میں مابین المغربین سے بھی انحراف روا ہوگا اور نماز فاسد نہیں ہوسکتی جب تک ۴۵ درجے سے زائد نہ ہو۔

ثانیاً وہ بلاد کہ ہیں جن کا قبلہ خاص نقطۂ اعتدال ہو، اکثر میں کم یا زیادہ انحراف ہے اب تین حال سے خالی نہیں یا تو انحراف اعنی تمامہ ای من نقطۃ الاعتدال الی الجنوب او الشمال (میری مراد

---

[1] منیۃ المصلی الشرط الرابع استقبال القبلۃ مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور ص ۱۸۵

۱۲۳

اس کا تمام ہے یعنی نقطۂ اعتدال سے جنوب وشمال کی طرف۔ ت) سعۃ المغرب سے کم ہوگا یا برابر یا زائد بر تقدیر اول جس سمت انحراف ہے اُدھر کی سعۃ المغرب سے اور بھی باہر جانا روا ہوگا مثلاً ۴۴ درجہ سعت ہے اگر انحراف نہ ہوتا تو اس سے ۲۱ درجے خروج جائز ہوتا، اب فرض کیجئے ۳۰ درجے انحراف ہے یہ تو بین المشرقین ۱۴ درجے عدول صحیح ہوگا۔

ثالثاً جس سمت سے انحراف ہو اگر انحراف وسعت کا مجموعہ ۵۴ درجے سے زائد ہے تو بین المغربین ہی وہ جگہ پائی جائے گی جب تک انحراف مفسد نماز ہے حالانکہ اس قول پر جواز ہوگا۔

رابعاً فرض کیجئے ۲۰ درجے جانب جنوب انحراف ہے اور وسعت ۲۴° تو اس قول پر قبلہ تحقیقی سے جنوب کو صرف چار درجے انحراف جائز ہوگا کہ بین المغربین سے خروج نہ ہو اور شمال کو ۴۴ درجے تک انحراف روا ہوگا یہ بدیہی البطلان اور بالاجماع غلط ہے قبلہ حقیقی سے جس قدر ایک طرف پھرنے میں مواجہہ نہیں جاتا واجب کہ دوسری طرف بھی اُس قدر میں زوال نہ ہو کہ چہرۂ انسان کے دونوں رُخ یکساں ہیں یہ چار چوالیس کا تفرقہ کدھر سے آیا۔

خامساً وسادساً بر تقدیر ثانی استحالے ظاہر تر ہیں فرض کیجئے سعت وانحراف جنوب دونوں رُخ یکساں ہیں (اور یہ کوئی فرض ناواقعی نہیں ہیأت داں کو عمل تعکیس کا اجرا بتا دے گا کہ فلاں فلاں مقام ایسے ہیں) اب اس صورت میں حکم شرعی تو یہ ہے کہ بین المغربین سے جانب جنوب ۵۴ درجے تک باہر جانا روا ہے اور جانب شمال سعت کے صرف تک جھک سکتا ہے نصف شمال کی طرف جھکنا مفسد نماز ہوگا اور اس قول پر اس کے برعکس حکم یہ نکلے گا کہ ایک پہلو پر تو ساٹھ درجے تک انحراف روا اور دوسرے پہلو پر قدم بھر ہٹا اور نماز گئی کیا یہ حکم شریعتِ مطہرہ کا ہوسکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

سابعاً تقدیر ثالث تو خود استحالۂ حاضرہ ہے کہ جب انحراف سعت سے زائد ہے تو جو قبلہ حقیقی چاہے واجب ہے کہ بین المغربین سے باہر جائے اس قول پر خود استقبال حقیقی مفسد نماز ہوا۔

ثامناً دنیا میں کوئی سعت سے زائد ہے طرفین کا مجموعہ ۶۴° ۴۵َ ہوا تو بین المغربین یقیناً وہ انحراف ہے جسے قبلہ حقیقی سے ۵۴ درجے زائد اختلاف ہے تو جو فسادِ نماز کی صورت تھی وہ اس پر جواز کی ہوئی اور جو جواز بلکہ اعلیٰ استحباب کی تھی وہ فساد کی ٹھہری اس سے بڑھ کر اور کیا استحالہ ہوگا۔

تاسعاً فرض کیجئے ایک شہر مکۂ معظمہ سے قریب اور کثیر العرض ہے اور دوسرا بہت بعید اور قلیل العرض یا بے عرض تو قطعاً اول کی سعۃ المغرب دوم سے زائد ہوگی جس کی زیادت چھیاسٹھ درجے تک پہنچ سکتی ہے تو اس قول پر لازم کہ قریب شہر کی سمتِ قبلہ بہت دور والے شہر کی سمت سے ہزارہا میل زیادہ دور تک پھیلی ہو، یہ عکس قضیہ معقول ومنقول ہے۔

عاشراً ناواقف گمان کرے گا کہ اس قول میں بہ نسبت دیگر اقوال کے تضییق ہے کہ معظم معمورہ میں سعت ۴۵ درجے سے بھی کم ہے مگر یہ خیال باطل ہے ہم ابھی ثابت کر آئے کہ اس میں قبلہ حقیقی سے ساٹھ۶۰ درجے انحراف روا ٹھہرتا ہے اور تنقیح کیجئے تو اس کی وسعت ظاہر قولین اولین سے کچھ کم نہیں بلکہ زائد ہے کہ ۶۶ - ۲۲ کے عرض پر مجموع سعتین کے پُورے ایک سَو اسّی درجے ہیں۔

اقول والبرھان علیہ تساوی المیل الکلی وتمام عرض البلد فتساوی جیوبھما فی المثلث الکروی نسب جیوب الزوایا الی جیوب اوتارھا متساویۃ فیتساوی جیوب السعۃ والقائمۃ وبہ یظھر فی کلام المدقق الرومی فی شرح الچغمینی حیث قال سعۃ المشرق والمغرب تزید بزیادۃ العرض الی ان تبلغ قریبا من الربع مالم یبلغ العرض ربعا اھ

اقول (میں کہتا ہوں) اس پر دلیل میل کل اور تمام عرض بلد کا متساوی ہونا ہے تو اس طرح ان دونوں کی جیبیں بھی متساوی ہوں گی اور مثلث کروی میں جیوبِ زوایا کو اس کے جیوبِ اوتار کی طرف متساوی منسوب کیا گیا ہے تو اس طرح جیوب سعۃ وقائمہ دونوں متساوی ہوں گے اور اسی سے شرح چغمینی میں فاضل رومی کے دقیق کلام میں جو ابہام ہے واضح ہوجاتا ہے جیسا کہ اُنھوں نے فرمایا: سعۃ مشرق ومغرب عرض کے بڑھنے سے بڑھتی رہتی ہے یہاں تک کہ سعۃ قریب ربع کو پہنچ جائے جبکہ عرض بلد ربع کو نہ پہنچی ہو اھ (ت)

بلکہ حسم مناقشہ کے لئے ساٹھ ہی درجے کا عرض لیجئے کہ وہاں سعت ۵۲° ۴۴ ہوا، اور فرض کیجئے کہ انحراف جنوبی ۷۷° ۱ ہو کہ اس سے زیادہ کا انحراف ہم اُوپر ثابت کر آئے ہیں۔ اب اگر مصلی نقطہ مغرب سے ۵۲° ۲۴ شمال کو پھر کر کھڑا ہو اس قول پر نماز صحیح ہوگی کہ قبلہ بین المغربین کے اندر ہے حالانکہ قبلہ حقیقی سے پُورا ایک سَو تیس [۱۳۰] درجے پھرا ہوا ہے قولین اولین کے ظاہر پر تو قبلے کو کروٹ ہی ہوتی تھی یہاں اس سے بھی گزر کر پیٹھ کا حصہ ہے اور استقبال موجود، بالجملہ اس پر وہ استحالات ہائلہ وارد ہیں جن کا شمار دشوار، تو یہ قول اس طور پر نقلاً عقلاً اصلاً قابلِ قبول نہیں اور خود اسی قدر اُس کی غرابت و نامسموعی کو بس تھا کہ تمام کتب معتمدہ کے پانچوں اقوال سے صریح مناقض ہے، ہاں اُس وجہ پر کہ فقیر نے تقریر کی ضرور صحیح و نجیح ہے وباللہ التوفیق، الحمدللہ کہ جہتِ قبلہ کا یہ کافی وافی شافی صافی بیان اُس جلالتِ شان وایضاح صواب واحاطہ و تحقیق و کشف حجاب کے ساتھ واقع ہُوا کہ اس تحریر کے غیر میں نہ ملے گا ذلک من فضل اللہ علینا وعلی الناس ولکن اکثر الناس لا یشکرون رب اوزعنی ان اشکر نعمتک

---

[1] شرح چغمینی الباب الثالث من المقالۃ الاولٰی فی الدوائر مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ص ۶۹

www.alahazratnetwork.org

Index

۱۲۵

التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صٰلحا ترضٰہ واجعلنی من التائبین وادخلنی برحمتک فی الصّٰلحین اٰمین وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد واٰلہ وصحبہ اجمعین اٰمین۔

افادۂ ثانیہ علی گڑھ میں القلابین کی سعت المغرب کیا ہے۔ الحمدللہ کہ جہت قبلہ کے معنی آفتاب کی طرح واضح ہوگئے اور معلوم ہولیا کہ جب تک حدودِ جہت کے اندر ہے جواز و اباحت ہے حتی الوسع اصابتِ عین صرف مستحب ہے۔ اب یہ دیکھنا رہا کہ مقامِ عیدگاہ متنازعہ فیہ کا انحراف حدودِ جہت کے اندر ہے یا نہیں، اس کے لئے اُس ظاہری وسعت اقوال سابقہ کی تکلیف دینی درکنار قول پنجم جسے ہم محقق و منقح کر آئے اُس سے بھی تنزل کریں اور اُس بین المغربین ہی کی تحدید کولیں کہ ہمارے بلاد میں واقعی یہی سب سے تنگ تر ہے تاکہ ناواقف فتوٰی دہندوں کو کوئی شکایت نہ رہ جائے اس کے لئے اوّلاً علی گڑھ میں راس الجدی و راس السرطان کی سعۃ المغرب معلوم کرنی ضرور ہے **فنقول**



ا ب ح ۶ افق علی گڑھ ہے ا ۶ قوس معدل، ہ قطب شمالی ح راس الجدی وقت غروب ہ ح، دائرۂ میلیہ س ح میل کلی ۲۳° ۲۷′ ا ح سعۃ المغرب مثلث ا س ح قائم الزاویہ میں ۶ ا تمام عرض البلد یعنی ۶۲° ۴′ ہے کہ زاویہ تقاطع معدل و افق ہمیشہ تمام عرض بلد ہوتا ہے الاتری ان قیاسہا قوس ط ح وی سمت راس البلد فکان ی ط عرضہ و ط ح تمامہ بحکم شکل مغنی جیب میل ÷ جیب تمام عرض :: جیب ا ح مجہول ÷ ع :: بلوگارثم جیب اول ۹٫۵۹۹۸۱۷۰ - ۹٫ جیب دوم ۹٫۹۴۶۲۰۳۲ = جیب سوم ۹٫۶۵۳۶۲۳۸ قوسہ ۲۶° ۴۰′۔ معلوم ہوا کہ علی گڑھ میں راس السرطان نقطۂ مغرب سے ۲۶ درجے ۴۶ دقیقے شمال کو اور راس الجدی اسی قدر جنوب کو ہٹا ہوا ڈوبتا ہے۔

افادۂ ثالثہ یہ عیدگاہ نقطۂ مغرب سے کس قدر منحرف ہے۔ اب وضوحِ مقصد میں صرف اتنی ہی بات کا دریافت کرنا رہا، اگر ثابت ہو کہ اس کا انحراف پونے ستائیس درجے سے کم ہے تو یقیناً وہ اس سب سے تنگ تر قول پر بھی جہتِ قبلہ کی طرف ہے اور اُس میں نماز مکروہِ تحریمی بتانا اور اسے ڈھانا فرض ٹھہرانا سب جہل و افترا، اس کے ادراک کو عیدگاہ مذکور کی دیوارِ قبلہ کا جنوباً شمالاً طول درکار تھا، دریافت کئے پر تحریر آئی کہ ساڑھے بیاسی گز ہے، اگر یہ پیمائش اور معترضوں کا وہ دعوٰی کہ دیوار محاذات قطب شمالی سے نو نے فٹ جانب مغرب ہٹی ہوئی ہے صحیح ہے تو زاویہ انحراف معلوم کرنا مشکل نہیں **فاقول**



۶ نقطۂ قطب ہے اور ا ب دیوارِ قبلہ، بحالتِ موجودہ ب سے ٹھیک سمت ۶ پر خط ب ح غیر محدود کھینچا اور ب کو مرکز فرض کرکے ا کے بعد پر قوس ا س ح رسم کی جس نے خط کو نقطہ ح پر قطع کیا تو ب ح اُس حالت پر دیوار ہوگی جس پر معترضین اُسے لانا چاہتے ہیں،

Index

وتر اح وصل کیا کہ حسب بیان معترضین ۹۰ فٹ یعنی ساٹھ ذراع شرعی ہے اور اب، ح ب دونوں ضلعے یعنی نصف قطر کہ ایک مرفوع ہے حسب بیان سائلان ایک سو پینسٹھ ذراع شرعی ہ ۱۶۵ ؛ ÷ ۶۰ ؛ درجات وتر اح
۶۰×۶۰ = ۳۶۰۰ ÷ ۱۶۵ = ۲۱٫۸۱۸۱۸ یعنی کا مطہ اگر مقدار وتر ہوئی اُس کا نصف یٰ ند لـ مد
جدول جیب میں اس کی قوس یٰ الط تو قوس اح یعنی زاویہ اب ح = ک نح یعنی اس کی سمت قبلہ قطب شمالی سے دو دقیقے کم اکیس درجے جانب غرب ہے **وَبِوَجْہٍ اٰخَرَ** کہ بیان میں رسم قوس کی حاجت نہ ہو ب سے سمت ء پر خط غیر محدود کھینچا اور ب ح مساوی اب قطع کرے اور بحکم شکل ہشتم بلکہ پنجم وچہارم مقالۂ اولیٰ زاویۂ ب کا منصف ہوا اور بحکم حدود اح پر عمود اہ حسب بیان معترضان ۳۰ ذراع شرعی ہے تو بحکم شکل نافع لو ۳۰×ع =
۱۲۱۳ ۴۷۷ ۱٫۴۷۷ – لو ۱۶۵ یعنی ۲٫۲۱۷۴۸۳۹ = ۹٫۲۵۹۶۳۷۴ لو جیب زاویۂ اب ہ یعنی یٰ ند لـ صد۔
قوس یٰ الط تو کل زاویہ وہی ۲۰° ۵۰' ہوا اور ظاہر ہے کہ جتنا انحراف اس دیوار کو قطب شمالی جانب غرب سے ہے اُتنا ہی اس کی سمت قبلہ کو نقطہ مغرب سے جانب جنوب ہوگا کہ دیوار مثلاً



اب پر اس کے سمت ح ب اور ح ب خط جنوب وشمال پر س ب خط اعتدال عمود ہے تو اب ح ح ب س قائمتین سے اب س مشترک ساقط کیا ح ب س برابر اب ح کے رہا، پس والاٰ قطعہ سے ثابت ہوا کہ سب سے تنگ تر قول پر بھی عیدگاہ مذکور پونے چودہ درجے سے زیادہ حدودِ قبلہ میں داخل ہے اور قولِ محقق ومنقح پر ۲۶ درجے سے بھی زائد اندرونِ حد ہے کما سیظھر ان شاء اللّٰہ تعالٰی (جیسا کہ ان شاء اللہ تعالٰی ظاہر ہوجائے گا۔ت) یعنی شرعاً جہاں تک انحراف کی اجازت ہے اُس کا نصف بھی اس میں نہیں اتنا ہی انحراف اور ہوتا جب بھی سات درجے زائد حد میں رہتی تو روشن ہُوا کہ نئی روشنی والوں کے بیان وفتوے سب ظلمت جہل واہوا ہیں والعیاذ باللہ تعالٰی۔

افادۂ رابعہ علی گڑھ کا قبلہ تقریبی۔ کتب متداولہ ہیأت میں جو طریقہ معرفت سمت کا لکھا جسے سید المحققین علامہ سید شریف قدس سرہ الشریف نے تحقیقی گمان فرمایا اور عند التحقیق تحقیق نہیں تقریب ہے اُس طریقہ پر یہاں معرفتِ سمت یوں ہے۔



اح خط اعتدال ل ب خط جنوب شرقی شمالی ہے اور طول مکہ معظمہ عرض مکہ کا عرض علیگڈھ کُ نو شمال سے نقطہ مغرب کی طرف ل ء ب ح

ہ مرکز دائرہ ہندیہ ہے افق علی گڑھ میں وشمال اس آنجا کہ علیگڈھ مکہ معظمہ سے حری طول علی گڑھ حج وما بین الطولین کہ نو ما بین العرضین و لا لہٰذا نقطتین جنوب و بقدر کُ نو وصل کیا اور نقطتین مشرق ومغرب سے

---

[1] زیراکہ تحویل لوگارثم مذکور بحبیب اصل عشری ۱۸۱۸۱۸۲ ۰٫۰ وتحویلش بستینی یٰ ند لـ صد ۱۲ منہ (م)

نقطۂ جنوب کی طرف ا ہ ح بقدر دلا س ح ملایا جس نے ء ح کو ط پر قطع کیا ہ سے ط پر گزرتا خط ہ سہ کھینچا کہ سمتِ قبلہ ہے یعنی نقطۂ مغرب سے بقدر قوس ا سہ جانب جنوب پھرے تو مواجہ کعبہ معظمہ ہو مکتب ہیأت کا عمل یہاں تک تمام ہوا کہ ان کا مقصود دائرۂ ہندیہ میں خط قبلہ نکالنا تھا وہ اس قدر سے حاصل۔ ظاہر ہے کہ جب ہ سہ سمتِ قبلہ ہوئی ہ ف اس پر عمود گرایا یہ شانۂ راست کی جہت ہوگی تو ع کہ قطب شمالی ہے دہنے شانے سے جانبِ پشت ہی مائل ہوگا یا یوں سمجھئے ہ ق دیوارِ قبلہ بحالتِ موجودہ ہے اور ق صہ محاذاتِ قطب سے تفاوت کے فیٹ۔ خیر یہ تو استخراج خط تھا مگر ہم کو یہ معلوم کرنا ہے کہ درجوں دقیقوں میں اس انحراف کی مقدار کیا ہوئی۔ **اقول** ہ ک یعنی بحکم توازی ہ ط جیب تفاضل عرض ہے اس کی مقدار ۵ مح لد ط مربع مو الف ما ب الح ا۔ ح ی ہ جیب تفاضل طول مقدار ۵ نج مد مربع الثٔ ہ الح لح ی والد نو مجموع مربعین الح الو مط مح ب ر اس کا جذر ل الح لط کہ بحکم عروسی مثلث قائم الزاویہ ہ ہ ط میں مقدار وتر ہ ط ہے اب بحکم شکل نافع ہ ط : ع :: ہ ط جیب ہ ط مجہول :: ۵ صح لد مط ÷ لہ ل الح لط منحط = ی نج لد لہ قوس ی الح یعنی دس درجے اٹھائیس دقیقے جانب جنوب پھرنا چاہیے وباللوغارثمیات خط ہ یعنی فرق طول ۲۳°۵۳' کی جیب لوگارثمی ۹۶۲۸۸۶۹۴۴ = لو مربع ۹۶۵۷۷۳۸۸۸ یعنی ۸۸۸ ۹۲۵۷۷۳ T = مربع ۲۷۹۱۳۳ خط ط یعنی فرق عرض ۱۹°۳' کی جیب لوگارثمی ۹۶۰۵۴۹۶۶۱ = لو مربع ۳۲۲ ۹۹ ۸۶۱۰ یعنی ۲۲ ۲۶۱۰۹۹ T :: مربع ۵۔۰۱۲۸۸۰ مجموع مربعین ۳۸ ۷۹۳۹۰۲۳۹۰۔ لوگارثم ۶۷۹۵۹۷۳۸ T :: لو جذر ۳۸ ۷۹۵۹۷ T ۹۶۵۹۱۹۴۷۶ لو مط ۹۶۰۵۴۹۶۶۱ – ۹۶۷۹۵۹۷۳۸ = ۹۰۲۵۸۹۹۲۳ قوس وہی ۱۰°۲۸'۔



افادۂ خامسہ علی گڑھ کا قبلہ تحقیقی۔ اقول اب ح ء

افق شمالی علی گڑھ ب نقطۂ مغرب ء معدل النہار ح قطب شمالی ط سمت راس مکۂ مکرمہ ح ط ک نصف نہار ہا ح ہ نصف نہار علی گڑھ ہ سمت راس علیگڈھ ہ ط ل خط سمت قبلۂ علی گڈھ ل ب تمام انحراف یعنی انحراف از نقطۂ مغرب بجنوب اس کی معرفت مقدار کے لئے **اولا** نقطۂ مغرب سے سمت راس مکۂ معظمہ پر گزرتا ہوا نصف النہار علی گڑھ پر عمود ب ط ہ ڈالا کہ سمت راس علی گڑھ ہ سے جنوب گزرا لما ستعرفہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہ ہ عرض موقع العمود ہوا مثلث ط ک ب قائم الزاویہ ہے لحدوث ک بین میلیۃ والمعدل اور سب ضلعیں ربع سے کم ہیں لان کلا قطعۃ من ب ہ ب ہ ح ک الارباع اور زاویہ ب کا قیاس قوس ہ ہ ہے فان کل زاویۃ علی کرۃ من عظیمتین قیاسہا قوس غایۃ الفصل بینہما اور ط ک عرض مکہ ب ک تمام فرق طول ہے تو بحکم ظلی ظل ب مجہول : ظل ط ک :: ع : جیب ب ک .: لو ظل عرض مکہ ۹۶۵۹۳۵۴۲۳ لو تم مابین الطولین

۱۲۸

لُرنو ۹،۸۹۶۹۲۶۵ = ۹،۶۹۶۶۱۵۸ قوس این ظل الُو الو لحہ عرض موقع العمود ظاہر ہے کہ عرض علی گڑھ الرنو سے بقدر آم الطل لب کم ہے لہٰذا سمت راس سے جنوب کو واقع ہوا لاجرم قبلہ مغرب سے جنوب کو ہٹے گا اور از انجا کہ علی گڑھ بھی شمالی العرض ہے لو جیب تفاضل لیں اور از انجا کہ اتنی چھوٹی قوسوں میں تفاضل لوگارثم بشدت ہے محض تعدیل مابین السطرین مساہلت کثیرہ لاتی ہے اُسے بطریق دقیق نکالیں ۸،۶۴۱۵۶۶۱۸ یا اسے محفوظ رکھیں۔

ثانیاً مثلث ح مط قائم الزاویہ میں زاویہ ح کا قیاس قوس ک س مابین الطولین ہے اور ح مہ تمام عرض عمود سحہ لحہ لب ∴ ظل ح : ظل ط مہ مجہول :: ع ، جیب ح مہ ∴ لو ظل تفاضل طول ۹،۲۷۶۷۶۹۱۸۹،۶+ لوحم عرض عمود ۹،۶۹۵۲۰۱۳۳ = ۹،۰۸۴۳۷۸۱۳ = ظل ط مہ۔

ثالثاً مثلث ط مہ ہ قائم الزاویہ میں زاویہ ہ کا قیاس قوس آل ہے کہ مقدار انحراف ہے نقطۂ جنوب سے غروب کو اور ظل زاویہ ہ مجہولہ ؛ ظل ط مہ :: ع ؛ جیب ہ مہ محفوظ ∴ ۹،۰۸۴۳۷۸۱۳ − ۸،۶۴۱۵۶۶۱۸ = ۱۱،۴۴۲۸۱۱۹۵ جدول ظل میں اس کی قوس ۶۹ ۳ ہے اُس کا تمام ب ح کہ مقدار قوس ب ل مطلوب ہوئی یعنی دو درجے آٹھ دقیقے نقطۂ مغرب سے جانب جنوب جھکیں تو عین کعبہ معظمہ کے مواجہ ہوں۔

وبوجہ اخر فرق طول لُرنو کی جیب ۹،۲۷۸۸۶۹۴۳ + لوحم عرض حرم محترم سحہ لہ ۹،۹۶۸۹۲۶۲۸ = ۹،۲۵۷۶۲۰۷ قوس لرنو لحہ تمامہا نہ کا الف محفوظ اول جیبش ۹،۶۹۱۳۸۴۸۲ ∴ لوج عرض مکہ مکرمہ ۹،۵۶۲۴۶۸۵ − لوجہ محفوظ اول = ۹،۶۴۸۶۳۰۱ قوس الو الو لحہ محفوظ دوم + تمام عرض علی گڑھ سٹ ۶ = مح ل لحہ محفوظ سوم جیبہ ۹،۹۹۹۸۵۲۶ + لوج محفوظ اول = ۹،۹۱۳۶۹۱ قوس نہ ۲ سے محفوظ چہارم تمام لُرنو لحہ بعد علی گڑھ از مکہ معظمہ یعنی تقریباً دو ہزار چار سو میل کا فاصلہ ہے اس مسافت کی جیب ۹،۷۵۹۲۲۹ ∴ لوحم محفوظ اول ۹،۷۵۷۶۲۰۶ − لوج بعد = ۹،۹۹۹۶۹۷۷ قوس فرنٹ تمامہا ب ح وہی دو درجے آٹھ دقیقے جنوب کو آئے وذلك ما اردناہ ان کو انحراف دیوار گنج سے تفریق کیا تو قبلۂ حقیقی سے صرف مجح انصراف رہا اسے ۳۵ سے کم کیا باقی الوی یعنی ابھی چھبیس درجے سے بھی کچھ زیادہ اور انحراف ہوتا ہے جب بھی حدود قبلہ کے اندر تھی یا یوں سمجھئے کہ قبلہ حقیقی قطب شمالی سے ۹۲ درجے ۸ دقیقے غرب کو ہے اور قبلہ حقیقی سے ۴۵ درجے تک انحراف روا تو قطب سے ۴۷ ۸ ہوگا ۸ دقیقے چھوڑ کر ۴۷ درجے ہی انحراف رکھئے



میں وتر اح کی مقدار ۸،۴۹۸۸۸۳ ۲۴ ۲ کہ ۳۰۲۳ کی جیب لحہ نہ الطرص نو ہے اعشاریہ میں کسور درجہ کی تحویل سے ۹،۲۴۹۴۴۱۴ ۲۳ ہوتی جس کا دو چند یہ وتر ہے اور ضلع اب کی ۱۶۵ ذراع شرعی ہے = ۹۰ پس تناسب یہ ہوا ۹۰ : ۱۶۵ :: ۸،۴۹۸۸۸۳ : ۴۷ : مجہول ∴ سطح وسطین ۱۵۶۹۵ ۲۲۳۱ ۹۵ ÷ ۹۰ = ۵۸۷ ۱۳۱ یہ اح کے ذراع شرعی ہوئے ۱ ½ میں ضرب

دئے سے ۴۴، ۱۹ فٹ آئے یعنی نوتے[90] فٹ یہ اور ۷۰ فٹ اور یہ جملہ ۱۹ فٹ بھی اگر یہ دیوار قطب شمالی سے پھری ہوتی حدود سے باہر نہ تھی ھکذا ینبغی التحقیق واللہ تعالیٰ ولی التوفیق۔

تنبیہ قول محقق ومنقح کہ کعبہ معظمہ کے دونوں جانب ۴۵ درجے تک انحراف روا ہے اسی پر عمل قبلہ تحقیق برہانی نکال کرکرنا چاہئے کہ طریق تقریبی میں خود کئی کئی درجے کا تفاوت آتا ہے۔ اب یہیں دیکھئے کہ ۸ درجے ۲۰ دقیقے کا تفاضل ہے واللہ الہادی الی الصواب، الحمدللہ کہ اس تحریر میں افادۂ اولیٰ غایت نفع وافاضت پر واقع ہوا مناسب اس کے لحاظ سے اس کا تاریخی نام ھدایۃ المتعال فی حد الاستقبال[1324] ہو کہ اس کی تصنیف اواخر ذی الحجہ ۱۳۲۴ھ میں ہوئی، اور اگر یہ لحاظ کریں کہ تبییض میں اوائل محرم ۱۳۲۵ھ کی تاریخیں آئیں گی تو حد الاستقبال کے عوض جہۃ الاستقبال کہنا مناسب، وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا ومولانا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین آمین واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

www.alahazratnetwork.org

فتاوٰی رضویہ

جلد 7

رضا فاؤنڈیشن لاہور

۶۴۲

ثم یخطو الی جھت العراق وھی من بلادنا بین الشمال والمغرب افادہ سیدی حمزۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ وھی ایضا جھۃ المدینۃ المنورۃ وکربلاء و العبد الضعیف قد استخرج جھۃ حضرۃ بغداد من بلدتنا بریلی بالمؤامرۃ البرھانیۃ علی ان عرضھا لج ک [1] وطولھا مد کح [2] وعرض بریلی

اور پھر عراق کی طرف قدم بڑھائے، اور ہمارے ہاں عراق شمال مغرب میں ہے یہ میرے آقا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے اور یہی مدینہ منورہ اور کربلا معلٰی کی جہت ہے۔ اور اس عبد ضعیف نے اپنے علاقہ بریلی سے دربار بغداد کی جہت جیومیٹری کی بنیاد پر متعین کی ہے یوں کہ بغداد کا عرض لج ک [1] اور اس کا طول مد کح [2] اور بریلی کا

www.alahazratnetwork.org

عہ۱ ثلاث وثلاثون درجۃ و ثلث ۱۲ (م)
عہ۲ اربع واربعون درجۃ وثمان وعشرون دقیقۃ ۱۲ (م)

تینتیس ۳۳ درجے اور ایک ثلث ۱۲ (ت)
چوالیس ۴۴ درجے اور ۲۸ دقیقے ۱۲ (ت)

۶۴۳

کا وطولہا عطہ الرفجا ءالانحراف الشمالی اعنی من نقطۃ المغرب الی نقطۃ الشمال فیستخرج خط الزوال ویقیم علیہ عمودا الی المغرب ویدیر علیہما قوسا بجعل راس القائمۃ مرکزا فیجزیہا اخماسا ویصل خطا بین الراس والخمس

الاول ممایلی المغرب فہذا الخط ہو سمت حضرۃ بغداد اما المدینۃ الکریمۃ فاربع درج اعنی من نقطۃ المغرب الی الشمال علی ما استخرجت بعدۃ طرق برہانیۃ احدی

عرض اور اس کا طول عطہ الرہے۔ اس سے شمالی انحراف یعنی نقطۂ مغرب سے نقطۂ شمال کی طرف حاصل ہوا، اب خطِ زوال نکال کر اس پر قائمہ کی صورت میں عمود، مغرب کی طرف کھینچا جائے اور خطِ زوال اور عمود پر قوس اس طرح بنایا جائے کہ راس القائمہ کو مرکز قرار دیا جائے اور قوس کے پانچ جز بنائے جائیں اور راس القائمہ اور



مغرب کی طرف سے پہلے خمس کو خط کے ذریعے ملایا جائے تو یہ خط دربارِ بغداد کی جہت ہوگی۔ لیکن مدینہ منورہ نقطۂ مغرب سے شمال کی جانب چار درجے ہے جیسا کہ میں نے جیومیٹری کے متعدد طریقوں سے معلوم کیا ہے بغداد شریف کی طرف گیارہ قدم عادت کے مطابق

عہ ثمان وعشرون درجۃ واحدی وعشرون دقیقۃ ۱۲ (م)
عہ تسع وسبعون درجۃ وسبع وعشرون دقیقۃ من قرنیص مرصد لندن ۱۲ (م)
عہ ثمانی عشرۃ درجۃ ومثلہا الدقائق ۱۲ (م)
عہ اقتصر علی التخمیس لعدم الحاجۃ الی تدقیق الدقائق مع ما فیہ من الدقۃ ۱۲ (م)

۲۸ درجے اور ۲۱ دقیقے ۱۲ (ت)
۷۹ درجے اور ۲۷ دقیقے، لندن کی قرنیص رصدگاہ سے ۱۲ (ت)
۱۸ درجے اور ۱۸ دقیقے ۱۲ (ت)
پانچ حصوں کو بیان کیا ہے کیونکہ دقیقے بنانے میں دقت ہے ۱۲ (ت)

Index

فتاوٰی رضویہ

جلد 8

رضا فاؤنڈیشن لاہور

مسئلہ ۱۱۳۰: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسجد صغیر وکبیر میں کیا فرق ہے؟ بینوا توجروا

الجواب

اقول و باللہ التوفیق و بہ الوصول الی ذری التحقیق (اللہ تعالٰی کی توفیق سے اور اس کے ذریعے تحقیق تک وصول ہوتا ہے۔ت) تحقیق یہ ہے کہ علمائے کرام ان مسئلوں میں مسجد صغیر وکبیر میں فرماتے ہیں: ایک مسئلہ صحت اقتداو اتصال صفوف کہ مسجد بقعۂ واحدہ ہے اُس میں امام ومقتدی کا فصل مانع صحتِ اقتدا نہیں اگرچہ امام محراب میں اور مقتدی یا صف قریب باب ہو مگر مسجد کبیر میں حکم مثل صحرا ہے کہ اگر امام وصف میں اتنا فاصلہ ہو جس میں دو صفیں ہو سکتیں تو اقتدا صحیح نہ ہوگی۔ دوسرے مسئلہ اثم مرور پیش مصلی کہ مسجد میں دیوار قبلہ تک جائز نہیں جب تک بیچ میں حائل نہ ہو، ہاں مسجد کبیر مثل صحرا ہے کہ مصلی جب خاشعین کی سی نماز پڑھے کہ نگاہ موضع سجود پر جمائے رہے تو اس حالت میں جہاں تک اس کی نظر پہنچے کہ نظر کا قاعدہ ہے جہاں جمائی جائے اُس سے کچھ آگے بڑھتی ہے وہاں تک گزرنا ممنوع وناجائز ہے اس سے آگے روا، ان دونوں مسئلوں میں مسجد کبیر سے ایک ہی مراد ہے یعنی نہایت درجہ عظیم ووسیع مسجد جیسی جامع خوارزم کہ سولہ ہزار ستون رکھتی یا جامع قدس شریف کہ تین مسجدوں کا مجموعہ ہے، باقی عام مساجد جس طرح عامۂ بلاد میں ہوتی ہیں سب ان دونوں حکموں میں متحد ہیں اگرچہ طول وعرض میں سَو سَو گز ہوں،

۱؎ القرآن ۹/۱۰۷

۲؎ القرآن ۱۷/۳۶

۸۱

اما ما وقع فی القہستانیۃ عند ذکر المسجد الصغیر، ھو اقل من ستین ذراعا، و قیل من اربعین وھو المختار، کما اشار الیہ فی الجواھر[1] و فی الطحطاوی قولہ او مسجد کبیر ھو ما کان اربعین ذراعا فاکثر والصغیر ما کان اقل من ذلک وھو المختار قہستانی عن الجواھر[2] وفی الشامیۃ[3] بمثلہ بالسند المذکور فرأیتنی کتبت علیہ فیما علقت علی ردالمحتار ما نصہ **اقول** وباللہ التوفیق یظھر لی ان ھذا خطاء، بل الحاصل ھھنا فی الصغیر والکبیر ما تقدم فی الکتاب (اعنی ردالمحتار عن الامداد) فی مسئلۃ الفصل المانع عن الاقتداء انہ لا یمنع الا فی مسجد کبیر جدا کمسجد القدس وذلک لانھم عللوا کراھۃ المرور بین یدیہ فی المسجد الصغیر الی جدار القبلۃ بان المسجد بقعۃ واحدۃ کما فی شرح الوقایۃ وفی شرحنا ھذا وقد ذکر محشینا فی تقریرہ مسألۃ الفصل المانع فقال بخلاف المسجد الکبیر فانہ جعل فیہ مانعا الخ فانظر ای کبیر ذلک ما ھو الا الکبیر جدا

قہستانیہ میں مسجد صغیر کے تذکرہ میں جو ہے کہ وہ ساٹھ گز سے کم ہوتی ہے بعض کے نزدیک چالیس گز، یہی مختار ہے۔ اسی کی طرف جواہر میں اشارہ ہے۔ طحطاوی میں ہے کہ اس کا قول "یا مسجد کبیر جو چالیس گز یا اس سے زائد ہو اور صغیر وُہ ہے جو اس سے چھوٹی ہو، یہی مختار ہے"۔ قہستانی عن الجواہر اور شامیہ میں مسند مذکور کے ساتھ اسی طرح ہے، مجھے یاد پڑتا ہے کہ میں نے ردالمحتار کے حاشیہ میں لکھا' **اقول** (میں کہتا ہوں) اللہ کی توفیق سے مجھ پر یہ واضح ہُوا کہ یہ خطا و غلط ہے بلکہ صغیر و کبیر مسجد میں حاصل وہی چیز ہے جو کتاب (یعنی ردالمحتار میں امداد کے حوالے سے) اس فصل کے تحت گزرا جو "اقتدا سے مانع کے بیان میں ہے اس مسجد میں مانع ہے جو بہت ہی بڑی ہو مثلاً مسجد قدس، کیونکہ فقہاء نے مسجد صغیر میں قبلہ کی جانب نمازی کے آگے سے گزرنے سے منع پر جو علت بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ مسجد ایک ہی ٹکڑا کی طرح ہے جیسا کہ شرح الوقایہ اور ہماری اس شرح میں ہے اور ہمارے محشی نے فاصل مانع کو بیان کرتے ہوئے کہا بخلاف مسجد کبیر کے، کیونکہ اس میں مانع بنایا گیا ہے الخ غور کرو بڑی کونسی مسجد ہے وُہ وہی ہوگی جو بہت ہی بڑی ہو مثلاً

---

[1] جامع الرموز فصل مایفسد الصلوٰۃ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۲۰۱

[2] حاشیۃ الطحطاوی علی الدرالمختار باب مایفسد الصلوٰۃ مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت ۱/۲۶۸

[3] ردالمحتار " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۶۳۴

www.alahazratnetwork.org

۸۲

کمسجد القدس، وما ذکر القهستانی عن الجواهر فانما کان فی الدار فی مسئلة الفصل لا فی المسجد کما مرت عبارة الجواهر (حیث قال العلامة المحشی[ف] فی القهستانی: البیت کالصحراء والاصح انه کالمسجد، ولهذا یجوز الاقتداء فیه بلا اتصال الصفوف کما فی المنیة اه ولم یذکر حکم الدار فلیراجع، لکن ظاهر التقیید بالصحراء والمسجد الکبیر جدا ان الدار کالبیت تامل، ثم رأیت فی حاشیة المدنی عن جواهر الفتاوی ان قاضی خان سئل عن ذلك، فقال: اختلفوا فیه، فقدره بعضهم بستین ذراعا وبعضهم قال ان کانت اربعین ذراعا فهی کبیرة والا فصغیرة، هذا هو المختار اه وحاصله ان الدار الکبیرة کالصحراء والصغیرة کالمسجد، وان المختار فی تقدیر الکبیرة اربعون ذراعا[2]۔

اقول وبهذا التئم کلماتهم ولله الحمد. فان منهم من قید هذه المسئلة بالمسجد الصغیر کمتننا هذا و

مسجد قدس۔ جو کچھ قہستانی نے جواہر سے نقل کیا ہے وہ گھر میں مسئلہ فصل کے بارے میں ہے نہ کہ مسجد کے بارے میں، جیسے کہ عبارتِ جواہر سے گزرا (کیونکہ اس کے الفاظ یہ ہیں کہ علامہ محشی نے قہستانی میں کہا کہ گھر کھلے میدان کی طرح ہے اور اصح یہ ہے کہ بیت، مسجد کی طرح ہوتا ہے اسی لئے اس میں بلا اتصالِ صفوف بھی اقتدا جائز ہوتی ہے جیسا کہ منیہ میں ہے اھ اور دار کا حکم بیان نہیں کیا، چاہئے کہ غور کیا جائے۔ لیکن ظاہراً صحرا یا مسجد کبیر کو بہت بڑا قرار دینا آگاہ کر رہا ہے کہ دار کا حکم گھر والا ہے تامل، پھر میں نے حاشیہ مدنی میں جواہر الفتاوٰی سے دیکھا کہ قاضی خاں سے اس بارے میں پوچھا گیا تو انھوں نے فرمایا اس میں اختلاف ہے بعض نے ساٹھ گز کہا ہے بعض نے کہا کہ اگر چالیس گز ہو تو بڑی مسجد ورنہ چھوٹی، اور یہی مختار ہے اھ حاصل یہ ہے کہ بڑی دار صحرا کی طرح اور چھوٹی دار مسجد کی طرح ہے اگرچہ مختار بڑی مسجد کیلئے چالیس گز ہونا ہی ہو۔

اقول اس سے فقہاء کی تمام عبارات میں تطبیق ہوگئی وللہ الحمد، کیونکہ بعض نے اس مسئلہ کو مسجد صغیر کے ساتھ مقید کیا ہے جیسے کہ ہمارے

ف: اعلٰیحضرت رحمہ اللہ نے یہاں سے اقول تک شامی کی عبارت نقل کی ہے پھر اقول وبهذا التئم سے آخر تک اعلٰیحضرت کا اپنا حاشیہ ہے۔ نذیر احمد

[1] جد الممتار علی رد المحتار　باب ما یفسد الصلوٰۃ الخ　المجمع الاسلامی مبارکپور، انڈیا　۱/ ۳۰۰ و ۳۰۱۔

[2] رد المحتار　باب الامامۃ　مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی　۱/ ۵۸۵

۸۳

الغرر والنقاية والبحر والكافي والبرجندي عن المنصورية عن الامام قاضي خان وظهير الدين المرغيناني، ومنهم من اطلق كالخلاصة وجوامع الفقه كما في الفتح والمراد واحد فان الصغير احتراز عن الكبير جدا، فعامة المساجد في حكم الصغير فساغ الاطلاق لمن اطلق بل اوضحه جد كلام العلامة الشبلي على التبيين عن الدراية عن شيخ الاسلام ان هذا اعتبار موضع السجود اذا كان في الصحراء او في الجامع الذي له حكم الصحراء اما في المسجد فالحد هو المسجد اھ فانظر كيف اطلق المسجد واراد به مقابل ذلك الكبير جدا، والیه تلتئم كلمات الذخيرة فانه ذكر في الفصل الرابع من كتاب الصلوٰة في مسئلة المرور الاصح ان بقاع المسجد في ذلك كله على السواء الخ۔ واستشهد عليه بكلام محمد المطلق في المساجد، غير المختص قطعاً بما دون اربعين ثم اعاد المسئلة في الفصل التاسع فقال ان كان المسجد صغيرا يكره في اي موضع يمر والى هذا اشار محمد في الاصل فذكر ذلك الكلام لمحمد بعينه فعلم ولله الحمد ان المراد بالمطلق والمقيد واحد وهي المساجد كلها سوى ما يمنع فيه الفصل بصفين الاقتداء ولا ينافيه اطلاق من اطلق وقال انما يأثم بالمرور في موضع السجود كفخر الاسلام وصاحب الهداية والوقاية وغيرهم وذلك لان المشائخ

اس متن غرر، نقایہ، بحر، کافی اور برجندی میں منصوریہ سے قاضی خاں اور ظہیر الدین مرغینانی کے حوالے سے کہا اور بعض نے اس کو مطلق رکھا، مثلاً خلاصہ اور جوامع الفقہ، جیسا کہ فتح میں ہے، اور مراد ایک ہی ہے کیونکہ صغیر ایسی کبیر سے احتراز ہے جو بہت ہی بڑی ہو تو اکثر مساجد صغیر کا حکم رکھتی ہیں تو جس نے مطلق رکھا اس کا اطلاق جائز ہوگیا بلکہ علامہ الشبلی نے تبیین پر درایہ سے شیخ الاسلام کے حوالے سے خوب واضح کیا ہے کہ موضع سجدہ کا اعتبار تب ہوتا ہے جب صحرا ہو یا ایسی جامع مسجد ہو جو حکم صحرا رکھتی ہو، رہا دیگر مسجد کا معاملہ تو وہاں یہ حد مسجد ہی ہے اھ آپ غور کریں انھوں نے مسجد کو مطلق رکھا اور اس سے مراد ایسی مسجد لی جو بہت ہی بڑی کے مقابل ہو اور کلماتِ ذخیرہ بھی جمع ہوگئے کیونکہ انھوں نے کتاب الصلوٰۃ کی فصل رابع میں نمازی کے آگے سے گزرنے کا مسئلہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ اصح یہ ہے کہ مسجد کے تمام مقامات اس میں برابر ہیں الخ اور اس پر استشہاد امام محمد کے کلام سے کیا جو مساجد کے معاملہ میں مطلق ہے اور چالیس گز سے کم مسجد کے ساتھ ہرگز مخصوص نہیں پھر نویں فصل میں مسئلہ دُہرایا اور کہا اگر مسجد چھوٹی ہو تو ہر جگہ سے گزرنا مکروہ ہے اور اسی کی طرف امام محمد نے اصل میں اشارہ فرمایا اور امام محمد کی عبارت بعینہٖ نقل کی لله الحمد اس سے واضح ہوگیا کہ یہاں مطلق اور مقید دونوں سے مراد ایک ہی ہے اور تمام مساجد کا معاملہ مساوی ہے سوا ان کے جن میں دو صفوں کا فاصلہ اقتداء کے لئے مانع ہے، اور مطلق کہنے والے کا اطلاق جس نے یوں کہا ہے

کبقعۃ واحدۃ فالی جدار القبلۃ کلہ فی حکم موضع السجود کما قالہ فی شرح الوقایۃ بل اشار الیہ محمد فی الاصل کما فی الذخیرۃ فتحصل وللّٰہ الحمد ان لاخلاف بینہم وان الممنوع فی المسجد المرور مطلقا الی جدار القبلۃ وفی الجامع الکبیر جدا والصحراء الی موضع نظر المصلی الخاشع وبہ ظہر ان بحث المحقق فی الفتح وقع مخالفا للمذہب ولما اطبقوا علیہ فاغتنمہ فان ھذا التحریر من فیض القدیر علی العاجز الفقیر وللّٰہ الحمد حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ اھ ما کتبت علیہ۔ واللّٰہ تعالٰی اعلم۔

کہ نمازی کے آگے سے جائے سجدہ پر گزرنے والا گنہگار ہوگا، اس کا یہ اطلاق فخر الاسلام، صاحب ہدایہ اور وقایہ وغیرہ کے منافی نہیں ہے، یہ اس لئے کہ مساجد ایک ٹکڑا کی مانند ہوتی ہیں پس وہ قبلہ کی دیوار تک تمام کی تمام موضع سجدہ کا حکم رکھتی ہیں جیسا کہ شرح وقایہ میں ہے بلکہ اس کی طرف امام محمد نے اصل میں اشارہ فرمایا جیسا کہ ذخیرہ میں ہے، للہ الحمد واضح ہوگیا کہ ان کے درمیان اختلاف نہیں اور گزرنا مسجد میں دیوارِ قبلہ تک مطلقاً ممنوع ہے اور بہت بڑی جامع مسجد ہو یا صحرا ہو تو پھر خشوع کے ساتھ نماز پڑھنے والے نمازی کی نظر کے پھیلاؤ تک آگے سے گزرنا ممنوع ہے۔ اسی سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ فتح میں محقق کی بحث مذہب متفق علیہ کے خلاف ہے۔ اس تقریر کو غنیمت جان لو کیونکہ اس عاجز فقیر پر رب قدیر کا عطیہ ہے، اللہ ہی کے لئے حمد کثیر مبارک اور طیب ہے، وہ ختم ہوا جو میں نے وہاں لکھا تھا۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

www.alahazratnetwork.org

سفرِ شرعی کی مسافت کتنی؟

مسئلہ ۱۲۵۹ تا ۱۲۶۳ از بریلی مسئولہ شیخ عبدالعزیز بساطی دوم ذوالقعدہ ۱۳۳۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائل ذیل کے جواب میں:

(۱) منزل کتنے فرسنگ کی ہوتی ہے؟

(۲) کے منزل پر قصر ہوگا؟

(۳) طے منزل میں راہِ راست کا اعتبار ہے یا جس راستے پر چلے؟

(۴) یہاں سے بیسلپور ۱۸ کوس براہ سواری گاڑی اور براہ ریل گاڑی چھتیس ۳۶ کوس ہوجاتا ہے وہاں جانے میں قصر کب ہوگا؟

الجواب

(۱) عرف میں منزل بارہ ۱۲ کوس ہے اور ان بلاد میں ہر کوس $\frac{8}{5}$ میل یعنی ایک میل اور میل کے تین خمس، اور تین میل کا ایک فرسنگ، تو ایک منزل چھ ۶ فرسخ اور دو خمس فرسخ کی ہوئی۔

(۲) تین منزل پر قصر ہے۔

(۳) جس راستے سے جائے اُس کا اعتبار ہے۔

(۴) ریل میں جائے تو قصر کرے ورنہ نہیں۔

فتاوٰی رضویہ

جلد 10

رضا فاؤنڈیشن لاہور

اَلْبُدُوْرُ الْاَجِلَّۃُ فِیْ اُمُوْرِ الْاَہِلَّۃِ ۱۳۰۴ھ

www.alahazratnetwork.org

مع شرح

نُوْرُ الْاَدِلَّۃِ لِلْبُدُوْرِ الْاَجِلَّۃِ

مع حاشیہ

رَفْعُ الْعِلَّۃِ عَنْ نُوْرِ الْاَدِلَّۃِ

(رؤیتِ ہلال کے تفصیلی احکام)

مسئلہ ۲۱۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ ربّ محمد صلے علیہ وسلما

(م[1]) **فصل اوّل** : رؤیتِ ہلال کے حکم اور اس کے متعلق مسائل وفوائد میں پندرہ ہلال پر مشتمل۔

ہلال ۱ : ۲۹ شعبان کو غروبِ آفتاب کے بعد ہلالِ رمضان کی تلاش فرض کفایہ ہے۔

---

[1] قوسین کے اندر م، ش، ح سے بالترتیب متن، شرح اور حاشیہ مراد ہے۔

Index

(ش) ۱ : فرض کفایہ یعنی سب ترک کریں تو سب گناہگار، اور بعض بقدر کفایت[عہ] کریں تو سب پر سے اُتر جائے، اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ شاید شعبان ۲۹ کا ہوجائے تو کل سے رمضان ہے۔ اگر چاند کا خیال نہ کیا تو عجب نہیں کہ ہوجائے اور یہ بے خبر رہیں، تو کل شعبان سمجھ کرناحق رمضان کا روزہ جائے۔

یجب کفایۃ التماس الھلال لیلۃ الثلثین من شعبان لانہ قد یکون ناقصا[1] (مراقی الفلاح)

شعبان کی تیسویں رات چاند کا تلاش کرنا وجوب کفایہ ہے کیونکہ بعض اوقات وہ ناقص ہوتا ہے (مراقی الفلاح)(ت)

الظاھر منہ الافتراض لانہ یتوصل بہ الی الفرض[2] (ط ط) (حاشیۃ العلامۃ الطحطاوی علیھا)

اس سے ظاہر یہی ہے کہ یہ فرض ہے کیونکہ فرض تک پہنچنے کا یہ وسیلہ ہے (ط ط)

عہ حاشیہ رفع العلۃ عن نور الادلۃ : قلت بقدر کفایت، فقیر نے یہ لفظ اس لیے زاید کر دیا کہ اگر التماس ہلال ایسے شخص نے کیا جس کا بیان عند الشرع مقبول نہ ہو تو اُس کا التماس کرنا نہ کرنا یکساں ہوا اور مقصود شرع کہ اُس کے ایجاب سے تھا یعنی ثبوتِ ہلال، وہ حاصل نہ ہُوا۔ مثلاً صفائے مطلع کی حالت میں صرف ایک آدمی نے تلاش کیا یا ہلالِ عیدین میں فقط عورتوں یا غلاموں نے تلاش کی، وعلٰی ہذا القیاس انما ذدتہ تفقھا فلیحرر۔

(م) ۲ یوں ہی ۲۹ رمضان کو ہلال عید کی۔

(ش) ۲ اگر چاند ہوگیا اور نہ دیکھا تو نادانستہ عید کے دن روزۂ حرام میں مبتلا ہوں گے،

کذا یجب التماس ھلال شوال فی غیوب التاسع والعشرین من رمضان[3] (ط ط)

اسی طرح شوال کا چاند انتیسویں رمضان کی شام کو دیکھنا بھی واجب ہے (ط ط) (ت)

(م) ۳ ۲۹ ذیقعدہ کو ہلال ذی الحجہ کی تلاش بھی ضروری ہے۔

(ش) ۳ اقول یہ یوں ضروری ہوا کہ حج و نماز عید و قربانی و تکبیراتِ تشریق کے اوقات جاننے اسی پر موقوف ہیں، تو اس کی تلاش عام لوگوں پر واجب کفایہ ہونی چاہئے اور اہلِ موسم پر فرضِ کفایہ کہ وہاں بے خیالی میں چاند ۲۹ کا ہوگیا اور بنا رکھا ۳۰ کا، تو وقوفِ عرفہ کہ حج کا فرضِ اعظم و رُکن اکبر ہے، اپنے وقت سے باہر یوم النحر میں واقع ہوگا اور عام لوگوں کو کسی فرض میں خلل کا اندیشہ نہیں، پر واجبات میں دقت آئے گی، مثلاً کسی ضرورت سے نمازِ عید کی تاخیر بارھویں تک چاہی تو یہ جسے بارھویں سمجھے ہیں وُہ تیرھویں ہے۔ اور ایامِ نماز کہ ایامِ نحر تھے گزر چکے، نماز بے وقت ہوئی،

---

[1] مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی فصل فیما یثبت بہ الہلال نور محمد کتب خانہ کراچی ص ۳۵۴
[2] حاشیۃ الطحطاوی علٰی مراقی الفلاح " " " " " " "
[3] " " " " " " " " "

بہت لوگ بارھویں کو قربانی کرتے ہیں، ان کی قربانیاں بے وقت ہونگی، عرفہ کی صبح سے ہر نماز کے بعد تکبیر واجب ہوتی ہے، واقع میں جو عرفہ ہے یہ اُسے آٹھویں جان کر تکبیریں نہ کہیں گے۔

وکما ان مایتوصل بہ الی الفرض فرض فکذا ان ما یتوصل بہ الی الواجب واجب فصح الافتراض علی اھل الوسع والوجوب علی غیرھم ھذا کلہ ماذکرتہ تفقھا وارجو ان یکون صوابا ان شاء اللہ تعالٰی۔

جیسا کہ فرض تک پہنچانے والی چیز فرض ہوتی ہے اسی طرح واجب تک پہنچانے والی چیز واجب ہوتی ہے تو اہل وسعت پر کوشش کرنا فرض اور دوسروں پر واجب ہے، تمام جو میں نے بیان کیا یہ بطور تفقہ ہے اور امید ہے کہ یہ ان شاء اللہ تعالٰی صواب ہوگا۔ (ت)

(م) ۴ ۲۹ رجب کو ہلالِ شعبان، ۲۹ شوال کو ہلالِ ذیقعدہ کی بھی تلاش کریں۔

(ش) ت ہلالِ شعبان کی تلاش کا حکم خود حدیث[عہ] میں ہے۔ حکمت اس میں یہ ہے کہ جب رمضان کا چاند بوجہ ابر نظر نہیں آتا تو حکم ہے کہ شعبان کی گنتی تیس پوری کرلیں۔ جب شعبان کا چاند بہ تحقیق نہ معلوم ہوگا تو اس کی گنتی پر کیا یقین ہوسکے گا۔

یُوں ہی اگر ذی الحجہ کا چاند نظر نہ آئے تو ذیقعدہ کی گنتی تیس رکھیں گے، اور وہی بات یہاں پیش آئے گی،

کذا ینبغی ان یلتمسوا ھلال شعبان ایضا فی حق اتمام العدۃ[1] (ع) (فتاوی عالمگیریۃ) عن السراج الوھاج، قلت وزدت[عہ۲] علیہ ھلال ذی القعدۃ تفقھا۔

یُوں ہی اتمامِ تعداد کے لیے شعبان کے چاند کا تلاش کرنا بھی ضروری ہے (ع) یہ فتاوٰی عالمگیری میں سراج وہاج سے ہے، بندہ اس پر بطور استخراج اضافہ کرتا ہے کہ ذی القعدہ کے چاند کا بھی تلاش کرنا ضروری ہے۔ (ت)

عہ قلت خود حدیث میں ہے:

اخرج الترمذی فی الجامع والحاکم فی المستدرك عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احصوا ھلال شعبان لرمضان[2] (م)

ترمذی نے جامع میں اور حاکم نے مستدرک میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے لیے شعبان کے چاند کو شمار کرو۔ (م)

عہ۲ قلت وزدت علیہ ھلال ذی القعدۃ

قلت اس پر میں نے بطور استنباط ذوالقعدہ کے چاند

(باقی اگلے صفحہ پر)

---

۱ الفتاوی الھندیۃ الباب الثانی فی رؤیۃ الہلال دار المعرفۃ بیروت ۱/ ۱۹۷

۲ جامع الترمذی باب ماجاء فی احصاء ہلال نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ۱/ ۱۲۳

۴۵۲

تنبیہ: لوگ تین قسم ہیں: (۱) عادل (۲) مستور (۳) فاسق
عادل وُہ جو مرتکبِ کبیرہ[عہ۱] یا خفیف الحرکات[عہ۲] نہ ہو۔
اور مستور پوشیدہ حال جس کی کوئی بات مسقطِ شہادت معلوم نہیں۔
اور فاسق جو ظاہر بد افعال ہے۔

عادل کی گواہی ہر جگہ مقبول ہے اور مستور کی ہلالِ رمضان میں، اور فاسق کی کہیں نہیں۔ پر بعض روایات کے بعض الفاظ بظاہر اس طرف جاتے ہیں کہ رمضان میں فاسق کی شہادت بھی سُن لیں۔ ممکن ہے کہ اُس شہر کا حاکم شرع یہی خیال رکھتا ہو، اگرچہ محققین نے اِسے رَد کر دیا۔ تو جس فاسق کو معلوم ہو کہ یہاں کے حاکم کا یہ مسلک ہے اس پر بیشک گواہی دینی واجب ہوگی ورنہ نہیں، اور رمضان میں جبکہ عادل و مستور کا ایک حکم ہے، تو اس وجوب میں بھی یکساں رہیں گے، عادل جب وُہ دائم المقبول ہے تو اُس پر وجوب بھی مطلقاً ہے یعنی رمضان ہو خواہ عید الفطر، خواہ عید الاضحٰی،

یلزم العدل ان یشھد عند الحاکم فی لیلۃ رؤیتہ کیلا یصبحوا مفطرین[۱] وھی من فروض العین واما الفاسق ان علم ان الحاکم یمیل الی قول الطحاوی و یقبل قولہ یجب علیہ ، واما

عادل پر لازم ہے کہ اس نے جس رات چاند دیکھا ہے اسی رات حاکم کے پاس گواہی دے تاکہ لوگ صبح کو بے روزہ نہ اُٹھیں، اور یہ گواہی فرض عین ہے ، اور فاسق اگر جانتا ہے کہ حاکم کا میلان طحاوی کے قول کی طرف ہے اور اس کا قول قبول کر لیتا ہے تو اس پر

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

تفقھا ھذا والذی قبلہ فی ھلال ذی الحجۃ لیس مایتشکر فان امثال ذلک تلتحق علی وجہ دلالۃ النص وھو مما یشترك فیہ الفقھاء والعوام کما نص علیہ العلامۃ وغیرہ ۱۲ (م)

کا اضافہ کیا ہے یہ اور اس سے پہلے ذوالحج کے چاند میں تفکر کی ضرورت نہیں کیونکہ اس طرح کے معاملات بطور دلالۃ النص ملحق ہو جاتے ہیں اور اس میں فقہا اور عوام دونوں مشترک ہیں جیسا کہ اس پر علامہ طحطاوی وغیرہ نے تصریح کی ہے ۱۲ (ت)

عہ۱ قلت مرتکب کبیرہ نہ ہو اقول ارتکاب کبیرہ میں اصرار صغیرہ بھی آگیا کہ صغیرہ اصرار سے کبیرہ ہو جاتا ہے اما قول العلماء ھو ترک الکبائر والاصرار علی الصغائر الخ فاراد والایضاح لا التتمیم کما لایخفی (رہا علماء کا قول کہ کبائر کا ترک اور صغائر پر اصرار الخ تو اس سے مراد وضاحت ہے نہ کہ تکمیلِ تعریف، جیسا کہ مخفی نہیں۔ ت)

عہ۲ قلت خفیف الحرکات نہ ہو جیسے بازار میں کھاتے پھرنا یا شارع عام چلنے پر راہ میں پیشاب کو بیٹھنا ۱۲ (م)

[۱] مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی فصل فیما یثبت بہ الہلال نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ص ۳۵۸

۴۵۳

المستور ففیه شبهة الی روایتین[1] (ش عن الحلوانی) اقول واذ قد تقرر قبول المستور کما سیأتی فارتفع النزاع وقد افاد بمفهوم الشرح ان الفاسق لایجب علیه ان لم یعلم ذلك وھو الذی افاد (در) عن البزازی ونبه علیه (ش).

بھی گواہی دینا واجب ہے۔ رہا مستور الحال شخص تو اس کے بارے میں دو روایات کا شبہ ہے (ش عن الحلوانی) اقول جب مستور کے قول کا مقبول ہونا ثابت ہے جیسا کہ عنقریب آرہا ہے تو نزاع ختم ہوگیا اور مفہوم شرح سے یہ واضح ہوا ہے کہ اگر فاسق اس معاملہ کو نہ جانتا ہو تو اس پر گواہی لازم نہیں، یہ وہ ہے جو (در) نے (بزازی) سے افادہ کی اور اس پر تنبیہ کی (شامی) نے۔ (ت)

پھر وجوب کا سبب یہ ہے کہ اگر دیکھنے والے نے اسی شب گواہی نہ دی تو ہلال رمضان میں صبح کو لوگ بے روزہ اٹھیں گے اور ہلالِ فطر میں روزہ دار۔ اور یہ دونوں ناروا جس کا الزام گواہی نہ دینے والے پر ہوگا۔

www.alahazratnetwork.org

فان تاخیر الحجة عن وقت الحاجة اثم ، وقد قال تعالٰی ولاتکتموا الشھادة ط ومن یکتمها فانه اٰثم قلبه[2]۔

کیونکہ ضرورتِ وقت سے گواہی میں تاخیر گناہ ہے، اللہ تعالٰی کا ارشاد گرامی ہے: گواہی کو مت چھپاؤ اور جو گواہی چھپائے گا تو اندر سے اس کا دل گنہگار ہے۔ (ت)

اقول مگر ہلال ذی الحجہ میں آٹھویں تک کوئی حاجت ایسی نہیں جو بوجہ تاخیر خلل پذیر ہو۔ بس یوں معلوم ہوجانا چاہئے کہ فجر عرفہ سے لوگ تکبیر میں مشغول ہوں اور حجاج سامان وقوف کریں،

فان اخّر الٰی ھذا فلا یؤخر وقت الحاجة ط انما کان الاٰثم به فلیکن التاخیر الٰی ھنا سابعًا ھذا ما قلته تفقّھا فلیحرر۔

پس اگر یہاں تک مؤخر کرتا ہے تو کوئی حرج نہیں، لیکن وقتِ حاجت سے مؤخر نہ کرے، ط۔ کیونکہ اس سے گنہگار ہوگا تو یہاں تاخیر سات ذوالحجہ تک ہوسکتی ہے۔ یہ بندہ نے بطور استخراج کہا ہے، اسے محفوظ کیجئے۔ (ت)

(م) **۵** ہلال دیکھنے والے عادل پر مطلقًا اور مستور پر رمضان میں، اور فاسق پر جب سمجھے کہ حاکم میری گواہی مان لے گا واجب ہے کہ رمضان وعید الفطر میں اسی شب اور ذی الحجہ میں آٹھویں تک حاکم شرع کے پاس حاضر ہوکر رؤیت پر گواہی دے۔

---

[1] ردالمحتار کتاب الصوم داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۹۱
[2] القرآن ۲/ ۲۸۳

(م) ؎۱ یہاں تک کہ زن پردہ نشین نکلے اگرچہ شوہر اذن نہ دے، اگرچہ کنیز اجازتِ مولیٰ نہ پائے۔ اگر سمجھیں کہ ثبوتِ رؤیت ہم پر موقوف ہے ورنہ یہ نکلنا ناجائز ہوگا۔

(ش) ؎۲ یجب علی الجاریۃ المخدرۃ ان تخرج فی لیلتھا؎۳ (د) (درمختار) ای لیلۃ الرؤیۃ؎۴ (ش) بلا اذن مولاھا وتشھد کما فی الحافظیۃ؎۳ (د) وکذا یجب علی الحرۃ ان تخرج بلا اذن زوجھا کذا غیر المخدرۃ والمزوجۃ بالاولٰی (ش) محلہ اذا تعینت للشھادۃ و الاحرم علیہا؎۵ (ط)

پردہ نشین لونڈی پر اس رات نکلنا لازم ہے۔ (د) سے مراد درمختار ہے یعنی چاندرات۔ (ش) سے مراد شامی ہے یعنی اپنے مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکلے اور گواہی دے جیسا کہ حافظیہ میں ہے (د) اسی طرح آزاد عورت پر بھی بلا اجازتِ خاوند نکلنا لازم ہے اسی طرح وُہ لونڈی جو پردہ نشین نہ ہو اور وُہ عورت جو منکوحہ نہ ہو ان کا نکلنا تو بطریق اولیٰ ہوگا (ش) یہ اس وقت ہے جب شہادت کے لیے اس کا تعین ہو ورنہ اس کا نکلنا حرام ہوگا (ط)۔ (ت)

یہ حکم اس صورت میں ہے جب خاص اِنھی لوگوں پر گواہی متعین ہو ورنہ پردہ نشین کو جانا یا عورت کو بے اذنِ شوہر یا غلام و کنیز کو بے اجازتِ مولیٰ نکلنا روا نہیں،

قال ط (الطحاوی) والظاھر ان محل ذٰلک عند توقف اثبات الرؤیۃ والافلا؎۶ (ش)

طحاوی نے فرمایا: ظاہر یہی ہے کہ اسی کی ضرورت اس وقت ہے جب رؤیتِ چاند کا اثبات ان پر موقوف ہو ورنہ ضروری نہیں (ش)۔ (ت)

(م) ؎۷ جہاں ریاستیں اسلامی ہیں اُن بلاد میں جو عالمِ دین سُنّی المذہب سب سے زیادہ علمِ فقہ رکھتا ہو وہ بحکمِ شرع سردارِ مسلمانان ہے، مسلمانوں پر فرض ہے کہ اپنی دینی باتوں میں اُسی کی طرف رجوع کریں اور اُس کے فتووں پر عمل کریں، تو چاند دیکھنے والے پر بھی واجب ہے کہ اُس شب اُس کے حضور حاضر ہو کر ادائے شہادت کرے۔

؎۱ درمختار کتاب الصوم مطبع مجتبائی دہلی ۱/۱۴۸
؎۲ ردالمحتار " داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/۹۱
؎۳ درمختار " مطبع مجتبائی دہلی ۱/۱۴۸
؎۴ ردالمحتار " داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/۹۱
؎۵ طحطاوی علی مراقی الفلاح " نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ص ۳۵۸
؎۶ ردالمحتار " داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/۹۱

www.alahazratnetwork.org

(ش) ۳ علامہ عبدالغنی بن اسمٰعیل نابلسی قدس سرہ، حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ میں فرماتے ہیں:

وفی العتابی اذا خلا الزمان من سلطان ذی کفایۃ فالامور موکلۃ الی العلماء ویلزم الامۃ الرجوع الیھم[1]۔

عتابی میں ہے کہ جب دَور ایسے بادشاہ سے خالی ہو جو صاحبِ قدرت ہو تو اس وقت امور علماء کے سپرد ہوں گے اور اُمت پر لازم ہے کہ اس وقت وہ علماء کی طرف رجوع کرے۔ (ت)

اسی میں ہے:

المتبع اعلمھم فان استووا اقرع بینھم[2]۔

علماء میں جو سب سے زیادہ صاحبِ علم ہوگا لوگ اُس کی اتباع کریں، اگر علم میں برابر ہوں تو ان میں قرعہ ڈال لیں۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

تنبیہ: آجکل اسلامی ریاستوں میں بھی قضاۃ وحکام اکثر بے علم ہوتے ہیں، تو عالمِ دین اُن پر بھی مقدم۔ اور وقتِ اختلاف فتویٰ عالم پر ہی عمل واجب۔

حکایت: امام الحرمین ابو المعالی رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں بادشاہِ وقت کے یہاں ۲۹ کے ہلال پر گواہیاں گزریں۔ بحکم سلطان اعلان ہوا کہ کل عید ہے۔ یہ خبر امام الحرمین کو پہنچی۔ گواہیاں قابلِ قبول نہ تھیں، امام کے حکم سے معاً دوسرا اعلان ہوا کہ بحکم امام ابو المعالی کل روزہ ہے۔ صبح کو تمام شہر روزہ دار اُٹھا۔ حاسدوں نے یہ خبر خوب رنگ کر بادشاہ تک پہنچائی کہ اگر امام چاہیں تو سلطنت چھین لیں۔ ملاحظہ ہو کہ اُنھیں کا حکم مانا گیا اور حکمِ سلطان کی کچھ پروا نہ ہوئی۔ بادشاہ نے برافروختہ ہو کر چوبدار بھیجے کہ جیسے بیٹھے ہیں تشریف لائیں۔ امام ایک جبہ پہنے تھے، ویسے ہی دربار میں رونق افروز ہوئے۔ اشتعال شاہی دوبالا ہوا کہ لباس درباری نہ تھا۔ سوال کیا، فرمایا: اطاعتِ اولوالامر واجب ہے۔ حکم تھا جیسے بیٹھے ہیں آئیں، میں یوں ہی بیٹھا تھا چلا آیا، کہا اعلانِ خلاف پر کیا باعث تھا؟ فرمایا، انتظامِ دنیا تمہارے سپرد ہے اور انتظامِ دین ہمارے متعلق۔ بادشاہ پر ہیبتِ حق طاری ہوئی۔ باعزازِ تمام رخصت کیا اور بدگویوں کو سزا دی۔

تنبیہ: علمِ دین فقہ وحدیث ہے منطق وفلسفہ کے جاننے والے علماء نہیں، یہ امور متعلق بر فقہ ہیں، تو جو فقہ میں زیادہ ہے وہی بڑا عالمِ دین ہے اگرچہ دُوسرا حدیث وتفسیر سے زیادہ اشتغال رکھتا ہو پھر بھی عالمِ دین نہ ہوگا مگر سنّی المذہب کہ فاسد العقیدہ جہل مرکب میں گرفتار جو جہل بسیط سے ہزار درجہ بدتر، خصوصاً غیر مقلدین کہ

---

[1] الحدیقۃ الندیہ النوع الثالث فی المندوب الیہا مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد ۱/۳۵۱
[2] " " " " " " " " "

Index

۴۵۶

فقہ و فتوٰی میں اُن پر اعتماد تو ایسا ہے جیسے چور کو پاسبان بنانا۔

(م) ۸ جہاں کوئی عالم بھی نہ ہو مجمع مسلمین مثلاً مسجد جامع وغیرہ میں گواہی دیں۔

(ش) ۸ وان لم یوجد حاکم لیشھد فی المسجد (جا[1]) جامع الرموز قلت انما خص المسجد لہ بمحل الاجتماع و انما المقصود الاعلان لیحصل حیثما وجد وا مجتمعین کما لایخفی۔

اگر حاکم موجود نہ ہو تو وہ مسجد میں گواہی دے (جامع الرموز) قلت: خاص مسجد کا ذکر اس لیے کہ وُہ محلِ اجتماع ہے اور مقصود اعلان ہوتا ہے تاکہ اعلان ایسی جگہ ہو جائے جہاں لوگ جمع ہوں، جیسا کہ مخفی نہیں (ت)

(م) ۹ جو بلا عُذر گواہی دینے میں تاخیر کرے گا پھر کہے گا میں نے دیکھا تھا اُس کی گواہی مردود ہوگی۔

(ش) ۹ عذر کی صورت یہ کہ مثلاً شہر میں نہ تھا، دیہات میں دیکھا، وہاں سے اب آیا ہے، تو اس کی گواہی مان لیں گے، اور تاخیر سے وہی مراد کہ وقت حاجت کے بعد پھر نہ اُٹھا رکھے کہ ہلال رمضان وعید الفطر میں پہلی ہی شب ہے۔ www.alahazratnetwork.org

شھدوا فی اٰخر رمضان[1] برؤیۃ ھلالہ قبل صومھم بیوم ان کانوا فی المصر ردت لترکھم الحسبۃ وان جاءوا من خارج قبلت من الفتح[2] (ش)

گواہوں نے رمضان کے آخری دن گواہی دی کہ انہوں نے اہلِ شہر کے روزہ شروع کرنے سے ایک دن پہلے چاند دیکھا تھا، اگر وُہ گواہ شہر کے رہنے والے ہوں تو گواہی مسترد ہوگی کیونکہ انھوں نے گواہی میں تاخیر کی ہے اور اگر وُہ خارج شہر سے آئے ہوں تو ان کی گواہی مقبول ہوگی، یہ فتح سے شامی میں ہے۔ (ت)

(ح)[1] ۹ قولہ فی اٰخر رمضان، اقول من احاط بالدلیل علم ان الاٰخر لیس بقید بل لو شھدوا من غد بعد ما اصبح الناس مفطرین انا راٰینا الھلال البارحۃ وکانوا فی المصر ولاعذر فسقوا وردت شھادتھم لترکھم الحسبۃ وقد علمت ذٰلک من نص العلماء ان الشھادۃ من

قولہ فی اٰخر رمضان۔ اقول جس شخص نے دلیل کو خُوب جان لیا ہے اس پر واضح ہوگا کہ "الاٰخر" کا لفظ قید نہیں بلکہ اگر انھوں نے اس دن سے دوسرے دن گواہی دی جب لوگ صبح کو بے روزہ اُٹھے تو اُنھوں نے کہا ہم نے گزشتہ رات چاند دیکھا اور وہ شہر کے رہنے والے تھے اور عذر بھی کوئی نہ ہو تو وُہ فاسق قرار پائیں گے ان کی گواہی مسترد ہوگی کیونکہ انھوں نے ذمہ داری کی خلاف ورزی

---

[1] جامع الرموز کتاب الصوم مکتبۃ الاسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۳۵۴

[2] ردالمحتار " داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/۹۱

۴۵۷

فروض العین وانھا تجب فی لیلۃ الرؤیۃ حتی تخرج المخدرۃ والمنکوحۃ بدون اذن زوجھا ومولاھا[1] ۱۲ (ملخصًا)

کی ہے، اور آپ یہ بھی جان چکے کہ علماء نے تصریح کی ہے کہ شہادت فرضِ عین ہے اور یہ چاند دیکھنے والی رات میں ہی گواہی دینا لازم ہے حتی کہ پردہ نشین اور منکوحہ خواتین پر بغیر اجازت خاوند اور مولیٰ کے (چاند دیکھنے کے لیے نکلنا لازم ہے)۔ (ت)

(م) ۱۰ جب چاند پر نظر پڑے اور دیکھنے والوں کی گواہی کفایت نہ کرتی ہو، فوراً جہاں تک بن پڑے ایسے مسلمانوں کو دکھا دیں، جن کی گواہی کافی ہو، اور ویسے بھی دکھا دینا چاہیے کہ کثرت بہرحال بہتر ہے۔

(ش) ۱۰ اقول اگر مطلع صاف نہیں، دفعتاً ابر ہٹا اور اُسے چاند نظر پڑا، اب یہ اس قابل نہیں کہ اس کی گواہی مسموع ہو، خواہ فاسق ہے یا مستور یا اکیلا یا صرف عورتیں یا غلام ہیں اور ہلال ہلالِ عیدین تو ان لوگوں کا دیکھنا کافی نہ ہوگا اور عجب نہیں کہ ابر پھر آجائے لہٰذا نہایت تعجیل کرکے ایسے معتمد مسلمانوں کو دکھا دے جن کی گواہیاں کفایت کرجائیں قال اللہ تعالٰی تعاونوا علی البر والتقوٰی[2] (اللہ تعالٰی کا فرمانِ مبارک ہے نیکی اور تقوٰی پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو۔ ت) اس صورت میں تو بشرطِ قدرت معتمدین کو دکھانا لازم ہونا چاہیے، اور اگر ایسا نہیں بلکہ خود ان کی گواہی بس ہے، تاہم اوروں کا دکھانا اچھا ہی ہے کہ کثرتِ شہود بہرحال بہتر ہے عجب کیا کہ یہ اپنے نزدیک اپنی گواہی کافی سمجھیں اور حاکمِ شرع کو کسی وجہ سے اعتبار نہ آئے تو اور شہود کی حاجت پڑے ھذا کلہ ما ذکرتہ تفقھا وارجوان یکون حسنًا ان شاء اللہ تعالٰی (بندہ نے یہ تمام بطور استنباط کہا ہے اور امید ہے یہ ان شاء اللہ درست ہوگا۔ ت)

(م) ۱۱ جس شام احتمالِ ہلال ہو جب تک حکم حاکمِ شرعی یا فتوٰی عالمِ دین نہ ہو ہرگز ہرگز کسی وجہ سے بندوقیں یا آواز کی آتش بازی اپنے دنیوی کاموں کے لیے بھی ہرگز نہ کریں۔

(ش) ۱۱ اصطلاح یوں ٹھہری ہوئی ہے کہ جہاں اسلامی ریاست ہے بعد تحقیق ہلال توپ کے فیر ہوتے ہیں اور شہروں میں بندوقیں یا ہوائیاں وغیرہ چھوڑتے ہیں، اب اگر ثبوتِ شرعی ہوگیا اور حاکمِ شرع نے بھی حکم دے دیا جب تو یہ فعل مستحسن ہے کہ ایک نیتِ صالحہ سے کیا جاتا ہے اور آتشبازی کا ناجائز ہونا بوجہ اضاعت مال تھا یہاں جاری نہیں کہ بعد غرض محمود کے اضاعت کہاں۔ ورنہ دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ اعلانِ ہلال کے سوا اور کسی وجہ سے یہ فعل کریں، مثلاً دوست کے گھر بیٹا پیدا ہوا، بندوقیں سر کیں، یا خالی بیٹھے مال ضائع کرنا چاہا، ہوائیاں

---

[1] مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی　فصل فیما یثبت بہ الہلال　نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی　ص ۳۵۸
ردالمحتار　کتاب الصوم　داراحیاء التراث العربی بیروت　۲/ ۹۱

[2] القرآن ۵/ ۲

۴۵۸

ناڑیاں، تومڑیاں چھوڑیں۔ یہ ممنوع ہے کہ اس میں مسلمانوں کو دھوکا ہوگا۔ دوسرے یہ کہ جاہلوں نے جو اپنے جاہلانہ مسئلوں سے بے حکمِ حاکم وفتوٰیٔ عالم اپنے نزدیک رؤیت کی خبر ٹھیک جان کر پٹاخہ بازی شروع کر دی۔ اور یہ بھی زیادہ ناجائز وحرام ہے کہ منصب رفیع شرع پر جرأت ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم افتوا بغیر علم فضلوا واضلوا[1]۔ وعنہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اجرؤکم علی الفتیا اجرؤکم علی النار[2]۔ ھذا کلہ ایضاً تفقھاً، ولا اظن احدا یخالف فیہ۔ واللہ الھادی للصواب۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا فرمان ہے: جو بغیر علم کے فتوٰی دیں گے خود بھی گمراہ اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ رسالتمآب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا یہ بھی فرمانِ مبارک ہے: تم میں سے جو فتوٰی دینے میں زیادہ جرأت کرے گا وہ جہنم میں جانے میں زیادہ جرأت مند ہوگا۔ یہ تمام بھی بطور استخراج ہے اور میں گمان کرتا ہوں کہ اس میں کوئی مخالفت نہیں کرے گا۔ اللہ ہی صواب کی طرف رہنمائی فرمانے والا ہے۔ (ت)

(م) ۱۲ ہلال دیکھ کر اس کی طرف اشارہ نہ کریں

(ش) ۱۲ کہ افعالِ جاہلیت سے ہے،

تکرہ الاشارۃ الی الھلال عند رؤیتہ لانہ فعل اھل الجاھلیۃ[3] (فتح القدیر)

چاند دیکھنے پر اس کی طرف اشارہ کرنا مکروہ ہے کیونکہ یہ اہلِ جاہلیت کا عمل ہے (فتح القدیر)۔ (ت)

(م) ۱۳ ہلال دیکھ کر منہ پھیر لے۔

(ش) ۱۳ اقول حدیث میں ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا رای الھلال صرف وجھہ عنہ[4]۔ رواہ ابو داؤد عن قتادۃ مرسلا ولا شواھد وسندہ ثقات۔

حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے اپنا منہ (مبارک) اس کی طرف سے پھیر لیتے۔ اسے ابوداؤد نے حضرت قتادہ سے مرسلاً روایت کیا ہے اور اس کا شاہد کوئی نہیں اور اس کی سند ثقہ ہے (ت)

---

[1] صحیح مسلم باب رفع العلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۳۴۰

[2] سنن الدارمی باب الفتیا حدیث ۱۵۹ نشر السنۃ ملتان ۱/ ۵۳

[3] فتح القدیر فصل فی رؤیۃ الھلال نوریہ رضویہ سکھر ۲/ ۲۴۳

[4] سنن ابی داؤد کتاب الادب باب مایقول الرجل اذا رای الھلال آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۳۳۹

www.alahazratnetwork.o

۵۹۳

شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ شرک کی چیز ہے افادہ المناوی فی التیسیر (مناوی نے تیسیر میں افادہ کیا۔ ت)

اقول یا یہ کہ کفار نے اُس کی عبادت کی اور شرع میں اُسے دیکھ کر اللہ جل جلالہٗ سے دُعا کرنی آئی، تو پسندیدہ ہُوا کہ منہ پھیر کر کی جائے تاکہ کفار سے مشابہت نہ لازم آئے۔ واللہ ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

(م) ۱۴ یہ جو جاہلوں میں مشہور ہے کہ فلاں چاند تلوار پر دیکھے فلاں آئینے پر۔ یہ سب جہالت وحماقت ہے، بلکہ حدیث میں جو دُعائیں فرمائیں وُہ پڑھنی کافی ہیں۔

(ش) ۱۴ حدیث میں رؤیتِ ہلال کی بہت دُعائیں آئیں، بعض حصن حصین میں مذکور ہیں۔

(ح) ۱۴ فقیر غفر اللہ تعالٰی لہ جہاں تک اس وقت اپنی نظر میں ہیں تمام ادعیہ حدیث کو مع اشارہ رموز مخرجین جمع کرتا ہے وباللہ التوفیق:

(می) اللہ اکبر اللہ اکبر الحمد للہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اللھم انی اسئلك من خیر ھذا الشھر واعوذبك من شر القدر ومن شر یوم المحشر[2]۔ (طب) عن عبادۃ بن الصامت، ھلال خیر ورشد اٰمنت بالذی خلقك[3]۔ (د) عن قتادۃ بلاغا، اللھم انی اسئلك من خیر ھذا (۳) اللھم انی اسئلك من خیر ھذا الشھر وخیر القدر واعوذبك من شرہ[4] (۳) (طب) عن رافع بن خدیج باسناد حسن اللھم

(می) اللہ اکبر، اللہ اکبر، الحمد للہ، برائی سے پھرنے اور نیکی کی طاقت اللہ تعالٰی کی توفیق کے بغیر نہیں۔ اے اللہ میں تجھ سے اس ماہ میں خیر مانگتا ہوں اور شرِ تقدیر اور شرِ قیامت سے تیری پناہ ڈھونڈتا ہوں۔ (طب) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے اے خیر ورشد کے چاند میں تیرے پیدا کرنے والے پر ایمان رکھتا ہوں۔ (د) حضرت قتادہ سے مرسلاً مروی ہے اے اللہ! میں تجھ سے اس میں خیر مانگتا ہوں (۳) اے اللہ! میں تجھ سے اس ماہ کی اور تقدیر کی خیر مانگتا ہوں اور اس کے شر سے تیری پناہ ڈھونڈتا ہوں (۳) (طب) حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالٰی عنہ سے سندِ حسن کے ساتھ مروی ہے: اے اللہ!

---

[1] التیسیر تحت حدیث کان اذا رأی الهلال مکتبة الامام الشافعی ریاض سعودیة ۲/۲۴۹
[2] مسند احمد بن حنبل مرویات عبادہ بن الصامت دارالفکر بیروت ۵/۳۲۹
[3] سنن ابی داؤد کتاب الادب باب مایقول الرجل اذا رأی الهلال آفتاب عالم پریس لاہور ۲/۳۳۹
[4] المعجم الکبیر للطبرانی حدیث ۴۴۰۹ المکتبة الفیصلیة بیروت ۴/۲۷۶

اھلّه علینا بالیمن والایمان والسلامة والسلام[1] (اق ت ك حب) عن طلحة بن عبید الله باسناد حسن، والتوفیق لما تحب و ترضی[2] حب عن طلحة (طب) عن ابن عمر، والسکینة والعافیة والرزق الحسن[3] (سن) عن حدیر السلمی مرسلا، ربی و ربك الله[4] (ا می ت ك (حب) عن طلحة طب عن ابن عمر، الحمد لله الذی ذھب بشھر کذا[5] وعن قتادة بلاغا (سن) عن عبد الله بن مطرف اسئلك من خیر ھذا الشھر و نوره و برکته و ھداه و طھوره و معافاته[6] (سن) مثله، اللھم ارزقنا خیره ونصره و برکته و فتحه و نوره ونعوذ بك من شره و شر ما بعده[7] (مو مص) عن علی موقوفا۔

اس چاند کو ہم پر برکت، ایمان، سلامتی اور امن والا بنادے۔ (ا۔ ق ت ک حب) حضرت طلحہ بن عبید اللہ سے سندِ حسن کے ساتھ مروی ہے اور اس چیز کی توفیق دے جو تجھے پسند اور تو اس سے راضی ہے۔ (حب) نے طلحہ سے اور (طب) نے حضرت ابن عمر سے یہ الفاظ بھی نقل کئے سکون، عافیت اور رزقِ حسن مانگتا ہوں۔ (سن) نے حضرت حدید اسلمی سے مرسلاً روایت کیا میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے (ا می ت ک حب) نے حضرت طلحہ سے اور طب نے حضرت ابنِ عمر سے روایت کیا تمام حمد اس اللہ کی جو گزشتہ ماہ اسے لے گیا، حضرت قتادہ سے بلاغاً، اور (سن) نے حضرت عبداللہ بن مطرف سے روایت کیا ہے اے اللہ! میں تجھ سے اس ماہ کی خیر، اس کا نور، اس کی برکت، اس کی ہدایت، اس کی طہارت اور عافیت مانگتا ہوں۔ (سن) نے اس کی مثل روایت کیا۔ اے اللہ! ہمیں اس کی خیر، مدد، برکت، رحمت، فتح اور نور عطا فرما اور ہم اس کے اور اس کے مابعد کے شر سے تیری پناہ ڈھونڈتے ہیں۔ اسے (مو مص) نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت کیا ہے۔ (ت)

www.alahazratnetwork.org

---

[1] جامع ترمذی ابواب الدعوات امین کمپنی کتب خانہ رشیدیہ دہلی ۲/ ۱۸۳

[2] الاحسان بترتیب ابن الحبان حدیث ۸۸۵ باب الادعیۃ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۳/ ۷۰

[3] عمل الیوم واللیلۃ حدیث ۶۴۵ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن انڈیا ص ۱۷۵

[4] جامع ترمذی ابواب الدعوات امین کمپنی کتب خانہ رشیدیہ دہلی ۲/ ۱۸۳

[5] عمل الیوم واللیلۃ حدیث ۶۴۷ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن انڈیا ص ۱۷۵

[6] ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ص ۱۷۶

[7] المصنف ابن ابی شیبہ حدیث ۹۷۹۶ کتاب الدعوات ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی ۱۰/ ۳۹۹-۴۰۰

۴۶۱

(م) ۱۵ چاند پر جب کبھی نظر پڑے تو اس کے شر سے پناہ مانگے۔

(ش) ۱۵ ترمذی، نسائی، حاکم ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے راوی حضور پر نور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے چاند کو دیکھ کر فرمایا،

یا عائشۃ استعیذی باللہ من شر ھذا، اے عائشہ! اللہ تعالٰی کی پناہ مانگ اس شر سے فان ھذا ھو الغاسق اذا وقب[1]۔ کہ یہی ہے وہ اندھیری ڈالنے والا جب ڈوبے یا گہنائے، یعنی قرآن عظیم میں جس غاسق کا ذکر فرمایا ومن شر غاسق[2] اور اس کے شر سے پناہ مانگنے کا حکم آیا اس سے یہی چاند مراد ہے۔

www.alahazratnetwork.org

فصل دوم

اُن امور میں جن کا در بارۂ تحقیق ہلال کچھ اعتبار نہیں، بیس قمر پر مشتمل

(م) قمرا ۱۶ اہل ہیأت کی بات کا کچھ اعتبار نہیں اگرچہ عادل ہوں اگرچہ کثیر ہوں، نہ ہی خود اس پر عمل جائز۔

(ش) قمر ۱/۱۶ اہلِ ہیئت وہ لوگ جو آسمانوں کے حال اور ستاروں کی چال سے بحث کرتے ہیں، وہ اپنے حساب سے بتاتے ہیں کہ فلاں دن رؤیت ہلال ہوگی فلاں مہینہ انتیس کا ہوگا فلاں تیس کا۔ پھر اُن کی بات کہ ایک حساب ہے ٹھیک بھی پڑتی ہے، پر صحیح مذہب میں اُس کا کچھ اعتبار نہیں اگرچہ وہ ثقہ عادل ہوں، اگرچہ اُن کی جماعت کثیر یک زبان ایک ہی بات پر اتفاق کرے۔ مثلاً وہ ۲۹ شعبان کو کہیں آج ضرور رؤیت ہوگی کل یکم رمضان ہے۔ شام کو ابر ہوگیا، رؤیت کی خبر معتبر نہ آئی، ہم ہرگز رمضان قرار نہ دیں گے، بلکہ وہی یوم الشک ٹھہرے گا، یا وہ کہیں آج رؤیت نہیں ہوسکتی، کل یقیناً ۳۰ شعبان ہے۔ پھر آج ہی رؤیت پر معتبر گواہی گزری، فوراً قبول کرلیں گے اور کچھ خیال نہ کریں گے کہ بربنائے ہیئت تو آج رؤیت ناممکن تھی۔ گواہ نے دیکھنے میں غلطی کی، یا غلط کہا، دلیل اس مسئلے اور اکثر مسائل آئندہ کی جو قمر ۵ تک آئیں گے یہ ہے کہ شارع صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے صوم وفطر کا حکم رؤیت پر معلق فرمایا، صحیحین وغیرہما میں بطرق کثیرہ بہت صحابہ رضوان اللہ تعالٰی علیہم سے مروی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں،

---

[1] جامع ترمذی ابواب التفسیر سورۃ الفلق نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ۲/۱۷۴

[2] القرآن ۱۱۳/۳

صوموا الرؤیتہ وافطروا الرؤیتہ فان اغمی علیکم فاکملوا عدۃ شعبان ثلثین۔[1]

چاند دیکھ کر روزہ رکھو، چاند دیکھ کر ختم کرو۔ اور اگر مطلع صاف نہ ہو تو تیس کی گنتی پوری کرلو۔ (ت)

پس ہمیں اسی پر عمل فرض ہے، باقی رہا حساب، اسے خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یک لخت ساقط کردیا، صاف ارشاد فرماتے ہیں:

انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب الشھر ھکذا وھکذا والشھر ھکذا وھکذا۔[2] رواہ الشیخان وابوداؤد ونسائی عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنھما۔

ہم اُمّی امّت ہیں، نہ لکھیں نہ حساب کریں دونوں ہاتھوں کی انگلیاں تین بار اُٹھا کر فرمایا مہینہ یُوں اور یُوں اور یُوں ہوتا ہے۔ تیسری دفعہ میں انگوٹھا بند فرمالیا یعنی انتیس اور مہینہ یُوں اور یُوں ہوتا ہے، ہر بار سب انگلیاں کھلی رکھیں یعنی تیس۔ (اسے امام بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی نے ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا۔ ت)

ہم بحمد اللہ ولہ المنۃ اپنے نبی اُمّی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی اُمّی اُمت ہیں، ہمیں کسی کے حساب کتاب سے کیا کام، جب تک رؤیت ثابت نہ ہوگی نہ کسی کا حساب سُنیں، نہ تحریر مانیں، نہ قرائن دیکھیں، نہ اندازے جانیں۔

لا عبرۃ بقول الموقتین ولو عدولا علی المذھب بل فی المعراج لا یعتبر قولھم بالاجماع ولا یجوز للمنجم ان یعمل بحساب نفسہ وفی النھر فلا یلزم بقول الموقتین انہ ای الھلال یکون فی السماء لیلۃ کذا وان کانوا عدولا فی الصحیح کما فی الایضاح اھ وفی القنیۃ عن ابن مقاتل انہ کان یسألھم ویعتمد علی قولھم اذا اتفق علیہ جماعۃ منھم ثم نقل عن شرح السرخسی انہ بعید وعن مجد الائمۃ انہ اتفق اصحاب ابی حنیفۃ الا النادر

صحیح مذہب کے مطابق نجومیوں کا قول معتبر نہیں اگرچہ وُہ عادل ہوں، بلکہ معراج میں ہے کہ ان کا قول بالاجماع معتبر نہیں، اور نجومی کو خود اپنے حساب پر عمل کرنا درست نہیں۔ نہر میں ہے نجومیوں کا یہ قول کہ فلاں رات کو آسمان پر چاند نظر آئے گا صحیح روایت کے مطابق ان کے اس قول سے روزہ لازم نہ ہوگا، اگرچہ نجومی عادل ہو جیسا کہ ایضاح میں ہے اھ قنیہ میں ابن مقاتل سے مروی ہے کہ نجومیوں سے سوال کیا جائے اور اگر ان کی ایک جماعت کا اتفاق ہو جائے تو ان کے قول پر اعتماد کیا جائے، پھر شرح سرخسی سے نقل کیا ہے کہ یہ بعید (از قیاس) ہے، مجد الائمہ

---

[1] صحیح بخاری کتاب الصوم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۲۵۶

[2] ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍

۴۶۳

والشافعی انه لا اعتماد علی قولهم[1] ش ملخصا سے مروی ہے کہ کچھ شاذ احناف کو چھوڑ کر باقی تمام احناف اور شوافع اس پر متفق ہیں کہ نجومیوں کے قول پر اعتماد نہیں کیا جائے گا ۔ شامی ملخصاً (ت)

تنبیہ : اس مسئلہ کے یہ معنی ہیں کہ جو بات وہ بطور ہیأت کہیں مقبول نہیں۔ ورنہ اگر شہادت رؤیت ادا کریں تو مثل اور لوگوں کے ہیں، جن شرائط سے اوروں کی گواہی سُنی جاتی ہے اُن کی بھی گواہی قبول ہوگی، پھر اُن کا قابلِ شہادت ہونا جبھی ہے کہ ہیأت و نجوم کی خلافِ شرع باتوں پر اعتقاد نہ کرتے ہوں صرف صناعی طور پر آسمان کی گردشوں، ستاروں کی چالوں، طلوع و غروب، رجوع و استقامت، بطوء و سرعت، قِران، تسدیس، تربیع، تثلیث، مقابلہ، اجتماع وغیرہ سے بحث کرتے ہوں، ورنہ مثلاً امورِ غیب پر احکام لگانا سعد و نحس کے خرخشے اٹھانا، زائچہ کے راہ پر چلنا چلانا، اوتادار بعہ طالع رابع عاشر سابع پر نظر رکھنا زائلہ مائلہ کو جانچنا پرکھنا، شرعاً بجر ہے۔ اور اعتقاد کے ساتھ ہو تو قطعاً کفر، والعیاذ باللہ رب العالمین۔ اسی قبیل سے ہے ان کا کہنا کہ فلاں دن رؤیت واجب ہے فلاں دن محال۔ اگر وجوب و استحالہ عادی مراد لیتے ہیں تو خیر کہ سنۃ اللہ کیلئے تبدیل نہیں، ورنہ حقیقی و عقلی کا قصد معاذ اللہ کُھلا ہوا کفر ہے۔ اعاذنا اللہ بمنہ العظیم، اٰمین (اللہ تعالٰی اپنے بڑے احسان سے ہمیں محفوظ رکھے، آمین۔ ت)

(ح) $\frac{1}{16}$ علٰہ اہلِ تنجیم میں قرار پایا ہے کہ جب تک چاند آٹھ درجے آفتاب سے دُور نہیں ہوتا ہرگز نظر نہیں آتا صرح به الفاضل الرومی (اس پر فاضل رومی نے تصریح کی ہے۔ ت) اور جب ۱۲ درجے جُدا ہوتا ہے ضرور نظر آتا ہے نص علیه علامة الشریف (علامہ شریف نے اس پر نص کی ہے۔ ت) پھر وہ ۲۹ تاریخ مغرب کی تقویم یعنی اُس وقت فلک بروج سے شمس و قمر کے مواضع نکال کر فصل دیکھتے ہیں اگر آٹھ درجے سے کم پایا حکم لگا دیا کہ آج رؤیت ہرگز نہ ہوگی اور ۱۲ یا ۱۲ سے زائد دیکھا تو جزم کر دیا کہ ضرور ہوگی اور اس کے مابین معلوم ہوا تو رؤیت ہلال مشکوک رکھتے ہیں، پھر منجمانِ ہند کی ادا کچھ نرالی ہے۔ فقیر نے بارہا دیکھا کہ ۲۹ کی مغرب کو قمر ۱۲ درجے سے بہت زیادہ دُور ہے پھر بھی اُنھوں نے کل کی رؤیت رکھی۔ خیر یہاں یہ کہنا ہے کہ حکمائے یونان اُن کے قواعد وضع کر چکے خود بھی ان پر مطمئن نہیں، تصریح کرتے ہیں کہ احوال قمر کا آج تک انضباط نہ ہُوا پھر ایسے شاک و شاک فی انہ شاک کی بات کا کیا اعتبار،

سبحانك لاعلم لنا الا ما علمتنا انك انت العلیم الحکیم[2] (پاک ہے تیری ذات ہمیں علم نہیں مگر اتنا جو تُو نے ہمیں سکھایا، بلاشبہ تُو ہی جاننے والا اور حکمت والا ہے) اقول و

---

[1] ردالمحتار کتاب الصوم مصطفٰی البابی مصر ۲/ ۱۰۰

[2] القرآن ۲/ ۳۲

۴۶۴

بھذا یرد ما اعتمدہ الامام السبکی من الشافعیۃ وصوبہ الزرکشی منھم وجنح الیہ بعض منا من جوز الاعتماد علی قولھم بناءً علی ان الحساب قطعی والشھادۃ ظنی قلنا ھذا الحساب ایضا لیس من القطع فی شیئ کما علمت واحتمال الغلط لیس باقل من احتمالہ فی خبر العدل والشارع صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قد الغی الحساب ونزل الشھادۃ بمنزلۃ الیقین وبالجملۃ فالمذھب عدم جواز الاعتماد علیھم اصلا ۱۲۔

www.alahazratnetwork.o

اقول اس سے اس کا رَد ہوجاتا ہے جس پر شوافع میں سے امام سبکی نے اعتماد کیا ہے اور ان میں سے زرکشی نے اس کی تصویب کی۔ اور ہم احناف میں سے بعض نے ان کی طرف جھکاؤ کیا کہ ان کے قول پر اعتماد جائز ہے اس بنا پر کہ حساب قطعی ہوتا ہے اور شہادت ظنی۔ ہم کہتے ہیں کہ حساب بھی کسی معاملہ میں قطعی نہیں جیسا کہ آپ جان چکے، اور غلطی کا احتمال خبرِ عادل میں احتمال سے کم نہیں، اور شارع صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حساب کو لغو قرار دیا اور شہادت کو بمنزلِ یقین فرمایا، الغرض مذہب صحیح یہی ہے کہ اہلِ توقیت (نجومیوں) پر اعتماد جائز نہیں (ت)

(ح) $\frac{1}{16}$ عـہ۲ قد رواہ البخاری فی کتاب الصوم وعقد لہ باب قول النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لا نکتب ولا نحسب فقصر الفاضل المرحوم عبد الحی اللکھنوی فی القول المنشور عزوہ علی مسلم تقصیر ۱۲۔

اسے بخاری نے کتاب الصوم میں روایت کیا ہے اور باب کا نام "حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ ہم نہ لکھیں اور نہ حساب کریں" فاضل مرحوم عبدالحی لکھنوی کا "القول المنشور" میں اسے صرف مسلم کی طرف منسوب کرنا قلتِ مطالعہ ہے ۱۲ (ت)

(ح) $\frac{1}{16}$ عـہ۳ اقول الاولی تاخیر الاستثناء بعد الشافعی لان من اصحابہ ایضا من اعتمد علیھم کما سمعت ۱۲۔

اقول یہاں حرف استثناء لفظ شافعی کے بعد ہونا چاہئے کیونکہ ان میں سے بھی کچھ حضرات نے اہلِ ہیئت پر اعتماد کیا ہے جیسا کہ آپ سُن چکے ہیں۔ (ت)

(م) قمر ۲ اخیر مہینے میں دو ایک رات ضرور بیٹھتا ہے لا پر شریعت میں اس پر مدارِ حکم نہیں۔

(ش) قمر $\frac{1}{16}$ مہینہ انتیس کا ہوتا ہے تو ایک رات بیٹھتا ہے، تیس کا ہو تو دو رات، پھر آج صبح کو طلوعِ شمس سے پہلے چاند جانبِ شرق نظر آیا تھا اور آج شام کی نسبت شہادتِ شرعی رؤیت پر گزری، بلاشُبہ قبول کی جائے گی اور یہ لحاظ نہ ہوگا کہ آج صبح تک تو چاند موجود تھا بن ڈوبے کیونکر ہلال ہوگیا۔

روی یوم التاسع والعشرین قبل الشمس

طلوعِ شمس سے پہلے انتیسویں دن کو چاند دیکھا گیا

۴۶۵

ثم رؤی لیلۃ الثلاثین بعد الغروب وشھدت بینۃ شرعیۃ بذلك فان الحاکم یحکم برؤیتہ لیلا کما ھو نص الحدیث ولا یلتفت الی قول المنجمین انہ لا یمکن رؤیتہ صباحا ثم مساء فی یوم واحد، کیف وقد صرحت ائمۃ المذاھب الاربعۃ بان الصحیح انہ لا عبرۃ بقول المنجمین[1] ش ملخصا۔

پھر غروب کے بعد تیسویں رات کو دیکھا گیا اور اس پر شرعی گواہی بھی ہوئی تو حاکم رات کی رؤیت پر فیصلہ دے جیسا کہ اس پر حدیث میں تصریح ہے اور اہلِ نجوم کے اس قول کی طرف توجہ نہ کرے کیونکہ یہ ممکن نہیں کہ ایک ہی دن میں چاند صبح اور شام دکھائی دے، یہ کیوں نہ ہو، حالانکہ ائمہ مذاہب نے تصریح کی ہے کہ صحیح مذہب یہی ہے کہ اہلِ نجوم کے قول کا اعتبار نہیں، شامی ملخصاً (ت)

www.alahazratnetwork.

(ح) $\frac{1}{14}$ عت چاند سورج دونوں کی اپنی چال مغرب سے مشرق کو ہے اور حرکتِ یومیہ جس کے بسبب طلوع وغروب روزانہ ہوتا ہے مشرق سے مغرب کو تو چاند صبح کے وقت جب ہی نظر آئیگا کہ سورج کے پیچھے ہو یعنی جانبِ مغرب ہٹا ہوا ہو کہ اگر جانبِ مشرق بڑھا ہو تو آفتاب اس سے پہلے طلوع کرے گا، صبح کے وقت چاند آفتاب سے بھی زیادہ زیرِ زمین اترا ہوگا نظر کیونکر آئے۔ اور جب پیچھے ہے تو افقِ مشرقی پر سورج سے پہلے چمک آئیگا آفتاب ہنوز زیرِ زمین ہوگا، تو نظر آسکتا ہے بشرطیکہ ۸ درجے سے کم نہ ہو، ورنہ اتنے قرب میں سورج کی شعاعیں اُسے چھپالیں گی، نظر کام نہ کرسکے گی۔ اسی طرح شام کو مغرب میں جب ہی نظر آتا ہے کہ سورج کے آگے ہو یعنی جانبِ مشرق بڑھا ہو کہ اگر جانبِ مغرب ہٹا ہوگا تو سورج سے پہلے ڈوب جائے گا، اور جب آگے ہے تو افقِ غربی پر بعد غروبِ آفتاب باقی رہے تو نظر آنا ممکن بشرطیکہ آٹھ درجہ سے کم فصل نہ ہو۔ جب یہ بات سمجھ لی تو اگر آج صبح کو نظر بھی آئے پھر شام کو ہلال بھی ہو تو لازم ہے کہ صبح کو آٹھ درجے پیچھے تھا شام کو لااقل آٹھ درجے آگے ہوگیا، چار پہر میں سولہ درجے طے کرگیا، حالانکہ وہ کبھی آٹھ پہر کامل میں بھی اتنا نہیں چلتا، اس وجہ سے ہیأت والے اجتماعِ رؤیتِ صبح وشام کو ناممکن کہتے ہیں، مگر جب ثبوت شرعی ہو تو انکار کا کیا یارا، اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۵ (بلاشبہ اللہ تعالٰی ہر شَے پر قادر ہے۔ت)

(م) **قمر ۳ ۱۸** انتیس۲۹ رات کی صبح کو چاند نظر نہیں آتا، شرع اِسے بھی نہیں سنتی۔

(ش) $\frac{3}{18}$ یہ دعوٰی دعوٰیٔ اول سے اخص ہے وہاں دو ایک رات بیٹھنا تھا، عام ازیں کہ ۲۹ کو ڈوبے یا ۳۰ کو، یہاں خاص دعوٰی ہے کہ ۲۹ کو ضرور ڈوبتا ہے، شرع میں اس پر بھی لحاظ نہیں مثلاً ۲۹ شعبان

---

[1] ردالمحتار کتاب الصوم مصطفی البابی مصر ۲/ ۱۰۴

روزِ یکشنبہ کو شام کے وقت ابر تھا، گواہانِ شرعی نے رؤیت بیان کی، صبح کو رمضان ٹھہرا، اب جو گنتی ہوتی آئی تو ۲۹ رمضان دوشنبہ کو طلوعِ شمس سے پیشتر چاند موجود تھا، اس پر کوئی خیال کرے کہ دوشنبہ کی پہلی ہوتی تو آج ۲۹ کو چاند صبح کے وقت کیونکر نظر آتا ضرور ہے کہ گواہوں نے غلطی کی شعبان ۳۰ کا ہُوا، آج ۲۸ ہے ابر ہُوا تو اسی حساب پر رمضان کے ۳۰ پُورے ہوں گے، تو یہ خیال محض غلط ہوگا بلکہ وہی دوشنبہ کی ۲۹ ٹھہرے گی اور اسی پر بنا ءِ احکام رہے گی والدلیل علی ذلك مع السند قد انطوی فیما قدمنا (اور اس پر دلیل مع سند ہماری سابقہ گفتگو میں آچکی ہے۔ ت)

(م) **قرہم ۱۹** دن کو دوپہر سے پہلے چاند جب ہی نظر آتا ہے کہ شبِ گزشتہ ہلال ہو چکا ہو، پر صحیح مذہب میں اس کا بھی لحاظ نہیں۔

www.alahazratnetwork.org

(ش) $\frac{۴}{۱۹}$ یعنی مثلاً پنجشنبہ ۲۹ شعبان یا ۲۹ رمضان کو ابر تھا رؤیت نہ ہوئی جمعہ کی دوپہر سے پہلے چاند نظر آیا تو اگرچہ قیاس یہی چاہتا ہے کہ شبِ جمعہ میں ہلال ہوگیا، ورنہ دوپہر سے پہلے نظر نہ آتا۔ تو آج پہلی ہونی چاہئے۔ مگر صحیح مذہب میں اس کا کچھ لحاظ نہ ہوگا اور آج تیس ہی ٹھہرے گی۔

رؤیتہ بالنہار للیلۃ الاٰتیۃ مطلقا علی المذھب ذکرہ الحدادی (ای سواء رؤی قبل الزوال او بعدہ علی المذھب الذی ھو قول ابی حنیفۃ و محمد[1] (ملخصا)

(ش) اوجب الحدیث ای قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام صوموا لرؤیتہ و افطروا لرؤیتہ، فوجب سبق الرؤیۃ علی الصوم والفطر والمفہوم المتبادر منہ الرؤیۃ عند عشیۃ اٰخر کل شھر عند الصحابۃ والتابعین ومن بعدھم بخلاف ماقبل الزوال من الثلثین والمختار

دن کو دیکھا جانے والا چاند مذہب صحیح کے مطابق ہر حال میں آئندہ رات کا شمار ہوگا۔ اسے حدادی نے ذکر کیا مذہب صحیح جو امام اعظم اور امام محمد کا مذہب ہے کے مطابق خواہ زوال سے پہلے دکھائی دے یا زوال کے بعد) (شامی)، یہ اس حدیثِ نبوی علٰی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے کہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر عید کرو، تو اس سے چاند کی رؤیت کا روزے اور عید سے پہلے ہونا ضروری ہے، اس سے متبادر یہی مفہوم ہوتا ہے کہ چاند کی رؤیت جو ہر ماہ کی آخری شام کی ہو، مراد ہے۔ یہی صحابہ، تابعین اور ان کے بعد آنے والے اہلِ علم نے کہا ہے بخلاف تیسویں دن کے ماقبل الزوال دکھائی دینے کے، اور مختار امام اعظم

---

[1] ردالمحتار کتاب الصوم مصطفی البابی مصر ۲/ ۱۰۳

۴۶۷

قولھما¹ (فت) (فتح القدیر) وکذا صرح باختیارہ فی ع وخز (خزانۃ المفتین) و ص (خلاصۃ) وق (قاضی خان) و مر و بز (بزازیۃ) وجو (جواھر الاخلاطی) و مج (مجمع الانھر) و ب (بحرالرائق) والاختیار² وجامع المضمرات والعنایۃ والغیاثیۃ و التتارخانیۃ والتجنیس وغیرھا۔

اور امام محمد کا قول یہی ہے (فتح القدیر) اس کے مختار ہونے پر ع، خزانۃ المفتین، خلاصہ، قاضی خاں، مر، بزازیہ، جواہر الاخلاطی، مجمع الانہر، بحرالرائق، اختیار، جامع المضمرات، عنایہ، غیاثیہ، تتارخانیہ اور تجنیس وغیرہ میں تصریح ہے۔ (ت)

(ح) $\frac{۴}{۱۹}$ عہ دوپہر سے پہلے کی قید اس لئے لگائی کہ اگر بعد زوال نظر آیا تو عامۂ کتب پر کسی کے نزدیک گزشتہ رات کا نہ ٹھہرے گا کہ تیس کا چاند بھی اکثر دن سے نظر آجاتا ہے مگر دوپہر ڈھلنے کے بعد،

ھکذا فی عامۃ الکتب کالبدائع والایضاح والمنظومۃ والخانیۃ و طم و ش والبزازیۃ والعتابیۃ والذخیرۃ والتتارخانیۃ و جامع الرموز وجواھر الاخلاطی والاختیار والبحر والتبیین والمجتبٰی و القنیۃ و مجمع البحرین وشرحہ لابن ملک وشرح الکنز لملا مسکین وغیرھا ووقع فی المجمع الانھر تبعالما فی الفتح من التحفۃ انہ عند ابی یوسف اذا رؤی قبل الزوال اوبعدہ الٰی وقت العصر فللماضیۃ و بعدہ للمستقبلۃ¹ ا ھ۔

عام کتب میں اسی طرح ہے مثلاً بدائع، ایضاح، منظومہ، خانیہ، طم، شامی، بزازیہ، عتابیہ، ذخیرہ، تتارخانیہ، جامع الرموز، جواہر الاخلاطی، اختیار، بحر، تبیین، قنیہ، مجمع البحرین اور اس کی شرح لابن ملک، اور شرح کنز لملا مسکین وغیرہ اور مجمع الانہر میں فتح کی اتباع میں اور وہاں تحفہ سے ہے کہ امام ابویوسف کا قول یہ ہے کہ جب چاند زوال سے پہلے یا اس کے بعد عصر تک دکھائی دے تو وہ گزشتہ رات کا ہوتا ہے اور اگر اس کے بعد نظر آئے تو وہ آئندہ رات کا ہوگا۔ (ت)

(م) قمر ۵ ۲۰ کے بڑے ہونے کا کچھ خیال نہ چاہئے۔

---

¹ فتح القدیر	کتاب الصوم	نوریہ رضویہ سکھر	۲/۲۴۳
بحرالرائق	"	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	۲/۲۶۳
² مجمع الانہر	"	داراحیاء التراث العربی بیروت	۱/۲۳۷
فتح القدیر	"	نوریہ رضویہ سکھر	۲/۲۴۳

(ش) ۵/۲ بہت لوگ چاند کو بڑا دیکھ کر کہنے لگتے ہیں کہ کل کا ہے یا آج ۲۹ نہ تھی ۳۰ تھی کہ ۲۹ کا چاند اتنا بڑا نہیں ہوتا، یہ اُن کی خام خیالی ہے، شرعی معاملے تو اوپر ہو چکے کہ وہاں قیاسی باتوں کا دخل نہیں اور بطور علم ہیأت ہی چلئے تو ان شاء اللہ تعالٰی فقیر ثابت کرسکتا ہے کہ ۲۹ کا چاند بعض ۳۰ کے چاندوں سے بڑا ہونا ممکن۔

اقول اور سب سے بڑھ کر دافع اوہام یہ ہے کہ طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

اقتراب الساعۃ انتفاخ الاھلۃ [1] | قربِ قیامت کا ایک اثر یہ ہے کہ ہلال بڑے نظر آئیں گے۔

اور معجم اوسط میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی، حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

www.alahazratnetwork.org

من اقتراب الساعۃ ان یری الھلال قبلا فیقال ھو للیلتین [2] الحدیث۔ | قربِ قیامت کی ایک علامت یہ ہے کہ ہلال سامنے ہی نظر پڑے گا دیکھنے والا کہے گا کہ دو رات کا ہے۔

صحیح مسلم شریف میں ابو البختری سے مروی ہے کہ ہم عمرے کو نکلے بطنِ نخلہ میں ہلال دیکھا کسی نے کہا تین رات کا ہے کسی نے کہا دو رات کا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے حال عرض کیا، فرمایا: تم نے کس رات دیکھا؟ ہم نے کہا فلاں رات۔ کہا حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ تعالٰی مدّہ علہ للرؤیۃ فھو للیلۃ رأیتموہ [3]۔ | اللہ تعالٰی نے اُسے رؤیت پر موقوف فرمایا ہے تو جس رات تم نے دیکھا اُسی رات کا ہے۔

(ح) ۵/۳ علہ ای جعل وقت الصوم ممتدا الی زمان رؤیۃ الھلال ۱۲- | اللہ تعالٰی نے وقتِ صوم کو رؤیت چاند کے زمانہ تک طویل (ممتد) کیا ہے ۱۲ (ت)

علہ وقع ھٰھنا فی القول المنشور للفاضل اللکنوی لرؤیۃ رأیتموہ وھو تصحیف ۱۲ | اور القول المنشور میں فاضل لکھنوی نے "لرؤیۃ رأیتموہ" تحریر کیا ہے یہ تصحیف ہے ۱۲ (ت)

(م) قمر ۶ نہ اس ۲۱ کے اونچے ہونے پر نظر قمر ۷ نہ اس کے دیر تک ٹھہرنے پر التفات۔

(ش) ۶/۲۱ بہت لوگ چاند اونچا دیکھ کر بھی ایسی ہی اٹکلیں دوڑاتے ہیں، بعض کہتے ہیں اگر ۲۹ کا ہوتا تو اتنا

---

[1] کنز العمال بحوالہ المعجم الکبیر حدیث ۳۸۴۶۹ مکتبۃ التراث الاسلامی مصر ۱۴/ ۲۲۰
[2] " " معجم الاوسط " ۳۸۴۷۰ " " "
[3] صحیح مسلم کتاب الصیام قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۳۴۸

نہ ٹھہرتا۔ یہ سب بھی ویسے ہی اوہام ہیں جن پر شرع میں التفات نہیں، خصوصًا یہ باتیں تو از روئے ہیأت بھی کلیہ نہیں ہوسکتیں، میں ان شاء اللہ تعالٰی ثابت کرسکتا ہوں کہ کبھی ۲۹ کا ۳۰ کے بعض ہلالوں سے اونچا اور دیر پا ہونا متصوّر۔

(ح) $\frac{6}{21}$ عہ اونچا ہونا اور دیر تک رہنا غالبًا زیادتِ فصل سے ہوتا ہے اور یہ ہم اوپر واضح کرچکے کہ کبھی ۲۹ کا بہ نسبت ۳۰ والے کے سورج سے دُور تر ہوتا ہے تو غالبًا اُتنا ہی اُونچا بھی ہوگا اور اتنا ہی دیر میں ڈوبے گا۔ علاوہ ازیں دقائق ہیأت پر نظر کیجئے تو باوجود استوائے فصل ایک حالت میں بلند تر و دیر پا تر ہونا ممکن و ذلك یبتنی علی مقدمات طویلۃ لو تکلمنا علیہا لخرجنا عما نحن بصددہ[۱۲] (اور یہ طویل مقدمات پر مبنی ہے اگر ہم ان پر گفتگو شروع کردیں تو زیرِ نظر موضوع سے کہیں دُور نکل جائیں گے[۱۲]۔ ت)

(م) **قمر ۸** آج کا ہلال **۲۲** شفق سے پہلے ڈوبتا ہے کل کا بعد کو، یہ بھی معتبر نہیں۔

(ش) $\frac{8}{22}$ شفق سے مراد شفقِ احمر ہے یعنی وہ سرخی جو غروبِ آفتاب کے بعد جانبِ مغرب رہتی ہے۔ عادت یُوں ہے کہ جو ہلال اسی شب ہُوا وہ اس سُرخی کے غائب ہونے سے پہلے ڈوب جاتا ہے، اور جو کل ظاہر ہُوا تھا اس کے بعد غروب کرتا ہے۔ پھر یہ بھی تجربہ کی بات ہے، صحیح مذہب میں اس پر اعتماد نہیں۔

فی مختارات النوازل وقیل ان غاب بعد الشفق فھو للماضیۃ وان غاب قبل الشفق فھو للمستقبلۃ[۱] اھ وھکذا ذکرہ مضعفا مقابلا للمذھب الصحیح المختار اعنی کونہ للمستقبلۃ مطلقا فی مج وفت و ق و بز وغیرھا من اسفار کثیرۃ۔

مختارات النوازل میں ہے بعض نے کہا کہ اگر شفق کے بعد چاند غروب ہوگیا تو وُہ گزشتہ رات کا ہوگا اور اگر شفق سے پہلے غروب ہوگیا تو وُہ آئندہ رات کا ہوگا اھ یُونہی یہ ضعیف قول مذہب صحیح اور مختار کے مقابل ذکر کیا ہے، اور مذہب صحیح یہ ہے کہ وہ چاند ہر حال میں آئندہ رات کا ہوگا، مج، فتح القدیر، قنیہ، بزازیہ اور دیگر کتبِ معتمدہ میں یُونہی ہے (ت)

(م) **قمر ۹** تیسری رات **۲۳** عشاء سے پہلے چاند نہیں ڈوبتا، پر یہ بھی قابلِ لحاظ نہیں۔

(ش) $\frac{9}{23}$ عادت اکثری یُوں ہے کہ تیسری شب کا چاند غروب نہیں کرتا جب تک عشاء کا وقت نہ آجائے۔ حدیث شریف میں نمازِ عشاء کی نسبت ہے:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یصلیھا لسقوط القمر

حضور سیّدِ عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم یہ نماز اس وقت پڑھا کرتے جس وقت تیسری رات کا

---

[۱] فتاوٰی بزازیہ علی ہامش فتاوٰی ہندیہ کتاب الصوم نورانی کتب خانہ پشاور ۴/۹۶

لثالثة[1]. رواه ابوداؤد عن النعمان بن بشير رضی اللہ تعالٰی عنہما.

چاند ڈوبتا ہے (اسے ابوداؤد نے نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا ہے۔ ت)

پر معاملۂ ہلال میں شرعاً اس پر بھی التفات نہیں مثلاً گواہی گزری کہ آج چاند ہوا کل جمعہ کی یکم رمضان ہے اب شنبہ کے بعد جو شب یکشنبہ آئی کہ اس شہادت کی رُو سے تیسری شب تھی، اس میں دیکھا تو چاند مغرب ہی کے وقت عشاء کا وقت آنے سے پہلے ڈوب گیا جس کے سبب گمان ہوتا ہے کہ آج شبِ دوم ہے اس کا کچھ خیال نہ کریں گے اور تیسری ہی رات قرار دیں گے۔

تنبیہ: **اقول** وباللہ التوفیق بے شک اِس شہادت پر عمل میں معاذ اللہ حدیث کی کچھ مخالفت نہیں، بلکہ عین حکمِ حدیث پر چلنا ہے۔ حضور اقدس سیدِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وقتِ عشاء دیکھ کر نماز شروع فرماتے، وہ اس اکثری امر کے سبب غالباً اس وقت سے موافق پڑتی، یا یُوں سہی کہ زمانہ اقدس میں ہمیشہ ہی مطابق آئی، اس سے یہ بھی لازم نہیں آتا کہ حضور نے ایک وقت بھی اِس غروبِ قمر پر وقتِ نماز کی بنا رکھی ہو نہ کہ اُسے ابدی غیر ممکن التخلف جانتے نہ کہ اس کے سبب امرِ صوم میں شہادتِ شرعیہ جسے شرع نے مثلِ رویتِ عین قرار دیا رو کی جائے۔

سئل فيما غاب الهلال بالليلة الثالثة قبل دخول وقت العشاء هل يعمل بالشهادة ام لا، اجاب المعمول به ما شهدت البينة لان الشهادة نزلها الشارع منزلة اليقين وليس في العمل بالبينة مخالفة لصلوته صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم[2] (ش) عن فتاوى العلامة الشهاب الرملی الكبير الشافعی ملخصا وهذا اواضح جدًا[عہ] ولله الحمد ۱۲۔

سوال کیا گیا کہ جب تیسری رات کا چاند دخولِ وقتِ عشاء سے پہلے غائب ہو جائے تو کیا شہادت پر عمل کیا جائے گا یا نہیں؟ تو جواب یہ دیا کہ اس پر عمل کیا جائیگا جس پر گواہی ہُوئی کیونکہ گواہی کو شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یقین کا مقام قرار دیا ہے اور گواہوں پر عمل کرنا حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز کے مخالف نہیں یہ شامی نے علامہ شہاب رملی الکبیر الشافعی کے فتاوٰی سے ملخصاً نقل کیا ہے اور یہ نہایت ہی واضح ہے، حمد اللہ ہی کے لئے ہے ۱۲ (ت)

(ح) $\frac{۹}{۲۳}$ عہ **اقول** وبتقريرنا هذا

اقول بحمد اللہ ہماری اس تقریر سے واضح

---

[1] سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ آفتاب عالم پریس لاہور ۱/۶۰

[2] ردالمحتار کتاب الصوم مصطفٰی البابی مصر ۲/۱۰۰

ظهر بحمد الله انه لاحاجة الی ما تجشمه الفاضل عبد الحی اللکنوی فی "القول المنشور" مجیبا عن هذا الاشکال انه لیس فی الحدیث ما یدل علی الدوام فقد یکون هکذا ولا تغتر بقوله "کان" فانه لا یدل علی الاستمرار کما بسطه النووی فی شرح صحیح مسلم فی ابواب النوافل فتشکر انتهی فقد علمت ان لا اشکال بالحدیث اصلا ولو کان "للدوام دواما" علی ان هذه المسئلة کثیرة الخلاف وقد عقدنا لبیانها رسالتنا "التاج المکلل فی انارة مدلول کان یفعل" فبناء التفصی علی امر مختلف فیه مع عدم الحاجة الیه مما لا معول علیه ۱۲

ہوگیا کہ اس تکلف کی ضرورت نہیں جو فاضل عبدالحی لکھنوی نے القول المنشور میں اس اشکال کے جواب میں کہا کہ حدیث میں کوئی ایسی شئی نہیں جو دوام پر دال ہو، ہاں کبھی ایسا ہوجاتا تھا اور لفظ "کان" سے بھی ضابطہ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ دوام و استمرار پر دال نہیں ہوتا جیسا کہ شرح صحیح مسلم کے ابواب النوافل میں امام نووی نے اس پر تفصیلاً گفتگو کی ہے، پس اللہ کا شکر ادا کرو انتہی یقیناً آپ نے جان لیا کہ حدیث کے ساتھ یہاں کوئی اشکال ہی نہیں اگرچہ کان ہمیشہ دوام پر دال ہو، علاوہ ازیں اس مسئلہ میں بہت زیادہ اختلاف ہے، ہم نے اس کے لیے ایک رسالہ لکھا جس کا نام "التاج المکلل فی انارۃ مدلول کان یفعل" رکھا ہے، لہذا چھٹکارے کے لئے ایسے معاملہ پر بنیاد رکھنا جو مختلف فیہ ہو اور ضرورت بھی نہ ہو قابل اعتماد نہیں ہے ۱۲ (ت)

(م) **قمر ۱۰** چودھویں کا سورج ڈوبنے سے پہلے نکلتا ہے **قمر ۱۱** پندرھویں کا بیٹھ کر، یہ دونوں بھی نامعتبر ہیں

(ش) $\frac{11-10}{24}$ حاکم شرع یا عالم دین نے شہادت شرعیہ لے کر شعبان کا مہینہ ۲۹ کا ٹھہرایا اور کل بروز جمعہ رمضان کا حکم دیا، اب اس حساب سے شب جمعہ ۱۵ کو چاند غروب سے پہلے نکلا، تو بہت جاہل اعتراض کریں گے کہ وہ حکم غلط تھا بلکہ ۳۰ کا چاند ہوا اور ہفتہ کی پہلی، جب تو آج چاند بیٹھ کر نہ چمکا، یا حاکم و عالم نے گواہی ناکافی سمجھ کر شعبان کی گنتی ۳۰ پوری کی، شنبہ سے یکم رمضان رکھی، شب جمعہ میں چاند بیٹھ کر نکلا جاہل لوگ کہیں گے کیوں صاحب! ہفتہ کی پہلی سے تو آج شب بدر ہوتی ہے یہ چاند بیٹھ کر کیوں نکلا، ضرور جمعہ کی پہلی تھی اور آج پندرھویں، یہ اور اس قسم کے سب خیالات محض مہمل و بیہودہ ہیں جن پر اصلاً مدار احکام نہیں، نہ حاکم و عالم پر شرع یہ لازم فرمائے کہ عنداللہ جو بات نفس الامر میں ہے اس پر مطلع ہوجائیں کہ یہ تکلیف مالایطاق ہے، بلکہ شرع ان پر یہی فرض کرتی ہے کہ دلیل شرعی سے جو بات ثابت ہو اس پر عمل کرو۔ عام ازیں کہ عنداللہ کچھ ہو خود حضور اقدس عالم ماکان و مایکون صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

انکم تختصمون الی ولعل بعضکم ان تم میرے حضور اپنے مقدمات پیش کرتے ہو اور شاید

Index

یکون الحن بحجته من بعض فاقضی بنحو مما اسمع فمن قضیت له من حق اخیه شیئا فلا یاخذه فانما اقطع له قطعة من نار[1] رواه احمد والستة عن ام المومنین ام سلمة رضی اللہ تعالٰی عنہا۔

تم پر ایک دوسرے سے زیادہ اپنی حجت بیان کرنے میں تیز زبان ہو تو میں جو سنوں اس پر حکم فرمادوں پس جس کے لیے میں اُس کے بھائی کے حق سے کچھ حکم کروں وُہ اسے نہ لے کہ یہ تو ایک آگ کا ٹکڑا ہے اس کے لیے قطع کرتا ہوں (اسے امام احمد و ائمہ ستہ نے ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت کیا ہے۔ت)

علاوہ بریں چاند کا چودھویں کو غروب شمس سے پہلے نکلنا اگرچہ اکثری ہے، اور اسی لئے اسے بدر کہتے ہیں، مگر بحساب ہیئات بھی اس کا خلاف ممکن، کما لا یخفی علی من یعلمہ (جیسا کہ اہلِ علم پر مخفی نہیں۔ت) واللہ تعالٰی اعلم۔

www.alahazratnetwork.o

(م) قمر ۱۲ غلط ہے کہ ہمیشہ رجب ۲۵ کی چوتھی رمضان کی پہلی ہو۔

(ش) ۱۲/۲۵ عوام میں مشہور ہے کہ سال میں جس دن رجب کی چوتھی اسی دن آکر رمضان کی پہلی پڑے گی۔ یہ بات محض بے اصل ہے، اس کا شرعی نہ ہونا تو خود ظاہر، تجربہ بھی خلاف پر شاہد۔ بعض دفعہ رجب کی تیسری اور رمضان کی پہلی مطابق ہُوئی ہے۔

ماھو الرابع من رجب لایلزم ان یکون غرۃ رمضان بل قد یتفق[2] (بز)

رجب کی چوتھی کا رمضان کی پہلی ہونا لازم نہیں بلکہ بعض دفعہ اتفاقاً ایسا ہوجاتا ہے (بزازیہ) (ت)

(م) قمر ۱۳ رمضان کی پہلی ۲۶ ذی الحجہ کی دسویں ہونا بھی ضروری نہیں۔

(ش) ۱۳/۲۶ کہیں مولٰی علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے بعض آثار میں آگیا کہ تمہارے روزہ کا دن وہی تمہاری قربانی کا دن ہے، یہ اس سال کا ایک واقعی بیان تھا، نہ کہ ہمیشہ کے لیے حکم شرعی ہو۔ بارہا یکم رمضان و دہم ذی الحجہ مختلف پڑتی ہیں، مثلاً یکم رمضان جمعہ کی ہو اور رمضان شوال ذیقعدہ تینوں مہینے ۲۹ کے تو عیداضحٰے چہارشنبہ کی ہوگی اور دو ۲۹ کے تو پنجشنبہ کی، اور تینوں تیس۳۰ کے تو شنبہ کی۔ ہاں دو تیس کے اور ایک ۲۹ کا، تو بے شک جمعہ کی پڑے گی۔ پھر یونہی ہونا کیا ضرور ہے!

---

[1] صحیح بخاری باب موعظۃ الامام للخصوم قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۱۰۶۲

[2] فتاوٰی بزازیۃ علی ہامش فتاوٰی ہندیۃ کتاب الصوم نورانی کتب خانہ پشاور ۴/ ۹۶

۳۷۴

شہر رمضان اذا جاء یوم الخمیس و یوم عرفۃ جاء یوم الخمیس ایضا کان ذٰلک یوم عرفۃ لا یوم الاضحٰی حتّٰی لا تجوز التضحیۃ فی ھذا الیوم وما یروی ان یوم نحرکم یوم صومکم کان وقع ذٰلک العام بعینہ دون الابدلان من اول یوم رمضان الی غرۃ ذی الحجۃ ثلثۃ اشھر ولا یوافق یوم النحر یوم الصوم الا ان یتم شہران من الثلاثۃ وینقص الواحد فاذا تمت الشھور الثلثۃ تأخر عنہ واذا انقصت الشھور الثلاثۃ او شہران تقدم علیہ فلا یصح الاعتماد علٰی ھذا[1] اھ خزانۃ عن الفتاوی الکبرٰی۔

جب رمضان المبارک کی جمعرات کو آیا اور یوم عرفہ بھی جمعرات ہی کو آیا تو اب یہ یوم عرفہ تو ہو سکتا ہے یوم اضحٰی نہیں ہو سکتا حتی کہ اس دن قربانی جائز نہ ہوگی، اور جو یہ مروی ہے کہ تمہارا یوم نحر تمہارے روزہ کا دن ہے یہ ایک معین سال میں اتفاق ہُوا تھا، نہ کہ دائمی ضابطہ ہے، کیونکہ رمضان کے پہلے دن سے لے کر ذوالحجہ کی ابتدا تک تین ماہ ہیں تو یوم نحر یوم صوم کے موافق تب ہی ہوگا جب ان تین ماہ میں سے دو کامل اور ایک ناقص ہو، تو جب تینوں کامل واقع ہُوئے تو یوم نحر اس سے مؤخر ہو جائے گا، اور اگر تینوں یا دو ناقص واقع ہُوئے تو یوم نحر اس پر مقدم ہوگا لہٰذا اس پر اعتماد صحیح نہیں۔ یہ فتاوٰے الکبرٰی کے حوالے سے خزانۃ میں ہے (ت)

(م) **قمر ۱۴** اکثری سہی کہ اگلے رمضان کی **۲۷** پانچویں اس رمضان کی پہلی ہوتی ہے، پر شرع میں اس پر اعتماد نہیں۔

(**ش**) $\frac{۱۴}{۲۷}$ سیدنا امام جعفر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے منقول ہے کہ:

خامس رمضان الماضی اول رمضان الاٰتی[2]

گزشتہ رمضان کی پانچویں آئندہ رمضان کی پہلی ہے۔ (ت)

بعض علماء نے کہا اس کا پچاس برس تک تجربہ ہُوا، ٹھیک اُترا۔ بعض معاصرین نے لکھا ۱۲ برس سے میں بھی تجربہ کرتا اور درست پاتا ہُوں۔

اقول مگر فقیر نے ۱۲۹۰ھ سے اب تک کے ۹ رمضانوں میں خیال کیا چند ہی سال میں صاف فرق پڑ گیا۔ پانچ برس تک تو حساب ٹھیک تھا اور اس قاعدے کے مطابق رمضان ۱۳۰۱ھ کی پنجم روز یکشنبہ

---

[1] خزانۃ المفتین کتاب الصوم قلمی نسخہ ۱/ ۶۰

[2] الاستبصار کتاب الصوم دارالکتب الاسلامیہ تہران ۲/ ۷۶، من لایحضرہ الفقیہ دارالکتب الاسلامیہ تہران ۲/ ۷۸

۴۷۴

آئی، مگر ۱۳۰۲ھ بحساب تقویم یکم اسی دن مظنون تھی، مگر فقیر ۲۹ شعبان روز پنجشنبہ کو دیہات میں تھا کشادہ جنگل، صاف مطلع، ابر، غبار، دُخان کسی علت کا نام نہ نشان۔ میں اور میرے ساتھ اور مسلمان ہر چند غور کرتے رہے رؤیت نہ ہوئی، شب جمعہ کی خبر بھی نہ آئی، شنبہ کی عید قرار پائی۔ اب ۱۳۰۲ھ کا حساب تقویم اگر غلط بھی مانئے کہ مطلع صاف نہ تھا اور بحکم ہیأت یکم یکشنبہ بھی ممکن تھی، تو تصحیح قاعدہ کو اسی دن یکم رکھئے تو یکم پنجشنبہ کی ٹھہرے گی۔ ۱۳۰۳ھ میں یکم بھی جمعرات کو ہونی چاہئے حالانکہ وہ بشہادت عین بھی غلط اور بحکم ہیأت بھی ناممکن۔ لاجرم ماننا پڑے گا کہ ۱۳۰۳ھ میں ٹوٹ گیا۔ بااینہمہ اگر دائمہ بھی ہو تو صرف ایک تجربہ ہے، نہ حکم شرعی جس پر احکام شرعیہ کی بناء ہوسکے۔

(م) **قمر ۱۵** برابر چار مہینے سے زیادہ ۲۹ کے نہیں ہوتے، پر اس پر بھی مدار نہیں۔

(ش) $\frac{15}{29}$ امام احمد قسطلانی ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

قد یقع النقص متوالیا شہرین او ثلثۃ ولا یقع اکثر من اربعۃ اشہر[1]۔ دو یا تین ماہ مسلسل انتیس کے ہوسکتے ہیں، چار ماہ سے زائد ناقص نہیں ہوسکتے۔ (ت)

اسی طرح شرح صحیح مسلم میں ہے، لکن مصدرا بلفظۃ قالوا[2] (لیکن اسے لفظ "قالوا" سے تعبیر کیا ہے۔ت)

پھر بھی یہ اسی قبیل سے تجربہ ہے، یا حساب جس پر شرع میں اعتماد نہیں۔ مثلاً ربیع الآخر سے رجب تک چار مہینے ۲۹ کے ہوتے آئے، اب شعبان کی ۲۹ کو شہادت رؤیت گزری، بلاشبہ مقبول ہوگی، اور یہ خیال نہ کریں گے کہ ۵ برابر ۲۹ کے ہوئے جاتے ہیں۔

(م) **قمر ۱۶** ان امور میں خط کا اعتبار جس طرح عوام میں رائج محض مردود ہے اگرچہ مہر شدہ ہو اور کاتب ثقہ اور خط معروف۔

(ش) $\frac{16}{29}$ جاہل لوگوں بلکہ بعض اُن مدعیان علم میں بھی جو بزعم خود فقیہ العصر وحید الدہر ہوں، اعتماد خط کا عجیب جوش ہے۔ اپنے کسی معتمد کا خط آگیا اور شہادت شرعی میں کچھ باقی نہ رہا، گویا خط کاہے کو ہے۔ خاص فلک قمر سے ان پر تفسیر جلالین نازل ہوئی۔ پھر کورے جُہّال کا تو کہنا ہی کیا ہے، وہاں خط سے گزر کر تاریخ خط سے استناد ہوتا ہے، حالانکہ علماء فرماتے ہیں خط پر اعتماد نہیں، نہ اس پر عمل ہو کہ خط خط کے

---

[1] ارشاد الساری شرح صحیح بخاری کتاب الصوم دار الکتاب العربی بیروت ۳/ ۳۵۷

[2] شرح نووی علی صحیح مسلم 〃 قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۳۴۷

۴۷۵

مشابہ ہوتا ہے اور مُہر مُہر کے مثل ہو سکتی ہے ۔

المقرر عند علماء الحنفیة انه لا اعتبار بمجرد الخط والالتفات الیه[1] (خیریه) الخط لایعتمد علیه ولا یعمل به[2]۔ لیس الموجود فیه سوی خط فی ورق لیس من حجج الشرع فی شیئ[3]۔ مجرد الخط علامة لاتبنی علیها الاحکام[4]۔ صرح علماؤنا بعدم الاعتماد علی الخط وعدم العمل به[5] ملخصاً۔ العبرة لما تقوم البینة الشرعیة علیه لالمایوجد من الخطوط والکواغذ[6]۔ انما هو کاغذ به خط وهو لایعتمد علیه ولایعمل به کما صرح به کثیر من علمائنا[7]۔ مجرد خط لایعتمد علیه ولا یعمل له شرعاً[8]۔ لیس الورق والخط من حجج الشرع[9]۔

www.alahazratnetwork.org

علمائے احناف کے ہاں یہ مسلّم ہے کہ محض خط قابلِ توجہ نہیں، خیریہ۔ خط پر نہ تو اعتماد کیا جائے نہ ہی عمل، خیریہ۔ اس میں ایک ورق پر خط کے علاوہ کچھ نہیں جو کوئی شرعی دلیل نہیں، خیریہ۔ محض خط علامت ہے اس پر احکام کی بنیاد نہیں رکھی جاسکتی خیریہ۔ ہمارے علماء نے تصریح کی ہے کہ خط پر اعتماد اور عمل نہیں کیا جاسکتا خیریہ ملخصاً۔ اعتبار اس کا ہے جس پر شرعی گواہی ہو نہ کہ خطوط اور کاغذ موجود ہونے پر، خیریہ۔ کیونکہ وہ کاغذ ہی ہے جس پر تحریر ہے اور اس پر نہ اعتماد کیا جاسکتا ہے اور نہ عمل، جیسا کہ ہمارے اکثر علمائے نے تصریح کی ہے خیریہ۔ شرعی طور پر خط پر نہ اعتماد کیا جاسکتا ہے نہ عمل خیریہ۔ کاغذ اور خط دلائلِ شرعی سے نہیں خیریہ۔

۱؎ فتاوٰی خیریة	کتاب الادب القاضی	دار المعرفة بیروت	۲/۱۲
۲؎ "	باب خلل المحاضر والسجلات	"	۲/۱۹
۳؎ "	"	"	۲/۲۴
۴؎ "	کتاب الوقف	"	۱/۱۱۹
۵؎ "	"	"	۱/۱۱۸
۶؎ "	"	"	۱/۲۰۰
۷؎ "	"	"	۱/۲۰۳
۸؎ "	"	"	۱/۲۰۹
۹؎ "	کتاب البیوع	"	۱/۲۲۸

۴۷۶

من کتاب البیوع لایعتمد علی الخط ولایعمل بہ ولاشك ان الخط اعم من ان یکون بالقلم او بالطابع الذی ھو الختم۱؎ ملخصًا۔

کتاب البیوع میں ہے کہ خط پر نہ اعتماد کیا جاسکتا ہے نہ عمل، اور اس میں شک نہیں کہ خط سے مراد عام ہے خواہ وہ قلم سے تحریر کیا ہُوا ہو یا اس پر مُہر مطبوع ہو خیریہ ملخصًا (ت)

ان کے سوا بے اعتباری خط میں پندرہ کتابوں کی عبارتیں فقیر نے فتوٰی تار مندرجہ رسالہ ازکی الاہلال میں ذکر کیں و باللہ التوفیق۔

تنبیہ : خط بعض صورتوں میں مقبول ہوتا ہے، کتاب القاضی الی القاضی یعنی حاکم شرع کو خط لکھے وبشرائطہ کثیرۃ بحث ملزم ہے

(ح $\frac{۱۶}{۲۹}$) عنہ انشئۃ من کتاب الدعوی کالاخیرۃ ۱۲ آخری کی طرح یہ تینوں بھی کتاب الدعوٰی سے ہیں ۱۲ (ت)

$\frac{۱۶}{۲۹}$ عہ الی ھھنا من الوقف (یہاں تک یہ حوالہ جات کتاب الوقف سے ہیں۔ ت)

(م) قمر ۱۷ تار محض ۳۰ مہمل اور ناقابلِ التفات اگرچہ متعدد شہروں سے وارد ہو۔

(ش $\frac{۱۷}{۳۰}$) فقیر غفراللہ تعالٰی لہ نے اس بارے میں ایک مفصل فتوٰی لکھا اور علمائے بدایوں ورام پور و حیدرآباد و دہلی نے مُہریں کیں، وہ فتوٰی آخر رسالہ ازکی الاہلال میں مذکور ہُوا، اور ہم ان شاء اللہ بحث استفاضہ میں یہ بھی ظاہر کریں گے کہ تار جیسا ایک جگہ کا ویسا ہی دس بیس مقام کا، سب نامعتبر ہیں، یعنی اگر کسی شہر میں متعدد تار مختلف امصار سے آئیں تو ان کی بھی کچھ وقعت نہ ہوگی کہ کثرتِ تار کو شرعی تواتر و اشتہار سے اصلاً علاقہ نہیں۔

(م) قمر ۱۸ ۳۱ بازاری افواہ اصلاً کوئی چیز نہیں۔

(ش $\frac{۱۸}{۳۱}$) اکثر دیکھا گیا ہے کہ خبر رویت کا شہر میں شہرہ اور عام عوام کی زبان پر چاند چاند کا چرچا ہو گیا، پھر تحقیق کیجئے تو کچھ اصل نہ تھی۔ اسے افواہ کہتے ہیں۔ شرع جس تواتر و شہرت کو قبول فرماتی ہے وہ اور چیز ہے۔

(م) قمر ۱۹ ۳۲ مجرد حکایت محض نامسموع۔

(ش $\frac{۱۹}{۳۲}$) گواہوں کا مجرد بیان کہ فلاں شہر میں چاند ہُوا، یا فلاں فلاں نے چاند دیکھا، یا فلاں روز سے روزہ رکھا۔ مجرد حکایت ہے جس پر اصلاً التفات نہیں، بلکہ یا تو اپنے معائنہ کی شہادت ہو، یا

۱؎ فتاوٰی خیریہ کتاب الدعوۃ دارالمعرفۃ بیروت ۲/ ۵۱

شہادت پر شہادت ۔ یا قضا پر شہادت ، یا شرعی شہرت ۔ یہ مسئلہ بہت ضروری الحفظ ہے ۔ یہ صرف عوام بلکہ آج کل کے بہت مدعیانِ علم ، بلکہ بعض ذی علم بھی ناواقف پائے ،

واللہ الھادی ھذہ الجماعۃ لو لیشھدوا بالرؤیۃ ولا علٰی شہادۃ غیرھم وانما حکوا بالرؤیۃ غیرھم فلا یلتفت الٰی قولھم[1] خز ، وقد نص علی المسئلۃ فی دط طم ش فتح ب وغیرھا کما ذکرنا بعض نصوصھا فی ازکی الاھلال۔

اور اللہ ہی ہدایت عطا فرمانے والا ہے ، اس جماعت نے چاند دیکھنے کی گواہی نہیں دی اور نہ ہی دوسروں کی گواہی پر گواہی دی ہے انھوں نے صرف دوسروں کی رؤیت کی حکایت کی ہے لہٰذا ان کا قول قابل توجہ نہیں ہوگا ، خزانہ ۔ اور اس مسئلہ پر در ، طحاوی ، طم ، شش ، فتح القدیر ، ع ، ب وغیرہ نے تصریح کی ہے ۔ جیسا کہ ان میں سے بعض تصریحات کو ہم نے ازکی الاھلال میں ذکر کردیا ہے (ت)

(م) قمر ۲۰ ۳۳ یقین عرفی کچھ بکار آمد نہیں ۔ وصلی اللہ علٰی خیر خلقہ سیدنا محمد و اٰلہٖ وصحبہٖ اجمعین والحمد للہ رب العالمین۔

(ش) ۲۰/۳۲ اقول یہ ایک نفیس مسئلہ ہے جس پر فقیر غفر اللہ تعالٰی لہٗ نے تنبیہ کی ، یقین دو طرح کا ہوتا ہے : ایک شرعی کہ طریقہ شرع سے حاصل ہو ۔ دوسرا عرفی کہ باوجود عدم طریقہ شرعی صرف اپنے مقبولات و مسلمات یا تجربیات و مشہورات اور قرائن خارجیہ کے لحاظ سے اطمینان حاصل ہوجاتے ۔ ناواقف لوگ مدرک عرفی و شرعی میں تفرقہ نہ جان کر اسے کافی ووافی ودلیل شرعی گمان کرتے ہیں حالانکہ یہ صریح خطا ہے ، مثلاً جہاں شرع مطہر نے شہادت میں عدد شرط کیا دو مرد یا ایک مرد دو عورتیں ہوں ، وہاں ہمارے اعظم کسی معتمد اجل مستند نے جسے افضل اولیاء ، عالم جانیں ، اور وہ واقع میں بھی غوثِ زمانہ ہی ہو ۔ شہادت دی کہ میرے سامنے ایسا ہوا اور میں نے بچشم خود دیکھا ، ہمیں جو اعتبار اس کے فرمانے پر آئے گا ہرگز دو چار دس بیس کی بات پر بھی اس سے زیادہ نہ ہوگا مگر شرع دوسرا گواہ اور مانگے گی ، اور معاملہ زنا میں تین ۔ تو اگر ایسے ہی تین گواہی دیں جب بھی نامسموع کہ قرآن کریم نے بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ[2] فرمایا ، اگرچہ اس میں شک نہیں کہ سامع مطلع کو ان کے ارشاد میں اصلاً محلِ شک نہ ہوگا ۔ اسی طرح ہزاروں نظیریں اس مسئلہ کی ہوں گی اور

---

[1] ردالمحتار کتاب الصوم مصطفی البابی مصر ۲/۱۰۲

فتح القدیر کتاب الصوم نوریہ رضویہ سکھر ۲/۲۴۳

[2] القرآن ۲۴/۴

۴۷۸

پھر قرائن بے چارے کس گنتی شمار میں ہیں۔ ذی علم کو بارہا واقع ہوتا ہے کہ بہت امور خارجہ کے لحاظ سے چاند ہونے میں اطمینان کامل رکھتا ہے، مگر جب تک ثبوتِ شرعی نہ ہو ہرگز حکمِ رؤیت نہیں کرتا۔ یُوں ہی جب ثبوت میزانِ شرع پر ٹھیک اُترے گا مجبوراً حکمِ رؤیت کرے گا، اگرچہ بنظر امور دیگر کسی طرح ہلال کا ہونا دل پر نہ جمے۔ ایسی ہی جگہ عالم وجاہل کا فرق کھلتا ہے، جب قرائن اس کے خلاف ظاہر ہوتے ہیں جہال حکم عالم پر اعتراض کرنے لگتے ہیں، حالانکہ وُہ جانتا ہے کہ جو میں نے کیا وہی رائے صائب تھی اور مجھ پر بہرحال مدارک شرعی کی پابندی واجب اس امر کی طرف کچھ اشارہ زیر یازدہم بھی گزرا، اور ان یقینوں کی زیادہ توضیح رسالہ ان کی الاھلال میں مذکور ہوئی، و باللہ التوفیق وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا محمد و اٰلہ وصحبہ اجمعین۔

فائدہ: صحیح حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شہران لاینقصان شہرا عید رمضان و ذوالحجۃ۔ رواہ الامام احمد والستۃ عن ابن ابی بکرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔[1]

عید کے دونوں مہینے ناقص نہیں ہوتے یعنی رمضان اور ذی الحجہ۔ (اسے امام احمد اور ائمہ ستہ نے حضرت ابنِ ابی بکرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

بعض علماء نے اس کے یہ معنی لیے ہیں کہ یہ دونوں مہینے ایک سال میں ۲۹ کے نہیں ہوتے۔ صحیح بخاری میں ہے:

قال محمد لایجتمعان کلاھما ناقص۔[2]

محمد بن سیرین کہتے یہ دو مہینے جمع نہیں ہوتے اس حال میں کہ دونوں ناقص (یعنی ۲۹ کے) ہوں۔ (ت)

امام سراف نے فرمایا:

لاینقصان جمیعا فی سنۃ واحدۃ۔[3] (ایک سال میں عید کے دو ماہ جمع نہیں ہوتے کہ دونوں ہی ناقص ہوں۔ ت)

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالٰی نے فرمایا:

ان نقص رمضان تم ذوالحجۃ وان نقص ذوالحجۃ تم رمضان۔[4]

رمضان ۲۹ کا ہوگا تو ذوالحجہ ۳۰ کا، اور ذوالحجہ ۲۹ کا ہوگا رمضان ۳۰ کا۔ (ت)

---

[1] مسند احمد بن حنبل مروی عن عبدالرحمٰن ابن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ دار المعرفۃ بیروت ۵/ ۳۸
صحیح البخاری کتاب الصوم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۲۵۶
[2] " " " " "
[3] فتح الباری شرح صحیح بخاری " دار المعرفۃ بیروت ۴/ ۱۰۷
[4] صحیح البخاری " قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۲۵۶
ف: فتح الباری میں امام سراف کی بجائے امام بزار سے یہ عبارت منقول ہے۔

www.alahazratnetwork.org

Index

اور اس معنی کی مؤید وُہ حدیث ہے جو بطریق زید بن عقبہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی کہ شھرا عید لایکونان ثمانیۃ وخمسین یوما[1] عید کے دونوں مہینے ۵۸ دن کے نہیں ہوتے۔

بااینہمہ محققین کے نزدیک اس سے اکثری اغلبی حکم مراد ہے، نہ کہ دائمی ابدی۔ امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں: قد وجدنا ھما ینقصان فی اعوام[2] ہم نے برسوں دیکھا کہ یہ دونوں مہینے سال میں ۲۹ کے ہوئے۔ **اقول** معہذا حدیث اوّل کے تو عمدہ معانی علماء نے بیان فرمائے، اور تحقیق روشن یہی ہے کہ اس کا ثواب نہیں گھٹتا اگرچہ گنتی میں پُورے ہوں، اور حدیث دوم کی صحت معلوم نہیں، اگر صحیح ہو تو بعض رواۃ سے اپنی فہم کی بناء پر نقل بالمعنی محتمل، واللہ تعالٰی اعلم، بالجملہ غرض یہ ہے کہ ایسے تجربیات کا دائمی ہونا ضرور نہیں، اور دائمی ہوں بھی تو احکام شرع کا اُن پر مدار نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم، واللہ الھادی و صلی اللہ تعالٰی علٰی سید المرسلین محمد و اٰلہ وصحبہ اجمعین ؁

www.alahazratnetwork.org

---

[1] فتح الباری شرح صحیح البخاری کتاب الصوم دار المعرفۃ بیروت ۴/ ۱۰۷

[2] شرح معانی الآثار کتاب الصیام ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/ ۳۸۱

ہدایۃ الجنان باحکام رمضان

۱۳۲۳ھ

(رمضان کے احکام میں جنّت کی راہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسئلہ ۲۶۲: از شاہجہان پور محلہ جگدل نگر متصل اسٹیشن ریلوے مرسلہ محمد فصاحت اللہ خاں ۷ رمضان المبارک ۱۳۲۳ھ

بعد ادائے آداب کے عرض پرداز ہُوں کہ ایک اشتہار مولوی اعظم شاہ صاحب نے بابت افطار و سحری رمضان المبارک ۔ نیز بقیہ سال روزے کے جو اوپر نقشہ اور پشت پر لکھتے ہیں شائع کرکے تقسیم کرتے ہیں۔ شاہجہان پور میں سال گزشتہ میں بابت چاند عید اضحیٰ نزاع ہوچکا ہے اس خیال سے اس نقشہ کی بابت تحقیقات کرنا ضرور ہے۔ آج کے روزے کا نقشہ دیا ہُوا بابت افطار و سحری اور نقشہ مولوی اعظم شاہ اور نقشہ مولوی ریاست علی خان صاحب کا مقابلہ کیا گیا جو اعظم شاہ کے نقشہ اور آپ کے نقشہ سے بہت فرق آیا بابت سحری کے، اور آپ کا نقشہ اور مولوی ریاست علی خاں کا نقشہ قریب قریب ہے جو کہ اب ایسی حالت میں بڑا نقصان کم علموں کا ہو رہا ہے اور ہوگا کیونکہ کل کے روز ایک عورت نے چار بج کر چالیس منٹ پر سحری کھائی، اور جب اُس کی حالت مولوی اعظم کو معلوم ہُوئی تو اُنھوں نے فرمایا کہ روزہ جاتا رہا اس پر اس نے روزہ توڑ ڈالا

۵۶۸

جب مولوی ریاست علی خاں صاحب سے دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ اُس کا روزہ تھا کیونکہ وُہ وقت سحری کھانے کا تھا اور نیز اس اشتہار میں جو مسائل بابت رمضان المبارک اور وقت افطار اور وقت سحری اور مسائل تراویح کے لکھے ہیں وہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ صحیح لکھے ہیں یا نہیں، بندہ اشتہار مذکور روانہ خدمت عالی کرتا ہے اور بعد ملاحظہ جملہ اشتہار کے اس کے صحیح اور غیر صحیح پر توجہ فرمائی جائے، اور اگر غلط ہے تو جس جس مسئلہ میں غلطی ہو اُس کا جواب بحوالہ کتاب ارقام فرمادیجئے، اگر نقشہ غلط ہو تو بابت نقشہ کے اسی قدر کافی ہے کہ نقشہ غلط ہے اور اس اشتہار کے بھیجنے کی بابت جناب مخدوم ومکرم مولوی ریاست علی خان صاحب نے بھی تاکید فرمائی تھی جب میں نے عرض کیا تھا کہ اس اشتہار کو بریلی روانہ کروں گا تو فرمایا کہ ضرور بھیج دو تاکہ وہاں سے جواب آنے کے بعد اُس اشتہار کی صحت اور غلطی کا اعلان کرادیا جائے، فقط۔

الجواب

بعد مراسم سنت ملتمس، بعد سوال جواب واجب اور وقت وجوب اظہار صواب لازم، اوقات صحیح نکالنے کا فن جسے علم توقیت کہتے ہیں، ہندوستان کے طلبہ تو طلبہ اکثر علماء اس سے غافل ہیں نہ وہ درس میں رکھا گیا ہے نہ ہیأت کی درسی کتابوں سے آسکتا ہے اور جو کچھ مسالہ مولوی مسیح الدین خاں کاکوروی وغیرہ بنا گئے وہ فقط ناکافی ہی نہیں بلکہ سخت اغلاط میں ڈالنے والا ہے، یونہی مرزا خیر اللہ منجم کی دوحرفی جدول سے کوئی ناواقف فن نفع نہیں پاسکتا، اگر کسی نے بڑی تحقیقات چاہی تو زیچ بہادرخانی کی جداول تعدیل النہار سے کام لیا، سحری کو تو اُن سے کچھ تعلق ہی نہیں اور افطار میں بھی ناقص ہے جب تک متعدد ضروری اصلاحیں اُس کے ساتھ شریک نہ ہوں، پھر جسے وُہ اصلاحیں آتی ہیں اُسے اُن جداول کی کیا حاجت، فقیر نے اس فن میں نہ نری کتابی باتوں پر اعتماد کیا نہ خالی دلائل ہندسیہ، نہ تنہا تجربہ ومشاہدہ پر، بلکہ سب کو جمع کیا اور بتوفیق الٰہی اپنی ذہنی جدتوں سے بہت کچھ کام لیا یہاں تک بفضلہ تعالٰی برہان وعیان کو مطابق کردیا، میرا نقشہ بفضلہ تعالٰی جزاف نہیں ہوتا جو ہیأت وہندسہ جانتا ہو وُہ اُسے براہین کے مطابق پائے گا اور جو نگاہ رکھتا ہو صبح صادق وکاذب کو دیکھ کر پہچان سکتا ہو وُہ اسے مشاہدہ سے موافق پائے گا، میرے نقشوں میں بریلی کی سی سحری وافطار میں پانچ پانچ منٹ کی احتیاط ہوتی ہے اور دوسرے شہروں کا تقریبی وقت بھی اُسی صحت کے ساتھ دیا جاتا ہے کہ کم وبیش چار پانچ منٹ احتیاطی رہیں۔ جو نقشہ میرے بتائے ہوئے وقت سے جتنا مخالف ہو یقین جانئے کہ وہ اتنا ہی غلط ہے اگرچہ کسی کا بنایا ہوا ہو، دو نقشے اگر صحیح باقاعدہ دیئے ہوں تو صرف اس قدر فرق کرسکتے ہیں کہ احتیاطی منٹ کسی نے دو ایک کم رکھے کسی نے زائد، یا ایک منٹ کی تحتانی کسروں میں کسی نے زیادہ تعمق کیا کسی نے بے ضرورت سمجھ کر مسامحت سے کام لیا وبس۔ اب آپ خود دیکھ سکتے ہیں کہ

ان مولوی صاحب کے نقشے میں کتنا فرق ہے، شاہجہان پور، بریلی، بدایوں، پیلی بھیت، دہلی، رامپور، لکھنؤ، مرادآباد کے وقت یہاں اور شاہجہان پور والے دونوں نقشوں میں دئے ہیں ان میں ہر شہر کے لیے سحری کے اوقات میں بیس بائیس منٹ تک کا فرق ہے اور دہلی کے لیے تو ۲۸ منٹ تک ہے کہ دو منٹ کم آدھا گھنٹا ہوا مگر پیلی بھیت کے لیے اللہ اعلم کس وجہ سے اس قدر ترقی واقع ہوئی کہ ابتدا میں وقت ٹھیک آیا اور آخر ماہ میں بڑھتے بڑھتے احتیاطی منٹ کا بھی اصلاً نشان نہ رہا کنارے ہی پر آلگا بلکہ تدقیق کی جائے تو عجب نہیں کہ کچھ حصہ صبح کا آجائے۔ بات یہ ہے کہ مولوی صاحب نے شاہجہانپور کے وقت بطورِ خود تجویز کرکے باقی شہروں کے لیے صرف اُن کا تفاوت طول جو اُن کے خیال میں تھا گھٹا بڑھا لیا حالانکہ تبدلِ اوقات میں بڑا حصہ تفاوت عرض کا ہے دو شہروں میں تفاوت طول اصلاً نہ ہو صرف اختلاف عرض سے طلوع و غروب و صبح و عشا میں گھنٹوں کا فرق پڑجاتا ہے شاہجہان پور و پیلی بھیت میں اکیس منٹ کا تفاوت کسی طرح نہیں بنتا، یہی حال کلکتے کا ہے کہ اخیر کی تاریخوں میں کچھ ہی خفیف نام احتیاط کا رہ گیا ہے دو سال ہوئے کہ خاص کلکتے کے اوقات یہاں سے شائع ہوئے تھے ۱۲ نومبر سے ۲۸ تک تاریخیں اس سال بھی پڑی ہیں ان سے ملا کر دیکھ سکتے ہیں پرچہ مرسل ہے افطار کے اوقات میں اتنا زیادہ تفاوت نہیں مگر اس کا تھوڑا ابھی بہت ہے، مثلاً شاہجہانپور میں احتیاطی منٹ گھٹتے گھٹتے آخر میں صرف ایک ہی رہ گیا مگر دہلی پر آفت پوری ہے اول سے آخر تک غروب سے پہلے افطار لکھا ہے خصوصاً آخر میں تو پانچ منٹ پیش از غروب افطار ہوئی ہے، شاہجہانپور میں جس نے ۴ بج کر ۴ منٹ تک سحری کھائی اس کا روزہ یقیناً صحیح ہوا، وہ عورت روزہ توڑنے سے سخت گنہ گار ہوئی اس کا روزہ نہ ہونے کا حکم محض غلط تھا۔ ابوداؤد، دارمی ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من افتی بغیر علم کان اثمہ علی من افتاہ[1] جس نے بے علم فتوٰی دیا اس کا وبال فتوٰی دینے والے پر ہے۔ (ت)

اگر گھڑی صحیح تھی تو یقیناً پاؤ گھنٹے سے زیادہ وقت باقی تھا۔ مسلمانو! یہ دین ہے جس پر خدا کی دین ہے وُہ جانتا ہے کہ اس کا سیکھنا مجھ پر دَین ہے قواعد و براہین ہیأت و ہندسہ بالائے طاق سہی، وقت پہچاننا تو ہر مسلمان پر فرض عین ہے، افسوس کہ ہزاروں آدمی حتی کہ بہت ذی علم بھی صبح صادق و کاذب کی ٹھیک تمیز دیکھ کر نہیں بتا سکتے اور اس پر کتب ہیئت وغیرہ کی پریشان بیانیوں نے انھیں اور دھوکے میں ڈالا ہے، سچ

---

[1] سنن ابی داؤد باب التوقی فی الفتیا ای الفتوی آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۱۵۹

۵۷۰

سے فرمایا امام حجۃ الاسلام غزالی قدس سرہ العالی نے کہ ابتداء میں انسان کو ان دونوں صبح میں امتیاز مشکل ہوتا ہے بکثرت بار بار بغور مشاہدہ کرتا رہے تو بعنایت الٰہی دونوں صبحیں خوب نگاہ میں جچ جاتی ہیں کہ بنگاہِ اولیں دیکھ کر کہہ سکتا ہے کہ ابھی صبح صادق ہوئی یا نہ ہوئی، یہاں متعدد وجوہ سے لوگ اشتباہ میں ہیں اُن کا بیان کردینا ضرور ہے کہ مسلمان سمجھ لیں اور اغلاط سے بچیں۔

فاقول وباللہ التوفیق (پس میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ تعالٰی سے ہے۔ت) اولاً صبح کاذب کو حدیث میں مستطیل یعنی لمبی اور صادق کو مستطیر پھیلی ہوئی فرمایا ہے، ناواقف گمان کرتے ہیں کہ صبح کاذب کوئی ڈورے کی مثل باریک سفیدی ہے اور جہاں ذرا چوڑی سفیدی ہُوئی تو صبح صادق ہوگئی یہ محض غلط وہم ہے، رات کی چھائی ہوئی اندھیری میں باریک ڈورا کیا نظر آسکتا صبح کاذب بھی ضرور عرض رکھتی ہے اور نگاہ میں دو تین گز بلکہ اس سے زیادہ تک چوڑی ہوتی ہے بلکہ حدیث کی مراد وہ ہے جو خود حضور پُرنور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے دستِ اقدس کے اشارے سے تعلیم فرمائی کہ شرقاً غرباً جو سفیدی پھیلی ہوتی ہے وُہ صبح کاذب ہے اور دونوں دست مبارک کی کلمے کی انگلیاں ملا کر ہاتھ پھیلائے یعنی جنوباً شمالاً افق میں پھیلنے والی سپیدی پھیلی صبحِ صادق ہے۔

ثانیاً بعض کتب میں صبح کاذب کی وجہ تسمیہ یہ لکھی کہ یعقبہ ظلمۃ فالافق یکذبہ یعنی اس کے عقب میں ظلمت ہوتی ہے، یہ سپیدی تو کہہ رہی ہے صبح ہوگئی، افق اس کی تکذیب کرتی ہے لہٰذا اسے صبح کاذب کہتے ہیں۔ اس کے معنے علمائے زمانہ قریب نے یہ سمجھ لیے کہ صبح کاذب کی سپیدی جا کر اُس کے بعد اندھیرا ہوجاتا ہے پھر صبح صادق نکلتی ہے حالانکہ یہ محض باطل ہے، صبح کاذب کی سپیدی جہاں شروع ہوتی ہے وُہ اخیر تک بڑھتی ہی جاتی ہے ہرگز غروبِ آفتاب تک وہاں تاریکی نہیں آتی بلکہ اس کے معنٰی یہ ہیں کہ صبح کاذب کی سپیدی افق سے بہت اونچی ظاہر ہوتی ہے اور اس کے عقب میں اس کے پیچھے یعنی افق میں اس کے نیچے بالکل اندھیرا ہوتا ہے، جب صبح صادق پھیلتی ہے یہ تاریکی بھی روشنی سے بدل جاتی ہے۔

ثالثاً بعض کتب ہیئت اور ان کے اتباع سے بعض کتب فقہ مثل ردالمحتار میں لکھ دیا کہ جب آفتاب افق سے ۱۵ درجے نیچے رہتا ہے اس وقت صبح صادق ہوتی ہے، اور صبح کاذب اس سے صرف تین درجے پہلے، یعنی ۱۸ درجے کے انحطاط پر ہوتی ہے [illegible] ہزاروں بار [illegible] یہ صحیح تحقیق عاجز [illegible] ہے بلکہ جب آفتاب کا انحطاط قریب ۱۸ درجے کے رہ جاتا ہے اس وقت یقیناً صبح صادق ہوجاتی ہے، صبح کاذب اس سے بہت درجوں پہلے ہوچکتی ہے، میں نے آج ہی رات کہ شب ہشتم ماہ مبارک ہے بچشم خود معائنہ کیا کہ آفتاب ہنوز تینتیس درجے سے زیادہ افق سے نیچا تھا کہ صبح کاذب اپنی جھلک دکھا رہی تھی، صبح صادق ہونے کو ایک گھنٹے کامل سے بھی زیادہ وقت باقی تھا۔

ع۔ یعنی سعد اللہ صاحب رامپوری ۱۲

۵۷۱

رابعًا عوام صبح کا طلوع ہونا سُنتے ہیں تو اپنے زعم میں یہ گمان کرتے ہیں کہ افق یعنی زمین کے کنارہ سے یہ سپیدی اُٹھتی ہوتی جب بلندی پر آتی ہے تو ہمیں مکانوں میں یا چھت پر دکھائی دیتی ہے جیسے آفتاب وغیرہ ستارے کہ شہر میں اپنے طلوع سے دیر کے بعد نظر آتے ہیں اس بنا پر وہ صبح ہوتی دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ بہت پہلے ہوچکی ہے جب تو اتنی بلندی آگئی ہے حالانکہ یہ بھی ان کا محض وہم ہے بلکہ یہ سفیدی افق سے بہت اونچی ہی ہماری نظروں میں پیدا ہوتی ہے۔ فرض کیجئے کہ آدمی جنگل بلکہ سمندر میں ہو کہ نگاہ کے سامنے درخت، غبار، ابر وغیرہ کوئی شے اصلاً حائل نہ ہو تو وہاں بھی یہ بیاض افق سے بہت اوپر ہی حادث ہوگی اور اس کے نیچے تمام کنارۂ آسمان تاریک ہوگا، اسی کو تو یعقبہ ظلمۃ (اس عقب میں ظلمت ہوتی ہے) کہا گیا، اپنی ہی سمجھ کے قابل یوں سمجھیں کہ نظر واقع ضرور ہے کہ آفتاب کی کرنیں پہلے اُس حصّے میں سپیدی لاتی ہوں گی جو کنارۂ زمین کے متصل ہے مگر وہ نہ کبھی محسوس ہوتی نہ ہو، افق میں بخارات کا ازدحام اور خطوط نظر کا صدہا مِیل بخار وغیرہ کثافات کو طے کرکے اُفق تک جانا، آفتاب کی دھوپ جیسی روشن چیز کو کتنا میلا کرکے دکھاتا ہے کہ سپیدی کی جگہ سرخی معلوم ہوتی ہے اور تیزی نام کو نہیں ہوتی پھر یہ خفیف ضعیف سپیدی کیا اس قابل ہے کہ افق میں نظر آسکے جو صاف بھی کم ہے اور نظر سے دُور بھی بہت ہے یہ تو ہمیشہ اوپر ہی چمکے گی جہاں نظر سے قُرب بھی ہے اور جگہ بہ نسبت افق صاف تر ہے۔

خامسًا بعض کتب میں واقع ہُوا کہ صبح رات کا ساتواں حصّہ ہے، اسے لوگ ہر موسم میں و ہر مقام کے لیے عام سمجھ لیے، حالانکہ جن عالم نے ایسا فرمایا وہ اُس موسم اور اُس عرض بلد کے لیے خاص تھا ورنہ یقینًا صبح ہمارے بلاد میں رات کے چھٹے حصّے سے دسویں حصے تک ہوتی ہے جس کی مفصل جدول فقیر نے اپنے فتاوٰی میں لکھی ہے اس ماہِ مبارک میں بھی صبح رات کے نویں حصے سے دسویں حصّے تک ہے، جو لوگ ساتواں حصہ لگائیں گے وُہ آپ ہی رات کو دن بنائیں گے، اب ہم بتوفیق اللہ تعالٰی صبح کاذب کے شروع سے صبح صادق کے انتشار تک جو صُورتیں اس سپیدی کی پیش آتی ہیں اُن کا واضح بیان کرتے ہیں جو آج تک کسی کتاب میں نہ لکھا گیا جو ہمارا برسوں کا مشاہدہ ہے اور جسے بغور سمجھ لینے والا ان شاء اللہ تعالٰی بہت جلد صبح کاذب و صادق میں امتیاز کا ملکہ پیدا کرسکتا ہے:

(۱) اُفق سے کئی نیزے بلندی پر جانبِ مشرق آج جہاں سے آفتاب نکلنے کو ہے اُس کی سیدھ میں یعنی دائرہ منطقۃ البروج کی سطح کرۂ بخار پر رات کی اندھیری میں ایک خفیف سپیدی کا دھبّہ پیدا ہوتا ہے جسے چاروں طرف سے رات کی اندھیری گھیرے ہوئے ہے اس انداز پر یہ صبح کاذب کی بنیاد پڑتی ہے۔

(۲) جُوں جُوں آفتاب افق کے نزدیک آتا جاتا ہے یہ سپیدی ترقی کرتی ہے مگر ترقی معکوس یعنی اوپر سے

نیچے کو بڑھتی جاتی ہے، پہلے افق سے بہت اُونچی جھکی تھی اور نیچے دُور تک اندھیرا تھا اب وُہ اونچی سپیدی تو اپنی جگہ رہتی ہے اور اس کے نیچے سپیدی اور اس میں ملتی جاتی ہے یہاں تک کہ شدہ شدہ افق کے قریب تک آنے کو ہوتی ہے مگر ان سب حالتوں میں وُہ ایک طولانی ستون کی حالت میں ہوتی ہے گویا ایک سفید چادر اوپر سے نیچے لٹکائی گئی ہے کہ اسی کی حد تک سپیدی ہے اور آس پاس بالکل اندھیرا ان شکلوں پر

(۳) ان تمام اشکال کے بعد اس عمود کے حصہ زیریں کے دونوں پہلوؤں پر نہایت تھوڑی دُور تک ایک خفیف بھوراپن خاکستری رنگ پیدا ہوتا ہے کہ کبھی تمیز میں آتا ہے اور معاً نگاہ کے نیچے سے نکل جاتا ہے اس طرز پر اب یہ وہ وقت کہ صبح صادق اپنے رُخِ روشن سے نقاب اُٹھایا چاہتی ہے مگر ہنوز صبح نہیں کہ اُس کے لیے تبیّن شرط ہے اور یہ متبیّن نہیں،

قال اللہ تعالٰی حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر[1]

اللہ تعالٰی کا ارشاد گرامی ہے: یہاں تک کہ تمہارے لئے ظاہر ہوجائے سفیدی کا ڈورا سیاہی کے ڈورے سے پو پھٹ کر۔ (ت)

ان تمام حالتوں تک صبح کاذب ہی ہے اور نمازِ عشاء اور سحری کھانے کا وقت بالاتفاق باقی ہے۔

(۴) اس کے بعد وہ دونوں پہلو سپید ہوجاتے ہیں اگرچہ ان کی سپیدی مائل بہ تیرگی ہوتی ہے اور جنوباً شمالاً اس کا عرض بہت خفیف ہوتا ہے، اس وضع پر یہ ابتدائے صبح ہے اور اس وقت میں ہمارے مشائخ کرام کو اختلاف ہے، بعض نے اُسے صبح قرار دیا اور یہی احوط ہے، اور بعض نے بلحاظ شرطِ استطارہ وانتشار اسے بھی صبح کاذب کے حکم میں رکھا اور یہی اوسع ہے۔ ان جمیع حالتوں میں عمود کے تمام بالائی حصے کے آس پاس نِری سیاہی ہوتی ہے۔

(۵) اس کے بعد دونوں پہلوؤں کی یہ سپیدی آناً فاناً جنوباً شمالاً پھیلنا شروع ہوتی ہے اور ایک خفیف دیر میں پھیل جاتی ہے۔ اس طرز پر یہ یقینی اجماعی صبح صادق ہے اور ہنوز وہ عمود بدستور باقی، اور اس کے تین طرف سیاہی ہوتی ہے مگر یہ سچی سپیدی جیسی جیسی جنوب شمال میں پھیلتی ہے ساتھ ہی نیچے سے اوپر چڑھتی جاتی ہے برعکس سپیدی کاذب کے کہ اوپر سے نیچے بڑھتی آتی تھی یہاں تک کہ اب وُہ عمود سپید رفتہ رفتہ اس منتشر سپیدی میں گم ہوتے ہوتے فنا ہوجاتا ہے یعنی اُس کے اطراف کی

[1] القرآن ۲/ ۱۸۷

Index

۵۷۳

ساری سیاہی کو سپیدی گھیر لیتی ہے اور اب اس عمود کی صورت متمیز نہیں رہتی ان صورتوں پر

مثال ۵　۲ مثال ۵　۳ مثال ۵

(۶) اب یہ سپیدی جس طرح آسمان پر بڑھی زمین کی جانب بھی متوجہ ہوتی اور صحن و بام کو روشن کر دیتی ہے یہ وقت اسفار ہے کہ نماز صبح کا مستحب وقت ہے اور اس سے پہلے اندھیرے میں پڑھنی خلافِ مستحب۔

(۷) جب آفتاب اور زیادہ قریبِ افق آتا ہے یہ سپیدی سُرخی لاتی ہے پھر سنہراپن پھر چمکدار سپیدی اُس کے متصل طلوعِ آفتاب ہے، پانچویں شکل جو اجماعی صبح ہے اسے جانے دیجئے، تو چوتھی شکل بھی اس رمضان مبارک اور اس سے پہلے کے متعدد رمضانوں میں بریلی و شاہجہانپور میں تیسری شب کی صبح اُن گھڑیوں سے بھی جو پارسال تک حال کی گھڑیوں سے ۷ منٹ کم تھیں کبھی کسی دن ٹھیک پانچ بجے بھی نہ ہوتی اور اخیر تاریخوں میں جو چاہے آزما کر دیکھ لے، سوا پانچ بجے تک بھی ہرگز نہ ہوگی تو چار بج کر ۲۰ منٹ پر روزہ نہ ہونے کا حکم کیونکر صحیح ہو سکتا ہے۔ تمیز کے لیے ایک اور پہچان گزارش کروں آسمان پر چند کواکب سے ایک شکل حرف کاف بنتی ہے اس وضع پر ... یہ کاف آج کل پچھلی رات کو طالع ہوتا ہے اس سے ایک نیزے کے فاصلے پر ان دنوں بڑا روشن ستارہ زہرہ ہے بریلی میں صبح کاذب کا عمود آج کل اس کاف کے الف یعنی حصہ وسطانی کے گرد ہوتا ہے اور زہرہ تک پھیلتا ہے پھر زہرہ کے دونوں پہلوؤں سے جنوب و شمال کو صبح صادق تجلی کرتی ہے اس شکل پر،



اوقات کے متعلق بیان سے فراغ ہوا۔

رہے مسائل مذکورہ اشتہار، ان میں بھی سخت اغلاط بشدت ہیں، مثلاً:

اول ہلالِ رمضان بحالِ ابر و غبار ایک ثقہ کی گواہی شرط کرنی اس مذہب معتمد و ظاہر الروایۃ مصححہ کے خلاف ہے کہ اجلہ ائمہ مثل امام شمس الائمہ حلوانی و امام برہان الدین فرغانی و امام بزازی وغیرہم نے جس کی تصحیح فرمائی اور نظر بحالِ زمانہ اس پر اعتماد واجب ہے کہ یہاں شہادت مستور بھی مقبول ہے یعنی جس کا فسق معلوم نہیں اور اس کا ظاہر حال صلاح ہے محرر مذہب امام محمد رضی اللہ تعالٰی عنہ نے تصریح فرمائی کہ ہلالِ رمضان میں ثقہ و غیر ثقہ دونوں کی شہادت مقبول ہے غیر ثقہ سے وہی مستور مراد جس کی عدالت باطنی مجہول ہے آج کل ثقہ کی کمیابی ظاہر ہے تو اس ظاہر الروایۃ

۵۷۴

مصحح بالتصریح سے عدول صریح جہل نامقبول، کافی امام حاکم شہید میں ہے:

تقبل شہادۃ المسلم والمسلمۃ عدلا کان الشاھد او غیر عدل[1]

مسلمان مرد اور عورت کی شہادت مقبول ہوگی خواہ شاہد عادل ہو یا نہ ہو۔ (ت)

درمختار میں ہے، صححہ البزازی[2] (اس کو بزازی نے صحیح قرار دیا ہے۔ ت) فتح القدیر میں ہے:

وبہ اخذ الحلوانی[3] (اسے حلوانی نے اختیار کیا ہے۔ ت) ردالمحتار میں ہے:

وکذا صححہ فی المعراج والتجنیس ومشی علیہ فی نورالایضاح وانہ ظاھر الروایۃ ایضا فالحاکم الشہید فی الکافی جمع کلام محمد فی کتبہ التی ھی ظاھر الروایۃ والمراد بغیر العدل المستور[4] ملخصاً

معراج اور تجنیس میں اسے صحیح کہا، نورالایضاح نے بھی اسی کو اختیار کیا، اور ظاہر روایت بھی یہی ہے تو حاکم شہید نے الکافی میں امام محمد کا وہ کلام جمع کیا ہے جو ان کی کتب میں مذکور ہے اور یہی ظاہر الروایۃ ہے اور غیر عادل سے مراد مستور الحال ہونا ہے (ت)

درء القبح عن درك وقت الصبح
۱۳۲۶ھ

(صبح صادق کو سمجھنے میں کوتاہی کا ازالہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما

مسئلہ ۲۶۳ از بازار لال کرتی کیمپ میرٹھ مرسلہ شیخ محمد احسان الحق حنفی قادری ۱۴ رمضان ۱۳۲۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مبین ومفتیانِ شرع متین اس باب میں کہ شریعت میں صبح صادق کا کوئی کلیہ قاعدہ ہے جس کے ذریعہ سے معلوم ہوجایا کرے کہ صبح صادق فلاں وقت ہوتی ہے، اور آنکھوں سے دیکھنے کی کچھ ضرورت نہ ہے یا کوئی حساب اور کلیہ قاعدہ نہیں ہے بلکہ آنکھوں سے دیکھنے ہی پر منحصر ہے، اگر قاعدہ کلیہ نہیں ہے تو مفتاح الصلوٰۃ میں جو بحوالہ خزانۃ الروایات لکھا ہے کہ رات کا ساتواں حصہ فجر ہوتا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب

شریعتِ مطہرہ محمدیہ علٰی صاحبہا افضل الصلوٰۃ والتحیۃ نے نماز و روزہ و حج و زکوٰۃ و عدّت وفات طلاق و مدتِ حمل و ایلا و تاجیل عنین و منتہائے حیض و نفاس وغیر ذٰلک امور کے لیے یہ اوقات مقرر فرمائے

۶۱۸

یعنی طلوعِ صبح وشمس وغروبِ شمس وشفق ونصفُ النہار ومثلین وروز وماہ وسال ان سب کے ادراک کا مدار رؤیت پر مشاہدہ پر ہے ان میں کوئی ایسا نہیں جو بغیر مشاہدہ مجرد کسی حساب یا قانونِ عقلی سے مدرک ہو جاتا، ہاں رؤیت ومشاہدہ ان سب کے ادراک کا سبب کافی ہے اور یہی اس شریعت عامہ تامہ شاملہ کاملہ کے لائق شان تھا کہ تمام جہان کے لیے اُتری اور اُن میں اکثر وہ ہیں کہ دقائق محاسبات ہیئات وزیج کی تکلیف انھیں نہیں دی جاسکتی۔ انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب[1] (ہم اُمّی اُمت ہیں نہ لکھتے ہیں اور نہ حساب کرتے ہیں۔ت) فرماکر اپنے تمام غلاموں کے لیے ایک آسان اور واضح راستہ کھول دیا اور ان تمام اوقات کے لیے حکیم رحیم عزجلالہ نے دو کھلی نشانیاں مقرر فرمادیں چاند اور سورج جن کے اختلافِ احوال پر نظر کرکے خواص وعوام سب اوقات مطلوبہ شرعیہ کا ادراک کرسکیں،

کما قال تعالٰی وجعلنا الیل و النھار ایتین فمحونا ایۃ الیل وجعلنا ایۃ النھار مبصرۃ لتبتغوا فضلا من ربکم ولتعلموا عدد السنین و الحساب وکل شیئ فصلنٰہ تفصیلا[2]۔ وقال تعالٰی یسئلونک عن الاھلۃ قل ھی مواقیت للناس والحج[3]۔ وقال تعالٰی کلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر ثم اتموا الصیام الی الیل[4]، وقال صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ[5]

جیسا کہ اللہ تعالٰی نے فرمایا اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا تو رات کی نشانی مٹی ہوئی رکھی اور دن کی نشانیاں دکھانے والی کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور برسوں کی گنتی اور حساب جانو اور ہم نے ہر چیز خوب جُدا جُدا ظاہر فرمادی۔ اور اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے: تم سے چاند کو پُوچھتے ہیں تم فرمادو وہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں اور حج کے لیے۔ اور اللہ تعالٰی کا یہ ارشاد: کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تمھارے لیے ظاہر ہوجائے سفیدی کا ڈورا سیاہی کے ڈورے سے پو پھٹ کر، پھر رات آنے تک روزے پورے کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ارشاد اقدس ہے: تم چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر روزہ چھوڑو۔(ت)

پھر ان میں بعض تو وہ ہیں جن کا مدار صرف رؤیت پر ہی رہا وہ ہلال ہے کہ ان اللہ امدہ

---

[1] سنن ابی داؤد کتاب الصیام آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۳۱۷
[2] القرآن ۱۷/ ۱۲
[3] القرآن ۲/ ۱۸۹
[4] القرآن ۲/ ۱۸۷
[5] صحیح بخاری کتاب الصوم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۲۵۶

۶۱۹

لرؤیتہ[1] (بیشک اللہ تعالٰی نے چاند کا مدار رؤیۃ پر رکھا ہے۔ ت) اس کے ظہور وخفاء کے وہ اسباب کثیرہ نامنضبط ہیں جن کے لیے آج تک کوئی قاعدہ منضبط نہ ہوسکا۔ ولہذا بطلیموس نے مجسطی میں باآنکہ متحیرہ خمسہ وکواکب ثوابت کے ظہور وخفا کے لیے باب وضع کیے مگر رؤیت ہلال سے اصلاً بحث نہ کی، وہ جانتا تھا کہ یہ قابو کی چیز نہیں، اس کام میں کوئی ضابطہ کلیہ نہیں دے سکتا، بعد کے لوگوں نے اپنے تجارب کی بناء پر اگرچہ بلحاظ درجہ ارتفاع یا بعد سوا یا بعد معدل وقوس تعدیل الغروب وغیرذلک کچھ باتیں بیان کیں مگر وہ خود ان میں بشدت مختلف ہیں اور باوصف اختلاف کوئی اپنے قرارداد پر جازم بھی نہیں جیسا کہ واقفِ فن پر ظاہر ہے اسی لیے اہلِ ہیئت جدیدہ باآنکہ محض فضول باتوں میں نہایت تدقیق وتعمق کرتے ہیں اور سالانہ المنک میں ہر روز کے لیے قمر کے ایک ایک گھنٹہ کا میل ومطالع قمر اور ہر مہینہ میں آفتاب کے ساتھ اس کے جملہ انظار اجتماع واستقبال و تربیع ایمن والیسر کے وقت دیتے ہیں اور ہر ہر تاریخ پر متحیرات وثوابت کے ساتھ اس کے قرانات بیان کرتے ہیں مگر رؤیت ہلال کا وقت نہیں دیتے وہ بھی سمجھے ہوئے ہیں کہ یہ ہمارے بوتے کا نہیں ولہذا ہمارے علماء نے تصریح فرمائی کہ اس بارہ میں قولِ اہلِ توقیت پر نظر نہ ہوگی، درمختار میں وہبانیہ سے ہے: وقول اولی التوقیت لیس بموجب[2] (اہلِ توقیت کا قول سببِ وجوب نہیں بن سکتا۔ ت) اور باقی وُہ ہیں کہ اگرچہ اُن کا اصل مدار رؤیت پر تھا مگر رؤیت ہی کے تکرر سے تجربہ نے اُن کے بارے میں ضوابط کلیہ دیئے جن کا ادراک بے رؤیت نہ ہوسکتا تھا مگر بعد ادراک وُہ قاعدہ مقرر ہوکر وقت کو قوانین علم ہیأت وزیج کے ضابطہ میں لے آنا میسّر ہُوا جس کے سبب ہم پیش از وقت حکم لگا سکتے ہیں کہ فلاں وقت مطلوب شرعی فلاں گھنٹے منٹ سیکنڈ پر واقع ہوگا۔ واقف فن کا وہ حکم لگایا ہُوا کبھی خطا نہ کرے گا کہ آخر مدار کار شمس وقمر کی چال پر ہے اور اُن کی چال عزیز علیم نے ایک حساب مضبوط پر منضبط فرمائی ہے۔

قال تعالٰی الشمس والقمر بحسبان[3] ○ و قال تعالٰی ذٰلک تقدیر العزیز العلیم[4]۔

ارشاد باری تعالٰی ہے: سورج اور چاند حساب سے ہیں۔ اور ارشاد ربانی ہے: یہ حکم ہے زبردست علم والے کا۔ (ت)

---

[1] سنن الدارقطنی کتاب الصیام حدیث ۲۶ نشر السنۃ ملتان ۲/ ۱۶۲

[2] درمختار کتاب الصوم مجتبائی دہلی ۱/ ۱۴۸

[3] القرآن ۵۵/ ۵

[4] القرآن ۳۶/ ۳۸

توحساب تو قطعی تھا ہی، جتنی بات کی طرف اسے راہ نہ تھی وہ مکرر رؤیت نے براہِ تجربہ بتا دی اور اب تجربہ وحساب دو قطعیوں سے مل کر حکم قطعی ہمارے ہاتھ آگیا مثلاً طلوع وغروب اگر نجومی مراد ہوتے یعنی مرکز شمس کا افق حقیقی پر طرفین شرق وغرب میں انطباق کہ اُن کے جاننے کے لیے رؤیت کی کچھ حاجت نہ تھی، شہر کا عرض اور جزرِ شمس کا میل ہونا ہی اُن کا وقت بتانے کے لیے کافی ووافی ہوتا جس کے ذریعہ سے ہم ہر عرض کے لیے جداول تعدیل النہار تیار کرلیتے ہیں مگر شرع مطہر میں اس طلوع وغروب کا کچھ اعتبار نہیں، طلوع وغروب عرفی درکار ہے یعنی جانبِ شرق آفتاب کی کرن چمکنا یا جانبِ غرب کل قرص آفتاب نظر سے غائب ہوجانا اس میں بھی اگر صرف نصف قطر آفتاب کا قدم درمیان ہوتا تو دقت نہ تھی، مرکز عالم سے آفتاب کا ہر جزو مرکز شمسی پر بعد دریافت کرکے ہر روز کے نصف قطر کی مقدار دریافت کرسکتے تھے جس کی جدول المنک میں دی ہُوئی ہوتی ہے مگر بالائے زمین ۴۵ میل سے ۵۲ میل تک علی الاختلاف بخارات ہواء غلیظ کا محیط ہونا اور شعاع بصر کا پہلے اس ملاء غلیظ پھر اُس کے بعد ملاء صافی میں گزر کر افق میں پہنچنا حکیم عزوجل کے حکم سے اشعہ بصریہ کے لیے موجبِ انکسار ہُوا جس کے سبب آفتاب یا کوئی کوکب قبل اس کے کہ جانبِ شرق افق حقیقی پر آئے ہمیں نظر آنے لگتا ہے اور جانبِ غرب باآنکہ افق حقیقی پر اس کا کوئی کنارہ باقی نہیں رہتا، دیر تک ہمیں نظر آتا رہتا ہے، یہ انکسار ہی وُہ چیز ہے جس نے صدہا موقتین کو پیچ وتاب میں رکھا اور طلوع وغروب کا حساب ٹھیک نہ ہونے دیا اور یہی وُہ بھاری پیچ ہے جس سے آجکل عام جنتری والوں کے طلوع وغروب غلط ہوتے ہیں اس انکسار کی مقدارِ مدت دریافت کرنے کو عقل کے پاس کوئی قاعدہ نہ تھا جس سے وُہ محتاجِ رؤیت نہ رہتی، ہاں سالہا سال کے مکرر مشاہدہ نے ثابت کیا کہ اس کی مقدار اوسطاً ۳۳ دقیقہ فلکیہ ہے، اب ضابطہ ہمارے ہاتھ آگیا کہ ان ۳۳ دقیقوں سے اختلاف منظر کے ۹ ثانیہ منہا کرکے باقی پر اس کا نصف قطر شمس زائد کریں، یہ مقدار انحطاط شمس ہوگی یعنی طلوع یا غروب کے وقت آفتاب اُفق حقیقی کے اتنے دقیقے نیچے ہوگا، جب قدر انحطاط معلوم ہولی تو دائرۂ ارتفاع کے اجزاء سے وقت وطالع معلوم کرنے کے قاعدوں نے جو علم ہیأت وزیج میں دیے ہُوئے ہیں راہ پائی اور یہی حکم لگانا آسان ہوگیا کہ فلاں شہر میں فلاں دن اتنے گھنٹے منٹ سکنڈ پر آفتاب طلوع کرے گا اور اتنے پر غروب معمول سے زیادہ ہوا میں رطوبت یا کثافت اگرچہ انکسار میں کچھ کمی بیشی لاتی ہے جس کا ادراک تھرمامیٹر اور بیرومیٹر سے ممکن، اور وُہ قبل از وقوع نہیں ہوسکتا، مگر یہ تفاوت معتدبہ نہیں جس سے عام احکام مطلوبہ شرعیہ میں کوئی فرق پڑے یُونہی مثلین وسایہ کا ادراک بھی حساب سے بہت آسان تھا کہ عرض بلد ومیل شمس سے اس کا غایۃ الارتفاع پھر جدول سے اتنے ارتفاع کا ظل اصلی معلوم کرکے

اُس پر ایک یا دو مثل بڑھا کر اتنے ظل کے لیے ارتفاع اور اس ارتفاع کے لیے وقت معلوم کرلیجئے مگر یہاں بھی اُسی انکسار کا قدم درمیان ہے کہ کوکب جب تک ٹھیک سمت الراس پر نہ ہو انکسار کے پنجے سے نہیں چھوٹ سکتا مگر رؤیت نے انکسار افقی کلی بتایا اور تناسب سے انکسارات جزئیہ مدرک ہوئے جن کی جدول فقیر نے اپنی تحریراتِ ہندسیہ میں دی ہے اس کے ملاحظہ سے پھر انھیں قوانین نے راہ پائی، اور ہر روز کے لیے وقت عصر پیش از وقوع ہمیں بتانا آسان ہوا۔ طلوع و غروب شفق کو تو انکسار سے بھی علاقہ نہ تھا کہ اس وقت آفتاب پیشِ نگاہ ہوتا ہی نہیں کہ بصر کی شعاعوں کا انکسار لیا جائے وہاں سرے سے عقل کو اس ادراک کی راہ نہ تھی کہ آفتاب افق سے کتنا نیچا ہوگا کہ صبح طلوع کرے گی یا کتنا نیچا جائے کہ شفق ڈوب جائے گی تو پھر رؤیت ہی کی احتیاج پڑی اور رصد ہا سال کے تکرر مشاہدہ نے ثابت کیا کہ آفتاب ان دونوں وقت تقریبًا اٹھارہ درجے نیچے ہوتا ہے، یہ وہ علم ہے جو اکثر ہیأت دانوں پر مخفی رہا، رجمًا بالغیب باتیں اڑا کیے، صبح کاذب کے وقت انحطاط شمس میں مختلف ہوئے، کسی نے سترہ درجہ کہا کسی نے اٹھارہ، کسی نے انیس بتائے۔ اور مشہور اٹھارہ ہے، اور اسی پر شرح چغمینی نے مشی کی، اور صبح صادق کے لیے بعض نے پندرہ درجہ بتائے ہیں۔ اسے علامہ برجندی نے حاشیہ چغمینی میں بلفظ قد قیل نقل کیا اور مقرر رکھا، اور اسی نے علامہ خلیل کاملی کو دھوکا دیا کہ دونوں صبحوں میں صرف تین درجہ کا فاصلہ بتایا جسے ردالمحتار میں نقل کیا اور معتمد رکھا، حالانکہ یہ سب ہوسات بے معنی ہیں، شرع مطہر نے اس باب میں کچھ ارشاد فرمایا ہی نہیں، اس نے تو صبح کی صورتیں تعلیم فرمائی ہیں کہ صبح کاذب شرقًا غربًا مستطیل ہوتی ہے اور صبح صادق جنوبًا شمالًا مستطیر، اور ہم اوپر کہہ آئے کہ مقدار انحطاط جاننے کی طرف کسی برہان عقلی کو راہ نہیں صرف مدار رؤیت پر ہے، اور رؤیت شاہد عدل ہے کہ صبح کاذب کے وقت ۱۷ یا ۱۸ یا ۱۹ درجے اور صادق کے وقت ۱۵ درجے انحطاط ہونا اور صادق و کاذب میں صرف تین درجے کا تفاوت ہونا سب محض باطل ہے بلکہ ۱۸ درجہ انحطاط پر صبح صادق ہوجاتی ہے اور اس سے بہت درجے پہلے صبح کاذب، فقیر نے بچشم خود مشاہدہ کیا کہ محاسبات علم ہیأت سے آفتاب ہنوز ۳۳ درجے اُفق سے نیچا تھا اور صبح کاذب خوب روشن تھی، صبح صادق کے سالہا سال سے فقیر کا ذاتی تجربہ ہے کہ اس کی ابتدا کے وقت ہمیشہ ہر موسم میں آفتاب ۱۸ ہی درجہ زیر اُفق پایا ہے، اور صبح کاذب کے لیے جس سے کوئی حکم شرعی متعلق نہ تھا اب تک اہتمام کا موقع نہ ملا، ہاں اتنا اپنے مشاہدہ سے یقینًا معلوم ہوا کہ اس میں اور صبح صادق میں ۱۵ درجے سے بھی زائد فاصلہ ہے نہ کہ ۳ درجہ، لاجرم برہان شرح مواہب الرحمٰن پھر شرنبلالیہ علی الدرر پھر ابو السعود علی الکنز وغیرہا میں ہے:

البیاض لایذھب الا قریبا من ثلث اللیل[1]

سفیدی، تہائی رات کے قریب ختم ہوجاتی ہے۔ (ت)

یہ وہی سپیدی مستطیل ہے جسے وُہ اپنے ملک میں ہمیشہ تہائی رات کے قریب تک رہتی فرماتے ہیں کما دل علیہ الحصر (جیسا کہ حصر کا لفظ اس پر دال ہے ت) اور ظاہر ہے کہ اُن بلاد میں رات ۱۴ گھنٹے اور اس سے بھی کچھ زائد تک پہنچتی ہے جس کی تہائی تقریباً پونے پانچ گھنٹے اور بحکم مقابلہ قطعاً معلوم ہے کہ ادھر جتنے حصہ شب تک یہ سپیدی رہے گی اُدھر اُتنا ہی حصہ شب کا باقی رہے گا ———— تو اس بیان پر لیالی شتا میں صبح کاذب کی مقدار وہاں پونے پانچ گھنٹے ہُوئی، اور معلوم ہے کہ وہاں صبح صادق کی مقدار پونے دو گھنٹے سے زائد نہیں، تو صبح صادق و کاذب میں تین گھنٹے تک کا فاصلہ ثابت ہُوا نہ کہ صرف تین ہی درجے۔ مگر امام زیلعی نے تبیین الحقائق میں فرمایا:

روی عن الخلیل انہ قال رأیت البیاض بمکۃ شرفہا اللہ تعالٰی لیلۃ فما ذھب الا بعد نصف اللیل[2]

شیخ خلیل سے منقول ہے کہ میں نے مکّہ (اللہ تعالٰی اسے اور بزرگی عطا فرمائے) میں ایک رات سفیدی دیکھی تو وُہ نصف رات کے بعد ختم ہُوئی۔ (ت)

ظاہر ہے کہ مکہ معظمہ میں وہ سپیدی کہ آدھی رات تک رہی، اگر ہوسکتی ہے تو یہی سرطان کی بیاض دراز، ورنہ مکہ معظمہ میں اس کی صبح و شفق مستطیر ڈیڑھ گھنٹا بھی نہیں، تو خلیل بن احمد عروضی کی رؤیت و روایت اگر صحیح ہے اُس دن دونوں صبح میں تقریباً پانچ گھنٹے کا فاصلہ ہوگا یہ بہت بعید ضرور ہے مگر اُس قدر میں شک نہیں کہ تین درجے کا قول فاسد و مہجور ہے، اور یہیں سے ظاہر ہُوا کہ برہان کے اس بیان یا خلیل کی اس رؤیت کو در بارہ وقت مغرب مذہب امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ذریعہ تضعیف جاننا،

کما وقع عن الطرابلسی فی البرھان فعدل عن اتباع المحقق ابن الھمام مع شدۃ تاسیسہ بہ۔

جیسا کہ برہان میں طرابلسی سے ہے، انھوں نے باتباع محقق ابن الہمام یہاں سے عدول کرلیا حالانکہ وہ ان کی شدید اتباع کرتے ہیں (ت)

محض خطا ہے، امام کے نزدیک وقتِ مغرب شفق ابیض مستطیر تک ہے جو فجر صادق کی نظیر ہے، وُہ کبھی ان بلاد میں تہائی کیا چوتھائی رات تک بھی نہیں رہتی، اور یہ جو اس قدر دیرپا ہے بیاضِ دراز نظیر صبح کاذب ہے

---

[1] تنبیہ ذوی الاحکام حاشیۃ درر الحکام کتاب الصلٰوۃ احمد کامل دار سعادت بیروت ۱/ ۵۱

[2] تبیین الحقائق " مطبع کبرٰی امیریہ مصر ۱/ ۸۱

٦٢٣

کہ اُسی کی طرح احکامِ شرعیہ سے یکسر ساقط والی بعض ھذا او نحو منہ او ما اُلتبیین (اس کے بعض یا اس کے مثل کی طرف تبیین میں اشارہ ہے۔ت)

ثمّ اقول (پھر میں کہتا ہوں۔ت) صبح صادق کے لیے ۱۵ درجے انحطاط ہونے کا بطلان اور ۱۸ درجے انحطاط کی صحت اس واقعہ مشہورہ سے بھی ثابت ہے جو فتح القدیر و بحر الرائق و درمختار و عامۂ کتب معتبرہ میں مذکور کہ بلغار سے ہمارے مشائخ کرام کے حضور استفتاء آیا تھا کہ گرمیوں کی چھوٹی راتوں میں ان کو وقتِ عشاء نہیں ملتا آدھی رات تک شفق ابیض رہتی ہے اور وہ ابھی نہ ڈوبی کہ مشرق سے صبح صادق طلوع کر آئی، امام برہان کبیر نے حکم دیا کہ عشاء کی قضاء پڑھیں اور امام بقالی و امام شمس الائمہ حلوانی وغیرہما نے فرمایا اُن پر سے عشا ساقط ہے۔[1] بالجملہ اُن راتوں میں وہاں وقت عشا نہ پانا متفق علیہ ہے، اب اگر انحطاط صبح صادق ۱۵ درجے ہوتا تو سال کی سب سے چھوٹی رات یعنی شب تحویل سرطان میں بھی اُن کو وقت عشا ملتا ایک رات بھی فوت نہ ہوتا نہ کہ راتوں، اس پر دلیل سُنئے، بلغار کا عرض شمالی ساڑھے انچاس درجے ہے کما فی الزیج السمرقندی ثم الزیج الالوغ بیکی (جیسا کہ سمرقندی اور الوغ بیگی زیج میں ہے۔ت) اور میل کل یعنی راس السرطان کا میل اُس زمانے میں ۲۳ $\frac{1}{2}$ درجے سے کچھ زائد تھا کہ اس کی مقدار زمانہ رصد سمرقند میں جسے تقریباً پانسو برس[علہ] ہوئے مجل رکھی یعنی ۲۳ $\frac{1}{2}$ درجے سے ۱۷ ثانیہ زیادہ تو زمانہ امام شمس الائمہ حلوانی میں جسے پونے[علہ ۲] نوسو برس گزرے اور بھی زائد ہوگا اور طوسی کا رصد مراغہ لیجئے تو وُہ اپنے ہی زمانہ میں ۲۳ درجے ۳۵ دقیقے کا رہا ہے یعنی ۲۳ درجے ۳۵ دقیقے، خیر اس کی نہ سُنئے اُس پر تجربہ ہوا ہے کہ اعمال میں کچا ہے تو بلحاظ تناسب کہ اب الحمد الرابعی ۲۳ ۲۷ معہ کسر خفیف ہے اُس وقت کا میل الحمد لحم بالرفع رکھئے یعنی ۲۳ ۳۲ تو وہاں راس السرطان کی غایت انحطاط یعنی وقت بلوغ دائرہ نصف اللیل ۱۶ درجے ۵۷ دقیقے تھی یا تقریباً ۱۷ درجے کہئے اور انحطاط صبح ۱۵ درجے ہے تو قطعاً یہی انحطاط شفق ابیض ہے کہ جانبین سے تعادل و تناظر ہے اس تقدیر پر بعد غروب شمس جب تک افق سے آفتاب کا انحطاط بڑھتے بڑھتے ۱۵ درجے تک پہنچا امام اعظم کے مذہب میں وقت مغرب تھا پھر اس کے بعد جبکہ انحطاط اس سے ترقی کرکے آدھی رات کو ۱۷ درجے تک پہنچا پھر

علہ مبدء زیج سنہ ضمار رکھا ہے یعنی آٹھ سو اکتالیس ہجری۔

علہ ۲ وفات امام حدود ۴۵۰ ہجری ہیں ہے یعنی ۴۴۸ یا ۴۵۲ یا ۴۵۶ میں ۱۲ منہ۔

---

[1] درمختار کتاب الصلوٰۃ مجتبائی دہلی ۱/ ۶۰

۶۲۴

آدھی رات ڈھلے اُس سے کم ہوتا ہُوا پھر ۱۵ درجے رہا اُس وقت صبح ہُوئی اُس بیچ میں کہ تقریباً چار درجے انحطاط بدلا یقیناً اجماعاً وقتِ عشا تھا تو فوتِ عشا کیا معنے، اور اگر مقدارِ وقت جاننا چاہو تو

عرض شمالی ۲۹° ۳۰َ ـ میل شمالی ۲۳° ۳۳َ = ۲۵° ۵۷َ + بعد سمتی مفروض ۱۰۵ = ۱۳۰° ۵۷َ نصفہ ۶۵° ۲۸َ ۳۰ً جیبہ

۹۶۹۵۸۹۳۶۵ جیب اول و ۱۰۵ ـ نصف مذکور ۳۹° ۳۱َ ۳۰ً جیبہ

۹٫۶۸۰۳۷۴۰۳ جیب دوم

۰٫۶۱۸۷۴۵۵۶ قاطع عرض پس ۱۰ت ۳۴َ ۴۰ً شروع وقت عشا

۰٫۶۰۳۷۷۶۷۶ قاطع میل ۱ت ۱۶َ ۲۰ً شروع وقت صبح

۹۶۹۸۷۸۹۹۶

یعنی رات کے ۱۰ بج کر ۳۴ منٹ ۴۰ سکنڈ پر مغرب ختم ہوگیا اور ایک بج کر ۱۶ منٹ ۲۰ سکنڈ پر صبح شروع ہُوئی تو ۲½ گھنٹے سے زیادہ وقت عشا رہا اور جب اس رات میں جس کا غایۃ الانحطاط یعنی نہایت قلت میں ہے اتنا طویل وقت ملا تو گرمی کی اور راتوں میں کہ انحطاط اس سے بھی زائد ہے اور بھی زیادہ وقت ہاتھ آئے گا اور یہ متفق علیہ مسئلہ یقیناً غلط ہوجائے گا، ہاں جب صبح و شفق کا انحطاط ۱۸ درجے لیجئے تو ۲۹° ۳۰َ + ۱۸° = ۴۷° ۳۰َ باقی ۴۲° ۳۰َ یا تمام العرض ۶۰° ۳۰َ ـ غایت مفروضہ ۱۸° = ۴۲° ۳۰َ یعنی جس چیز کا میل شمالی ساڑھے بائیس درجے یا اس سے زائد ہوگا اُس میں ٹھیک آدھی رات کو انحطاط ۱۸ درجے یا اس سے بھی کم ہوگا جو ظہور بیاض کے لیے کافی ہے تو تمام رات میں ایک آن کو بھی اُفق مظلم ہو کر وقتِ عشاء نہ آئے گا اور اب یہ فقط راس السرطان ہی پر نہیں بلکہ ۱۴ درجے جوزا سے ۱۶ درجے سرطان تک یہی حال رہے گا جس کی مقدار ایک مہینہ تین دن بلکہ زائد ہوتی هكذا ينبغي التحقيق والله ولی التوفیق (تحقیق اسی طرح مناسب تھی، توفیق کا اللہ ہی مالک ہے۔ ت) اس تمام بیان سے تین باتیں واضح ہوئیں جن سے جواب سوال روشن ومبین:

(۱) اصل مدار رؤیت ہے شارع علیہ الصلٰوۃ والسلام نے اسباب میں کوئی ضابطہ وحساب ارشاد نہ فرمایا نہ عقل صرف مقدار انحطاط صبح بتاسکتی تھی۔

(۲) ہاں رؤیت نے وُہ تجارب صحیحہ دئے جن سے قاعدہ کلیہ ہاتھ آیا اور بے دیکھے وقت بتانا ممکن و میسر ہوا۔

(۳) ازانجا کہ یہاں جو قاعدہ ہوگا رؤیت ہی سے مستفاد ہوگا کہ شرع وعقل دونوں ساکت ہیں تو لاجرم

---

[1] یعنی دائرہ نصف النہار جانب سمت القدم ۱۲ منہ

۶۲۵

جو قاعدہ رؤیت یا اس کے دئے ہوئے قوانین کی مخالفت کرے خود باطل ہونا لازم کہ فرع جب تکذیب اصل کرے تو فرع با قرارِ خود کاذب ہے کہ اس کا پر مبتنی تھا، جب مبنی باطل یہ خود باطل، یہ قاعدہ کہ صبح رات کا ساتواں حصّہ ہوتی ہے انھیں قواعد باطلہ فاسدہ سے ہے کہ رؤیت و قوانین عطیہ رؤیت بالاتفاق اس کے بطلان پر شاہد عدل ہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۲۶۴: از پیلی بھیت قاضی محلہ مرسلہ قاضی ممتاز حسین صاحب ممتاز ۲۰ رمضان ۱۳۱۷ھ

طعامِ سحری کا جب وقت نہیں رہتا ہے تو درِ مسجد پر نقارہ بجایا جاتا ہے بعض کہتے ہیں کہ جائز ہے اور بعض کہتے ہیں ناجائز ہے، اس میں کیا حکم ہے؟

الجواب

سحری کا نقارہ اجازت یا ممانعت جس اصطلاح معروف پر مقرر کیا جائے اجازت ہے کہ کہیں ممانعت نہیں، درمنتقی شرح الملتقی میں ہے:

ینبغی ان یکون بوق الحمام یجوز کضرب النوبۃ[1] حمام کا توتا جائز ہونا چاہیئے جیسا کہ نقارہ جائز ہے (ت)

ردالمحتار میں ہے:

ینبغی ان یکون طبل السحر فی رمضان لایقاظ النائمین للسحور کبوق الحمام، تامل[2]۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ رمضان میں سحری کے وقت سونے والوں کو جگانے کے لیے طبل اسی طرح ہے جیسے حمام کے لیے توتا بجایا جاتا ہے، غور کیجئے۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

مسئلہ ۲۶۵: از کوہ الموڑہ رانی دھارہ مسئولہ حکیم مولوی خلیل اللہ خاں صاحب سلمہ، ۷ ماہ مبارک ۱۳۳۳ھ

سحر و افطار کے نقشے عطا ہوں صاحبزادہ نواب دولھا صاحب مانگتے ہیں، ایک دو منٹ کا تفاوت دیکھ لیا جائے گا۔

الجواب

نقشے بھیجتا ہوں، الموڑے اور بریلی میں اس ماہ مبارک میں سحری کا اوسط تفاوت منفی پانچ (- ۵) ہے یعنی اتنے منٹ وقتِ بریلی سے پہلے ختم ہے اور افطار کا اوسط مثبت ایک (+ ۱ ۱/۲) یعنی وقت بریلی سے

---

[1] درمنتقی علی حاشیۃ مجمع الانہر فصل فی المتفرقات من کتاب الکراہیۃ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۵۵۳

[2] ردالمحتار کتاب الحظر والاباحۃ مصطفی البابی مصر ۵/ ۲۴۷

سوا منٹ بعد۔ لیکن یہ حساب ہموار زمین کا ہے پہاڑ پر فرق پڑے گا، اور وہ فرق بتفاوتِ بلندی متفاوت ہوگا، اگر دو ہزار فٹ بلندی ہے تو غروب تقریباً چار منٹ بعد ہوگا، اور طلوع اُسی قدر پہلے، لہذا جب تک یہ نہ معلوم ہو کہ وہ جگہ کس قدر بلند ہے جواب نہیں دے سکتا۔ اگر کسی دن کے طلوع یا غروب کا وقت صحیح گھڑی سے دیکھ کر لکھو تو میں اس سے حساب کرلوں کہ وہ جگہ کتنی بلند ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۲۶۶ از سہاور ضلع ایٹہ مرسلہ سید فردوس علی صاحب ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۲۸ھ

بعد آداب و تمنائے قدمبوسی گزارش ہے کہ ۵ رمضان شریف یوم شنبہ مطابق ۱۰ استمبر کو افطار روزہ ایک مسجد میں ریلوے ٹائم سے پونے سات بجے روزہ افطار کیا جاتا تھا آپ مطلع فرمائیے کہ اُس روز ریلوے ٹائم سے کس قدر فرق ہے، زیادہ حدِ ادب فقط

الجواب

سہاور میں جس کا عرض شمالی ۲۷° ۴۸' اور طول شرقی ۷۸° ۵۳' ہے پنجم ماہ مبارک روز شنبہ مطابق ۱۰ استمبر ۱۹۱۰ء کو غروب آفتاب ریلوے صحیح وقت سے چھ بج کر سوا چھبیس منٹ پر ہوا تو وہ گھڑی جس کے ساڑھے چھ پر افطار کیا گیا اگر صحیح تھی روزہ بے تکلف ہوگیا کہ غروب کو پونے چار منٹ گزر چکے تھے اس سے پہلے جو پونے سات پر افطار کرتے تھے خلافِ سنت تھا افطار میں اتنی تاخیر مکروہ ہے ریلوے وقت سہاور کے اپنے وقت سے چودہ منٹ اٹھائیس سکنڈ تیز ہے واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۶۷ از الٰہ آباد صدر بازار محمد حشمت اللہ صاحب ۱۹ رمضان ۱۳۳۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص امام مسجد ہے اور سب لوگ روزہ اُس کی اذان سے افطار کرتے ہیں اور وہ دیر سے افطار کا حکم دیتا ہے یہاں تک کہ کئی مرتبہ آزمایا گیا ہے کہ تارا نکل آیا بلکہ اس کو تارا دکھا بھی دیا گیا پس پر بھی اس نے کہا کہ ابھی دو منٹ کی دیر ہے تو اس حالت میں کچھ روزہ میں نقص تو واقع نہیں ہوتا ہے؟ اگر کوئی واقع ہوتا ہے تو کیا کرنا چاہیے؟

الجواب

جب آفتاب تمام و کمال ڈوبنے پر یقین ہوجائے فوراً روزہ کی افطار سنت ہے، حدیث میں فرمایا:

لاتزال امتی بخیر ما عجلوا الفطر و اخروا السحور[1]۔ ہمیشہ میری اُمت خیر سے رہے گی جب تک افطار میں جلدی اور سحری میں دیر کریں۔

[1] مسند احمد بن حنبل روایات ابوذر دار الفکر بیروت ۵/۱۴۷

۶۲۷

مگر اتنی جلدی جائز نہیں کہ غروب مشکوک ہو اور افطار کرے یا سحری میں اتنی دیر لگائے کہ صبح کا شک پڑ جائے اور تارے کی سند نہیں بعض تارے دن سے چمک آتے ہیں، ہاں سیاروں کے سوا جو کواکب ہیں وہ اکثر ہمارے بلد میں غروب آفتاب کے بعد چمکتے ہیں اگر ان ستاروں میں سے کوئی ستارہ چمک آتا ہے اور پھر وہ افطار نہیں کرتا اور دو منٹ کی دیر بتاتا ہے تو یہ رافضیوں کا طریقہ ہے، اور بہت محرومی و بے برکتی ہے، اُسے توبہ کرنی چاہیے واللہ تعالیٰ اعلم اس صورت میں مسلمان اس پر نہ رہیں جب غروب پر یقین ہو جائے افطار کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۲۶۸ از کوہ الموڑہ رانی دھارہ مسئولہ حکیم مولوی خلیل اللہ صاحب سلمہ ۷ ماہ مبارک ۱۳۳۳ھ

بعد ازادائے سلام سنت الاسلام و لوازم آداب تسلیمات فدویانہ معروض خدمت فیض درجت آنکہ والا نامہ گرامی بشرف صدور لایا معزز و ممتاز فرمایا، کل اس کوٹھی کی بلندی دریافت کی گئی، بلندی دریافت کرنے کا ایک آلہ ہوتا ہے جو سطح سمندر سے جس قدر بلند ہو وہ بتاتا ہے، ایک چھوٹا سا آلہ ہے جو کہ چھوٹی سی ڈبیہ کی طرح ہوتا ہے مثل گھڑی کے گول، اس میں سوئی ہوتی ہے جو کہ بلندی کے نمبروں پر گشت کرتی ہے غرض وہ کل دیکھا گیا اُس کے ذریعہ سے ذیل کی بلندی دریافت ہوئی، پانچ ہزار پانچ سو پچاس فٹ سطح آب سے بلندی ہے اس لیے صاحبزادہ نواب دولہا صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ اب لکھ بھیجو کہ اس حساب سے کیا وقت نکلتا ہے، لیکن یہ بلندی اُس وقت ٹھیک وقت بتا سکتی ہے جبکہ یہ جگہ ہموار ہو یہاں شرقاً و غرباً پہاڑ ہے جس باعث سے طلوع مؤخر اور غروب مقدم ہوتا ہے اور یہ ٹیکری پہاڑ جو کہ غربی جانب ہے ہم سے تین سو یا چار سو فٹ بلند ہے اور شرقی جانب کا پہاڑ غالباً چھ سو فٹ ہوگا اور شمالی جانب پندرہ روزہ کے راستہ پر برف کا پہاڑ نظر آتا ہے جس پر شعاع آفتاب کی بہت پہلے پڑتی ہے اور مطلع صاف ہو تو اس کی چمک یہاں پر بخوبی نظر آتی ہے اور قریب کے پہاڑوں پر کہیں شعاع نہیں ہوتی اور لوگ نماز پڑھتے ہوتے ہیں اور شرق و غرب جو پہاڑ ہے اس پر بھی الموڑہ ہی کی آبادی ہے، سب طرف مکانات بنے ہوئے ہیں اور اس کوٹھی سے اور خاص شہر یعنی بازار سے چنداں تفاوت نہیں، اب اگر ایک ہزار فٹ پر دو منٹ بڑھا جائیں تو گیارہ منٹ اور سوا منٹ طول یا عرض بلد کا کل سوا بارہ منٹ جمع کرنا پڑیں گے جس حساب سے آج کا افطار ۲۳ منٹ پر ہونا چاہیے (۱۱ + ۱۲ = ۲۳) لیکن میرے خیال میں ۲۰ منٹ سے پیشتر ہی مشرق سے سیاہی نمودار ہو جاتی ہے لیکن مغربی بادلوں میں خوب سرخی اور چاروں طرف کسی قدر بادلوں پر سرخی پائی جاتی ہے، چونکہ صاحبزادہ صاحب موصوف کو تحقیق مطلوب ہے اس لیے خاکسار نے یہاں کی مجموعی کیفیت گزارش کر دی، امید کہ جواب باصواب سے ممتاز فرمایا جائے، رام پور سے جو نقشے آئے ہیں اُن میں اس نقشے کے حساب

سے تین چار منٹ کا بل ہے یعنی غروب چار منٹ مؤخر ہے۔

الجواب

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' شرقی غربی پہاڑوں کے سبب تاخرِ طلوع و تقدمِ غروب معتبر نہیں، وہ دیوار ہائے مکان کی مثل ہیں، نہ وہ شعاعیں کہ کوہ برف پر پڑ کر روشنی دیتی ہیں کچھ قابلِ لحاظ نہیں جبکہ وُہ پہاڑ اس سے بلند تر ہو وہ شب کی چاندنی کے مثل ہیں کہ چاند پر شعاعِ شمس ہی پڑ کر روشنی پیدا ہوتی ہے۔ نہ یہاں اربعہ متناسبہ ہے کہ دو ہزار فٹ پر چار منٹ تھے تو ہزار پر دو۲ اور ساڑھے پانچ ہزار پر گیارہ ہوں بلکہ یہاں تزاید علی سبیل التناقص ہے، ہر بلندی پر جو تفاوت ہے اس سے دوچند پر دوچند سے کم ہوگا مثلاً سَو فٹ بلندی پر افق ۱۰ دقیقے نیچے گرتا ہے اور ہزار فٹ پر صرف ۳۳ دقیقے، نہ کہ ۱۰۰ کا دس گنا، اور چار ہزار فٹ پر ایک درجہ سات دقیقے، نہ کہ ۳۳ کا چوگنا کہ دو۲ درجے چودہ۱۴ دقیقے تھے، یعنی اس سے دوچند ہوتا کہ ۱۰ دقیقے کا چالیس گنا کہ پُورے سات درجے ہوتا وقس علیٰ ھذا (اور اس پر قیاس کرو۔ ت) ۵۵۰۰ فٹ بلندی پر میں نے حساب کیا افق ایک درجہ ۱۹ دقیقے ۱۰ ثانیے گرا جس کے سبب شروع ماہِ مبارک میں کہ تقویم سرطانی کے ۲۰ درجے پر تھی، طلوع و غروب المورّہ میں ہموار زمین کے اعتبار سے ۶ منٹ ۴۷ سکنڈ تفاوت تھا یعنی طلوعِ شمسی اس قدر پہلے اور غروب اس قدر بعد اور آخر ماہِ مبارک میں کہ تقویم اسد کے ۱۸ پر ہوگی تفاوت ۶ منٹ ۲۵ سکنڈ ہوگا، یہ ۲۲ سکنڈ کا فرق تفاوت میلِ شمسی کے باعث ہے، غرض اواخر رمضان حال میں ساڑھے چھ منٹ، تو یہ فرق سمجھئے اور سوا منٹ بلحاظ عرض و طول مجموع پونے آٹھ منٹ وقت افطار بریلی پر بڑھیں گے جس میں احتیاطی منٹ بھی شامل ہیں۔ ۱۳ ماہ مبارک مطابق ۲۷ جولائی کی نسبت جو تم نے ۱۲ منٹ بڑھائے ہیں بڑھاؤ (۰۱۲ + ۰۷ = ۱۹) وہی بات آگئی جو تم نے لکھی کہ "میرے خیال میں ۲۰ منٹ سے پہلے ہی مشرق سے سیاہی نمودار ہوجاتی ہے"۔ ایک رامپور کیا ہندوستان بھر کے نقشوں کی بایں معنی قدر کرنا بے جا نہیں جانتا کہ وُہ بیچارے اپنے گمان میں تو اچھا سمجھ کر کرتے ہیں، اگرچہ یہ فتوٰی ہے اور بے علم فتوٰی سخت حرام ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

فتاوٰی رضویہ

جلد 27

رضا فاؤنڈیشن لاہور

رسالہ

نزولِ آیاتِ فرقان بسکونِ زمین و آسمان ۱۳۳۹

(زمین اور آسمان کے ساکن ہونے کے بارے میں حق و باطل کے درمیان فرق کرنیوالی (قرآن مجید کی) آیتوں کا نازل ہونا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم ط

مسئلہ ۳۱: از موتی بازار لاہور مسئولہ مولوی حاکم علی صاحب ۱۴ جمادی الاولٰی ۱۳۳۹ھ

یاسیّدی اعلیحضرت سلمکم اللہ تعالٰی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

اما بعد ھٰذا من تفسیر جلالین (ان اللہ یمسک السموٰت والارض ان تزولا) ای یمنعھما من الزوال[1]، وایضا (اوَلم تکونوا اقسمتم) حلفتم (من قبل) فی الدنیا (ما لکم

بعدازیں یہ تفسیر جلالین کی عبارت ہے (بیشک اللہ تعالٰی روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو کہ جنبش نہ کریں) یعنی ان کو زوال سے روکے ہوئے ہے۔ یہ بھی اس میں ہے (تو کیا تم پہلے قسم نہ کھا چکے تھے) دنیا میں (نہیں ہے تمہیں)

[1] تفسیر جلالین تحت آیۃ ۳۵/۴۱ مطبع مجتبائی دہلی حصہ دوم ص ۳۶۵

من زائدۃ (زوال) عنہا الی الاخرۃ[1] وایضا (وان) ما (کان مکرھم) وان عظم (لتزول منہ الجبال) المعنی لایعبأ بہ ولایضر الا انفسھم والمراد بالجبال ھنا قیل حقیقتہا وقیل شرائع الاسلام المشبھۃ بھا فی القرار والثبات وفی قراءۃ بفتح لام لتزول ورفع الفعل فان مخففۃ والمراد[ع] تعظیم مکرھم وقیل المراد بالمکر کفرھم ویناسبہ علی الثانیۃ تکاد السمٰوٰت یتفطرن منہ وتنشق الارض وتخر الجبال ھدا وعلی الاول ما قرئ وما کان[2] وسردار من دامت برکاتکم و این است از تفسیر حسینی (ان اللّٰہ) بدرستیکہ خدائے تعالٰے (یمسک

من زائدہ ہے (ہٹ کے کہیں جانا) دنیا سے آخرت کی طرف۔ اور یہ بھی اسی میں ہے (اور نہیں ہے ان کا مکر) اگرچہ بہت بڑا ہے (کہ اس سے پہاڑ ٹل جائیں) معنٰی یہ ہے کہ اس کا کوئی اعتبار نہیں اور اُن کا نقصان خود انہی کو ہے۔ اور یہاں پہاڑوں سے مراد ایک قول کے مطابق حقیقتاً خود پہاڑ ہیں، اور ایک قول کے مطابق احکامِ شرع ہیں جن کو قرار و ثبات میں پہاڑوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ اور جس قراءۃ میں لتزول کا لام مفتوح اور فعل مرفوع ہے اُس قراءۃ میں اِنْ مخففہ ہوگا اور مراد ان کے مکر کی بڑائی۔ اور کہا گیا ہے کہ مکر سے مراد ان کا کفر ہے۔ اور قراءۃ ثانیہ کی صورت میں اس قول کی تائید قرآن مجید کی یہ آیت کریمہ کرتی ہے (قریب ہے کہ آسمان اس سے پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ گر جائیں ڈھہ کر) اور اول کی صورت میں جو پڑھا گیا ہے وماکان یعنی نہیں تھا (ان کا مکر) اور میرے سردار! آپ کی برکتیں ہمیشہ رہیں، یہ ہے

ع: والمعنی لان کان مکرھم من الشدۃ بحیث تزول عنہا الجبال وتنقطع عن اماکنہا[3] اکمالین۔

ع: معنی یہ ہے کہ اُن کا مکر اس قدر شدید ہے کہ اس سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں۔ کمالین۔ (ت)

---

[1] تفسیر جلالین تحت آیۃ ۱۴/۴۴ مطبع مجتبائی دہلی حصہ اول ص ۲۰۸

[2] 〃 〃 ۱۴/۴۶ 〃 〃 〃 〃

[3] کمالین علی ہامش جلالین مطبع مجتبائی دہلی نصف اول ص ۲۰۸

السموٰت والارض) نگاہ میدارد آسمانہا و زمین را (ان تزولا) برائے آنکہ زائل نہ شوند از اماکن خود چہ ممکن را در حال بقا ناچار است از نگاہ دارندہ آوردہ اند کہ چوں یہود و نصارٰی عزیر و عیسٰے را بفرزندی حق سبحنہ نسبت کردند آسمان و زمین نزدیک بآں رسید کہ شگافتہ گردد حق تعالٰے فرمود کہ من بقدرت نگاہ می دارم ایشاں را تا زوال نیابند یعنی از جائے خود نروند[1] ایضاً (اولم تکونوا) در جواب ایشاں گویند فرشتگان آیا نبودید شما کہ از روئے مبالغہ (اقسمتم من قبل) سوگند مے خوردید پیش ازیں در دنیا کہ شما پایندہ و خوابیدہ بودید (مالکم من زوال) نباشد شمارا ہیچ زوالے مراد آنست کہ می گفتند کہ ما در دنیا خواہیم بود و بسرائے دیگر نقل نخواہیم نمود[2]، وایضاً (وان کان مکرھم) و بدرستیکہ بود مکر ایشاں در سختی و ہول ساختہ پرداختہ (لتزول) تا از جائے برود (منہ الجبال[3]) زاں مکر کوہ ہا۔

تفسیر حسینی کی عبارت (انّ اللہ) بیشک اللہ تعالٰے (یمسک السموٰت والارض) محفوظ رکھتا ہے آسمانوں اور زمین کو (ان تزولا) اس واسطے کہ اپنی جگہوں سے زائل نہ ہو جائیں کیونکہ ممکن کیلئے حالت بقاء میں کسی محافظ کا ہونا ضروری ہے۔ منقول ہے کہ جب یہود و نصارٰی نے حضرت عزیر اور حضرت عیسٰے علیہما السلام کو اللہ تعالٰی کا بیٹا قرار دیا تو آسمان و زمین پھٹنے کے قریب ہوگئے، اللہ تعالٰی نے فرمایا کہ میں اپنی قدرت کے ساتھ ان کو محفوظ رکھتا ہوں تاکہ یہ زوال نہ پائیں یعنی اپنی جگہ سے ہٹ نہ جائیں۔ اُسی میں ہے (اولم تکونوا اقسمتم من قبل) ان کے جواب میں فرشتے بطور مبالغہ کہیں گے کہ کیا تم نے اس سے پہلے دُنیا میں قسمیں نہیں کھائی تھیں کہ تم دُنیا میں ہمیشہ رہو گے اور سوئے رہوگے (مالکم من زوال) تمھارے لئے کوئی زوال نہیں ہوگا۔ مرادیہ ہے کہ وُہ کہتے تھے کہ ہم دنیا میں ہمیشہ رہیں گے اور دوسرے جہاں میں منتقل نہیں ہونگے۔ اور اسی میں ہے (وان کان مکرھم) یقیناً ان کا مکر سختی و ہولناکی میں اس حد تک بڑھا ہوا تھا کہ (لتزول منہ الجبال) اس کی وجہ سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جاتے۔ (ت)

---

[1] تفسیر حسینی قادری تحت آیۃ ۳۵/۴۱ مطبع محمدی واقع بمبئی انڈیا ص ۲۰۵
[2] " " " " ۱۴/۴۴ " " " " ص ۴۱۹
[3] " " " " ۱۴/۴۶ " " " " " "

اے محبوب ومحبِ فقیر اید کم اللہ تعالٰی فی کل حال (اللہ تعالٰی ہر حال میں آپ کی مدد فرمائے۔ت) جب کافروں کے زوال کے معنٰی ان کا اس دُنیا سے دار الآخرۃ میں جانا مسلّم ہوا تو معاملہ صاف ہوگیا کیونکہ کافر زمین پر پھرتے چلتے ہیں، اس پھرنے چلنے کا نام زوال نہ ہوا کہ یہ اُن کا چلنا پھرنا اپنے اماکن میں ہے کہ جہاں تک اللہ تعالٰی نے اُن کو حرکت کرنے کا امکان دیا ہے وہاں تک ان کا حرکت کرنا اُن کا زوال نہ ہوا، یہی حال پہاڑوں کا ہوا کہ ان کا اپنے اماکن سے زائل ہوجانا ان کا زوال ہوا، جب یہ حال ہے تو زمین کا بھی اپنے اماکن سے زائل ہوجانا اس کا زوال ہوگا اور اپنے اماکن میں اس کا حرکت کرنا زوال نہیں ہوسکتا۔ شکر ہے اس پروردگار کا کہ کسی صحابی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے بھی مجھے گریز نہ ہوا اور میری مشکل بھی از بارگاہ حل المشکلات حل ہوگئی برکت کلامِ کریم:

ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لایحتسب[1] اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہو۔(ت)

اور یہ اس طرح ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے آسمان کے سکون فی مکان کی تصریح فرمادی مگر زمین کے بارے میں ایسا نہ فرمایا یعنی آسمان کی تصریح کی طرح تصریح نہ فرمائی یعنی خاموشی فرمائی۔ قربان جاؤں احسن الخالقین تبارک وتعالٰی کے اور باعثِ خلقِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اور حضرت معلم التحیات رضی اللہ تعالٰی عنہ کے کہ سائنس کی سرکوبی کے لئے زمین کے زوال اس کے اماکن سے کے معنٰی آپ کے اس تابعدار مجاہد کبیر پر عیاں فرمائے کہ زمین کے زوال نہ کرنے کے یہ معنٰی ہیں کہ جن اماکن میں اللہ تعالٰی نے اس کو امساک کیا ہے اس سے یہ باہر نہیں سرک سکتی مگر ان اماکن میں اس کو حرکتِ امر کردہ شدہ عطا فرمائی ہوئی ہے جیسے کہ اس پر کافر چلتے پھرتے ہیں اور یہ اُن کا زوال نہیں ہے، اسی طرح سے اپنے مدار میں اور سُورج کی ہمراہی میں امساک کردہ شدہ ہے اور جاذبہ اور رفتار کیا ہے صرف اللہ پاک کے امساک کا ایک ظہور ہے اور کچھ نہیں، اب چاہیں تو جاذبہ اور رفتار دونوں کو معدوم کردیں اور ہر چیز کو اس کے حیز میں ساکن فرمادیں اس سے زائل نہیں ہوسکتی جیسے کہ سورج والشمس تجری لمستقر لھا[2] (اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے۔ت) کی رُو سے اپنے مجرے میں امساک کیا گیا ہوا ہے اور

---

[1] القرآن الکریم ۶۵/ ۲ و ۳

[2] ؎ ؎ ۳۶/ ۳۸

اپنے مجرے میں چل رہا ہے مگر اس کے اس چلنے کا نام زوال نہیں بلکہ جریان ہے تو زمین کا بھی اپنے مدار میں اور سورج کی ہمراہی میں چلنا اس کا جریان ہے نہ کہ زوال۔

ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء[1] یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے۔

فالحمد للہ رب العٰلمین والشکر والمنۃ۔ اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا اور اس کا شکر اور احسان ہے (ت)

غریب نواز! کرم فرما کر میرے ساتھ متفق ہو جاؤ تو پھر ان شاء اللہ تعالٰی سائنس کو اور سائنسدانوں کو مسلمان کیا ہوا ہاں الم نجعل الارض مھادا[2] (کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا۔ ت) کے بجائے الذی جعل لکم الارض مھدا[3] الخ (وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا کیا۔ ت)

درج فرمادیں دیباچہ میں، سب کو سلام مسنون قبول ہو۔

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی بامرہ قامت السماء والارض والصلٰوۃ والسلام علٰی شفیع یوم العرض وآلہ وصحبہ وابنہ وحزبہ اجمعین، اٰمین! تمام تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جس کے حکم سے آسمان و زمین قائم ہیں، اور درود و سلام ہو روزِ قیامت شفاعت کرنے والے پر اور ان کی آل، اصحاب، اولاد اور تمام اُمّت پر۔ آمین! (ت)

مجاہد کبیر مخلص فقیر، حق طلب حق پذیر سلّمہ اللہ القدیر! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ دسواں دن ہے آپ کی رجسٹری آئی میری ضروری کتاب کہ طبع ہو رہی ہے اس کی اصل کے صفحہ ۸۸ اتک کاتب لکھ چکے اور صفحہ ۹۰ا کے بعد سے مجھے تقریباً چالیس صفحات کے قدر مضامین بڑھانے کی ضرورت محسوس ہوئی، یہ مباحث جلیلہ دقیقہ پر مشتمل تھی، میں نے ان کی تکمیل مقدم جانی کہ طبع جاری رہے، اُدھر طبیعت کی حالت آپ خود ملاحظہ فرما گئے ہیں وہی کیفیت اب تک ہے اب بھی اُسی طرح چار آدمی کُرسی پر بٹھا کر مسجد کو لے جاتے لاتے ہیں، ان اوراق کی تحریر اور اُن مباحث جلیلہ غامضہ

---

[1] القرآن الکریم ۵۷/ ۲۱

[2] القرآن الکریم ۷۸/ ۶

[3] القرآن الکریم ۴۳/ ۱۰

۲۰۰

کی تنقیح و تقریر سے بحمدہٖ تعالیٰ رات فارغ ہوا اور آپ کی محبت پر اطمینان تھا کہ اس ضروری دینی کام کی تقدیم کو ناگوار نہ رکھیں گے۔

آپ نے اپنا لقب مجاہد کبیر رکھا ہے مگر میں تو اپنے تجربے سے آپ کو مجاہد اکبر کہہ سکتا ہوں۔ حضرت مولانا الاسد الاسد الاشد مولوی محمد وصی احمد صاحب محدث سورتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا لہجہ جلد سے جلد حق قبول کرلینے والا میں نے آپ کے برابر نہ دیکھا اپنے جمے ہوئے خیال سے فوراً حق کی طرف رجوع لے آنا جس کا میں بارہا آپ سے تجربہ کرچکا نفس سے جہاد ہے اور نفس سے جہاد جہادِ اکبر ہے تو آپ اس میں مجاہد اکبر ہیں بارک اللہ تعالیٰ و تقبل آمین۔ امید ہے کہ بعونہٖ تعالیٰ اس مسئلہ میں بھی آپ ایسا ہی جلد از جلد قبول حق فرمائیں گے کہ باطل پر ایک آن کے لئے بھی اصرار میں نے آپ سے نہ دیکھا و للہ الحمد۔

اسلامی مسئلہ یہ ہے کہ زمین و آسمان دونوں ساکن ہیں کواکب چل رہے ہیں کل فی فلک یسبحون[1] ہر ایک ایک فلک میں تیرتا ہے، جیسے پانی میں مچھلی۔ اللہ عزوجل کا ارشاد آپ کے پیش نظر ہے:

ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا ۵ ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیما غفورا[2] ۵ بیشک اللہ آسمان و زمین کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں اور اگر وہ سرکیں تو اللہ کے سوا انھیں کون روکے، بے شک وہ حلم والا بخشنے والا ہے۔ (ت)

میں یہاں اوّلاً اجمالاً چند حرف گزارش کروں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کی حق پسندی کو وہی کافی ہوں پھر قدرے تفصیل۔

اجمال یہ کہ افقہ الصحابہ بعد الخلفاء الاربعہ سیدنا عبداللہ ابن مسعود صاحب سرِّ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالےٰ عنہم نے اس آیۂ کریمہ سے مطلق حرکت کی نفی مانی، یہاں تک کہ اپنی جگہ قائم رہ کر محور پر گھومنے کو بھی زوال بتایا (دیکھئے نمبر ۲)۔

حضرت امام ابو مالک تابعی ثقہ جلیل تلمیذ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے زوال کو مطلق حرکت سے تفسیر کیا۔ (دیکھئے آخر نمبر ۲)

ان حضرات سے زائد عربی زبان و معانی قرآن سمجھنے والا کون!

---

[1] القرآن الکریم ۲۱/ ۳۳

[2] 〃 〃 ۳۵/ ۴۱

علامہ نظام الدین حسن نیشاپوری نے تفسیر رغائب الفرقان میں اس آیۂ کریمہ کی یہ تفسیر فرمائی: (ان تزولا) کراھۃ ان والھما عن مقرھما و مرکزھما[1] یعنی اللہ تعالٰی آسمان و زمین کو روکے ہوئے ہے کہ کہیں اپنے مقرومرکز سے ہٹ نہ جائیں۔ مقر ہی کافی تھا کہ جائے قرار و آرام ہے، قرار سکون ہے منافی حرکت۔ قاموس میں آتا ہے، قرسکن[2]۔ مگر انھوں نے اس پر اکتفا نہ کیا بلکہ اس کا عطف تفسیری مرکزھما زائد کیا مرکز جائے رکز۔ رکز گاڑنا، جمانا۔ یعنی آسمان و زمین جہاں جمے ہوئے گڑے ہوئے ہیں وہاں سے نہ سرکیں۔ نیز غرائب القرآن میں زیر قولہ تعالٰی: الذی جعل لکم الارض فراشا (اور جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا۔ ت) فرمایا:

لایتم الافتراش علیھا مالم تکن ساکنۃ ویکفی فی ذلک مااعطاھا خالقھا ورکز فیھا من المیل الطبیعی الی الوسط الحقیقی بقدرتہ واختیارہ ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا[3]۔

زمین کو بچھونا بنانا اس وقت تک تام نہیں ہوتا جب تک وہ ساکن نہ ہو۔ اور اس میں کافی ہے وہ جو اللہ تعالٰی نے اپنی قدرت و اختیار کے ساتھ اس میں وسط حقیقی کی طرف میل طبعی مرتکز فرمایا ہے، اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے: بیشک اللہ تعالٰی آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں۔ (ت)

اسی آیت کے نیچے تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی میں ہے:

اعلم ان کون الارض فراشا مشروط بکونھا ساکنۃ، فالارض غیر متحرکۃ لابالاستدارۃ ولا بالاستقامۃ، و سکون الارض لیس الا من اللہ تعالٰی بقدرتہ واختیارہ ولھذا قال اللہ تعالٰی ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا[4] اھ ملتقطا۔

جان لے کہ زمین کا بچھونا ہونا اس کے ساکن ہونے کے ساتھ مشروط ہے۔ لہذا زمین نہ تو حرکت مستدیرہ کے ساتھ متحرک ہے اور نہ ہی حرکت مستقیمہ کے ساتھ۔ اور اس کا ساکن ہونا محض اللہ تعالٰی کی قدرت و اختیار سے ہے جیسا کہ اللہ تعالٰی نے فرمایا: بے شک اللہ تعالٰی آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں الخ التقاط۔ (ت)

[1] غرائب القرآن (تفسیر نیشاپوری) تحت آیۃ ۳۵/۴۱ مصطفی البابی مصر ۲۲/۸۴
[2] القاموس المحیط باب الراء فصل القاف " " " ۲/۱۱۹
[3] غرائب القرآن (تفسیر نیشاپوری) تحت آیۃ ۲/۲۲ " " " ۱/۱۹۲و۱۹۳
[4] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) ۲/۲۲ المطبعۃ المصریۃ بمیدان الازھر ۲/۱۰۲-۱۰۳

marfat.com

قرآن عظیم کے وہی معنی لینے ہیں جو صحابہ و تابعین و مفسرین معتمدین نے لئے ان سب کے خلاف وہ معنی لینا جن کا پتا نصرانی سائنس میں ملے مسلمان کو کیسے حلال ہوسکتا ہے، قرآن کریم کی تفسیر بالرائے اشد کبیرہ ہے جس پر حکم ہے:

فلیتبوأ مقعدہ من النار[1] وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

یہ تو اُس سے بھی بڑھ کر ہوگا کہ قرآن مجید کی تفسیر اپنی رائے سے بھی نہیں بلکہ رائے نصارٰی کے موافق، والعیاذ باللہ، یہ حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالٰی عنہما وہ صحابی جلیل القدر ہیں جن کو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے اسرار سکھائے ان کا لقب ہی صاحبِ سرِ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہے امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی اُن سے اسرارِ حضور کی باتیں پوچھتے، اور عبداللہ تو عبداللہ ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ یہ جو فرمائیں اسے مضبوط تھامو تمسکوا بعھد ابن مسعود[2] (ابن مسعود کے فرمان کو مضبوطی سے تھامو۔ ت) اور ایک حدیث میں ارشاد ہے:

رضیت لامتی ما رضی لھا ابن ام عبد وکرھت لامتی ما کرہ لھا ابن ام عبد[3] میں نے اپنی امت کے لئے پسند فرمایا جو اس کے لئے عبداللہ ابن مسعود پسند کریں اور میں نے اپنی امت کے لئے ناپسند رکھا جو اس کے لئے ابن مسعود ناپسند رکھیں۔

اور خود ان کے علم قرآن کو اس درجہ ترجیح بخشی کہ ارشاد فرمایا:

استقرأوا القراٰن من اربعۃ من عبد اللہ ابن مسعود[4] الحدیث۔ قرآن چار شخصوں سے پڑھو۔ سب میں پہلے عبداللہ ابن مسعود کا نام لیا۔

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم میں بروایت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما حضرت اقدس صلے اللہ تعالٰی

---

[1] جامع الترمذی ابواب التفسیر باب ماجاء فی الذی یفسر القرآن برایہ امین کمپنی دہلی ۲/۱۱۹

[2] جامع الترمذی باب المناقب مناقب عبداللہ بن مسعود امین کمپنی دہلی ۲/۲۲۱

حلیۃ الاولیاء ذکر عبداللہ بن مسعود دار الکتاب العربی بیروت ۱/۱۲۸

[3] مجمع الزوائد کتاب المناقب مناقب عبداللہ بن مسعود 〃 〃 〃 〃 ۹/۲۹۰

[4] صحیح البخاری 〃 〃 〃 〃 〃 قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۵۳۱

صحیح مسلم کتاب الفضائل فضائل 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۲/۲۹۳

علیہ وسلم ہے۔

اور عجائب نعمائے الٰہیہ سے یہ کہ آیۂ کریمہ ان تزولا کی یہ تفسیر اور یہ کہ محور پر حرکت بھی موجبِ زوال ہے چہ جائے حرکت علی المدار۔ ہم نے دو صحابی جلیل القدر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی، دونوں کی نسبت حضور انور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو بات تم سے بیان کریں اس کی تصدیق کرو۔ دونوں حدیثیں جامع ترمذی شریف کی ہیں۔ اوّل:

ما حدثکم ابن مسعود فصدقوہ۔[1] جو بات تم سے ابن مسعود بیان کرے اس کی تصدیق کرو۔ (ت)

دوم:

ما حدثکم حذیفۃ فصدقوہ۔[2] جو بات تم سے حذیفہ بیان کرے اس کی تصدیق کرو۔ (ت)

اب یہ تفسیر ان دونوں حضرات کی نہیں بلکہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اسے مانو اس کی تصدیق کرو والحمد للہ رب العالمین ہمارے معنی کی تو یہ عظمتِ شان ہے کہ مفسرین سے ثابت، تابعین سے ثابت، اجلّہ صحابہ کرام سے ثابت، خود حضور سید الانام علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام سے اس کی تصدیق کا حکم۔

اور عنقریب ہم بفضل اللہ تعالیٰ اور بہت **آیات** اور صدہا **احادیث** اور **اجماعِ** امت اور خود اقرار مجاہد کبیر سے اس معنی کی حقیقت اور زمین کا سکون مطلق ثابت کریں گے وباللہ التوفیق۔ آپ نے جو معنی لئے کیا کسی صحابی، کسی تابعی، کسی امام، کسی تفسیر، یا جانے دیجئے چھوٹی سے چھوٹی کسی اسلامی عام کتاب میں دکھا سکتے ہیں کہ آیت کے معنی یہ ہیں کہ زمین گردِ آفتاب دورہ کرتی ہے اللہ تعالیٰ اسے صرف اتنا روکے ہوئے ہے کہ اس مدار سے باہر نہ جائے لیکن اس پر اسے حرکت کرنے کا امر فرمایا ہے۔ حاش للہ! ہرگز کسی اسلامی رسالہ، پرچے، رقعہ سے اس کا پتا نہیں دے سکتے سوا سائنس نصارٰی کے۔ آگے آپ انصاف کرلیں گے کہ معنی قرآن وہ لئے جائیں یا یہ۔ محبا مخلصا! وہ

---

[1] جامع الترمذی ابواب المناقب مناقب عمار بن یاسر امین کمپنی دہلی ۲/۲۲۱
مسند احمد بن حنبل حدیث حذیفۃ بن الیمان المکتب الاسلامی بیروت ۵/۳۸۵ و ۴۰۲
[2] جامع الترمذی ابواب المناقب النبی صلی اللہ علیہ وسلم مناقب حذیفۃ ابن الیمان امین کمپنی دہلی ۲/۲۲۲

کون سا نقص ہے جس میں کوئی تاویل نہیں گھڑ سکتے یہاں تک کہ قادیانی کا فرنے وخاتم النبیین[1] میں تاویل گھڑ دی کہ رسالت کی افضلیت اُن پر ختم ہوگئی اُن جیسا کوئی رسول نہیں[2]۔ نانوتوی نے گھڑ دی کہ وہ نبی بالذات ہیں اور نبی بالعرض اور موصوف بالعرض کا قصہ موصوف بالذات پر ختم ہوجاتا ہے ان کے بعد بھی اگر کوئی نبی ہو تو ختم نبوت کے خلاف نہیں[3] کہ یوں ہی کوئی مشرک لا الٰہ الا اللہ میں تاویل کرسکتا ہے کہ اعلیٰ میں حصر ہے یعنی اللہ کے برابر کوئی خدا نہیں اگرچہ اس سے چھوٹے بہت سے ہوں جیسے حدیث شریف میں ہے:

لافتی الاعلی لاسیف الا ذوالفقار[4]۔ نہیں ہے کوئی جوان مگر علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) اور نہیں ہے کوئی تلوار مگر ذوالفقار۔ (ت)

دوسری حدیث:

لاوجع الاوجع العین ولاھم الاھم الدین[5]۔ درد نہیں مگر آنکھ کا درد اور پریشانی نہیں مگر قرض کی پریشانی۔

ایسی تاویلوں پر خوش نہ ہونا چاہیے بلکہ جو تفسیر ماثور ہے اس کے حضور سر رکھ دیا جائے اور جو مسئلہ تمام مسلمانوں میں مشہور و مقبول ہے مسلمان اُسی پر اعتقاد لائے۔

مجی مخلصی! اللہ عزوجل نے آپ کو پکا مستقل سُنّی کیا ہے آپ جانتے ہیں کہ اب سے پہلے رافضی جو مرتد نہ تھے کاہے سے رافضی ہوئے، کیا اللہ یا قرآن یا رسول یا قیامت وغیرہا ضروریاتِ دین سے کسی کے منکر تھے؟ ہرگز نہیں، انھیں اسی نے رافضی کیا کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کی عظمت نہ کی۔ مجبا! دل کو صحابہ کی عظمت سے مملو کرلینا فرض ہے انھوں نے قرآن کریم صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے پڑھا حضور سے اس کے معانی سیکھے اُن کے ارشاد کے آگے اپنی فہم ناقص کی وہ نسبت سمجھنی بھی ظلم ہے جو ایک علامہ متبحر کے حضور کسی جاہل گنوار بے تمیز کو۔ مجبا! صحابہ اور خصوصاً حذیفہ وعبداللہ ابن مسعود جیسے

---

[1] القرآن الکریم ۳۳/ ۴۰

[2] تحذیر الناس کتب خانہ رحیمیہ سہارن پور انڈیا ص ۴

[3] " " " " " " ص ۲۵

[4] الاسرار المرفوعۃ حدیث ۱۰۶۰ دارالکتب العلمیہ بیروت ص ۲۶۵

[5] الدرر المنتثرۃ فی الاحادیث المشتہرۃ حرف لا حدیث ۴۴۹ المکتب الاسلامی بیروت ص ۱۸۷

۲۰۵

صحابہ کی یہ کیا عظمت ہوئی اگر ہم خیال کریں کہ جو معنی قرآن عظیم اُنھوں نے سمجھے غلط ہیں ہم جو سمجھے وہ صحیح ہیں، میں آپ کو اللہ عزوجل کی پناہ میں دیتا ہوں اس سے کہ آپ کے دل میں ایسا خطرہ بھی گزرے ——— فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین[1] (تو اللہ تعالٰی سب سے بہتر نگہبان اور وہ ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان ہے۔ ت)۔

میں امید واثق رکھتا ہوں کہ اسی قدر اجمالِ جمیل آپ کے انصافِ جزیل کو بس۔ آپ قدرے تفصیل بھی عرض کروں:

(ا) زوال کے اصلی معنٰی سرکنا، ہٹنا، جانا، حرکت کرنا، بدلنا ہیں۔ قاموس میں ہے:

الزوال الذھاب والاستحالۃ۔[2] زوال کا معنی ہے جانا اور ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونا۔ (ت)

اُسی میں ہے:

کل ماتحول فقد حال واستحال۔[3] ہر وہ جس نے جگہ بدلی تو بیشک اس نے حال بدلا اور ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوا۔ (ت)

ایک نسخہ میں ہے: کل ما تحرك او تغیر[4] (ہر وہ جس نے حرکت کی یا تبدیل ہوا۔ ت)

یُوں ہی عُباب میں ہے: تحول او تحرك[5] (بدلا یا حرکت کی۔ ت)

تاج العروس میں ہے:

ازال اللہ تعالٰی زوالہ ای اذھب اللہ حرکتہ وزال زوالہ ای ذھبت (ازال اللہ) اللہ تعالٰی نے اس کے زوال کا ازالہ فرمایا یعنی اس کی حرکت کو ختم فرما دیا۔ اور

---

[1] القرآن الکریم ۱۲/ ۶۴
[2] القاموس المحیط فصل الزاء باب اللام تحت لفظ "الزوال" مصطفی البابی مصر ۳/ ۴۰۲
[3] ؍؍ ؍؍ فصل الحاء ؍؍ ؍؍ الحول ؍؍ ؍؍ ؍؍ ۳/ ۳۷۴
[4] تاج العروس فصل الحاء من باب اللام تحت لفظ "الحول" داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۲۹۴
[5] ؍؍ ؍؍ بحوالہ العباب ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍

۲۰۶

حرکتہ[1] اس کا زوال زائل ہوا یعنی اس کی حرکت ختم ہوگئی۔ (ت)

نہایہ ابن اثیر میں ہے:

فی حدیث جندب الجہنی "واللہ لقد خالطہ سہمی ولو کان زائلۃ لتحرک" الزائلۃ کل شیئ من الحیوان یزول عن مکانہ ولا یستقر، وکان ھذا المرمی قد سکّن نفسہ لایتحرک لئلا یحس بہ فیجھز علیہ[2]

جندب جہنی کی حدیث میں ہے بخدا میرا تیر اس میں پیوست ہوگیا، اگر اس میں حرکت کی طاقت ہوتی تو وہ حرکت کرتا۔ "زائلہ" اس حیوان کو کہتے ہیں جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے اور قرار نہ پکڑے۔ جس کو تیر لگا تھا اس نے اپنے آپ کو حرکت سے روک لیا تاکہ اس کے بارے میں پتا نہ چل سکے اور اس کو ہلاک کردیا جائے (ت)

(ا) دیکھو زوال بمعنی حرکت ہے اور قرآن عظیم نے آسمان و زمین سے اس کی نفی فرمائی تو حرکتِ زمین و حرکتِ آسمان دونوں باطل ہوئیں۔

(ب) "زوال" جانا اور بدلنا ہے، حرکتِ محوری میں بدلنا ہے اور مدار پر حرکت میں جانا بھی، تو دونوں کی نفی ہوئی۔

(ج) نیز نہایہ و درِ نثیر امام جلال الدین سیوطی میں ہے:

الزویل الانزعاج بحیث لایستقر علی المکان وھو والزوال بمعنی[3]۔ "زویل" کا معنی بے قراری ہے اس طور پر کہ کسی ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ زویل اور زوال کا معنیٰ ایک ہی ہے۔ (ت)

قاموس میں ہے:

نزعجہ واقلقہ وقلعہ من مکانہ کانزعجہ فانزعج[4]۔ اس کو بے قرار و مضطرب کیا اور اس کو اپنی جگہ سے ہٹایا، جیسے اس کو بے قرار کیا تو وہ بیقرار ہوگیا۔ (ت)

---

[1] تاج العروس فصل الزای من باب اللام دار احیاء التراث العربی بیروت ۷/۳۶۲
[2] النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر باب الزاء مع الواو تحت لفظ "زوال" مکتبۃ الاسلامیہ بیروت ۲/۳۱۹
[3] " " " " ۲/۳۲۰
[4] القاموس المحیط فصل الراء والزای باب الجیم تحت لفظ زعجہ مصطفی البابی مصر ۱/۱۹۸

لسان میں ہے:

الانزعاج نقیض الاقرار[1]

انزعاج (بے قرار کرنا) اقرار (ایک جگہ ٹھہرانے) کی ضد ہے۔ (ت)

تاج میں ہے:

قلق الشیئ قلقاً فھو ان لا یستقر فی مکان واحد[2]

قلق الشیئ قلقاً کا معنٰی یہ ہے کہ شَے ایک جگہ میں قرار نہ پکڑے۔ (ت)

مفردات امام راغب میں ہے:

قر فی مکانہ یقر قراراً ثبت ثبوتاً جامداً واصلہ من القر وھو البرد وھو یقتضی السکون والحر یقتضی الحرکۃ[3]

قرفی مکانہ یقر قراراً کا معنٰی یہ ہے کہ شَے اپنی جگہ ثابت ہوکر ٹھہر گئی۔ یہ اصل میں مشتق ہے قر سے، جس کا معنٰی سردی ہے اور وہ سکون کا تقاضا کرتی ہے جبکہ گرمی حرکت کی مقتضی ہے (ت)

قاموس میں ہے:

قر بالمکان ثبت و سکن کاستقر[4]

قر بالمکان کا معنٰی ٹھہرنا اور ساکن ہونا جیساکہ استقر کا معنٰی بھی یہی ہے (ت)

دیکھو زوال انزعاج ہے، اور انزعاج قلق اور قلق مقابل قرار اور قرار سکون ہو تو زوال مقابل سکون ہے اور مقابل سکون نہیں مگر حرکت، تو ہر حرکت زوال ہے۔ قرآن عظیم آسمان و زمین کے زوال سے انکار فرماتا ہے، لاجرم اُن کی ہرگونہ حرکت کی نفی فرماتا ہے۔

(د) صراح میں ہے:

زائلہ جنبیدہ و رونده و آئنده[5]

زائلہ کا معنٰی جنبش کرنیوالا، جانیوالا اور آنیوالا ہے۔ (ت)

---

[1] لسان العرب　تحت لفظ "زعج"　دار صادر بیروت　۲/۲۸۸

[2] تاج العروس　فصل القاف　تحت لفظ "القلق"　دار احیاء التراث العربی بیروت　۷/۵۸

[3] المفردات فی غرائب القرآن　القاف مع الراء　نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی　ص ۴۰۶

[4] القاموس المحیط　فصل القاف　باب الراء　مصطفی البابی مصر　۲/۱۱۹

[5] صراح　فصل الزاء　باب اللام　نولکشور لکھنؤ　ص ۳۴۳

زمین اگر محور پر حرکت کرتی جنبیدہ ہوتی اور مدار پر تو آئندہ روندہ بھی بہرحال زائلہ ہوتی اور قرآن عظیم اُس کے زوال کو باطل فرماتا ہے، لاجرم اس سے ہر نوع حرکت زائل۔

(۲) کریمہ وان کان مکرھم لتزول منہ الجبال[1] اُن کا مکر اتنا نہیں جس سے پہاڑ جگہ سے ٹل جائیں، یا اگرچہ اُن کا مکر ایسا بڑا ہو کہ جس سے پہاڑ ٹل جائیں، یہ قطعاً ہماری ہی مؤید اور ہر گونہ حرکتِ جبال کی نفی ہے۔

(ا) ہر عاقل بلکہ غبی تک جانتا ہے کہ پہاڑ ثابت ساکن و مستقر ایک جگہ جمے ہوئے ہیں جن کو اصلاً جنبش نہیں۔ تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے:

ثبوت الجبل یعرفہ الغبی والذکی[2] پہاڑ کے ثبوت و قرار کو کُند ذہن اور تیز ذہن والا دونوں جانتے ہیں۔ (ت)

قرآن عظیم میں ان کو رواسی فرمایا، رَاسی ایک جگہ جما ہُوا پہاڑ، اگر ایک اُنگل بھی سرک جائیگا قطعاً زال الجبل صادق آئے گا نہ یہ کہ تمام دُنیا میں لُڑھکتا پھرے۔ اور زال الجبل نہ کہا جائے ثبات و قرار ثابت رہے کہ ابھی دنیا سے آخرت کی طرف گیا ہی نہیں زوال کیسے ہوگیا۔ اپنی منقولہ عبارتِ جلالین دیکھے پہاڑ کے اسی ثبات و استقرار پر شرائع اسلام کو اُس سے تشبیہ دی ہے جن کا ذرّہ بھر ہلانا ممکن نہیں۔

(ب) اسی عبارتِ جلالین کا آخر دیکھئے کہ تفسیر دوم پر یہ آیت آیت وتخر الجبال ھدًّا کے مناسب ہے یعنی اُن کی ملعون بات ایسی سخت ہے جس سے قریب تھا کہ پہاڑ ڈھ کر گر پڑتے۔ یوں ہی معالم التنزیل میں ہے:

وھو معنی قولہ تعالٰی وتخر الجبال ھدًّا۔[3] اور یہی معنٰی ہے اللہ تعالٰی کے اس قول کا "اور پہاڑ ڈھ کر گر پڑتے۔ (ت)

یہ مضمون ابوعبید و ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم نے عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا نیز جویبر ضحاک سے راوی ہوئے: کقولہ تعالٰی وتخر الجبال ھدًّا[4] (جیسا کہ اللہ تعالٰی کا قول

---

[1] القرآن الکریم ۱۴/ ۴۶

[2] عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی حاشیۃ الشہاب تحت آیۃ ۱۴/ ۴۶ دار صادر بیروت ۵/ ۲۷۷

[3] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت آیت ۱۹/ ۹۰ دار الکتب العلمیہ " ۳/ ۳۲

[4] جامع البیان عن الضحاک (تفسیر ابن جریر) " " ۱۴/ ۱۶ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳/ ۲۹۰

marfat.com

۲۰۹

"اور وہ پہاڑ گر جائیں گے ڈھہ کر"۔ ت) اسی طرح قتادہ شاگرد انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا، ظاہر ہے کہ ڈھہ کر گرنا اس جنگل سے بھی اُسے نہ نکال دے گا جس میں تھا نہ کہ دنیا سے۔ ہاں جما ہوا ساکن مستقر نہ رہے گا تو اسی کو زوال سے تعبیر فرمایا اور اسی کی نفی زمین سے فرمائی تو وہ ضرور جمی ہوئی ساکن مستقر ہے۔

(ج) رب عزوجل نے سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا الکریم وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے فرمایا:

لن ترانی ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانہ فسوف ترانی[1]

تم ہرگز مجھے نہ دیکھو گے ہاں پہاڑ کی طرف دیکھو اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہے تو عنقریب تم مجھے دیکھ لو گے۔

پھر فرمایا:

فلما تجلّٰی ربہ للجبل جعلہ دکا وخرّ موسٰی صعقا۔[2]

جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی اسے ٹکڑے کر دیا اور موسیٰ غش کھا کر گرے۔

کیا ٹکڑے ہو کر دنیا سے نکل گیا یا ایشیا یا اس ملک سے۔ اس معنٰی پر تو ہرگز جگہ سے نہ ٹلا، ہاں وہ خاص محل جس میں جما ہوا تھا وہاں نہ جما رہا، تو معلوم ہوا اسی قدر عدم استقرار کو کافی ہے۔ اور اوپر گزرا کہ عدم استقرار عین زوال ہے زمین بھی جہاں جمی ہوئی ہے وہاں سے سرکے، تو بیشک زائلہ ہوگی اگرچہ دنیا یا مدار سے باہر نہ جائے۔

(د) اس آیہ کریمہ کے نیچے تفسیر ارشاد العقل السلیم میں ہے:

وان کان مکرھم فی غایۃ المتانۃ والشدۃ معدًا لازالۃ الجبال عن مقارھا۔[3]

اگرچہ ان کا مکر مضبوطی اور سختی کی زیادتی کے سبب سے پہاڑوں کو اپنی جگہوں سے ہٹانے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ (ت)

نیشاپوری میں ہے: ازالۃ الجبال عن اماکنھا[4] (پہاڑوں کو ان کی جگہوں سے ہٹانا۔ ت)

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۱۴۳

[2] القرآن الکریم ۷/ ۱۴۳

[3] ارشاد العقل السلیم (تفسیر ابی السعود) تحت آیت ۱۴/ ۴۶ دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۵۸

[4] غرائب القرآن ورغائب الفرقان تحت آیۃ ۱۴/ ۴۶ مصطفی البابی مصر ۱۳/ ۱۴۲

۲۱۰

خازن میں ہے: تنزول عن اماکنھا[1] (پہاڑ اپنی جگہوں سے ہٹ جائیں۔ ت)، کشاف میں ہے: تنقلع عن اماکنھا[2] (پہاڑ اپنی جگہوں سے اکھڑ جائیں۔ ت)، مدارک میں ہے: تنقطع عن اماکنھا[3] (پہاڑ اپنی جگہوں سے جُدا ہو جائیں۔ ت)، اسی کے مثل آپ نے کمالین سے نقل کیا یہاں بھی مکان ومقر سے قطعاً وہی قرار ہے جو کریمۂ فان استقر مکانہ[4] میں تھا ارشاد کا ارشاد مقارھا جاہائے قرار اور کشاف کا لفظ تنقلع خاص قابلِ لحاظ ہے کہ اُکھڑ جانے ہی کو زوال بتایا۔

(۵) سعید بن منصور اپنے سنن اور ابن ابی حاتم تفسیر میں حضرت ابو مالک غزوان غفاری کوفی اُستاذ امام سُدّی کبیر وتلمیذ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی:

وان کان مکرھم لتزول منه الجبال قال تحرکت[5]	اگرچہ ان کا مکر اس حد تک تھا کہ اس سے پہاڑ ٹل جائیں۔ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا اس کا معنٰی یہ ہے کہ حرکت کریں۔ (ت)

اُنھوں نے صاف تصریح کردی کہ زوالِ جبال اُن کا حرکت کرنا جنبش کھانا ہے۔ اسی کی زمین سے نفی ہے وللہ الحمد۔

(۳) اُوپر گزرا کہ زوال مقابل قرار وثبات ہے اور قرار وثبات حقیقی سکون مطلق ہے دربارۂ قرار عبارتِ امام راغب گزری۔ اور قاموس میں ہے:

المثبت کمکرم من لاحراك به من المرض وبکسر الباء الذی ثقل فلم یبرح الفراش وداء ثبات بالضم معجز عن الحرکة[6]	مثبَت بروزن مکرَم وُہ شخص ہے جس میں بیماری کی وجہ سے حرکت نہ ہو اور اگر مثبِت یعنی بار کے کسرہ کے ساتھ ہو تو اس کا معنٰی ہوگا وہ شخص جس کی بیماری بڑھ گئی اور وہ صاحبِ فراش ہوگیا۔ اور داء کا معنٰی ثُبات ہُوا، ثاء پر ضمہ کے ساتھ، یعنی حرکت سے عاجز کر دینے والا مرض۔ (ت)

[1] لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر خازن) تحت آیۃ ۱۴/ ۴۶ مصطفی البابی مصر ۴/ ۵۳
[2] الکشاف تحت آیۃ ۱۴/ ۴۶ مکتب الاعلام الاسلامی قم ایران ۲/ ۵۶۶
[3] مدارک التنزیل (تفسیر نسفی) " دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۲۶۶
[4] القرآن الکریم ۷/ ۱۴۳
[5] تفسیر القرآن العظیم (ابن ابی حاتم) تحت آیۃ ۱۴/ ۴۶ مکتبہ نزار مصطفی الباز ۷/ ۲۲۵۲
[6] القاموس المحیط فصل الثاء والثاء باب الثاء مصطفی البابی مصر ۱/ ۱۵۰

مگر توسّعاً قرار و ثبات ایک حالت پر بقا۔ کو کہتے ہیں اگرچہ اس میں سکون مطلق نہ ہو تو اس کا مقابل زوال اُسی حالت سے انفصال ہوگا۔ یونہی مقر و مستقر و مکان ہر جسم کے لئے حقیقۃً وہ سطح یا بُعد مجرد یا موہوم ہے جو جمیع جوانب سے اس جسم کو حاوی اور اس سے ملاصق ہے۔ یعنی علمائے اسلام کے نزدیک وہ فضائے متصل جسے یہ جسم بھرے ہوئے ہے ظاہر ہے کہ وہ دبنے سرکنے سے بدل گئی لہذا اُس حرکت کو حرکت اینیہ کہتے ہیں یعنی جس سے دمبدم این کہ مکان و جائے کا نام ہے بدلتا ہے یہی جسم کا مکان خاص ہے اور اسی میں قرار و ثبات حقیقی ہے اس کے لئے یہ بھی ضرور کہ وضع بھی نہ بدلے، کُرہ کہ اپنی جگہ قائم رہ کر اپنے محور پر گھومے مکان نہیں بدلتا مگر اُسے قار و ثابت و ساکن نہ کہیں گے بلکہ زائل و حائل و متحرک۔ پھر اسی توسّع کے طور پر بیت بلکہ دار بلکہ محلّے بلکہ شہر بلکہ کثیر ملکوں کے حاوی حصۂ زمین مثل ایشیا بلکہ ساری زمین بلکہ تمام دنیا کو مقر و مستقر و مکان کہتے ہیں، قال تعالٰے:

ولکم فیھا مستقر و متاع الٰی حین[1]

اور تمہیں ایک وقت تک زمین میں ٹھہرنا اور برتنا ہے (ت)

اور اس سے جب تک جُدائی نہ ہو اُسے قرار و قیام بلکہ سکون سے تعبیر کرتے ہیں اگرچہ ہزاروں حرکات پر مشتمل ہو ولہذا کہیں گے کہ موتی بازار بلکہ لاہور بلکہ پنجاب بلکہ ہندوستان بلکہ ایشیا بلکہ زمین ہمارے مجاہد کبیر کا مسکن ہے وہ ان میں سکونت رکھتے ہیں وہ ان کے ساکن ہیں حالانکہ ہر عاقل جانتا ہے کہ سکون و حرکت متبائن مگر یہ معنٰی مجازی ہیں لہذا جائے اعتراض نہیں۔ لاجرم محلِ نفی میں ان کا مقابل زوال بھی انھیں کی طرح مجازی و توسّع ہے اور وہ نہ ہوگا جب تک اُن سے انتقال نہ ہو کفار کی وہ قسم کہ مالنا من زوال اسی معنٰی پر تھی یہ قسم نہ کھاتے تھے کہ ہم ساکن مطلق ہیں چلتے پھرتے نہیں، نہ یہ کہ ہم ایک شہر یا ملک کے پابند ہیں اس سے منتقل نہیں ہوسکتے بلکہ دنیا کی نسبت قسم کھاتے تھے کہ ہمیں یہاں سے آخرت میں جانا نہیں ان ھی الا حیاتنا الدنیا نموت و نحیا وما نحن بمبعوثین[2] (وہ تو نہیں مگر ہماری دنیا کی زندگی کہ ہم مرتے جیتے ہیں اور ہمیں اُٹھنا نہیں۔ ت) مولٰی تعالٰی فرماتا ہے:

واقسموا باللہ جھد ایمانھم لایبعث اللہ من یموت[3]

اور انھوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنے حلف میں حد کی کوشش کی کہ اللہ تعالٰے مُردے نہ اٹھائیگا۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۳۶
[2] القرآن الکریم ۲۳/ ۳۷
[3] " " ۱۶/ ۳۸

لاجرم تیسری آیۂ کریمہ میں زوال سے مراد دنیا سے آخرت میں جانا ہو، نہ یہ کہ دُنیا میں اُن کا چلنا پھرنا زوال نہیں قطعاً حقیقی زوال ہے جس کی سندیں اُوپر سُن چکے اور عظیم شافی بیان آگے آتا ہے، مگر یہاں اُس کا ذکر ہے جس کی وہ قسم کھاتے تھے اور وہ نہ تھا مگر دنیا سے انتقال معنی مجازی کے لئے قرینہ درکار ہوتا ہے یہاں قرینہ اُن کے یہی اقوال بعینہٖ ہیں بلکہ خود اسی آیت صدر میں قرینہ صریحہ مقالیہ موجود کہ روزِ قیامت ہی کے سوال و جواب کا ذکر ہے فرماتا ہے:

وانذر الناس یوم یأتیھم العذاب فیقول الذین ظلموا ربنا اخرنا الی اجل قریب نجب دعوتك و نتبع الرسل اولم تکونوا اقسمتم من قبل مالکم من زوال[1]

اور لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ جب اُن پر عذاب آئے گا، تو ظالم کہیں گے اے ہمارے رب تھوڑی دیر ہمیں مہلت دے کہ ہم تیرا بلانا مانیں اور رسولوں کی غلامی کریں۔ تو کیا تم پہلے قسم نہ کھا چکے تھے کہ ہمیں دُنیا سے ہٹ کر کہیں جانا نہیں (ت)

لیکن کریمہ ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا[2] (بے شک اللہ تعالٰی آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ کہیں جنبش نہ کریں۔ ت) میں کوئی قرینہ نہیں تو معنی مجازی لینا کسی طرح جائز نہیں ہو سکتا بلکہ قطعاً زوال اپنے معنی حقیقی پر رہے گا یعنی قرار و ثبات و سکون حقیقی کا چھوڑنا، اُس کی نفی ہے تو ضرور سکون کا اثبات ہے ایک جگہ معنی مجازی میں استعمال دیکھ کر دوسری جگہ بلا قرینہ مجاز مراد لینا ہرگز حلال نہیں۔

(۴) نہیں نہیں بلا قرینہ نہیں بلکہ خلافِ قرینہ۔ یہ اور سخت تر ہے کہ کلام اللہ میں پوری تحریفِ معنوی کا پہلو دے گا رب عزوجل نے یمسك فرمایا ہے اور امساك روکنا، تھامنا، بند کرنا ہے۔ ولہذا جو زمین کے پانی کو بہنے نہ دے روک رکھے اسے مسك اور مساك کہتے ہیں انہار و ابحار کو نہیں کہتے حالانکہ اُن میں بھی پانی کی حرکت وہیں تک ہو گی جہاں تک احسن الخالقین جل وعلا نے اُس کا امکان دیا ہے، قاموس میں ہے:

امسکه حبسه المسك محرکة الموضع یمسك الماء کالمساك کسحاب[3]

امسکہ کا معنٰی ہے اسکو روکا، المَسَك (س پر حرکت کے ساتھ) اُس جگہ کو کہتے ہیں جو پانی کو روکے، جیسے مساک بروزن سحاب۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۱۴/۴۴ [2] القرآن الکریم ۳۵/۴۱
[3] القاموس المحیط فصل المیم باب الکاف مصطفی البابی مصر ۳/۳۲۹

یُوں تو دُنیا بھر میں کوئی حرکت کبھی بھی زوال نہ ہو کہ جہاں تک احسن الخالقین تعالیٰ نے امکان دیا ہے اُس سے آگے نہیں بڑھ سکتی۔

(۵) اگر ان معنی کو مجازی نہ لیجئے بلکہ کہئے کہ زوال عام ہے مکان و مستقر حقیقی خاص سے سرکنا اور موقع عام اور موطن اعم اور اعم از اعم سے جُدا ہونا سب اُس کے فرد ہیں تو ہر ایک پر اس کا اطلاق حقیقت ہے جیسے زید و عمرو و بکر وغیرہم کسی فرد کو انسان کہنا تو اب بھی قرآن کریم کا مفاد زمین کا وہی سکون مطلق ہوگا نہ کہ اپنے مدار سے باہر نہ جانا۔ تزولا فعل ہے اور محل نفی میں وارد ہے اور علم اصول میں مصرح ہے کہ فعل قوۃ نکرہ میں ہے اور نکرہ حیز نفی میں عام ہوتا ہے، تو معنی آیت یہ ہوئے کہ آسمان و زمین کو کسی قسم کا زوال نہیں نہ موقع عام سے نہ مستقر حقیقی خاص سے، اور یہی سکون حقیقی ہے وللہ الحمد۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے مجاہد کبیر کو اپنی عبارت میں ہر جگہ قید بڑھانی پڑی زمین کا اپنے اماکن سے زائل ہو جانا اس کا زوال ہوگا۔ زائل ہو جانا قطعاً مطلقاً زوال ہے، "زائل ہو جانا" زوال کا ترجمہ ہی تو ہے مکانِ خاص سے ہو خواہ اماکن سے، مگر اوّل کے اخراج کو اس قید کی حاجت ہوتی یونہی فرمایا زمین کا زوال اس کے اماکن سے، پھر فرمایا: جن اماکن میں اللہ تعالٰی نے اُس کو امساک کیا ہے اس سے باہر سرک نہیں سکتی۔ پھر فرمایا: اپنے مدار میں امساک کردہ شدہ ہے اس سے زائل نہیں ہو سکتی۔ اور نفی کی جگہ فرمایا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے آسمان کے سکون فی مکانہ کی تصریح فرما دی مگر زمین کے بارے میں ایسا نہیں فرمایا۔ یہاں جمع اماکن کا ظاہر کر دیا مگر رب عزوجل نے تو اُن میں سے کوئی قید نہ لگائی مطلق یمسك فرمایا ہے اور مطلق ان تزولا۔ اللہ آسمان و زمین ہر ایک کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائے، یہ نہ فرمایا کہ اس کے مدار میں روکے ہوئے ہے، یہ نہ فرمایا کہ ہر ایک کے لئے اماکن عدیدہ ہیں اُن اماکن سے باہر نہ جانے پائے، تو اُس کا بڑھانا کلام الٰہی میں اپنی طرف سے پیوند لگانا ہوگا از پیشِ خویش قرآن عظیم کے مطلق کو مقید، عام کو مخصص بنانا ہوگا۔ اور یہ ہرگز روا نہیں۔ اہل سنّت کا عقیدہ ہے جو اُن کی کتبِ عقائد میں مصرح ہے کہ النصوص تحمل علٰی ظواھرھا[1] (نصوص اپنے ظاہر پر محمول ہوتی ہیں۔ ت) بلکہ تمام ضلالتوں کا بڑا پھاٹک یہی ہے کہ بطورِ خود نصوص کو ظاہر سے پھیریں مطلق کو مقید عام کو مخصص کریں، مالکم من زوال[2] (تمہارے لئے زوال نہیں۔ ت) کی تخصیص واضح سے ان تزولا

---

[1] شرح عقائد نسفیہ دار الاشاعۃ العربیۃ قندھار افغانستان ص ۱۱۹

[2] القرآن الکریم ۱۴/۴۴

marfat.com

کو بھی مخصص کرلینا اس کی نظیر یہی ہے کہ ان اللہ علٰی کل شیئ قدیر[1] (بیشک اللہ تعالٰی ہر چیز پر قادر ہے۔ ت) کی تخصیص دیکھ کر ان اللہ بکل شیئ علیم[2] (بیشک اللہ تعالٰی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ ت) کو بھی مخصص مان لیں کہ جس طرح وہاں ذات وصفات ومحالات زیرِ قدرت نہیں یونہی معاملہ صاف ہوگیا کہ ذات وصفات ومحالات کا معاذاللہ علم بھی نہیں۔ زیادہ تشفی بحمدہٖ تعالٰی نمبر ۸ میں آتی ہے جس سے واضح ہوجائے گا کہ اللہ ورسول وصحابہ ومسلمین کے کلام میں یہاں یعنی خاص محل نزاع میں زوال سے مطلقاً ایک جگہ سے سرکنا مراد ہوا ہے اگرچہ اماکن معینہ سے باہر نہ جائے یا زوال کفار کی طرح دنیا خواہ مدار چھوڑ کر الگ بھاگ جانا، فانتظر (چنانچہ انتظار کر۔ ت)

(۶) لاجرم وہ جنھوں نے خود صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے قرآن کریم پڑھا، خود حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اس کے معانی سیکھے انھوں نے آیۂ کریمہ کو ہرگونہ زوال کی نافی اور سکون مطلق حقیقی کی مثبت بتایا۔ سعید بن منصور وعبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر نے حضرت شقیق ابن سلمہ سے کہ زمانۂ رسالت پائے ہوئے تھے روایت کی اور یہ حدیث ابن جریر بسند صحیح برجال صحیحین بخاری ومسلم ہے:

حدثنا ابن بشار ثنا عبدالرحمٰن ثنا سفیٰن عن الاعمش عن ابی وائل قال جاء رجل الی عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ فقال من این جئت؟ قال من الشام۔ فقال من لقیت؟ قال لقیت کعبا۔ فقال ما حدثك کعب؟ قال حدثنی ان السمٰوٰت تدور علٰی منکب ملك۔ قال فصدقته او کذبته؟

ہمیں ابن بشار نے حدیث بیان کی کہ ہم کو عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی کہ ہم کو اعمش نے بحوالہ ابووائل حدیث بیان کی، ابووائل نے کہا کہ ایک صاحب حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ کے حضور حاضر ہوئے، فرمایا: کہاں سے آئے؟ عرض کی: شام سے۔ فرمایا: وہاں کس سے ملے؟ عرض کی: کعب سے۔ فرمایا: کعب نے تم سے کیا بات کی؟ عرض کی: یہ کہا کہ آسمان ایک فرشتے کے شانے پر گھومتے ہیں۔ فرمایا: تم نے اس میں کعب کی تصدیق کی یا تکذیب؟

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۰

[2] " " ۸/ ۷۵

قال ما صدقته ولا كذبته ـ قال لوددت انك افتديت من رحلتك اليه براحلتك ورحلها وكذب كعب ان الله يقول ان الله يمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا ۵ و لئن زالتا ان امسكهما من احد من بعده[1]، زاد غير ابن جرير وكفٰى بها زوالا ان تدورا۔

عرض کی: کچھ نہیں (یعنی جس طرح حکم ہے کہ جب تک اپنی کتاب کریم کا حکم نہ معلوم ہو اہل کتاب کی باتوں کو نہ سچ جانو نہ جھوٹ) حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: کاش! تم اپنا اُونٹ اور اس کا کجاوہ سب اپنے اس سفر سے چھٹکارے کو دے دیتے کعب نے جھوٹ کہا اللہ تعالٰی فرماتا ہے: بیشک اللہ آسمانوں اور زمینوں کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں اور اگر وہ ہٹیں تو اللہ کے سوا انھیں کون تھامے۔ ابن جریر کے غیر نے یہ اضافہ کیا کہ گھومنا اُن کے سرک جانے کو بہت ہے۔

نیز محمد طبری نے بسند صحیح براصول حنفیہ برجال بخاری ومسلم حضرت سیدنا امام ابوحنیفہ کے استاذ الاستاذ امام اجل ابراہیم نخعی سے روایت کی:

حدثنا جرير عن مغيرة عن ابراهيم قال ذهب جندب البجلي الٰى كعب الاحبار فقدم عليه ثم رجع، فقال له عبدالله حدثنا ماحدثك، فقال حدثني ان السماء فى قطب كقطب الرحا والقطب عمود علٰى منكب ملك، قال عبدالله لوددت انك افتديت رحلتك بمثل راحلتك، ثم قال ماتنكتت اليهودية فى قلب عبد فكادت

ہمیں جریر نے بحوالہ مغیرہ ابراہیم سے حدیث بیان کی کہ ابراہیم نے کہا کہ جُندب بجلی کعب احبار کے پاس جاکر واپس آئے، حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: کہو کعب نے تم سے کیا کہا؟ عرض کی: یہ کہا کہ آسمان چکّی کی طرح ایک کیلی میں ہے اور کیلی ایک فرشتے کے کاندھے پر ہے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: مجھے تمنا ہوئی کہ تم اپنے ناقہ کے برابر مال دے کر اس سفر سے چھُوٹ گئے ہوتے، یہودیت کی خراش جس دل میں لگتی ہے پھر مشکل ہی سے چھُوٹتی ہے، اللہ

[1] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت آیۃ ۳۵/۴۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲۲/۱۶۰
[2] الدر المنثور " " " " " ۷/۳۲

marfat.com

تفارقه ثم قال ان الله یمسك السمٰوٰت و الارض ان تزولا۔ کفٰی بهاتزوالا ان تدورا۔[1]

تو فرمارہا ہے بیشک اللہ آسمانوں اور زمین کو تھامے ہوئے ہے کہ نہ سرکیں، ان کے سرکنے کو گھومنا ہی کافی ہے۔

عبد بن حمید نے قتادہ شاگردِ حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی:

ان کعبًا کان یقول ان السماء تدور علی نصب مثل نصب الرحا فقال حذیفة بن الیمان رضی الله تعالٰی عنهما کذب کعب ان الله یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا۔[2]

کعب کہا کرتے کہ آسمان ایک کیلی پر دورہ کرتا ہے جیسے چکّی کی کیلی۔ اس پر حذیفہ الیمان رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا: کعب نے جھوٹ کہا۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ جنبش نہ کریں۔

دیکھو ان اجلّۂ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم نے مطلق حرکت کو زوال مانا اور اس پر انکار فرمایا اور قائل کی تکذیب کی اور اسے بقایائے خیالاتِ یہودیت سے بتایا، کیا وہ اتنا نہ سمجھ سکتے تھے کہ ہم کعب کی ناحق تکذیب کیوں فرمائیں آیت میں تو زوال کی نفی فرمائی ہے اور اُن کا یہ پھرنا چلنا اپنے اماکن میں ہے جہاں تک احسن الخالقین تعالٰی نے اُن کو حرکت کا امکان دیا ہے وہاں تک اُن کا حرکت کرنا اُن کا زوال نہ ہوگا، مگر اُن کا ذہن مبارک اس معنی باطل کی طرف نہ گیا نہ جا سکتا تھا بلکہ اُس کے ابطال ہی کی طرف گیا اور جانا ضرور تھا کہ اللہ تعالٰی نے مطلقًا زوال کی نفی فرمائی ہے نہ کہ خاص زوال عن المدار کی تو اُنھوں نے روا نہ رکھا کہ کلامِ الٰہی میں اپنی طرف سے یہ پیوند لگالیں۔ لاجرم اُس پر رَد فرمایا اور اس قدر شدید وا شد فرمایا وللہ الحمد۔

تنبیہ: کعب احبار تابعین اخیار سے ہیں خلافتِ فاروقی میں یہودی سے مسلمان ہوئے کُتب سابقہ کے عالم تھے۔ اہلِ کتاب کی احادیث اکثر بیان کرتے انھیں میں سے یہ خیال تھا جس کی تغلیط ان اکابر صحابہ نے قرآنِ عظیم سے فرما دی تو کَذَبَ کَعْبٌ کے یہ معنٰی ہیں کہ کعب نے غلط کہا نہ کہ معاذ اللہ قصدًا جھوٹ کہا۔ کَذَبَ بمعنی اَخْطَأَ محاورۂ حجاز ہے اور خراش یہودیت بمشکل چھُوٹنے سے یہ مراد کہ اُن کے دل میں علمِ یہود بھرا ہوا تھا وہ تین قسم ہے باطل صریح و حق صحیح

---

[1] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت آیۃ ۳۵/۴۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲۲/۱۷۱-۱۷۰

[2] الدر المنثور فی التفسیر الماثور " " " " " " ۷/۳۲

اور مشکوک کہ جب تک اپنی شریعت سے اس کا حال نہ معلوم ہو حکم ہے کہ اس کی تصدیق نہ کرو ممکن کہ اُن کی تحریفات یا خرافات سے ہو نہ تکذیب کرو ممکن کہ توریت یا تعلیمات سے ہو اسلام لاکر قسم اول کا حرف حرف قطعاً اُن کے دل سے نکل گیا، قسم دوم کا علم اور مستجل ہو گیا، یہ مسئلہ قسم سوم بقایائے علم یہود سے تھا جس کے بطلان پر آگاہ نہ ہو کر انھوں نے بیان کیا اور صحابہ کرام نے قرآن عظیم سے اس کا بطلان ظاہر فرما دیا یعنی یہ نہ توریت سے ہے نہ تعلیمات سے بلکہ اُن خبیثوں کی خرافات سے۔ تابعین صحابہ کرام کے تابع و خادم ہیں مخدوم اپنے خدام کو ایسے الفاظ سے تعبیر کر سکتے ہیں اور مطلب یہ ہے جو ہم نے واضح کیا وللہ الحمد۔

(۷) اس ساری تحریر میں مجھے آپ سے اس فقرے کا زیادہ تعجب ہوا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آسمان کے سکون فی مکانہ کی تصریح فرما دی مگر زمین کے بارے میں ایسا نہ فرمایا خاموشی فرمائی، اسے آپ نے اپنی مشکل کا حل تصور کیا، کعب احبار نے آسمان ہی کا گھومنا بیان کیا تھا اور یہود اسی قدر کے قائل تھے زمین کو وہ بھی ساکن مانتے تھے بلکہ ۱۵۳۰ء سے پہلے (جس میں کوپرنیکس نے حرکت زمین کی بدعت ضالہ کو کہ دو ہزار برس سے مردہ پڑی تھی جِلایا) نصاریٰ بھی سکونِ ارض ہی کے قائل تھے، اسی قدر یعنی صرف دورۂ آسمان کا ان حضرات عالیات کے حضور تذکرہ ہوا اس کی تکذیب فرما دی، دورۂ زمین کہا کس نے تھا کہ اس کا رَدّ فرماتے، اگر کوئی صرف زمین کا دَورہ کہتا صحابہ اسی آیۂ کریمہ سے اُس کی تکذیب کرتے، اور اگر کوئی آسمان و زمین دونوں کا دورہ بتاتا صحابہ اسی آیت سے دونوں کا ابطال فرماتے۔ جواب بقدرِ سوال دیکھ لیا یہ نہ دیکھا کہ جس آیت سے وہ سند لائے اس میں آسمان و زمین دونوں کا ذکر ہے یا صرف آسمان کا، آیۃ پڑھئے صراحۃً دونوں ایک حالت پر مذکور رہیں دونوں پر ایک ہی حکم ہے، جب حسبِ ارشادِ صحابہ آیۂ کریمہ مطلق حرکت کا انکار فرماتی ہے اور وہ انکار آسمان و زمین دونوں کے لئے ایک نسق ایک لفظ ان تزولا میں ہے جس کی ضمیر دونوں کی طرف ہے تو قطعاً آیت نے زمین کی بھی ہرگز نہ حرکت کو باطل فرمایا جس طرح آسمان کی۔ ایک شخص کے حضرت سیدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آفتاب کو اپنے لئے سجدہ کرتے نہ دیکھا تھا اس پر عالم فرمائے وہ جھوٹا ہے آیۂ کریمہ میں ہے:

انی رأیت احد عشر کوکبا والشمس والقمر رأیتھم لی ساجدین[1]　　میں نے گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔

[1] القرآن الکریم ۱۲/۴

marfat.com

اس کے بعد ایک دوسرا اُٹھے اور چاند کو ساجد دیکھنے سے منکر ہو اور کہے قربان جائیے۔ عالم نے سورج کے سجدہ کی تصریح فرمائی مگر چاند کے بارے میں ایسا نہ فرمایا خاموشی فرمائی اُسے کیا کہا جائیگا اب تو آپ نے خیال فرما لیا ہوگا کہ قائل حرکت ارض کو اجلّہ صحابہ کرام بلکہ خود صاف ظاہر نصِ قرآن عظیم سے گریز کے سوا کوئی چارہ نہیں، اور یہ معاذ اللہ خسرانِ مبین ہے جس سے اللہ تعالٰی ہمیں اور آپ اور سب اہلسنت کو بچائے۔ آمین!

(۸) عجب کہ آپ نے آفتاب کا زوال نہ سُنا اسے تو میں نے آپ سے بالمشافہ کہہ دیا تھا۔

(ا) حدیثوں میں کتنی جگہ زالت الشمس (سورج ڈھل گیا۔ ت) ہے بلکہ قرآن عظیم میں ہے،

اقم الصلٰوۃ لدلوک الشمس [1] — نماز قائم کرو سورج ڈھلتے وقت۔ (ت)

تفسیر ابن مردویہ میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے نبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے لدلوک الشمس کی تفسیر میں فرمایا، لزوال الشمس [2]۔ ابن جریر نے عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا،

اتانی جبرئیل لدلوک الشمس حین زالت فصلی بی الظهر [3] — میرے پاس جبرائیل آئے جب سورج ڈھل گیا تو آپ نے میرے ساتھ نمازِ ظہر پڑھی۔

نیز ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یصلی الظہر اذا زالت الشمس، ثم تلا اقم الصلٰوۃ لدلوک الشمس [4] — رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ظہر کی نماز اس وقت پڑھتے جب سورج ڈھل جاتا۔ پھر ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے یہ آیت کریمہ پڑھی کہ سورج ڈھلتے وقت نماز قائم کرو۔ (ت)

نیز مثل سعید ابن منصور عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے، دلوکہا زوالہا [5] (سورج کے دلوک کا معنی

---

[1] القرآن الکریم ۱۷/ ۷۸

[2] الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور (بحوالہ ابن مردویہ) تحت آیۃ ۱۷/ ۷۸، داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۲۸۰

[3] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت آیۃ ۱۷/ ۷۸، داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۵/ ۱۵۸

[4] " " " " " " " " " " " "

[5] الدرالمنثور بحوالہ سعید بن منصور و ابن جریر تحت آیۃ ۱۷/ ۷۸، " " " " ۵/ ۲۸۱

marfat.com

اس کا زوال ہے۔ت)۔

بزار وابوالشیخ وابن مردویہ نے عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے: دلوک الشمس زوالہا[1] (سورج کے دلوک کا معنی اس کا زوال ہے۔ت)

عبدالرزاق نے مصنف میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے:

دلوک الشمس اذا زالت عن بطن السماء[2]۔ سورج کا دلوک یہ ہے کہ جب وہ آسمان کے بطن سے ڈھل جائے (ت)

مجمع بحارالانوار میں ہے:

زاغت الشمس مالت و زالت عن اعلٰی درجات ارتفاعہا[3]۔ زاغت الشمس کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنی بلندی کے اعلٰی درجے سے ڈھل گیا۔(ت)

فقہ میں وقتِ زوال ہر کتاب میں مذکور اور عوام تک کی زبانوں پر مشہور۔ کیا اس وقت آفتاب اپنے مدار سے باہر نکل جاتا ہے اور احسن الخالقین جل وعلا نے جہاں تک کی حرکت کا اسے امکان دیا ہے اُس سے آگے پاؤں پھیلاتا ہے؟ حاشا! مدار ہی میں رہتا ہے اور پھر زوال ہوگیا، یونہی زمین اگر دورہ کرتی ضرور اسے زوال ہوتا اگرچہ مدار سے نہ نکلتی، اس پر اگر یہ خیال جائے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سرکنا تو آفتاب کو ہر وقت ہے پھر ہر وقت کو "زوال" کیوں نہیں کہتے، تو یہ محض جاہلانہ سوال ہوگا، وجہ تسمیہ مطرد نہیں ہوتی۔ کتب میں یہ مشہور حکایت ہے کہ مطرد ماننے والے سے پوچھا جرجیر یعنی چینے کو کہ ایک قسم کا اناج ہے جرجیر کیوں کہتے ہیں، کہا لانہ یتجرجر علی الارض اس لئے کہ وہ زمین پر جنبش کرتا ہے، کہا تمہاری داڑھی کو جرجیر کیوں نہیں کہتے یہ بھی تو جنبش کرتی ہے۔ قارورے کو قارورہ کیوں کہتے ہیں، کہا لان الماء یقر فیہا اس لئے کہ اس میں پانی ٹھہرتا ہے، کہا تمہارے پیٹ کو قارورہ کیوں نہیں کہتے اس میں بھی تو پانی ٹھہرتا ہے۔ یہاں تین ہی موضع ممتاز تھے افق شرقی وغربی و دائرہ نصف النہار، ان سے سرکنے کا نام طلوع وغروب رکھا کہ یہی انسب و وجہ تمایز تھا اور اس سے تجاوز کو زوال کہا اگرچہ جگہ سے زوال آفتاب کو بلاشبہہ ہر وقت ہے کریمہ والشمس تجری لمستقر لہا میں

---

[1] الدرالمنثور بحوالہ البزار وابی الشیخ وابن مردویہ تحت آیۃ ۱۷/۷۸، داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/۲۸۰

[2] المصنف لعبدالرزاق حدیث ۲۰۴۰ المکتب الاسلامی بیروت ۱/۵۳۸

[3] مجمع بحارالانوار باب الزاء مع الیاء مکتبہ دارالایمان مدینہ منورہ ۲/۴۵۶

marfat.com

عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی قرأت ہے لا مستقر لہا یعنی سورج چلتا ہے کسی وقت اُسے قرار نہیں۔ اُوپر گزرا کہ قرار کا مقابل زوال ہے، جب کسی وقت قرار نہیں تو ہر وقت زوال ہے اگرچہ تسمیہ میں ایک زوال معیّن کا نام زوال رکھا، غرض کلام اس میں ہے کہ احادیث مرفوعہ سیدعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و آثار صحابۂ کرام و اجماعِ اہل اسلام نے آفتاب کا اپنے مدار میں رہ کر ایک جگہ سے سرکنے کو زوال کہا اگر زمین متحرک ہوتی تو یقیناً ایک جگہ سے اُس کا سرکنا ہی زوال ہوتا اگرچہ مدار سے باہر نہ جاتی لیکن قرآن عظیم نے صاف ارشاد میں اُس کے زوال کا انکار فرمایا ہے تو قطعاً واجب کہ زمین اصلاً متحرک نہ ہو۔

(ب) بلکہ خود یہی زوال کہ قرآن وحدیث و فقہ و زبانِ جملہ مسلمین سب میں مذکور قائلانِ دورۂ زمین اسے زمین ہی کا زوال کہیں گے کہ وہ حرکتِ یومیہ اُسی کی جانب منسوب کرتے ہیں یعنی آفتاب یہ حرکت نہیں کرتا بلکہ زمین اپنے محور پر گھومتی ہے جب وُہ حصہ جس پر ہم ہیں گھوم کر آفتاب سے آڑ میں ہو گیا رات ہوتی، جب گھوم کر آفتاب کے سامنے آیا کہتے ہیں آفتاب نے طلوع کیا، حالانکہ زمین یعنی اُس حصۂ ارض نے جانبِ شمس رُخ کیا جب اتنا گھوما کہ آفتاب ہمارے سروں کے محاذی ہوا یعنی ہمارا دائرۂ نصف النہار مرکزِ شمس کے مقابل آیا دوپہر ہو گیا، جب زمین یہاں سے آگے بڑھی دوپہر ڈھل گیا کہتے ہیں آفتاب کو زوال ہوا حالانکہ زمین کو ہوا، یہ اُن کا مذہب ہے اور صراحۃً قرآن عظیم کا مکذِّب و مکذَّب ہے۔ مسلمین تو مسلمین، بیروت وغیرہ کے سفہائے قائلانِ حرکتِ ارض بھی جن کی زبان عربی ہے اس وقت کو وقتِ زوال اور دُھوپ گھڑی کو مِزْوَلَہ کہتے ہیں یعنی زوال پہچاننے کا آلہ۔ اور اگر ان سے کہئے کیا شمس زوال کرتا ہے؟ کہیں گے نہیں بلکہ زمین۔ حالانکہ وہ مدار سے باہر نہ گئی۔ تو آپ کی تاویل موافقین و مخالفین کسی کو بھی مقبول نہیں۔

(ج) اوروں سے کیا کام، آپ تو بفضلہٖ تعالےٰ مسلمان ہیں، ابتدائے وقتِ ظہر زوال سے جانتے ہیں، کیا ہزار بار نہ کہا ہوگا کہ زوال کا وقت ہے، زوال ہونے کو ہے، زوال ہوگیا۔ کاہے سے زوال ہوا، دائرۂ نصف النہار سے۔ کس کا زوال ہوا آپ کے نزدیک زمین کا کہ اُسی کی حرکت محوری سے ہوا حالانکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ زمین کو زوال نہیں، اب خود مان کر کہ زمین متحرک ہو تو روزانہ اپنے مدار کے اندر ہی رہ کر اُسے زوال ہوتا ہے دنیا سے، زوال کفار پیش کرنے کا کیا موقع رہا، انصاف شرط ہے، اور قرآن عظیم کے ارشاد پر ایمان لازم و باللہ التوفیق۔

(د) یہاں سے بحمدہٖ تعالیٰ حضرت معلّم التحیات رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے اُس ارشاد کی خوب

marfat.com

توضیح ہوگئی کہ صرف حرکتِ محوری زوال کو بس ہے۔

(۹) بحمداللہ تین آیتیں یہ گزریں:

آیت ۱: ان اللہ یمسک[1]

آیت ۲: ولئن سألتہ[2]

آیت ۳: لدلوک الشمس[3]

آیت ۴: فلما افلت[4] (پھر جب وہ ڈوب گیا۔ ت)

آیت ۵: وسبح بحمد ربك قبل طلوع الشمس وقبل الغروب[5] اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو سورج چمکنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے (ت)

آیت ۶: وسبح بحمد ربك قبل طلوع الشمس وقبل غروبها[6] اور اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو سورج چمکنے سے پہلے اور اس کے ڈوبنے سے پہلے۔ (ت)

آیت ۷: حتی اذا بلغ مطلع الشمس وجدها تطلع علی قوم لم نجعل لهم من دونها سترا[7] یہاں تک کہ سورج نکلنے کی جگہ پہنچا اُسے ایسی قوم پر نکلتا پایا جن کے لئے ہم نے سورج سے کوئی آڑ نہیں رکھی۔ (ت)

اور ان سب سے زائد آیت ۸:

وتری الشمس اذا طلعت تزٰور عن كهفهم ذات اليمين واذا غربت تقرضهم ذات الشمال وهم فی فجوة منه ذٰلك من اٰيٰت الله[8] تو آفتاب کو دیکھے گا جب طلوع کرتا ہے ان کے غار سے دہنی طرف مائل ہوتا ہے اور جب ڈوبتا ہے اُن سے بائیں طرف کتراجاتا ہے حالانکہ وہ غار کے کھلے میدان میں ہیں یہ قدرتِ الٰہی کی نشانیوں سے ہیں۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۳۵/۴۱
[2] القرآن الکریم ۳۵/۴۱
[3] القرآن الکریم ۱۷/۷۸
[4] القرآن الکریم ۶/۷۸
[5] القرآن الکریم ۵۰/۳۹
[6] القرآن الکریم ۲۰/۱۳۰
[7] القرآن الکریم ۱۸/۹۰
[8] القرآن الکریم ۱۸/۱۷

یونہی صدہا احادیث ارشادِ سیدِ عالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم خصوصًا حدیث صحیح بخاری ابوذر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے:

قال النبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لابی ذر حین غربت الشمس اتدری این تذھب قلت اللہ ورسولہ اعلم قال فانھا تذھب حتی تسجد تحت العرش فتستأذن فیؤذن لھا ویوشك ان تسجد فلا یقبل منھا وتستأذن فلا یؤذن لھا یقال لھا ارجعی من حیث جئت فتطلع من مغربھا فذٰلك قولہ تعالٰی والشمس تجری لمستقر لھا ذٰلك تقدیر العزیز العلیم[1]

نبی کریم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالٰے عنہ کو فرمایا جب کہ سورج غروب ہوچکا تھا کیا تم جانتے ہو کہ سورج کہاں جاتا ہے؟ حضرت ابوذر کہتے ہیں میں نے عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا: وہ جاتا ہے تاکہ عرش کے نیچے سجدہ کرے۔ چنانچہ وہ اجازت طلب کرتا ہے تو اسکو اجازت دے دی جاتی ہے قریب ہے کہ وہ سجدہ کرے، وہ سجدہ اس کی طرف سے قبول نہ کیا جائے اور وہ اجازت طلب کرے تو اسکو سجدہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور اسے کہا جائے کہ تُو لوٹ جا جہاں سے آیا ہے، پھر وہ مغرب سے طلوع ہوگا۔ یہی معنی ہے اللہ تعالٰے کے ارشاد کا "اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے، یہ حکم ہے زبردست علم والے کا۔" (ت)

یونہی ہزارہا آثارِ صحابۂ عظام و تابعین کرام و اجماعِ امت جن سب میں ذکر ہے کہ آفتاب طلوع وغروب کرتا ہے آفتاب کو وسطِ سماء سے زوال ہوتا ہے آفتاب کی طرح روشن دلائل ہیں کہ زمین ساکن محض ہے بدیہی ہے اور خود مخالفین کو تسلیم کہ طلوع وغروب و زوال نہیں مگر حرکتِ یومیہ سے توجس کے یہ احوال ہیں حرکت یومیہ اسی کی حرکت ہے تو قرآن عظیم و احادیثِ متواترہ و اجماعِ امت سے ثابت کہ حرکتِ یومیہ حرکتِ شمس ہے نہ کہ حرکتِ زمین، لیکن اگر زمین حرکتِ محوری کرتی توحرکتِ یومیہ اسی کی حرکت ہوتی جیسا کہ مزعوم مخالفین ہے تو روشن ہوا کہ زعمِ سائنس باطل ومردود ہے۔ پھر شمس کی حرکتِ یومیہ جس سے طلوع وغروب وزوال ہے نہ ہوگی مگر یُوں کہ وہ گردِ زمین دورہ کرتا ہے، تو قرآن و حدیث و اجماع سے ثابت ہوا کہ آفتاب حولِ ارض دائر ہے، لاجرم زمین مدارِ شمس کے جوف میں ہے

---

[1] صحیح البخاری کتاب بدأ الخلق باب صفۃ الشمس والقمر بحسبان الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۴۵۴

تو ناممکن ہے کہ زمین گردِ شمس دَورہ کرے اور آفتاب مدارِ زمین کے جوف میں ہو تو بحمد اللہ تعالٰی آیاتِ متکاثرہ و احادیثِ متواترہ و اجماعِ امتِ طاہرہ سے واضح ہوا کہ زمین کی حرکت محوری و مداری دونوں باطل ہیں وللہ الحمد۔ زیادہ سے زیادہ مخالف یہاں یہ کہہ سکتا ہے کہ "غروب تو حقیقۃً شمس کے لئے ہے کہ وہ غیبت ہے اور آفتاب ہی اس حرکتِ زمین کے باعث نگاہ سے غائب ہوتا ہے اور زوال حقیقۃً زمین کے لئے ہے کہ یہ ہٹتی ہے نہ کہ آفتاب، اور طلوع حقیقۃً کسی کے لئے نہیں کہ طلوع صعود اور اُوپر چڑھنا ہے۔ حدیث میں ہے:

لکل حد مطلع[1] (ہر حد کے لئے چڑھنے کی جگہ ہے۔ ت)

نہایہ و درنثیر و مجمع البحار و قاموس میں ہے:

ای مصعد یصعد الیہ من معرفۃ علمہ[2] یعنی چڑھنے کی جگہ جس کی طرف وہ اپنی علمی معرفت کے ساتھ چڑھتا ہے۔ (ت)

نیز ثلاثہ اصول و تاج العروس میں ہے:

مطلع الجبل مصعدہ[3] (پہاڑ کا مطلع اس پر چڑھنے کی بلند جگہ ہے۔ ت)

حدیث میں ہے، طلع المنبر (منبر پر چڑھا۔ ت)۔ مجمع البحار میں ہے، ای علاہ[5] (یعنی اس کے اُوپر چڑھا۔ ت)

ظاہر ہے کہ زمین آفتاب پر نہیں چڑھتی، اور مخالف کے نزدیک آفتاب بھی اس وقت زمین پر نہ چڑھا کہ طلوع اس کی حرکت سے نہیں، لاجرم طلوع سرے سے باطل محض ہے مگر سکانِ زمین کو حرکت زمین محسوس نہیں ہوتی، اُنھیں وہم گزرتا ہے کہ آفتاب چلتا، چڑھتا، ڈھلتا ہے لہٰذا طلوع و زوالِ شمس کہتے ہیں، یہ کوئی کافر کہہ سکے مسلمان کیونکر روا رکھ سکے کہ جاہلانہ وہم جو لوگوں کو گزرتا ہے قرآنِ عظیم بھی معاذ اللہ اُسی وہم پر چلا ہے اور واقع کے خلاف طلوع و زوال کو آفتاب کی طرف نسبت فرمادیا ہے

---

[1] اتحاف السادۃ المتقین کتاب آداب تلاوۃ القرآن الباب الرابع دارالفکر بیروت ۴/ ۵۲۷
[2] القاموس المحیط باب العین فصل الطاء مصطفی البابی مصر ۳/ ۶۱
[3] تاج العروس شرح القاموس " " " داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۴۴۲
[4] مجمع بحار الانوار باب الطاء مع اللام مکتبہ دارالایمان المدینۃ المنورہ ۳/ ۴۵۹
[5] " " " " " " " " " " " "

والعیاذ باللہ تعالٰی، لاجرم مسلمان پر فرض ہے کہ حرکتِ شمس وسکونِ زمین پر ایمان لائے واللہ الہادی۔

(۱۰) سورۂ طٰہٰ وسورۂ زخرف دو جگہ ارشاد ہوا ہے:

الذی جعل لکم الارض مهدا[1]　وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا کیا (ت)

دونوں جگہ صرف کوفیوں مثل امام عاصم نے جن کی قراءت ہند میں رائج ہے مَھْدًا پڑھا باقی تمام ائمہ قراءت نے مِھٰدًا بزیادتِ الف۔ دونوں کے معنی ہیں بچھونا، جیسے فرش وفراش یونہی مَھد ومِھاد۔

(۱) پس قراءت عام ائمہ نے قراءت کوفی کی تفسیر فرمادی کہ مَھد سے مراد فرش ہے ____ مدارک شریف سورۂ طٰہٰ میں ہے:

(مهدا) کوفی وغیرهم مهادا وهما لغتان لما یبسط ویفرش[2]۔

(مَھْدًا) یہ کوفیوں کی قراءۃ ہے ان کے غیر مِھادًا پڑھتے ہیں، یہ دونوں لغتیں ہیں، اس کا معنٰی ہے وہ شَے جس کو بچھایا جاتا ہے اور بچھونا بنایا جاتا ہے۔(ت)

اُسی کی سورۂ زخرف میں ہے:

(مَهدًا) کوفی وغیرہ مهادًا ای موضع قرار[3]

(مَھْدًا) کوفی قراءۃ ہے اور اُن کے غیر کی قراءۃ مِھادًا ہے یعنی قرار کی جگہ۔(ت)

معالم شریف میں ہے:

قرأ اهل الکوفة مَهْدًا ههنا وفی الزخرف فیکون مصدرًا ای فرشًا وقرأ الأخرون مهادا کقوله تعالٰی الم نجعل الارض مهادا ای فراشا وهو اسم ما یفرش کالبساط[4]۔

اہلِ کوفہ نے یہاں اور سورۂ زخرف میں مَھْدًا پڑھا ہے یعنی فرش، اور دوسروں نے مِھادًا پڑھا ہے، جیسے اللہ تعالٰی کا قول "کیا ہم نے زمین کو مہاد نہیں بنایا" یعنی فراش۔ وہ اس چیز کا نام ہے جسے بچھایا جاتا ہے جیسے بچھونا۔(ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲۰/۵۳ و ۴۳/۱۰

[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت آیۃ ۲۰/۵۳ دارالکتاب العربی بیروت ۳/۵۵

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۴/۱۱۴

[4] معالم التنزیل (تفسیر بغوی) 〃 〃 دارالکتب العلمیہ بیروت ۳/۱۸۶

marfat.com

تفسیر ابن عباس میں دونوں جگہ ہے: (مَهْدًا) فراشًا[1] (یعنی بچھونا۔ ت)، نیز یہی مضمون قرآن عظیم کی بہت آیات میں ارشاد ہے، فرماتا ہے:

الم نجعل الارض مهادًا۔[2] کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا۔ (ت)

فرماتا ہے:

والارض فرشنٰها فنعم الماهدون[3] اور زمین کو ہم نے فرش کیا تو ہم کیا ہی اچھا بچھانے والے ہیں (ت)

فرماتا ہے:

والله جعل لكم الارض بساطًا۔[4] اور اللہ نے تمھارے لئے زمین کو بچھونا بنایا۔ (ت)

فرماتا ہے:

الذی جعل لكم الارض فراشًا۔[5] جس نے تمھارے لئے زمین کو بچھونا بنایا۔ (ت)

اور قرآن کی بہتر تفسیر وہ ہے کہ خود قرآن کریم فرمائے۔

(ب) بچے ہی کا مَہد ہو تو وہ کیا اس کے بچھونے کو نہیں کہتے۔ جلالین سورۂ زخرف میں ہے: (مهادًا) فراشًا كالمهد للصبی۔[6] (مھادًا) بچھونا جیسے بچّے کے لئے گھوارہ۔ (ت)

لاجرم حضرت شیخ سعدی و شاہ ولی اللہ نے مھدًا کا ترجمہ طٰہٰ میں فرش اور زخرف میں بساط ہی کیا اور شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر نے دونوں جگہ بچھونا۔

(ج) گھوارہ ہی لو تو اس سے تشبیہ آرام میں ہوگی نہ کہ حرکت میں، ظاہر کہ زمین اگر بالفرضِ باطل جنبش بھی کرتی تو اس سے نہ ساکنوں کو نیند آتی ہے نہ گرمی کے وقت ہوا لاتی ہے تو گھوارہ سے اسے بحیثیت جنبش مشابہت نہیں۔ ہے تو بحیثیت آرام و راحت ہے۔ خود گھوارہ سے اصل مقصد یہی ہے نہ کہ ہلانا، تو وجہِ شُبہ وہی ہے نہ یہ۔ لاجرم اسی کو مفسرین نے اختیار کیا۔

(د) لطف یہ کہ علماء نے اس تشبیہِ مَہد سے بھی زمین کا سکون ہی ثابت کیا بالکل نقیض اس کا جو آپ

---

[1] تنویر المقباس من تفسیر ابن عباس تحت آیہ ۲۰/۵۳ و ۴۳/۱۰ مکتبہ سرحد مردان ص ۱۹۵، ۳۰۴
[2] القرآن الکریم ۷۸/۶
[3] القرآن الکریم ۵۱/۴۸
[4] " " ۷۱/۱۹
[5] " " ۲/۲۲
[6] تفسیر جلالین تحت آیت ۴۳/۱۰ مطبع مجتبائی دہلی نصف دوم ص ۴۰۴

چاہتے ہیں، تفسیر کبیر میں ہے:

کون الارض مھدا انما حصل لاجل کونھا واقفۃ ساکنۃ ولما کان المھد موضع الراحۃ للصبی جعل الارض مھد الکثرۃ ما فیھا من الراحات[1]

زمین کا گھوارہ ہونا اس کے ٹھہرنے اور ساکن ہونے کی وجہ سے حاصل ہوا، اور جب گھوارہ بچے کے لئے راحت کی جگہ ہے تو زمین کو اس لئے گہوارہ قرار دیا گیا کہ اس میں کئی طرح متعدد راحتیں موجود ہیں۔ (ت)

خازن میں ہے:

(جعل لکم الارض مھدا) معناہ واقفۃ ساکنۃ یمکن الانتفاع بھا ولما کان المھد موضع راحۃ الصبی فلذلك سمی الارض مھادا لکثرۃ ما فیھا من الراحۃ للخلق[2]

(تمہارے لئے زمین کو گھوارہ بنایا) اس کا معنیٰ ہے کہ وہ ٹھہری ہوئی پُرسکون ہے جس سے نفع اٹھانا ممکن ہے۔ جبکہ گہوارہ بچے کے لئے راحت کی جگہ ہے تو اسی لئے زمین کا نام گھوارہ رکھا گیا کیونکہ اس میں مخلوق کے لئے کثیر راحتیں موجود ہیں۔ (ت)

خطیب شربینی پھر فتوحات الٰہیہ میں زیر کریمۂ زخرف ہے:

ای لوشاء لجعلھا متحرکۃ فلا یمکن الانتفاع بھا فالانتفاع بھا انما حصل لکونھا مسطحۃ قارۃ ساکنۃ[3]

یعنی اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو زمین کو متحرک بناتا جس سے نفع حاصل کرنا ممکن نہ ہوتا۔ نفع تو اس سے اس صورت میں حاصل ہوا کہ وہ ہموار، قرار پکڑنے والی اور ساکن ہے۔ (ت)

اس ارشادِ علماء پر کہ "زمین متحرک ہوتی تو اس سے انتفاع نہ ہوتا" کا سر لیسان فلسفہ جدیدہ کو اگر یہ شُبہ لگے کہ "اس کی حرکت محسوس نہیں" تو اُن سے کہئے یہ تمہاری ہوس خام ہے۔ "فوزمبین" دیکھئے ہم نے خود فلسفۂ جدیدہ کے مسلّمات عدیدہ سے ثابت کیا ہے کہ اگر زمین متحرک ہوتی جیسا وہ مانتے ہیں تو یقیناً اس کی

---

[1] مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) تحت آیۃ ۴۳/۱۰ المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر ۲۷/۱۹۶

[2] لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر الخازن) تحت آیت ۴۳/۱۰ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۱۰۶

[3] الفتوحات الالٰہیہ (جمل) " " " مصطفی البابی مصر ۴/۷۷

حرکت ہر وقت سخت زلزلہ اور شدید آندھیاں لاتی، انسان حیوان کوئی اس پر نہ بس سکتا۔ زبان سے ایک بات ہانک دینا آسان ہے مگر اس پر جو قاہر رَد ہوں اُن کا اُٹھانا ہزار ہا بانس پیراتا ہے۔

(۱۱) دیباچہ میں جو آپ نے دلائل حرکت زمین کتب انگریزی سے نقل فرمائے الحمدللہ ان میں کوئی نام کو تام نہیں سب پا در ہوا ہیں، زندگی بالخیر ہے تو آپ ان شاء اللہ تعالٰی ان سب کا رَدِّ بلیغ فقیر کی کتاب فوزمبین کی فصل چہارم میں دیکھیں گے بلکہ وہ آٹھ سطریں جو میں نے اول میں لکھ دی ہیں کہ یورپ والوں کو طرزِ استدلال اصلاً نہیں آتا انھیں اثباتِ دعوٰی کی تمیز نہیں، اُن کے اوہام جن کو بنامِ دلیل پیش کرتے ہیں یہ علّتیں رکھتے ہیں، منصف ذی فہم مناظرہ داں کے لئے وہی ان کے رَد میں بس ہیں کہ دلائل بھی اُنھیں علّتوں کے پابندِ ہوس ہیں اور بفضلہٖ تعالٰی آپ جیسے دیندار سُنّی مسلمان کو تو اتنا ہی سمجھ لینا کافی ہے کہ ارشادِ قرآنِ عظیم و نبی کریم علیہ افضل الصّلوٰۃ والتسلیم و مسئلہ اسلامی و اجماعِ امتِ گرامی کے خلاف کیونکر کوئی دلیل قائم ہوسکتی، اگر بالفرض اس وقت ہماری سمجھ میں اس کا رَد نہ آئے جب بھی یقیناً وہ مردود اور قرآن وحدیث واجماع سچے۔ یہ ہے بحمداللہ شانِ اسلام۔

محبِ فقیر! سائنس یُوں مسلمان نہ ہوگی کہ اسلامی مسائل کو آیات و نصوص میں تاویلات دور از کار کرکے سائنس کے مطابق کرلیا جائے۔ یوں تو معاذ اللہ اسلام نے سائنس قبول کی نہ کہ سائنس نے اسلام۔ وہ مسلمان ہوگی تو یوں کہ جتنے اسلامی مسائل سے اُسے خلاف ہے سب میں مسئلہ اسلامی کو روشن کیا جائے دلائلِ سائنس کو مردود و پامال کردیا جائے جابجا سائنس ہی کے اقوال سے اسلامی مسئلہ کا اثبات ہو، سائنس کا ابطال واسکات ہو، یُوں قابو میں آئے گی، اور یہ آپ جیسے فہیم سائنس داں کو باذنہٖ تعالٰی دشوار نہیں آپ اُسے بچشمِ پسند دیکھتے ہیں ع

وعین الرضاء عن کل عیب کلیلۃ[1]

(رضامندی کی آنکھ ہر عیب کو دیکھنے سے عاجز ہوتی ہے۔ت)

اُس کے معائب مخفی رہتے ہیں مولٰی عزّوجل کی عنایت اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی اعانت پر بھروسا کرکے اس کے دعاوی باطلہ مخالفۂ اسلام کو بنظرِ تحقیر و مخالفت دیکھئے اُس وقت ان شاء اللہ العزیز القدیر اس کی ملمع کاریاں آپ پر کُھلتی جائیں گی اور آپ جس طرح اب دیوبندیہ مخذولین پر مجاہد ہیں یونہی سائنس کے مقابل آپ نصرتِ اسلام کے لئے تیار ہوجائیں گے کہ ع

---

[1] فیض القدیر شرح الجامع الصغیر تحت الحدیث دارالکتب العلمیۃ بیروت ۴۸۸/۳

marfat.com

وَلٰکن عین السخط تبدی المساویا[1]

(لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو عیاں کرتی ہے۔ ت)

مولوی قدس سرہ المعنوی فرماتے ہیں: ؎

دشمنِ راہِ خدا را خوار دار دُزد را منبر منہ بر دار دار[2]

(اللہ تعالٰی کے راستے کے دشمن کو ذلیل رکھ، چور کے لئے منبر مت بچھا بلکہ اسکو سُولی پر رکھ۔ ت)

ربِ کریم بجاہِ نبی رؤف رحیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ہمیں اور آپ اور ہمارے بھائیوں اہل سنت خادمانِ ملّت کو نصرتِ دینِ حق کی توفیق بخشے اور قبول فرمائے، آمین!

الٰہ الحق اٰمین واعف عنّا واغفرلنا وارحمنا انت مولٰینا فانصرنا علی القوم الکٰفرین ۰ والحمد للہ ربّ العٰلمین ۰ وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیّدنا و مولٰینا محمد و اٰلہ وصحبہ وابنہ وحزبہ اجمعین ۰ اٰمین واللہ تعالٰی اعلم۔

اے معبودِ برحق! ہماری دُعا قبول فرما، اور ہمیں معاف فرمادے اور بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہمارا مولٰی ہے۔ تُو کافروں پر ہمیں مدد دے۔ اور تمام تعریفیں اللہ ربّ العٰلمین کیلئے ہیں۔ اللہ تعالٰی درود نازل فرمائے ہمارے آقا محمد مصطفٰی اور آپ کی آل، اصحاب، اولاد اور تمام اُمّت پر۔ آمین۔ اور اللہ تعالٰی خوب جانتا ہے۔ (ت)

رسالہ

نزول آیات فرقان بسکون زمین و آسمان

ختم ہوا

---

[1] فیض القدیر شرح الجامع الصغیر تحت الحدیث ۳۶۶۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۳/ ۴۸۸

[2] مثنوی معنوی رجوع بحکایت زاہد با غلام امیر دفتر پنجم مؤسسہ انتشارات اسلام لاہور ص ۳۵۱

marfat.com

فتاوٰی رضویہ

جلد 30

رضا فاؤنڈیشن لاہور

Index

تشریح افلاک وعلم توقیت وتقویم

مسئلہ ۲۲ از ملک بنگالہ ضلع فرید پور موضع پٹوراکانہ ے مرسلہ محمد شمس الدین صاحب
کواکب خود بالطبع آسمان میں گھومتے ہیں یا بحرکتِ قسری بالتبع چکر کھاتے ہیں؟

الجواب

ہمارے نزدیک کواکب کی حرکت نہ طبعیہ ہے نہ تبعیہ، بلکہ خود کواکب بامرالٰہی وتحریک ملائکہ آسمانوں میں دریا میں مچھلی کی طرح تیرتے ہیں۔

قال اللہ تعالٰی کل فی فلک یسبحون[1] وقال اللہ تعالٰی والشمس تجری لمستقرلہا ذٰلک تقدیر العزیز العلیم[2]، وقال تعالٰی سخرلکم الشمس والقمر دائبین[3] وقال تعالٰی کل یجری الٰی اجل مسمّی[4]

اللہ تعالٰی فرماتا ہے ہرستارہ ایک آسمان میں تیرتا ہے۔ اور اللہ عزوجل فرماتا ہے سورج اپنے مستقر کیلئے جاری ہے یہ غالب علم والے کا حساب ہے۔ اور اللہ تعالٰی فرماتا ہے سورج اور چاند کو تمہارے لئے مسخر فرمایا جو مسلسل چل رہے ہیں۔ اور فرمایا ایک مقررہ وقت کیلئے سب حرکت میں ہیں۔

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/۴۰
[2] القرآن الکریم ۳۶/۳۸
[3] 〃 〃 ۱۴/۳۳
[4] 〃 〃 ۳۱/۲۹

ہمارے نزدیک نہ زمین متحرک ہے نہ آسمان۔

قال اللہ تعالیٰ ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکہما من احد من بعدہ[1]

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) بے شک اللہ روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمینوں کو کہ ہٹ نہ جائیں اور جو وہ ہٹیں تو خدا کے سوا انہیں کون روکے۔

سعید بن منصور اپنی سنن اور عبد بن حمید اور ابن جریر اور ابن منذر اپنی تفاسیر میں شقیق سے راوی:

قال قیل لابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان کعبا یقول ان السماء تدور فی قطبۃ مثل قطبۃ الرحا فی عمود علی منکب ملک قال کذب کعب ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا۔ وکفی بہا زوالا ان تدور[2]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بتایا گیا کہ حضرت کعب کا کہنا ہے کہ آسمان چکی کے پاٹ کی طرح ایک کیل میں جو ایک فرشتے کے کندھے پر گھوم رہا ہے، آپ نے فرمایا: کعب غلط کہتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس نے آسمان وزمین کو ٹلنے سے روک رکھا ہے اور حرکت کے لئے ٹلنا ضروری۔

عبد بن حمید قتادہ سے راوی:

ان کعبا کان یقول ان السماء تدور علی نصب مثل نصب الرحا فقال حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کذب کعب ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا[3]

حضرت کعب احبار فرماتے تھے کہ آسمان چکی کی طرح کیلے پر گھوم رہا ہے۔ حذیفہ ابن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے آسمان وزمین کو ٹلنے سے روک رکھا ہے۔

ان دونوں حدیثوں کا حاصل یہ ہے کہ حضرت افقہ الصحابہ بعد الخلفاء الاربعۃ سیدنا عبداللہ بن مسعود وحضرت صاحب سر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہم سے عرض کی گئی: کعب کہتے ہیں آسمان گھومتا ہے۔ دونوں صاحبوں نے کہا: کعب غلط کہتے ہیں۔ اور وہی آیۃ کریمہ اس کے رد میں تلاوت فرمائی۔

---

[1] القرآن الکریم ۳۵/ ۴۱
[2] الدر المنثور تحت آیۃ ۳۵/ ۴۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۳۲
[3] " " " " " " " ۷/ ۳۲

۱۱۵

اقول وان کان الزاعم ان یزعم ان الزوال بمعنی الحرکۃ الاینیۃ ولکن کبراء الصحابۃ رضی اللہ تعالٰی عنہم اعرف منا بتفسیر القراٰن فلایجوز الاستدراک علیہم عند من نور اللہ بصیرتہ جعلنا اللہ منہم بحرمتہم عندہ اٰمین!

میں کہتا ہوں کہ کوئی شخص یہ گمان کرسکتا ہے کہ زوال تو حرکت اینیہ کو کہتے ہیں لیکن بزرگ ترین صحابہ ہم سے زیادہ قرآن کی تفسیر کے جاننے والے تھے کہ ان کے کہے ہوئے کو (رضی اللہ تعالٰی عنہم) وہ شخص رَد نہیں کرے گا جسے خدا نے نورِ بصرت دیا۔ اللہ ان کے صدقے میں ہمیں بھی انھیں کا ساتھ کرے آمین۔

مسئلہ ۲۳ ایضًا

سبع سیارہ کا بیان کس آیت میں ہے؟

الجواب

قال اللہ تعالٰی والشمس والقمر والنجوم مسخّرات بامرہ۔[1]

اللہ تعالٰی فرماتا ہے: سورج، چاند اور ستارے سب اسی کے حکم کے فرمانبردار ہیں۔

اور کل فی فلک[2] سے بھی اس طرف اشارہ ہے کہ اس میں ساتٌ حرف ہیں اپنے نفس پر دائرٌ اور زین کا بیان تو بکثرت فرمایا، خاص متحیرات خمسہ کا ذکر فلا اقسم بالخنس الجوار الکنس[3] میں ہے، میں قسم یاد فرماتا ہوں دُبک جانے والوں، چلنے والوں کی۔ یہ ان کے وقوف، استقامت و رجعت کا بیان ہے کہ سیدھے چلتے ہیں، پھر ٹھہر جاتے ہیں، پھر پیچھے ہٹتے ہیں، پھر ٹھہرتے ہیں، پھر سیدھے ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ان کو متحیرہ کہتے ہیں۔ ابن ابی حاتم تفسیر میں امیر المومنین مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم سے فلا اقسم بالخنس کی تفسیر میں راوی:

قال خمسۃ انجم زحل وعطارد والمشتری وبہرام والزھرۃ لیس فی الکواکب شیئ یقطع المجرۃ غیرھا۔[4]

فرمایا: وُہ پانچ ستارے ہیں: زحل، عطارد، مشتری، مریخ، زہرہ۔ کوئی ستارہ ان کے سوا کہکشاں کو قطع نہیں کرتا۔

---

[1] القرآن الکریم ۱۶/ ۱۲
[2] 〃 〃 ۳۶/ ۴۰
[3] 〃 〃 ۸۱/ ۱۵ و ۱۶
[4] الدر المنثور بحوالہ ابن ابی حاتم تحت آیۃ فلا اقسم بالخنس دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۳۹۵

یعنی ثوابت میں جو کہکشاں پر ہیں وہ وہیں ہیں جو اس کے اِدھر اُدھر ہیں، وہ وہیں ہیں ان کی حرکت طبیعہ خفیفہ خفیہ ایسی نہیں کہ ابھی کہکشاں سے ادھر تھے چند ہی مدت میں اُس پار چلے گئے۔ یہ شان انھیں پانچ نجوم کی ہے۔ واللہ اعلم

مسئلہ ۲۴: از میرٹھ لال کرتی بازار مرسلہ جناب حاجی شیخ علاؤالدین صاحب ۲۸ ربیع الآخر شریف ۱۳۲۰ھ

قاعدہ استخراج تقویمات کواکب از المینک

کوکب مطلوب کے صفحات میں سے ماہ مطلوبہ کے مقابل کے خانہ اپرینٹ رایٹ اسینشن یعنی مطالع استواء سے رقم گھنٹہ منٹ سیکنڈ لے کر اس کی تحویل اجزائے محیط میں بموجب جدول پنجم کی دوسرے حصہ کے کرلیں بعد تحویل کے جدول نمبر دوم یعنی جدول مطالع البروج بخط الاستواء المبتدائن اول الحمل میں دے کر مطالع کی تحویل میں طوالع میں کرلیں جو حاصل ہوگا وہ درجہ تقویمی کوکب یعنی منطقۃ البروج ہوگا۔ اگر اس تقویم بروج یونانیہ کو ہندی بروج کی تقویم میں تحویل کرنا ہو تو یونانی تقویم میں سے ۲۲ درجہ ۱۰ دقیقہ گھٹا دو حقیقی تقویم حاصل ہوجائیگی یعنی مشاہدہ جس برج پر اور جس درجہ میں وُہ کوکب ہوگا وُہ درجہ ان کا آئے گا۔ اور یہ وہ فرق ہے جو نقطہ حمل کے اپنے مرکز اصلی کے ہٹ جانے سے پیدا ہوگیا ہے۔

الجواب

یہ قاعدہ محض باطل ہے۔ واضع نے جزء عاشر کو جزء تقویمی سمجھ لیا۔ اس عمل سے فلک البروج کا وہ جُز حاصل ہوگا کہ ہنگام طلوع کوکب دائرہ نصف النہار پر ہوئیہ عاشر ہے نہ کہ تقویم۔ فقیر غفرلہ نے المنک سے تقویمات کواکب نکالنے کے چار طریق رکھے ہیں، نیز اس سے استخراج طالع وقت کے چار طریق اور ان کے بیان میں رسالہ مسفر المطالع للتقویم والطالع لکھا اس کے طریق سوم کا سب میں پہلا ابتدائی خفیف عمل یہ ہے جس کا نام واضع نے "قاعدہ استخراج تقویم" رکھا، ہم اس مقام سے اپنے رسالہ کے چند سطور نقل کریں کہ حال واضح ہو:

طریق سوم استعلام تقویم کوکب از مطالع ممر و میل اوّل (۱) ساعات مطالع ممر را در نُہ زدہ در جدول مطالع استوائیہ مقوس کنند تا عاشر بدست آید۔ (واضع صاحب کا قاعدہ یہیں ختم ہوگیا، اس کے بعد ملاحظہ ہو کیا درکار ہے کہ تقویم

تیسرا طریقہ ستاروں کی گزرگاہ اور اس کے میل سے تقویم کوکب (ستارے کے حال) کے معلوم کرنے کا ہے۔ میں کہتا ہوں: (۱) گزرگاہ کے مطالع کی ساعتوں کو نو (۹) سے ضرب دے کر مطالع استوائیہ کے جدول (نقشے) میں تقولیس (جیب کے

حاصل ہو)۔ (۲) میلش برآرند (۳) پس اگر موافق الجہۃ باشد با میل کوکب آنگاہ میل عاشر را بر تمام میل کوکب افزایند ورنہ کاہند اگر در فزودن از صہ بیرون رود تمامش تا قف گیرند ارتفاع عاشر باشد (۴) ظل تمامش گرفتہ منحط گردہ محفوظ دارند (۵) یا زیر مطالع ممر معلوم ربع در فزودہ مجموع را درج سوا اعتبار کردہ جیب بعدش از اعتدال اقرب گیرند (۶) ایں جیب را در جیب میلی کلی منحط زدہ حاصل را در محفوظ زنند ظل تعدیل طالع بدست آید (۷) در جدول ظل متوس کنند کہ تعدیل است (۸) پس ہماں درج سوا از مطالع استوائیہ گیرند (۹) باز نظر کنند کہ میل کوکب شمالی ست یا جنوبی بحال شمالیت اگر عاشر در نصف جدوی اعنی از اول جدی تا آخر جوزا باشد تعدیل را بریں مطالع استوائیہ افزایند۔ مگر میل عاشر در ربع اول منطقہ ازید از میل کوکب باشد و اگر در نصف سرطانی اعنی از اول سرطانی تا آخر قوس بود تعدیل را از مطالع مذکورہ کاہند مگر آنکہ عاشر زائد المیل در ربع دوم منطقہ بود بحال جنوبیت اگر عاشر در نصف سرطانی است تعدیل افزایند مگر آنکہ زائد المیل در ربع سوم باشد و اگر در منطقہ بود بحال نصف جدوی ست کاہند مگر آنکہ بازیادت میل در ربع باشد (۱۰) عمل معلوم حسب حاجت کنند کہ تقویم است۔

مقابل آنے والی تقویس یعنی دائرے کے حصّے کا معلوم کریں تاکہ عاشر (دسواں حصہ) ہاتھ آئے (واضع صاحب کا قاعدہ یہیں ختم ہوا) اس کے بعد ملاحظہ ہو کیا درکار ہے کہ تقویم حاصل ہو (۲) اس کا میل نکالیں (دائرہ معدل النہار سے آفتاب کی دوری کو میل اور دوسرے ستاروں کی دُوری کو بُعد کہتے ہیں، اس عبارت میں ستارے کی دُوری کو بھی میل کہا گیا ہے) (۳) پھر اگر میل، جہت میں موافق ہو میل کواکب کے تو اس وقت میل عاشر کو تمام میل کوکب پر بڑھائیں گے اور اگر جہت میں موافق نہ ہو تو کم کردینگے، اگر زیادہ کرنے کی صورت میں صہ (ساٹھ درجوں سے زائد ہو تو تمام میل قف (۱۸۰ ایک سو اسی درجے) تک لیں، یہ عاشر کا ارتفاع ہوگا (۴) اس کا ظل تمام لے کر کم کریں اور باقی محفوظ کرلیں (۵) پھر گزرگاہ کے مطلع پر چوتھائی حصے کو زائد کرکے مجموع کا اعتبار کرکے اس کے بعد کا جیب اعتدال سے قریب لیں۔ (۶) اس جیب کو میل کل سے کم کرکے محفوظ میں ضرب دیں ظل تعدیل طالع حاصل ہوجائے گا۔ (۷) ظل کے جدول میں اس کی تقویس کریں کہ تعدیل ہے (۸) پس اس مجموع کو مطالع استوائیہ سے لیں (۹) پھر دیکھیں کہ ستارے کا میل شمالی ہے یا جنوبی، اگر شمالی ہے اور عاشر نصف جدوی یعنی بُرج جدی کی ابتداء سے جوزا کے آخر تک ہے تو تعدیل کو ان مطالع استوائیہ پر زیادہ کریں گے، مگر اس صورت میں کہ عاشر کا میل منطقہ کے ربع اول میں میل کوکب سے زیادہ ہو

اور اگر نصف سرطانی یعنی برج سرطان کی ابتداء سے لے کر برج قوس کے آخر تک ہو تو تعدیل کو مطالع مذکورہ سے کم کردیں گے مگر اس صورت میں کہ عاشر کا میل منطقہ کے ربع دوم میں زیادہ ہو میل کوکب سے اور اگر ستارے کا میل جنوبی ہے اگر عاشر نصف سرطانی میں ہے تو تعدیل کو زیادہ کریں گے مگر اس صورت میں کہ عاشر کا میل کوکب کے میل سے زیادہ ہو۔ اور اگر نصف جدی میں ہو تو تعدیل کو مطالع مذکورہ سے کم کردیں گے، مگر اس صورت میں کہ عاشر کا میل کوکب کے میل سے زیادہ ہو۔ اور اگر نصف جدی میں ہو تو تعدیل کو مطالع مذکورہ سے کم کردیں گے، مگر اس صورت میں کہ میل زیادہ ہو اور ربع میں ہو (۱۰) عمل معلوم حاجت کے مطابق کریں کہ یہی تقویم ہے۔ (ت)

زیج بہادرخانی سے مطالع استوائیہ کا ایک جدول بعینہٖ نقل کردیا ہے۔ ہم نے اپنے محاسبہ خاصہ سے اس کی تجدید کی ہے، تاہم یہ بھی تقریب کو کافی ہے۔ بروج یونانیہ وہندیہ میں ۱۰۲۲ کا فرق بشدت غلط ہے بلکہ اسی سال کے آغاز یعنی یکم محرم ۱۳۳۰ھ کو مالشم لوم فرق تھا یعنی ۲۰ َ ۴۰ ٹ ۲۲ ° سے کچھ زائد اور روزانہ ترقی پر ہے یہاں تک کہ دنیا باقی رہی تو رجب ۲۹۷۱ھ میں پُورے ایک بُرج کا تفاوت ہوجائے گا اس الثور سے ہندی سیکھ کی شنکرانت ہوگی۔ اس ہندی حساب کو حقیقی تقویم کہنا ٹھیک نہیں حقیقی تقویم یہی ہے جو محل تقاطع سے ہے، اسی سے حسابِ فصول ہے اسی سے حسابِ کمی بیشی روز وشب ہے، اسی سے حسابِ مطالع ہے، اسی سے حسابِ طلوع غروب و سائر اوقات ہے، ہندی تقویم تقویم صوری ہے کہ صورت پرستوں نے صورت کواکب پر اس کی بنا رکھی ہے[1]۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۲۵: از میرٹھ بازار لال کرتی مرسلہ شیخ علاؤ الدین صاحب ۱۱ شوال مکرم ۱۳۳۰ھ

حامیِ سنّت، ماحیِ بدعت، مخدومی و معظمی حضرت مولانا مولوی احمد رضا خاں صاحب مدظلکم العالی، بعد تقدیم ہدیہ سلام و مراسم نیازمندی عرض ہے کہ مولوی عبداللہ صاحب جنھوں نے قاعدہ استخراج تقویم کواکب از مطالع استوائیہ مرقومہ المینک کمترین کو بتایا تھا ان سے جب کمترین نے ان کے قاعدہ کی غلطی کا اظہار کیا اور جنابِ والا کی تحریر دکھائی اس سے اطمینان نہ ہوا اور جنابِ والا کی تحریر کا مفہوم ان کی سمجھ میں نہیں آیا، بلکہ وہ کہتے ہیں کہ یہ قاعدہ بالکل ٹھیک ہے اور میں اپنی ولایتی ستارہ بیں مشاہدہ کواکب کو دکھا کر آپ کا اطمینان کراسکتا ہوں، چنانچہ کمترین نے ان سے وعدہ لیا ہے کہ بعد رمضان المبارک چند روز کے واسطے مع ستارہ بیں کے یہاں تشریف لاکر میرا اطمینان کردیں۔ لہٰذا امید

---

[1] مسفر المطالع للتقویم والطالع

کہ اس وقت تک رسالہ مسفر المطالع کے طبع کرانے میں توقف کیا جائے۔ زیادہ حدِ ادب!

الجواب

اُس قاعدۂ تقویم کی نسبت گزارش ہے کہ :

(۱) ستارہ ہیں کہ آنے پر کیوں محمول فرمائیے خود المینک ایک اعلیٰ ستارہ ہیں ہے اس سے ملاحظہ کیجئے جس وقت اس نے دو کوکبوں کا قرآن لکھا ہو اگر ان میں ایک قمر ہے تو اس کی تقویم وقت قرآن کے لئے تعدیل ما بین السطرین سے لیجئے اور دوسرے کی اس قاعدہ سے ملاحظہ ہو کر دونوں میں کتنا فرق آتا ہے۔

(۲) یہ بھی نہ سہی نہایت سہل امکان گزارش کروں قمر کی تقویم نصف النہار و نصف اللیل روزانہ مکتوب ہے اور ہر گھنٹے کے مطالع قمر بھی ان مطالع کو تحویل و تقویس کرکے دیکھ لیجئے کس قدر تفاوت پڑتا ہے مثلاً ایک مثال گزارش، اس سال اکتوبر ۱۲ بجے کے مطالع لکھے ہیں ۶۵۴۵۵۶۵/ درجات ہیں اس کی تحویل ہوئی۔ تح تح نٹ لط جدول مطالع استوائی میں اس کے طوالع ہوئے ۸ہ ۴ہ ۲ ۱۰ حالانکہ اس وقت تقویم قمر ہے ۸ہ ۲۸ ۱۰ نصف درجہ کا فرق ہوا کہ ہرگز مخفی نہیں اور کہیں اس سے بھی زائد آئے گا کہیں کم کہیں قریب تطابق۔ یہ عقم قاعدہ کی دلیل روشن ہے یہی حال ہر کوکب میں ہوگا مگر شمس اس میں حاجت نہیں کہ اس کی جس وقت کے مطالع مر لکھے اُسی وقت کی تقویم ضو بھی مکتوب ہے۔

(۳) اہل ہیئات جدیدہ سہولت کے کمال حریص ہیں حتی کہ اس کے لئے مساہلت گوارا کرتے ہیں جیسا کہ ان کے اعمال و حقائق اعدائی کے مطالع پر مخفی نہیں یہاں بھی جو قواعد برہانیہ کے فقیر نے استنباط کئے ایسے نہ تھے ان کی فکر وہاں تک پہنچتی مگر طول اہل و کثرتِ عمل کے باعث اُن سہل انگاروں نے ان سے گریز کرکے یہ آسان قاعدہ رکھا جو میں نے آپ سے یہاں گزارش کیا تھا۔ اسی کی خاطر روزانہ ہر کوکب کا طول بفرض مرکزیت شمس اور عرض بفرض مذکور اور لوگارثم بُعد کے خانے دیتے اور اتنے اعمال گوارا کئے اگر وہ سہل سی بات کافی ہوتی تو کیا ان کا سر پھرا تھا کہ تحقیق و تدقیق چھوڑ کر تطویل میں پڑتے۔

(۴) صرف دو خط افق و نصف النہار تو کیا کام دے سکتے ہیں ہاں ایسے آلات میں ارتفاع بنانے کو اور خطوط بھی ہوتے ہیں مگر مقنطرات دوائر عرضیہ میں بون بعید ہے ہاں یہ کہ کوکب اول السمٰوٰت پر ہوا اور عرض اقلیم رؤیت منتفی وہ نادرہ ہے اور یہ بریلی و میرٹھ اور ان سے شمال میں آخر تک اور جنوب میں تقریباً ساڑھے تین سو میل تک عادۃً ناممکن ہے اگرچہ قدرت میں سب کچھ ہے۔

(۵) ایک قولِ فیصل عرض کروں، دو حال سے خالی نہیں، ستارہ ہیں سے جو تقویم نظر آئی تقویم محسوب بقاعدہ مولوی صاحب سے مطابق ہوگی یا مخالف، اگر مخالف ہو جب تو صحت قاعدہ کا ثبوت ہی نہ ہُوا، اور مطابق ہو تو اور اُلٹی غلطیٔ قاعدہ کا ثبوت ہوگیا کہ انکسار کدھر جائے گا اختلاف منظر کدھر جائے گا۔ تقویم مرئی کبھی تقویم حقیقی کے مطابق نہیں ہوتی حتی کہ اس وقت بھی کہ کوکب دائرہ نصف النہار پر ہو مگر صرف اس حالتِ نادرہ میں کہ عین سمت الراس پر ہو۔

جناب نے طبع رسالہ ابھی ملتوی رکھنے کو فرمایا ہے وہ خود ملتوی ہے۔ رَدِّ وہابیہ خذلہم اللہ تعالٰی کے دس رسالے زیر طبع ہیں،

(۱) سلی الثبوت (۲) ایجاب التکیر (۳) سبحٰن السبوح (۴) مزق تلبیس (۵) الھیئۃ الجباریہ
(۶) دامان باغ (۷) پیکان جانگداز (۸) القمع المبین (۹) تعالی السبوح (۱۰) تازیانہ غطیہ

پھر ان کے بعد ان شاء اللہ الکریم الدولۃ المکیہ، الفیوض الملکیہ، حاسم المفتری، القثم الخاصم، الکاری فی العادی والغادی، الجسم الثانوی، اشد الباس، ادخال السنان، اقامۃ المواتۃ، نوس الفرقان کی باری ہے وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ وہابیہ کی خدمت گزاری سے فرصت ہو تو اور طرف توجہ ہو۔ لیکن اگر یہ فرمانا اس بناء پر ہے کہ شاید ستارہ بیں قواعد رسالہ کی غلطی ثابت کرے تو کس سے اطمینان فرمائیں، سوا اس قاعدہ کے جو میں نے جناب سے گزارش کیا اور معمول ہیأت جدیدہ ہے کہ تقریب قریب ہوتا ہے مگر تحقیق سے دقیقہ تک تفاوت لاتا ہے۔ قواعد کہ فقیر نے استنباط کئے مبرہن براہین ہندسیہ ہیں، اگر ان کے خلاف بتائے تو یقیناً آلہ غلط ہے نہ کہ براہین۔ بعض آلات خود ناقص ہوتے ہیں، بعض کو بنانے والا غلط بناتا ہے، بعض وقت صحیح آلہ غلط لگایا جاتا ہے، بعض وقت مدلول آلہ کو لگانے والا غلط ادراک کرتا ہے، آلہ اپنے منتہائے کار کے بعد بھی حساب کا محتاج ہے اور حساب اکثر محتاجِ آلہ نہیں، آلہ کیسا ہی دقیق ہو دقیقی حساب تک نہیں پہنچ سکتا، حساب توالی ثوالث بتاتا ہے اور عام آلات صرف درجات یا غایت درجہ انصاف درجہ اگر دقائق بتائے تو اعجوبۂ دہر ہے مگر توالی ضرور نا متصور۔ آخر یہ تو قاعدہ کے متعلق سمع خراشی تھی اتنا فقیر کو ماموں کہ اس ستارہ بیں کی قیمت اور جائے وجہ ان سے مطلع کیا جاؤں۔ جناب فرماتے ہیں بہت بیش قیمت ہے تو میں کہاں پا سکوں، مولوی صاحب نے کہاں سے حاصل فرمائی، کس طرح ملی، جب ایسی بیش قیمت ہے تو زحل کے حلقے مشتری کے چاروں قمر جو لود سطا وغیرہما کو اکب جدیدہ بھی دکھاتی ہوگی۔ والسلام مع الاکرام

مسئلہ ۲۶　ازمیرٹھ　محل مذکور　۱۲ شوال ۱۳۳۰ھ

حامی دین متین، ناصر شرع مبین مدظلکم العالی۔ بعد تقدیم ہدیہ سلام و مراسم نیازمندی مطالع اتوائے کواکب جو المنک میں مرقوم ہیں وہ صحیح اور حقیقی مطالع ہیں یا نہیں، اور باعتبار مرکز زمین استخراج کئے گئے ہیں یا نہیں؟ امید کہ جواب سے جلد سرفراز بخشی جائے، نہایت مشکور امر باعث ہوگا۔ زیادہ نیاز۔ عریضہ کمترین علاؤالدین۔

الجواب

رئیس دین پرور دامت معالیہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ المنک میں جو مطالع مرشمس وقمر و ہر کوکب کے لئے ہیں سب بلحاظ مرکز زمین حقیقی اور بقدر کافی تحقیق و صحیح ہیں مگر ان سے طوالع حاصل کرنا شمس میں ہمیشہ تقویم سے مطابقت لائے گا اور دیگر کواکب میں نادر، اکثر اختلاف دے گا، جس کی مقدار نصف درجہ سے بھی زائد تک ہوگی۔ وجہ یہ ہے کہ یہ مطالع حقیقیہ مطالع اجزا منطقۃ البروج ہیں کہ انھیں کے میل وبعد عن الاعتدال الاقرب سے اخذ کئے جاتے ہیں۔ شمس دائماً ملازم منطقہ ہے تو اس کی تقویم ہمیشہ نفس منطقہ پر ہوتی ہے اور وہی طوالع مطالع ہیں بخلاف دیگر کواکب کے کہ اپنے تمام دورہ میں صرف دوبار منطقہ پر آتے ہیں جب کہ اپنے راس و ذنب پر ہوں یا متحیرات کے باعث دوچار بار اور اسی وقت تقویسی مطالع ان کی تقویم ٹھیک بتائے گی یا اس وقت کہ کوکب مارہ بالاقطاب الاربعہ پر ہو کہ اب میلیہ وعریضہ متحد ہوجائیں گے باقی اوقات اختلاف دے گی۔ والسلام

مسئلہ ۲۷　ازمیرٹھ　مرسلہ حاجی صاحب مذکور　۳۰ شوال ۱۳۳۰ھ

کمترین کو فی الحال بعد ملاقات مولوی عبداللہ صاحب کے بیشک یہ خیال پیدا ہوگیا تھا کہ اس ستارہ بین کے مشاہدے سے مولوی صاحب ممدوح کے قاعدہ کی تصدیق ہوجائے گی تو اس صورت میں رسالہ معلومہ کے قاعدہ میں کچھ سہو سمجھنا پڑے گا مگر چونکہ حضور والا کی تحریر سے معلوم ہوگیا کہ رصدی آلہ کے مشاہدات سے براہین ہندسیہ کی تردید نہیں ہوسکتی لہٰذا ایسی صورت میں ستارہ بین کہ مشاہدات سے استدلال ہی فضول ہے۔ قبل ازیں کمترین کو یہ گمان تھا کہ آلہ رصد کے مشاہدات سے جو بات ثابت ہوئی اس میں غلطی کی گنجائش نہیں ہے اس وجہ سے کمترین نے رسالہ مسفر المطالع کے متعلق التوا کی درخواست کی تھی مگر اب چونکہ حقیقت اس کے خلاف نکلی لہٰذا اس کے طبع کرانے میں التوا کی ہرگز ضرورت نہیں ہے صرف ایک بات دریافت طلب رہ گئی ہے کہ تقویس مطالع کواکب سے جو تقدیم حاصل ہوتی ہے اس کا فرق تقویم اصلی سے زیادہ سے زیادہ کس قدر ہوسکتا ہے یعنی ایک درجہ سے زیادہ فرق ہوسکتا ہے یا

نہیں ؛ امید کہ جواب سے سرفراز بخشی جائے۔ حضور کے دوسرے والانامہ سے یہ بالکل تحقیق ہوگئی کہ قوسیں
مطالع ممر سے دوسرے کواکب کی تقویم اصلی سوائے چند خاص نادر موقعوں کے نہیں نکل سکتی۔ اس قدر سمع خراشی
اور تکلیف دہی کی جو ان تحریرات وغیرہ میں حضورِ والا کو ہوئی نہایت ادب سے معافی چاہتا ہوں۔ عریضہ
کمترین علاء الدین عفی عنہ۔

الجواب

ہاں ایک نہیں ڈیڑھ درجے سے بھی زائد غلطی دے گا۔ مثالِ حاضر ۸ رمضان المبارک ۱۳۳۰ھ
مطابق ۲۲ اگست ۱۹۱۲ء عطارد کے مطالع استوائی یعنی مطالع ممر تحی ۲۷ زما قوس میں اس کی تحویل
نمط مالر بہ جدول مطالع استوائی میں اس کی تقویس ۲۶ ماہ مرف یعنی برج اسد ۲۵ ۱۲ ۲ ۲ یہ تو وہ
قاعدہ ہوا۔ اب اصل قاعدہ سے چلئے تقویم عطارد بمرکز شمس ۹ ۴ ۱۹ ۹ ۲ ۳ تقویم شمس ۲ ۴ ۵۹ ۸ ۱۴۸
نظیر ش ۲ ۴ ۵۹ = ۳۴۸ تقویم کب۔ نظیر تقویم شمس = ۵۷ ۱۹ زاویۃ الشمس نصفہا ۵۹ ۹ ÷
۹ - ۵۹ ۹ = ۱ ۵ ۹ ۸ محفوظ ظلہ ۵۳۶۲۷۲۷ رعرض عطارد بمرکزیت شمس ۱ ۵ ۶ نمار ۹ ۳ ۸ جیبہ
۸۸۸ ۹٫۹۹۶۸ + لو بعد عطارد ۹٫۵۹۵۷۵۵۵ = ۹٫۵۹۲۶۴۴۳ معرق از بعد شمس
۹٫۹۴۵۱۷۴۳ ظلہا ۲۳ ۵۰ = ۴۵ - ۹ ۸ ۵ انظل فی جدول قوسہ ۱۰٫۳۴۱۲۱۷۱۶ = ۱۰٫۰۰۴ ۸ ۱ ۵۹
+ ظل محفوظ ۰۷ ۴ ۳ ۱۸۱۲٫۱۲ قوسہ فی الظل ۷ ۳ ۹ ۴ محفوظ ۔ ۷ ۳ ۹ ۸ = ۱۳ زاویۃ الارض ÷ تقویم شمس
۱۳ = ۲ ۴ ۶ ۴ ۸ ۱۴ یعنی اسد کے ۲ ۴ ۶ ۴ ۸ ۲ ملاحظہ ہو کہ واقع میں تقویم پونے انتیس درجے میں بھی
زائد تھی اور اس قاعدہ نے ستائیس درجے سے بھی کم بتائی والسلام مع الاکرام
شوال المکرم ۱۳۳۰ ہجریہ فقیر غفرلہ از بریلی

مسئلہ ۲۸ از شہر بہاری پور مرسلہ نواب سلطان احمد خاں صاحب ۷ شوال ۱۳۲۶ھ
آج کل تیسرے درجہ کا سنبلہ کس وقت طالع ہوتا ہے؟

الجواب

آج کل درجہ سوم سنبلہ کا طلوع صبح کے آٹھ بجے کے بعد اس تفصیل سے ہے :

یوم	تاریخ قمری	تاریخ شمسی	وقت طلوع			انتہائے طلوع		
پنجشنبہ	۸ شوال ۱۳۲۶	۱۸ جولائی ۱۹۰۸ء	گھنٹہ	منٹ	سکنڈ	گھنٹہ	منٹ	سکنڈ
			۸	۲۸	۴۷	۸	۲۳	۲۳
جمعہ	۹	۱۹						
			۸	۲۴	۵۱	۸	۲۹	۲۷
شنبہ	۱۰	۲۰	۸	۲۰	۵۵	۸	۲۵	۳۱

وقت ریلوے دیا ہے جو آجکل گھڑیوں میں رائج ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۲۹ مسئولہ نواب امیر احمد خاں صاحب ۱۵ ربیع الاول شریف ۱۳۳۶ھ

حضور عالی! جدول تحویل تاریخ عیسوی بہ ہجری میں میرے پاس مقابل چھ سو سال کے ابا نب لہ ہے حضور نے ابا نب ل لکھا ہے کیا اس جدول میں تبدیلی کی گئی ہے تو مجھ کو از سرِ نو نقل لینی ہوگی؟

الجواب

ابا نب ل ہی ہے صحیح و بجا۔ یہ نب لہ کسی اہلہ نے لکھوا دیا، اس جدول میں ترمیم کا ضرور خیال ہے مگر ابھی ہوئی نہیں، وہ ترمیم اسے بالکل کایا پلٹ کردے گی حتی کہ مداخل شہور وسنین بھی بدل جائیں گے اور وہی صحیح و اصح ہوں گے، اس وقت نہ یہ ابا نب ل ہوگا نہ نب لہ کچھ اور ہی ہوگا، غالباً ا ہا نب الہ ہو، فقط۔

مسئلہ ۳۰ از نسواد قادریہ جونیر مدرسہ ضلع چاٹگام مرسلہ مولوی جمال الدین صاحب ۱۷ رمضان ۱۳۳۸ھ

وقت نماز و صوم از گھڑی معین نمودن قطع نظر از آفتاب و ماہتاب آیا جائز شود یا چنانچہ بعض دیوبندی قائل آنست برتقدیر عدم جائز چہ دلیل عقلاً و نقلاً باید و موجد گھڑی کیست و کدام وقت ایجادش گردید و چرا ائمہ از وے وقت صوم و صلٰوۃ مقرر نہ نمودند۔

نماز و روزہ کا وقت گھڑی سے معین کرنا سورج اور چاند سے قطع نظر کرتے ہوئے جائز ہے یا نہیں؟ بعض دیوبندی اس کے قائل ہیں، ناجائز ہونے کی صورت میں اس پر کون سی عقلی و نقلی دلیل ہوگی، گھڑی کا موجد کون ہے اور کون سے زمانے میں ایجاد ہوئی، اور ائمہ کرام نے اس کے ساتھ نماز اور روزے کا وقت کیوں مقرر نہیں فرمایا۔ (ت)

الجواب

موجد آلہ ساعت مردے از منجمان زمانہ ہارون رشید را گفتہ اند واللہ اعلم بہ فاما تا زمانہ ائمہ بلکہ تا چند صد سال پیش از زمان ما رواجش نبود و اعتماد بر دآنکس را کہ علم توقیت نداند حرام ست ہمچناں بریک آلہ ساعت اعتماد نشاید کہ

گھڑی کا موجد ہارون الرشید کے زمانے کا ایک نجومی مرد بتایا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالٰی خوب جانتا ہے۔ ائمہ کرام کے زمانے میں بلکہ ہمارے زمانے سے چند سو سال پہلے تک اس کا رواج نہ تھا۔ علم توقیت نہ جاننے والے شخص کے لئے اس

دفعۃً خودبخود پیش وپس می شود آرے ہرکہ علم توقیت داند و آلۂ ساعت رامحافظت تواند بروکارِ بستواں کرد کما افادہ فی الدرالمختار، دیوبندیاں خود از توقیت ہمچناں بیگانہ اند کہ از دین و اعتماد برفتوائے آنہا حرام تراز آنست کہ بر ساعت بے تمکین۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

آلہ پر اعتماد کرنا حرام ہے۔ اسی طرح صرف ایک گھڑی پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے کہ بعض اوقات خودبخود آگے پیچھے ہوجاتی ہے۔ ہاں جو شخص علم توقیت جانتا ہے اور گھڑی کی حفاظت کرسکتا ہے وہ اس پر عمل کرسکتا ہے جیسا کہ درمختار میں اس کا افادہ فرمایا ہے۔ دیوبندی تو خود علمِ توقیت سے اسی طرح ناآشنا ہیں جیسے دین سے۔ ان کے فتوے پر اعتماد کرنا گھڑی جیسے بے اعتبار آلہ پر اعتماد کرنے سے بڑھ کر حرام ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

بَابُ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ ص ۲۵۵

چاند دیکھنے کا بیان

حدیث ۱۱۱۳ ـ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا

علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ جب چاند دیکھ لو تو روزہ رکھو۔ اور جب چاند

رَأَيْتُمُوْهُ فَصُوْمُوْا وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوْا لَهُ وَ

دیکھ لو تو روزہ چھوڑ دو۔ اور اگر (۲۹) کو چاند نظر نہ آئے تو چاند کے لئے اندازہ کرلو۔

قَالَ غَيْرُهُ عَنِ اللَّيْثِ قَالَ ثَنِيْ عُقَيْلٌ وَيُوْنُسُ لِهِلَالِ رَمَضَانَ ـ ع

اور یحیی بن بکیر کے علاوہ ایک شخص نے لیث سے روایت کرتے ہوئے کہا۔ مجھ سے عقیل اور یونس نے حدیث بیان کی جسمیں یہ ہے

(حاشیہ: ہلال رمضان)

ابو سہیل نافع عمر میں حضرت امام زہری سے کم ہیں۔ اسی وجہ سے امام زہری کے تلامذہ نے بھی ان کا زمانہ پایا۔ یہ امام زہری سے پہلے وفات بھی پا گئے۔ ۱۱۳ھ یا ۱۱۲ھ میں ان کی وفات ہوئی ہے۔ اور امام زہری کا وصال ۱۲۴ھ میں ہوا ہے۔

فتحت ابواب الجنة - السماء اس سے کوئی مانع نہیں کہ دروازہ کھولنے سے اس کا حقیقی معنی مراد لیا جائے۔ مطلب یہ ہوا کہ رمضان میں شب و روز مسلمان اعمال صالحہ بکثرت کرتے ہیں۔ تو دروازہ کھول دیئے جاتے ہیں۔ کہ انھیں عروج اور درجہ قبول تک پہونچنے میں ادنی سی رکاوٹ نہ ہو۔ نیز یہ کہ جب جنت اور آسمان کے دروازے کھلے ہوئے ہیں تو رحمت و برکت کا تسلسل کیساتھ نزول ہوتا رہے گا۔ اسی طرح جہنم کے دروازوں کا بند ہونا۔ اور شیاطین کا زنجیروں میں جکڑنا بھی حقیقی معنوں میں ہے۔

ع ایضا باب قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صوموا الرؤیۃ ص ۲۵۶

marfat.com

تشریحات ع۱۱۱۳

اذا رأیتموہ اس حدیث میں ضمیر منصوب متصل کا مرجع ہلال ہے۔ جو سب کو معلوم اور متعین ہے۔ جیسے آیۂ کریمہ۔ وَلِاَبَوَیْہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا السُّدُسُ میں۔ وَلِاَبَوَیْہِ۔ کی ضمیر مجرور متصل کا مرجع لفظاً یا معنیً مذکور نہیں۔ مگر سیاق کلام سے معلوم اور متعین ہے۔

یہ حدیث اور اس کے ہم معنی دوسری احادیث اس پر نص ہیں کہ رمضان اور اسی کے مثل اور مہینوں کی ابتداء اور انتہا کا مدار رویت پر ہے۔ اسلئے اہل نجوم اور ہیئت کا حساب شرعاً غیر معتبر۔ اسی کی تاکید اکید آگے کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔ فَاِنْ غم علیکم فاقدروالہ۔ اور اگر چاند چھپ جائے تو مقدار پوری کرو۔ غُمَّ۔ غَمَّ۔ کا ماضی مجہول ہے۔ غَمٌّ۔ کے معنی چھپنے کے ہیں۔ ڈھانک لینے کے ہیں۔ بولتے ہیں غَمَمْتُ الشَّیْءَ غَطَّیْتُہٗ۔ میں نے اس کو چھپالیا ڈھانک لیا۔ اس لئے۔ فان غم علیکم۔ معنی شارحین نے یہ لکھے۔ ای سُتِرَ الہلال علیکم۔ یعنی تم سے چاند چھپالیا جا۔ اس کی تائید ابوداؤد اور نسائی کی اس حدیث سے ہوتی ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے۔ جسمیں بجائے غم علیکم کے یہ ہے۔ فان حال دونہ غمامۃ۔ (وفی روایۃ) سحابۃ۔ وفی روایۃ ظلمۃ۔ ہے۔ یعنی اگر بادل یا تاریکی حائل ہوجائے۔ اس کا قطعی مطلب یہ ہوا۔ کہ چاند افق سے اتنی اوپر ہے کہ اگر بادل گرد و غبار، دھواں، کہر نہ ہوتا تو نظر آجاتا۔ مگر بدلی وغیرہ سے ڈھک جانے کی وجہ سے نظر نہیں آیا۔ تو حکم یہ ہے کہ مہینہ باقی ہے۔ تیس کی تعداد پوری کرو۔ نجوم اور ہیئت کے حساب سے یہی نہ معلوم ہوگا کہ چاند مطلع پر اتنی اونچائی پر آگیا ہے۔ کہ اگر کوئی چیز حائل نہ ہو تو نظر آجائے گا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے اسے غیر معتبر ٹھہرایا۔ اور مدار رویت پر رکھا۔ اس لئے اہل ہیئت لاکھ کہیں کہ چاند اتنی سطح پر پہونچ چکا ہے کہ اگر بدلی وغیرہ نہ ہوتی۔ تو ضرور نظر آتا۔ مگر معتبر نہیں۔

ہیئت کا عجز مجدد اعظم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ نے رسالۂ مبارکہ۔ درء القبح عن درک وقت الصبح۔ میں فرمایا۔

پھر انمیں بعض تو وہ ہیں جنکا مدار صرف رویت پر رہا۔ وہ ہلال ہے۔ کہ اِنَّ اللّٰہَ امدہ برویتہ[2] بیشک اللہ نے اس کی مدت رویت پر رکھی۔ اس کے ظہور و خفا کے وہ اسباب کثیرہ

[1] اول۔ الصیام۔ باب من قال فان غم علیکم فصوموا ثلثین۔ ص۳۱۸۔ ف ئی۔ اول۔ باب اکمال ثلثین اذا کان غیم ص۳۰۲۔ [2] مسلم۔ اول۔ الصیام۔ باب اول ص۳۴۹

marfat.com

نا منضبط ہیں۔ جن کے لئے آجتک کوئی قاعدہ منضبط نہ ہو سکا۔ ولہٰذا بطلیموس نے مجسطی میں باآنکہ متحیرہ خمسہ وکواکب ثوابت کے ظہور وخفا کے لئے باب وضع کئے۔ مگر رویت ہلال سے اصلا بحث نہ کی۔ وہ جانتا تھا کہ یہ قابو کی چیز نہیں۔ اس کا میں کوئی قاعدہ کلیہ نہیں دے سکتا۔ بعد کے لوگوں نے اپنے تجارب کی بنا پر اگرچہ بلحاظ درجۂ ارتفاع، یا بعد سوا، یا بعد معدل، وقوس تعدیل الغروب وغیر ذالک کچھ باتیں بیان کیں۔ مگر وہ خود ان میں بشدت مختلف ہیں۔ اور باوصف اختلاف کوئی اپنی قرار داد پر جازم بھی نہیں۔ جیسا کہ واقفِ فن پر ظاہر ہے۔ اسی لئے اہل ہیئتِ جدیدہ باآنکہ محض فضول باتوں میں نہایت تدقیق وتعمق کرتے ہیں۔ اور سالانہ۔ المنک۔ میں ہر روز کے لئے قمر کے ایک ایک گھنٹہ کا مَیل ومطالع قمر اور ہر مہینے میں آفتاب کے ساتھ اس کے جملہ انظار، اجتماع واستقبال وتربیع ایمن وایسر کے وقت دیتے ہیں اور ہر ہر تاریخ پر متحیرات وثوابت کے ساتھ اس کے قرانات بیان کرتے ہیں۔ مگر رویت ہلال کا وقت نہیں دیتے۔ وہ بھی سمجھے ہوئے ہیں۔ کہ یہ ہمارے بوتے کا نہیں۔ ولہٰذا ہمارے علماء نے تصریح فرمائی۔ کہ اس بارے میں قول اہل توقیت پر نظر نہ ہوگی۔ درمختار[2] میں رہبانیہ سے ہے۔ وقولُ اولی التوقیتِ لیس بموجب[3] ۔ اہلِ توقیت کا قول موجب نہیں۔"

اقول: مگر یہ جو اسی سال پہلے کی بات ہے۔ اس مدت میں مختلف تجربے اور جدید خودکار آلاتِ رصدیہ اور حساب میں کمپیوٹر کی مدد سے رویتِ ہلال بھی دینے لگے ہیں جو سالہا سال کے تجربے سے صحیح بھی اترے ہیں۔ تو جسطرح اوقات صلوۃ کے جاننے کا بھی مدار رویت تھی۔ مگر سالہا سال کے تجربات سے قواعد منضبط ہوئے جو تجربے ہی سے صحیح ثابت ہوئے تو اس پر اعتماد باجماع مسلمین ہو رہا ہے۔ مجدد اعظم اسی رسالے میں لکھتے ہیں۔

"حساب تو قطعی تھا ہی جتنی بات کی طرف اسے راہ نہ تھی وہ مکرر رویت نے براہ تجربہ بتادی۔ اور اب تجربہ وحساب دو قطعیوں سے مل کر حکم قطعی ہمارے ہاتھ آگیا۔"

اسلئے کوئی کہہ سکتا ہے۔ کہ عہد رسالت میں بلکہ ۱۳۳۶ھ تک چونکہ رویت کے قواعد منضبط نہ تھے۔ اسلئے اس کا اعتبار نہ ہوا اور اب جب کہ اوقات صلوۃ کی طرح اسکے قواعد بھی منضبط ہو گئے ہیں تو اعتبار ہونا چاہئے۔ یہ علماء کرام خصوصاً مفتیانِ عظام کے لئے لمحۂ فکریہ ہے۔ خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ رویت پر مدار رکھنے کی وجہ سے ہر سال رمضان، عید الفطر، عید اضحیٰ کے مواقع پر پورے ملک میں انتہائی شورش اور جھگڑا لڑائی ہو جایا کرتی ہے۔ حتی کہ عوام علماء کے قابو میں نہیں رہتے۔ روزہ الگ چھوڑتے اور توڑتے ہیں۔ عید کی نماز تک قبل از وقت پڑھ لیتے ہیں۔ عوام کے ایمان کی سلامتی کے لئے کیوں نہ اوقات نماز کی طرح رویت ہلال میں بھی موجودہ قواعد رویت کا اعتبار کر لیا جائے۔

رویت میں آسانی ہے

رویت پر مدار کار رکھنے میں آسانی ہے۔ علم توقیت کے ذریعہ معلوم کرنا میں کتنی دشواریاں ہیں وہ اہل ہیئت ہی جانتے ہیں۔ جدید علم ہیئت سے کام لینے میں جدید آلات رصدیہ اور کمپیوٹر وغیرہ کی فراہمی اس کام لینے والے ماہرین وہ بھی دیانتدار کتنے ناپید ہیں یہ کس سے پوشیدہ ہے۔ اس کے بالمقابل رویت میں کتنی آسانی ہے وہ بتانے کی بات نہیں۔ اور نہ شریعت نے ہمیں اس کا مکلف فرمایا ہے کہ پوری دنیا کے مسلمان ایک دن سے روزہ رکھنا شروع کریں اور ایک دن چھوڑیں۔ ایک ہی دن عیدین پڑھیں قربانی کریں۔ پھر وہ کیا شرعی یا عقلی وجہ ہو سکتی ہے

[1] ثانی کتاب الصوم ص۹۳ برحاشیہ ردالمحتار نعمانیہ۔ [2] فتاویٰ رضویہ چہارم ص۶۷۴۔ [3] ایضاً

marfat.com

کہ ہم توقیت وہیئت رصدگاہوں ۔ آلاتِ رصدیہ اور کمپیوٹر کی بھول بھلیوں میں پھنسیں ۔ صاف صریح حکم ہے جس جگہ والوں کے لئے جیسی رویت ہو یا ثابت ہو اسی کے مطابق عمل کریں ۔ کاش کہ ہر مسلمان اس نقطہ کو سمجھ لیتا تو نہ شورش ہوتی نہ ہنگامہ، نہ لڑائی نہ جھگڑا مگر عوام کم جدید تعلیم یافتہ طبقہ اس پر مصر ہے کہ پورے ہندوستان میں ایک ہی دن عید ہو ۔ اسی شوق نے سارے ہنگامے کھڑے کر دیئے ہیں ۔ یہ شوق یقیناً غلط ہے ۔ اس لئے اس پر مبنی سارے الزامات ہی غلط ۔ مگر علماء کو بھی بشرط گنجائش اس پر غور کرنا لازم ہے ۔

اختلاف مطالع

اس سلسلے میں ایک بہت اہم بحث اختلاف مطالع کی آتی ہے ۔ کہ یہ معتبر ہے یا نہیں ۔ حضرت امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ کے یہاں معتبر ہے ۔ ائمہ احناف میں حضرت امام ابوجعفر طحاوی، امام زیلعی، امام ملک العلماء کاشانی صاحب فیض کے نزدیک معتبر ہے ۔ مگر ہمارے نزدیک صحیح و مختار یہی ہے کہ معتبر نہیں ۔ یہی ظاہر مذہب ہے ۔ اسکی قدرے تفصیل یہ ہے ۔

واقعہ یہی ہے کہ اختلاف مطالع سے رویت مختلف ہوتی ہے ۔ یہ عین ممکن ہے ۔ کہ ہندوستان میں چاند جمعرات کو نظر نہ آئے مگر حجاز مقدس میں نظر آجائے بلکہ خود ہندوستان میں ممکن ۔ مثلاً یہ ہو سکتا ہے کہ کلکتہ میں جمعرات کو چاند نظر نہ آئے اور دہلی یا بمبئی میں نظر آجائے ۔ اس لئے واقعہ کے مطابق حکم یہی ہونا چاہیئے کہ اختلاف مطالع معتبر ہے ۔ مگر ہمارے علماء اسے دو وجہ سے غیر معتبر فرماتے ہیں ۔ ایک یہ کہ مدار رویت پر رکھا ہے ۔ ارشاد ہے ۔ صُومُوا لِرُؤیَتِهٖ وَاَفطِرُوا لِرُؤیَتِهٖ ۔ اور یہ خطاب دنیا کے تمام مسلمانوں سے ہے ۔ اور قیامت تک آنے والے تمام مسلمانوں سے ۔ اس لئے جب کہیں بھی رویت ہوگی تو جہاں جہاں کے مسلمانوں کو بطریقہ شرعی ثبوت مل جائے ۔ اس پر عمل واجب ۔ دوسرے اختلافِ مطالع کتنی مسافت پر ہوگا ۔ اس کی تعیین میں خود اہل توقیت سرگرداں ہیں ۔ اخیر قرار داد یہ ہے ۔ کہ ۵۴۲ میل پر اختلاف مطالع ہوتا ہے مگر یہ اس وقت ہے کہ مکان اعتبار اور مکان رویت مطلع بخط مستقیم پورب ہوں ۔ اور اگر جانب شمال و جنوب ہٹے ہوئے ہیں تو فاصلہ کچھ اور ہوگا ۔ جیسا کہ واقفِ فن پر مخفی نہیں ہے ۔ ان پیچ در پیچ دشواریوں کی وجہ سے شریعت نے رویت ہلال کے سلسلے میں حساب کو غیر معتبر فرما دیا ۔ لانکتب ولا نحسب ۔ ہم نہ حساب کرتے ہیں نہ کتاب ۔

فَاقدِرُوا لَهُ

نصر ینصر اور ضرب یضرب دونوں سے آتا ہے ۔ زیادہ استعمال ضرب یضرب سے ہے ۔ حتیٰ کہ مُغرب میں ہے ۔ کہ ضمۂ عین غلط ہے ۔ اس کا مصدر ۔ قَدَرٌ ۔ ہے ۔ اندازہ کرنے کے معنی میں ۔ اور یہاں بطریق شرعی اندازہ کرنا مراد ہے ۔ اور مہینوں کے لئے شرعی اندازہ یہی ہے کہ مہینہ انتیس ۲۹ کا نہیں تو تیس ۳۰ کا ہوتا ہے ۔ اس لئے اس کا واضح مطلب یہ ہوا کہ شعبان کے تیس دن پورے کر لو ۔ اس کی تائید خود حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اس حدیث سے ہوتی ہے جو نافع سے ۔ ابوداؤد میں مروی ہے ۔ کہ فرمایا ۔ فَاقدِرُوا لَهُ ثَلٰثِینَ ۔ اور بخاری، مسلم میں عبداللہ بن دینار سے ان الفاظ میں مروی ہے ۔ فَاَکمِلُوا العِدَّةَ ثَلٰثِینَ ۔ تو تیس کی گنتی پوری کرو ۔

یہی ہمارا اور حضرت امام شافعی اور امام مالک اور جمہور کا مذہب ہے ۔ امام احمد بن حنبل نے فرمایا ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اسے مان لو کہ بدلی کے نیچے ہے ۔ اب اس کا حاصل یہ ہوا کہ اگر انتیس شعبان کو چاند نظر نہ آئے اور مطلع صاف نہ ہو تو دوسرے دن روزہ رکھو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿......اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ☆﴾ [النساء ٤:١٠٣]

بیشک نماز ایمان والوں پر وقت مقرر کیا ہوا فریضہ ہے۔

مشتاقان توقیت کے لیے جواہر ویواقیت

یعنی

زُبدۃ التوقیت

مؤلفہ

حضرت بحرالعلوم مفتی سید محمد افضل حسین صاحب مونگیری قدس سرہ العزیز

(سابق) مفتی مرکز اہل سنت منظر اسلام بریلی شریف

ومفتی جامعہ قادریہ رضویہ مصطفیٰ آباد فیصل آباد

حاجی سید محمد احمد مکتبہ قادریہ رضویہ مکان نمبر 243 گلی نمبر 5 مصطفیٰ آباد

1

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْعَلِیْمِ الْحَکِیْمِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۔وَ اٰتَاہُ الْحِکْمَۃَ وَ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ ۔وَ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ جَعَلَ فِیْھَا سِرَاجًا وَّ قَمَرًا مُّنِیْرًا۔ وَ فَرَضَ الصَّلٰوۃَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا۔

وَ اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ وَ اَکْمَلُ السَّلَامِ عَلٰی مَنْ اَرْسَلَہٗ شَاھِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا وَّ دَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا۔ وَ عَلٰی اٰلِہٖ مَصَابِیْحِ الدُّجٰی وَ صَحْبِہٖ نُجُوْمِ الْاِھْتِدَاءِ وَرَثَۃِ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْاَنْبِیَاءِ ۔

بُعد فوقانی	(۱) عرض[1] البلد ومیل[2] شمس دونوں شمالی ہوں یا دونوں جنوبی ہوں تو عرض البلد ومیل شمس کا تفاوت (۲) دو میں سے کوئی شمالی اور کوئی جنوبی ہو تو دونوں کا مجموعہ (۳) میل شمسی منفی ہو تو عرض البلد (۴) عرض البلد منفی ہو تو میل شمس (۵) دونوں منفی ہوں تو صفر۔
بُعد تحتانی	(۱) عرض البلد ومیل شمس دونوں شمالی یا دونوں جنوبی ہوں تو عرض البلد ومیل شمس کا مجموعہ (۲) دو میں سے کوئی شمالی اور کوئی جنوبی ہو تو عرض البلد ومیل شمس کا تفاوت (۳) میل شمس منفی ہو تو عرض البلد (۴) عرض البلد منفی ہو تو میل شمس (۵) دونوں منفی ہوں تو صفر۔
بُعد کوکب	(۱) صبح صادق وعشاء کے وقت ۱۰۸ درجہ (۲) طلوع وغروب کے وقت ۹۰ درجہ ۳۹ دقیقہ (۳) مثل اول اور مثل ثانی کے وقت بُعد کوکب دریافت کرنے کے لیے جداول بُعد کوکب بوقت مثل اول ومثل ثانی دیکھیے۔
نصف المجموع	بُعد فوقانی + بُعد کوکب ÷ ۲ = نصف المجموع یعنی بُعد فوقانی اور بُعد کوکب دونوں کو جمع کر کے دو سے تقسیم کیجیے خارج قسمت نصف المجموع ہوگا۔
حاصل التفریق	بُعد کوکب ۔ نصف المجموع = حاصل التفریق یعنی بُعد کوکب میں سے نصف المجموع کم کر لیجیے حاصل التفریق نکل آئے گا۔
حاصل الجمع	کوسائن[3] میل + کوسائن عرض = حاصل الجمع یعنی میل شمس وعرض البلد کے کوسائن کا مجموعہ۔
محفوظ اعظم	(۱) فضل[4] اعظم بُعد تحتانی ۔ حاصل الجمع = محفوظ اعظم یعنی بُعد تحتانی کے فضل اعظم میں سے حاصل الجمع کم کیجیے باقی محفوظ اعظم ہے (۲) فضل اعظم بُعد تحتانی ۔ کوسائن میل ۔ کوسائن عرض = محفوظ اعظم یعنی بُعد تحتانی کے فضل اعظم میں سے کوسائن میل کم کیجیے جو باقی بچے اُس میں سے کوسائن عرض کم کیجیے باقی محفوظ اعظم ہے یا بُعد تحتانی کے فضل اعظم میں سے کوسائن عرض کم کیجیے جو باقی بچے اُس میں سے کوسائن میل کم کیجیے باقی محفوظ اعظم ہے (۳) محفوظ اصغر بُعد تحتانی + مابین الفضلین بُعد تحتانی = محفوظ اعظم یعنی بُعد تحتانی کے محفوظ اصغر اور بُعد تحتانی کے مابین الفضلین کا مجموعہ محفوظ اعظم ہے۔

[1] قولہ عرض البلد تقریباً تین سو مقامات کے عرض البلد وطول البلد کی جدول ص ۲۸ سے ہے ۱۲۔ [2] قولہ میل شمس ۲۲ مارچ سے ۲۳ ستمبر تک میل شمس شمالی رہتا ہے اور ۲۴ ستمبر سے ۲۱ مارچ تک جنوبی، میل شمس کی جدول ص ۱۲ سے ہے ۱۲۔ [3] قولہ کوسائن ۔ چیمبرس کے ص ۱۸۳ سے ص ۲۲۷ تک سائن، کوسائن، ٹینج، کوٹینج، سیکنٹ، کوسیکنٹ کی جدولیں ہیں۔ (تنبیہ) سیکنٹ سے ۱۰ صحیح ساقط کر دیا جاتا ہے۔ [4] فضل اعظم، فضل اصغر، فرق اقرب، فرق ابعد کی جدولیں ان شاء بہت جلد تیار ہو جانے کی امید ہے۔ ۱۲ منہ

2

محفوظ اصغر	(۱) فضل اصغر بُعد تحتانی - حاصل الجمع = محفوظ اصغر یعنی بُعد تحتانی کے فضل اصغر میں سے حاصل الجمع کم کیجئے باقی محفوظ اصغر ہے (۲) فضل اصغر بُعد تحتانی - کوسائن میل - کوسائن عرض = محفوظ اصغر یعنی بُعد تحتانی کے فضل اصغر میں سے کوسائن میل کم کیجئے جو باقی بچے اُس میں سے کوسائن عرض کم کیجئے باقی محفوظ اصغر ہے یا بُعد تحتانی کے فضل اصغر میں سے کوسائن عرض کم کیجئے جو باقی بچے اُس میں سے کوسائن میل کم کیجئے باقی محفوظ اصغر ہے (۳) محفوظ اعظم بُعد تحتانی - مابین الفضلین بُعد تحتانی = محفوظ اصغر یعنی بُعد تحتانی کے محفوظ اعظم میں سے بُعد تحتانی کا مابین الفضلین کم کیجئے باقی محفوظ اصغر ہے۔
محفوظ اقرب	(۱) فرق اقرب بُعد فوقانی - حاصل الجمع = محفوظ اقرب (۲) فرق اقرب بُعد فوقانی - کوسائن میل - کوسائن عرض = محفوظ اقرب (۳) محفوظ ابعد بُعد فوقانی - مابین الفرقین = محفوظ اقرب
محفوظ ابعد	(۱) فرق ابعد بُعد فوقانی - حاصل الجمع = محفوظ ابعد (۲) فرق ابعد بُعد فوقانی - کوسائن میل - کوسائن عرض = محفوظ ابعد (۳) محفوظ اقرب بُعد فوقانی + مابین الفرقین بُعد فوقانی = محفوظ ابعد

تعدیل مروج ٹائم

مغربی پاکستان کا مروج ٹائم گرینچ ٹائم سے پانچ گھنٹہ آگے ہے اور ہندوستان کا ۵ ½ (ساڑھے پانچ گھنٹہ) آگے ہے اور مشرقی پاکستان کا چھ گھنٹہ آگے ہے۔ اور برما کا ۶ ½ (ساڑھے چھ) گھنٹہ۔ طول البلد کو چار میں ضرب دے کر حاصل ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مان کر مروج ٹائم کو دیکھے کہ وہ حاصل ضرب کے برابر ہے یا دونوں میں کچھ تفاوت ہے۔ اگر حاصل ضرب اور مروج ٹائم دونوں برابر ہوں تو تعدیل مروج ٹائم منفی ہے یعنی بلدی ٹائم مروج ٹائم کے بالکل برابر ہے۔ اور اگر دونوں میں کچھ تفاوت ہو تو قدر تفاوت مروج ٹائم کی تعدیل ہے لیکن (الف) اگر حاصل ضرب سے مروج ٹائم زائد ہے تو تعدیل مروج ٹائم زائد ہے (ب) اور اگر حاصل ضرب سے مروج ٹائم کم ہے تو تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے مثلاً بریلی شریف کا طول البلد ۷۹ درجہ ۲۷ دقیقہ ہے اُسکو چار میں ضرب دے کر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے پانچ گھنٹے ۱۷ منٹ ۴۸ سیکنڈ ہوئے حاصل ضرب سے ہندوستان کا مروج ٹائم ۱۲ منٹ ۱۲ سیکنڈ زائد ہے اس لیے بریلی شریف کے لیے ۱۲ منٹ ۱۲ سیکنڈ تعدیل مروج ٹائم زائد ہے۔ دوسری مثال مونگیر کا طول البلد ۸۶ درجہ ۳۰ دقیقہ ہے اُس کو چار میں ضرب دے کر درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ ماننے سے پانچ گھنٹہ ۴۶ منٹ ہوئے۔ حاصل ضرب سے ہندوستان کا مروج ٹائم ۱۶ منٹ کم ہے اس لیے مونگیر کے لیے ۱۶ منٹ تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے۔

(تعدیل مروج ٹائم کا دوسرا طریقہ) گرینچ ٹائم اور مروج ٹائم کا تفاوت نکال کر چار سے تقسیم کیجئے۔ خارج قسمت میں منٹ کو درجہ اور سیکنڈ کو دقیقہ مانئے۔ یہ مروج ٹائم کا طول البلد ہوگا۔ اب جس مقام کے لئے تعدیل مروج ٹائم معلوم کرنا ہو اس مقام کے طول البلد کو دیکھے اگر مروج ٹائم کا طول البلد اُس مقام کے طول البلد کے برابر ہے تو تعدیل مروج ٹائم منفی ہے۔ اور اگر دونوں میں تفاوت ہے تو قدر تفاوت کو چار میں ضرب دیجئے حاصل

3

ضرب میں درجہ کو منٹ اور دقیقہ کو سیکنڈ مانئے یہ مروج ٹائم کی تعدیل ہے لیکن (الف) اگر اُس مقام کے طول البلد سے مروج ٹائم کا طول البلد زائد ہے تو تعدیل مروج ٹائم زائد ہے (ب) اور اگر اُس مقام کے طول البلد سے مروج ٹائم کا طول البلد کم ہے تو تعدیل مروج ٹائم ناقص ہے۔

طلوع وغروب صبح صادق وعشا۔ مثل اول ومثل ثانی جاننے کے قاعدے

سیکنٹ عرض البلد + سیکنٹ میل شمس + سائن نصف المجموع + سائن حاصل التفریق یعنی عرض البلد کا سیکنٹ اور میل شمس کا سیکنٹ اور نصف المجموع کا سائن اور حاصل التفریق کا سائن چاروں کو جمع کیجئے پھر جیبی جدول اوقات سے وقت نکالئے، پھر تعدیل ایام زیادہ کیجئے۔ اگر تعدیل ایام زائد ہو تو تعدیل ایام کم کیجئے۔ اگر تعدیل ایام ناقص ہو پھر تعدیل مروج ٹائم زیادہ کیجئے اگر تعدیل مروج ٹائم زائد ہو۔ اور تعدیل مروج ٹائم کم کیجئے اگر تعدیل مروج ٹائم ناقص ہو۔

دوسرا قاعدہ	طلوع وغروب کا وقت دریافت کرنا ہو تو فضلی جدول اوقات سے محفوظ اعظم کا وقت نکالئے اور صبح وعشاء کا وقت جاننا ہو تو محفوظ اصغر کا وقت فضلی جدول اوقات سے لیجئے۔ اور مثل اول کو جاننا ہو تو محفوظ اقرب کا وقت فضلی جدول اوقات میں دیکھئے اور مثل ثانی کو معلوم کرنا ہو تو محفوظ ابعد کا وقت فضلی جدول اوقات میں تلاش کیجئے۔ بعد ازاں تعدیل ایام کی زیادتی اور کمی پھر تعدیل مروج ٹائم کی زیادتی اور کمی حسب سابق کیجئے۔
نصف النہار	تعدیل ایام زائد ہو تو بارہ گھنٹہ میں تعدیل ایام جمع کیجئے اور ناقص ہو تو بارہ گھنٹے میں سے تعدیل ایام کم کر دیجئے پھر تعدیل مروج ٹائم کی زیادتی اور کمی حسب سابق کیجئے۔ مثلاً ۱۳ مئی کو بریلی کا نصف النہار (بارہ گھنٹے ۔ ۳ منٹ ۴۵ سیکنڈ = گیارہ گھنٹے ۵۶ منٹ ۱۵ سیکنڈ + تعدیل مروج ٹائم ۱۲ منٹ ۱۲ سیکنڈ = بارہ بجکر ۸ منٹ ۲۷ سیکنڈ) بارہ بجکر ۸ منٹ ۲۷ سیکنڈ پر ہے۔ ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ طلوع آفتاب وغروب آفتاب کے اوقات جمع کر کے تنصیف کیجئے اور اُس پر چھ گھنٹے بڑھا دیجئے یا طلوع وغروب کے اوقات پر ۱۲ گھنٹے بڑھا کر تنصیف کیجئے۔
ضحوۂ کبریٰ	صبح صادق وغروب آفتاب کے اوقات جمع کر کے تنصیف کیجئے اور اُس پر چھ گھنٹے بڑھا دیجئے یا صبح صادق وغروب آفتاب کے اوقات پر بارہ گھنٹے بڑھا کر تنصیف کیجئے۔

4

۱۳ مئی کو بریلی شریف کا طلوع وغروب

عرض شمالی بریلی	۲۱ ------ ۲۸
میل شمالی	۹ ------ ۱۸
بُعد فوقانی	۱۲ ------ ۱۰
بُعد کوکب	۴۹ ------ ۹۰
میزان	۱ ------ ۱۰۱
نصف المجموع	۳۰ ------ ۵۰
بُعد کوکب	۴۹ ------ ۹۰
نصف المجموع	۳۰ ------ ۵۰
حاصل التفریق	۱۹ ------ ۴۰
سیکنٹ عرض	۰٫۰۵۵۴۸۶۱
سیکنٹ میل	۰٫۰۲۲۱۶۴۷
سائن نصف المجموع	۹٫۸۸۷۴۰۶۱
سائن حاصل التفریق	۹٫۸۱۰۹۱۲۱
مجموعہ اربعہ	۹٫۷۷۵۹۶۹۰
جیبی جدول سے طلوع	۱۵—۱۵—۵
تعدیل ایام بوقت طلوع	۴۵—۳ (ناقص)
طلوع از بلدی ٹائم	۳۰—۱۱—۵
تعدیل مروج ٹائم	۱۲—۱۲ (زائد)
طلوع از مروج ٹائم	۴۲—۲۳—۵
جیبی جدول سے غروب	۴۵—۴۴—۶
تعدیل ایام بوقت غروب	۴۵—۳ (ناقص)
غروب از بلدی ٹائم	۰۰—۴۱—۶
تعدیل مروج ٹائم	۱۲—۱۲ (زائد)
غروب از مروج ٹائم	۱۲—۵۳—۶

۱۳ مئی کو بریلی شریف کی صبح وعشاء

عرض شمالی بریلی	۲۱ ------ ۲۸
میل شمالی	۹ ------ ۱۸
بُعد فوقانی	۱۲ ------ ۱۰
بُعد کوکب	۰۰ ------ ۱۰۸
میزان	۱۲ ------ ۱۱۸
نصف المجموع	۶ ------ ۵۹
بُعد کوکب	۰۰ ------ ۱۰۸
نصف المجموع	۶ ------ ۵۹
حاصل التفریق	۵۴ ------ ۴۸
سیکنٹ عرض	۰٫۰۵۵۴۸۶۱
سیکنٹ میل	۰٫۰۲۲۱۶۴۷
سائن نصف المجموع	۹٫۹۳۳۵۲۰۱
سائن حاصل التفریق	۹٫۸۷۷۱۱۹۸
مجموعہ اربعہ	۹٫۸۸۸۴۹۰۷
جیبی جدول سے صبح	۳۰—۴۷—۳
تعدیل ایام بوقت صبح	۴۵—۳ (ناقص)
صبح از بلدی ٹائم	۴۵—۴۳—۳
تعدیل مروج ٹائم	۱۲—۱۲ (زائد)
صبح از مروج ٹائم	۵۷—۵۵—۳
جیبی جدول سے عشاء	۳۰—۱۲—۸
تعدیل ایام بوقت عشاء	۴۵—۳ (ناقص)
عشاء از بلدی ٹائم	۴۵—۸—۸
تعدیل مروج ٹائم	۱۲—۱۲ (زائد)
عشاء از مروج ٹائم	۵۷—۲۰—۸

۱۳ مئی کو بریلی شریف کا طلوع وغروب صبح وعشاء

عرض شمالی بریلی	۲۱ ------ ۲۸
میل شمالی	۹ ------ ۱۸
بُعد تحتانی	۳۰ ------ ۴۶
کوسائن میل	۹٫۹۷۷۸۳۵۳
کوسائن عرض	۹٫۹۴۴۵۱۳۹
حاصل الجمع	۹٫۹۲۲۳۴۹۲
فضل اعظم بُعد تحتانی	۹٫۸۴۸۶۹۵۰
حاصل الجمع	۹٫۹۲۲۳۴۹۲
محفوظ اعظم	۹٫۹۰۶۴۳۵۸
فضلی جدول سے طلوع	۱۵—۱۵—۵
فضلی جدول سے غروب	۴۵—۴۴—۶
فضل اصغر بعد تحتانی	۹٫۵۷۹۰۴۵۹
حاصل الجمع	۹٫۹۲۲۳۴۹۲
محفوظ اصغر	۹٫۶۵۶۶۷۶۷
فضلی جدول سے صبح	۳۱—۴۷—۳
فضلی جدول سے عشاء	۲۹—۱۲—۸

(تنبیہ) قاعدہ ثانیہ کی مثالوں میں تعدیل ایام اور تعدیل مروج ٹائم کا عمل بنظر اختصار ترک کر دیا گیا ہے۔ جس طرح قاعدہ اولی کی مثالوں میں تعدیل ایام وتعدیل مروج ٹائم کا عمل کیا ہے اسی طرح ان مثالوں میں بھی کرنا چاہیے۔

5

۱۳ مئی کو بریلی شریف کا مثل اول	۱۳ مئی کو بریلی شریف کا مثل ثانی	۱۳ مئی کو بریلی شریف کا مثل اول و مثل ثانی
عرض شمالی بریلی ۲۱—۲۸° میل شمالی ۹—۱۸	عرض شمالی بریلی ۲۱—۲۸° میل شمالی ۹—۱۸	عرض شمالی بریلی ۲۱—۲۸° میل شمالی ۹—۱۸
بُعد فوقانی ۱۲—۱۰ بُعد کوکب ۴۳—۳۹	بُعد فوقانی ۱۲—۱۰ بُعد کوکب ۲۱—۶۵	بُعد فوقانی ۱۲—۱۰
میزان ۵۵—۵۹ نصف المجموع ۵۷—۲۹	میزان ۳۳—۷۵ نصف المجموع ۳۶—۳۷	کوسائن میل ۹٫۹۷۷۸۳۵۳ کوسائن عرض ۹٫۹۴۳۵۱۳۹
بُعد کوکب ۴۳—۳۹ نصف المجموع ۵۷—۲۹	بُعد کوکب ۲۱—۶۵ نصف المجموع ۳۶—۳۷	حاصل الجمع ۹٫۹۲۱۳۴۹۲
حاصل التفریق ۳۶—۱۹	حاصل التفریق ۳۵—۲۷	فرق اقرب بُعد فوقانی ۹٫۵۲۸۳۳۷۲ حاصل الجمع ۹٫۹۲۱۳۴۹۲
سیکنٹ عرض ۰٫۰۰۵۵۳۸۶۱ سیکنٹ میل ۰٫۰۰۲۲۱۶۴۷ سائن نصف المجموع ۹٫۶۹۸۳۱۲۹ سائن حاصل التفریق ۹٫۵۲۹۱۶۱۴	سیکنٹ عرض ۰٫۰۰۵۵۳۸۶۱ سیکنٹ میل ۰٫۰۰۲۲۱۶۴۷ سائن نصف المجموع ۹٫۷۸۷۰۶۸۷ سائن حاصل التفریق ۹٫۶۶۵۶۱۲۸	محفوظ اقرب ۹٫۶۰۶۰۸۸۰ فضلی جدول سے مثل اول ۳۵—۳۳—۳
مجموعہ اربعہ ۹٫۳۰۵۱۲۵۱ جیبی جدول سے مثل اول ۳۶—۳۳—۳ تعدیل ایام بوقت مثل اول ۴۵—۳ (ناقص)	مجموعہ اربعہ ۹٫۵۳۰۳۳۶۳ جیبی جدول سے مثل ثانی ۵۵—۴۴—۴ تعدیل ایام بوقت مثل ثانی ۴۵—۳ (ناقص)	فرق ابعد بُعد فوقانی ۹٫۷۵۳۶۷۵۹ حاصل الجمع ۹٫۹۲۱۳۴۹۲
مثل اول از بلدی ٹائم ۵۱—۲۹—۳ تعدیل مروج ٹائم ۱۲—۱۲ (زائد)	مثل ثانی از بلدی ٹائم ۱۰—۴۱—۴ تعدیل مروج ٹائم ۱۲—۱۲ (زائد)	محفوظ ابعد ۹٫۸۳۱۳۲۶۷ فضلی جدول سے مثل ثانی ۵۴—۴۴—۴
مثل اول از مروج ٹائم ۳—۴۲—۳	مثل ثانی از مروج ٹائم ۲۲—۵۳—۴	

6

۲۲ جنوری کو مونگیر کا طلوع وغروب	
عرض شمالی مونگیر	۲۳------۲۵
میل جنوبی	۵۳------۱۹
بُعد فوقانی	۱۶------۴۵
بُعد کوکب	۴۹------۹۰
میزان	۵------۱۳۶
نصف المجموع	۲------۶۸
بعد کوکب	۴۹------۹۰
نصف المجموع	۲------۶۸
حاصل التفریق	۴۷------۲۲
سیکنٹ عرض	۰٫۰۴۳۰۹۱۱
سیکنٹ میل	۰٫۰۲۶۶۹۳۳
سائن نصف المجموع	۹٫۹۶۷۲۶۷۹
سائن حاصل التفریق	۹٫۵۸۷۹۸۸۵
مجموعہ اربعہ	۹٫۶۲۶۰۴۰۸
جیبی جدول سے طلوع	۳۵--۳۵--۶
تعدیل ایام بوقت طلوع	۲۸---۱۱ (زائد)
طلوع از بلدی ٹائم	۳--۴۷--۶
تعدیل مروج ٹائم	۰۰--۱۶ (ناقص)
طلوع از مروج ٹائم	۳--۳۱--۶
جیبی جدول سے غروب	۲۵--۲۴--۵
تعدیل ایام بوقت غروب	۳۶---۱۱ (زائد)
غروب از بلدی ٹائم	۱--۳۶--۵
تعدیل مروج ٹائم	۰۰--۱۶ (ناقص)
غروب از مروج ٹائم	۱--۲۰--۵

۲۲ جنوری کو مونگیر کا صبح وعشاء	
عرض شمالی مونگیر	۲۳------۲۵
میل جنوبی	۵۳------۱۹
بُعد فوقانی	۱۶------۴۵
بُعد کوکب	۰۰------۱۰۸
میزان	۱۶------۱۵۳
نصف المجموع	۳۸------۷۶
بعد کوکب	۰۰------۱۰۸
نصف المجموع	۳۸------۷۶
حاصل التفریق	۲۲------۳۱
سیکنٹ عرض	۰٫۰۴۳۰۹۱۱
سیکنٹ میل	۰٫۰۲۶۶۹۳۳
سائن نصف المجموع	۹٫۹۸۸۰۷۴۹
سائن حاصل التفریق	۹٫۷۱۶۴۳۱۶
مجموعہ اربعہ	۹٫۷۷۵۲۸۸۹
جیبی جدول سے صبح	۳۸--۱۵--۵
تعدیل ایام بوقت صبح	۲۸---۱۱ (زائد)
صبح از بلدی ٹائم	۶--۲۷--۵
تعدیل مروج ٹائم	۰۰---۱۶ (ناقص)
صبح از مروج ٹائم	۶--۱۱--۵
جیبی جدول سے عشاء	۲۲--۴۴--۶
تعدیل ایام بوقت عشاء	۳۶--۱۱ (زائد)
عشاء از بلدی ٹائم	۵۸--۵۵--۶
تعدیل مروج ٹائم	۰۰--۱۶ (ناقص)
غروب از مروج ٹائم	۵۸--۳۹--۶

۲۲ جنوری کو مونگیر کا طلوع وغروب صبح وعشاء	
عرض شمالی مونگیر	۲۳------۲۵
میل جنوبی	۵۳------۱۹
بُعد تحتانی	۳۰------۵
کوسائن میل	۹٫۹۷۳۳۰۶۷
کوسائن عرض	۹٫۹۵۵۹۰۸۹
حاصل الجمع	۹٫۹۲۹۲۱۵۶
فضل اعظم بُعد تحتانی	۹٫۹۹۱۷۱۱۴
حاصل الجمع	۹٫۹۲۹۲۱۵۶
محفوظ اعظم	۰۶۲۳۹۵۸ ۱۰
فضلی جدول سے طلوع	۳۷--۲۵--۶
فضلی جدول سے غروب	۲۳--۲۴--۵
فضل اصغر بُعد تحتانی	۹٫۸۳۶۵۶۴۱
حاصل الجمع	۹٫۹۲۹۲۱۵۶
محفوظ اصغر	۹٫۹۰۷۳۴۸۵
فضلی جدول سے صبح	۴۱--۱۵--۵
فضلی جدول سے عشاء	۱۹--۴۴--۶

7

۲۲ جنوری کو مونگیر کا مثل اول
عرض شمالی مونگیر ۲۳-------۲۵
میل جنوبی ۵۳-------۱۹
بُعد فوقانی ۱۶-------۴۵
بُعد کوکب ۳۲-------۶۳
میزان ۴۸-------۱۰۸
نصف المجموع ۲۴-------۵۴
بُعد کوکب ۳۲-------۶۳
نصف المجموع ۲۴-------۵۴
حاصل التفریق ۸-------۹
سیکنٹ عرض ۰٫۰۴۴۰۹۱۱
سیکنٹ میل ۰٫۰۲۶۶۹۳۳
سائن نصف المجموع ۹٫۹۱۰۱۴۴۴
سائن حاصل التفریق ۹٫۲۰۰۶۶۵۸
مجموعہ اربعہ ۹٫۱۸۱۵۹۴۶
جیبی جدول سے مثل اول ۳۱--۳--۳
تعدیل ایام بوقت مثل اول ۳۶--۱۱ (زائد)
مثل اول از بلدی ٹائم ۷--۱۵--۳
تعدیل مروج ٹائم ۰۰--۱۶ (ناقص)
مثل اول از مروج ٹائم ۷--۵۹--۲

۲۲ جنوری کو مونگیر کا مثل ثانی
عرض شمالی مونگیر ۲۳-------۲۵
میل جنوبی ۵۳-------۱۹
بُعد فوقانی ۱۶-------۴۵
بُعد کوکب ۳۷-------۷۱
میزان ۵۳-------۱۱۶
نصف المجموع ۲۶-------۵۸
بُعد کوکب ۳۷-------۷۱
نصف المجموع ۲۶-------۵۸
حاصل التفریق ۱۱-------۱۳
سیکنٹ عرض ۰٫۰۴۴۰۹۱۱
سیکنٹ میل ۰٫۰۲۶۶۹۳۳
سائن نصف المجموع ۹٫۹۳۰۴۵۵۷
سائن حاصل التفریق ۹٫۳۵۸۰۶۳۷
مجموعہ اربعہ ۹٫۳۵۹۳۰۳۸
جیبی جدول سے ۳۴--۴۸--۳
تعدیل ایام بوقت مثل ثانی ۳۶--۱۱ (زائد)
مثل ثانی از بلدی ٹائم ۱۰--۰۰--۴
تعدیل مروج ٹائم ۰۰--۱۶ (ناقص)
مثل ثانی از مروج ٹائم ۱۱--۴۴--۳

۲۲ جنوری کو مونگیر کا مثل اول و مثل ثانی
عرض شمالی مونگیر ۲۳-------۲۵
میل جنوبی ۵۳-------۱۹
بعد فوقانی ۱۶-------۴۵
کوسائن میل ۹٫۹۷۳۳۰۶۷
کوسائن عرض ۹٫۹۵۵۹۰۸۹
حاصل الجمع ۹٫۹۲۹۲۱۵۶
فرق اقرب بُعد فوقانی ۹٫۴۱۱۸۴۰۲
حاصل الجمع ۹٫۹۲۹۲۱۵۶
محفوظ اقرب ۹٫۴۸۲۶۲۴۶
فضلی جدول سے مثل اول ۳۱--۳--۳
فرق البعد بُعد فوقانی ۹٫۵۸۹۳۱۸۵
حاصل الجمع ۹٫۹۲۹۲۱۵۶
محفوظ البعد ۹٫۶۶۰۱۰۲۹
فضلی جدول سے مثل ثانی ۳۰--۴۸--۳

8

۱۰ جون کو کلکتہ کا طلوع وغروب	
میل شمالی کلکتہ	۵۶------۲۲°
عرض شمالی	۳۵------۲۲
بُعد فوقانی	۳۱------۰۰
بُعد کوکب	۴۹------۹۰
میزان	۱۰------۹۱
نصف المجموع	۳۵------۴۵
بعد کوکب	۴۹------۹۰
نصف المجموع	۳۵------۴۵
حاصل التفریق	۱۴------۴۵
سیکنٹ عرض	۰٫۰۳۴۶۴۶۸
سیکنٹ میل	۰٫۰۳۵۷۵۹۸
سائن نصف المجموع	۹٫۸۵۳۸۶۱۹
سائن حاصل التفریق	۹ ۸۵۱۲۳۶۵
مجموعہ اربعہ	۹٫۷۷۵۵۱۵۰
جیبی جدول سے طلوع	۳۲--۱۵--۵
تعدیل ایام بوقت طلوع	۵۸--۰۰ (ناقص)
طلوع از بلدی ٹائم	۳۴--۱۴--۵
تعدیل مروج ٹائم	۳۶--۲۳ (ناقص)
طلوع از مروج ٹائم	۵۸--۵۰--۴
جیبی جدول سے غروب	۲۸--۴۴--۶
تعدیل ایام بوقت غروب	۵۲--۰۰ (ناقص)
غروب از بلدی ٹائم	۳۶--۴۳--۶
تعدیل مروج ٹائم	۳۶--۲۳ (ناقص)
غروب از مروج ٹائم	۰۰--۲۰--۶

۱۰ جون کو کلکتہ کی صبح وعشاء	
میل شمالی	۵۶------۲۲°
عرض شمالی کلکتہ	۳۵------۲۲
بُعد فوقانی	۲۱------۰۰
بُعد کوکب	۰۰------۱۰۸
میزان	۲۱------۱۰۸
نصف المجموع	۱۰------۵۴
بعد کوکب	۰۰------۱۰۸
نصف المجموع	۱۰------۵۴
حاصل التفریق	۵۰------۵۳
سیکنٹ عرض	۰٫۰۳۴۶۴۶۸
سیکنٹ میل	۰٫۰۳۵۷۵۹۸
سائن نصف المجموع	۹٫۹۰۸۸۷۲۷
سائن حاصل التفریق	۹٫۹۰۷۰۳۷۰
مجموعہ اربعہ	۹٫۸۸۶۳۱۶۳
جیبی جدول سے صبح	۲۶--۳۹--۳
تعدیل ایام بوقت صبح	۵۸--۰۰ (ناقص)
صبح از بلدی ٹائم	۲۸--۳۸--۳
تعدیل مروج ٹائم	۳۶--۲۳ (ناقص)
صبح از مروج ٹائم	۵۲--۱۴--۳
جیبی جدول سے عشاء	۳۴--۱۰--۸
تعدیل ایام بوقت عشاء	۵۲--۰۰ (ناقص)
عشاء از بلدی ٹائم	۴۲--۹--۸
تعدیل مروج ٹائم	۳۶--۲۳ (ناقص)
عشاء از مروج ٹائم	۶--۴۶--۷

۱۰ جون کو کلکتہ کا طلوع وغروب صبح وعشاء	
میل شمالی	۵۶------۲۲°
عرض شمالی کلکتہ	۳۵------۲۲
بُعد تحتانی	۳۱------۴۵
کوسائن	۹٫۹۶۴۲۴۰۲
کوسائن عرض	۹٫۹۶۵۳۵۳۲
حاصل الجمع	۹٫۹۲۹۵۹۳۴
فضل اعظم بُعد تحتانی	۹٫۸۳۶۵۷۸۷
حاصل الجمع	۹ ۹۲۹۵۹۳۴
محفوظ اعظم	۹٫۹۰۶۹۸۵۳
فضلی جدول سے طلوع	۳۲--۱۵--۵
فضلی جدول سے غروب	۲۸--۴۴--۶
فضل اصغر بُعد تحتانی	۹.۵۹۲۹۳۶۶
حاصل الجمع	۹.۹۲۹۵۹۳۴
محفوظ اصغر	۹.۶۶۳۳۴۳۲
فضلی جدول سے صبح	۲۶--۳۹--۳
فضلی جدول سے عشاء	۳۴--۱۰--۸

سمت قبلہ

فصل طول[۱] کے کوسائن[۲] میں (۱۰٫۳۰۶۳۵۷۷) جمع کیجئے اور حاصل جمع کو جدول کوٹینج میں مقوس کیجئے اور اس قوس کا نام عرض موقع رکھئے۔ عرض موقع عرض البلد سے زائد ہو تو انحراف شمالی ہوگا یعنی نقطہ مغرب سے شمال کی طرف جھکنا ہوگا اور اگر عرض موقع عرض البلد سے کم ہو تو انحراف جنوبی ہوگا یعنی نقطہ مغرب سے جنوب کی طرف جھکنا ہوگا اور برابر ہو تو انحراف اصلا نہ ہوگا۔ قدر انحراف معلوم کرنے کے صرف دو قاعدے زبدۃ التوقیت میں لکھے جاتے ہیں۔

قاعدہ اولیٰ

عرض موقع اور عرض البلد کا تفاضل نکالئے اور اس کا نام تفاضل عرضین رکھئے۔ پھر عرض موقع کا کوسائن اور فصل طول کا ٹینج جمع کیجئے اور تفاضل عرضین کا سائن حاصل جمع سے کم کریجئے۔ اور حاصل تفریق کو جدول کوٹینج میں مقوس کیجئے۔ یہ قوس قدر انحراف ہے۔

مثال اول

بریلی شریف کا طول البلد ۲۷------۷۹

مکہ معظمہ کا طول البلد ۱۰------۴۰

فصل طول ۱۷------۳۹

فصل طول (۱۷-۳۹) کا کوسائن ۹٫۹۸۸۸۵۴۷

۱۰٫۳۰۶۳۵۷۷

حاصل جمع ۱۰٫۲۹۵۲۱۲۴

جدول کوٹینج میں حاصل جمع کی قوس ۵۲------۳۹ عرض موقع

عرض بریلی شریف ۲۱------۲۸

تفاضل عرضین ۲۹------۱ تفاضل عرضین

عرض موقع (۵۲-۳۹) کا کوسائن ۹٫۹۵۰۳۹۴۴

فصل طول (۱۷-۳۹) کا ٹینج ۹٫۹۱۲۷۵۵۹

حاصل جمع ۱۹٫۸۶۳۱۵۰۳

تفاضل عرضین (۲۹-۱) کا سائن ۸٫۳۱۳۰۶۷۶

حاصل تفریق ۱۱٫۳۵۰۰۸۲۷ حاصل تفریق

جدول کوٹینج میں حاصل تفریق کی قوس ۲------۲ قدر انحراف

دو درجہ دو دقیقہ انحراف جنوبی اس لئے کہ عرض موقع عرض البلد سے کم ہے۔

مثال دوم

مونگیر کا طول البلد ۳۰------۸۶

مکہ معظمہ کا طول البلد ۱۰------۴۰

فصل طول ۲۰------۴۶ فصل طول

فصل طول (۲۰-۴۶) کا کوسائن ۹٫۸۳۹۱۳۹۶

۱۰٫۳۰۶۳۵۷۷

حاصل جمع ۱۰٫۱۴۵۴۹۷۳

جدول کوٹینج میں حاصل جمع کی قوس ۳۶------۴۹ عرض موقع

عرض مونگیر ۲۳------۲۵

تفاضل عرضین ۱۳------۴ تفاضل عرضین

عرض موقع (۳۹-۴۹) کا کوسائن ۹٫۹۳۹۲۶۷۱

فصل طول (۲۰-۴۶) کا ٹینج ۱۰٫۰۲۰۲۲۰۳

حاصل جمع ۱۹٫۹۵۹۳۸۷۴

تفاضل عرضین (۱۳-۴) کا سائن ۸٫۸۶۶۳۵۳۵

حاصل تفریق ۱۱٫۰۹۳۰۳۳۹ حاصل تفریق

جدول کوٹینج میں حاصل تفریق کی قوس ۳۷------۴ قدر انحراف

چار درجہ سینتیس دقیقہ انحراف شمالی اس لئے کہ عرض موقع عرض البلد سے زائد ہے۔

قاعدہ ثانیہ

فصل طول کے سائن میں (۹٫۹۹۶۸۹۲۶۲) جمع کیجئے اور حاصل جمع کو جدول کوسائن میں مقوس کیجئے اور اس قوس کا نام محفوظ اول رکھئے پھر (۹٫۵۶۲۳۶۸۵) سے محفوظ اول کا سائن کم کیجئے اور حاصل تفریق کو جدول سائن میں مقوس کر کے قوس کا نام محفوظ ثانی رکھئے پھر محفوظ ثانی کو تمام[۳] عرض بلد میں جمع کیجئے اور حاصل جمع کا نام محفوظ ثالث رکھئے۔ پھر محفوظ اول اور محفوظ ثالث کے سائنوں کو جمع کر کے حاصل جمع کو جدول کوسائن میں مقوس کیجئے اور اس قوس کا نام محفوظ رابع رکھئے (یہ مکہ معظمہ سے اس بلد کا فاصلہ ہے) پھر محفوظ اول کے کوسائن سے محفوظ رابع کا سائن کم کیجئے اور حاصل تفریق کو جدول کوسائن میں مقوس کیجئے۔ یہ قوس قدر انحراف ہے۔

[۱] اقول فصل طول یعنی مکہ معظمہ کے طول البلد اور مقام خاص کے طول البلد کا فاصلہ ۱۲ [۲] اقول کوسائن۔ سائن۔ کوسائن۔ ٹینج۔ کوٹینج جو سمت قبلہ دریافت کرنے میں کام آتے ہیں۔ ان چاروں کی جدولیں چیمبرس کے ص ۱۸۳ سے ص ۲۲۷ تک ہیں ۱۲۔ [۳] قولہ تمام عرض بلد۔ نوے درجہ سے عرض البلد کم کرنے پر جو باقی بچے اُس کو تمام عرض البلد کہتے ہیں ۱۲۔

10

مثال اول

بریلی شریف کا طول البلد	۷۹°------۲۷	
مکہ معظمہ کا طول البلد	۴۰------۱۰	
	۳۹------۱۷	فصل طول
فصل طول (۱۷-۳۹) کا سائن	۹٫۸۰۱۵۱۰۶	
	۹٫۹۶۸۹۲۶۲	
حاصل جمع	۹٫۷۷۰۴۳۶۸	
جدول کوسائن میں حاصل جمع کی قوس	۵۳°------۵۳	محفوظ اول
	۹٫۵۶۲۳۶۸۵	
محفوظ اول (۵۳-۵۳) کا سائن	۹٫۹۰۷۳۱۳۸	
حاصل تفریق	۹٫۶۵۵۱۵۴۷	
جدول سائن میں حاصل تفریق کی قوس	۲۶°------۵۲	محفوظ ثانی
تمام عرض بریلی	۶۱------۳۹	
حاصل جمع	۸۸------۳۱	محفوظ ثالث
محفوظ اول (۵۳-۵۳) کا سائن	۹٫۹۰۷۳۱۳۸	
محفوظ ثالث (۳۱-۸۸) کا سائن	۹٫۹۹۹۸۵۴۴	
حاصل جمع	۹٫۹۰۷۱۶۸۲	
جدول کوسائن میں حاصل جمع کی قوس	۳۵-۸-۳۹°	محفوظ رابع
محفوظ اول (۵۳-۵۳) کا کوسائن	۹٫۷۷۰۴۳۳۲	
محفوظ رابع (۳۵-۸-۳۶) کا سائن	۹٫۷۷۰۷۰۷۲	
حاصل تفریق	۹٫۹۹۹۷۲۶۰	حاصل تفریق
جدول کوسائن میں حاصل تفریق کی قوس	۲°------۲	قدر انحراف

دو درجہ دو دقیقہ انحراف جنوبی اس لئے کہ عرض موقع عرض البلد سے کم ہے۔

مثال دوم

مونگیر کا طول البلد	۸۶°------۳۰	
مکہ معظمہ کا طول البلد	۴۰------۱۰	
	۴۶------۲۰	فصل طول
فصل طول (۲۰-۴۶) کا سائن	۹٫۸۵۹۳۵۹۹	
	۹٫۹۶۸۹۲۶۲	
حاصل جمع	۹٫۸۲۸۲۸۶۱	
جدول کوسائن میں حاصل جمع کی قوس	۴۷°------۴۰	محفوظ اول
	۹٫۵۶۲۳۶۸۵	
محفوظ اول (۴۰-۴۷) کا سائن	۹٫۸۶۸۷۸۵۱	
حاصل تفریق	۹٫۶۹۳۵۸۳۴	
جدول سائن میں حاصل تفریق کی قوس	۲۹°------۳۶	محفوظ ثانی
تمام عرض مونگیر	۶۴------۳۷	
حاصل جمع	۹۴------۱۳	محفوظ ثالث
محفوظ اول (۴۰-۴۷) کا سائن	۹٫۸۶۸۷۸۵۱	
محفوظ ثالث (۱۳-۹۴) کا سائن	۹٫۹۹۸۸۲۲۸	
حاصل جمع	۹٫۸۶۷۶۰۷۹	
جدول کوسائن میں حاصل جمع کی قوس	۱۲-۴۰-۴۲°	محفوظ رابع
محفوظ اول (۴۰-۴۷) کا کوسائن	۹٫۸۲۸۳۰۰۶	
محفوظ رابع (۱۲-۴۰-۴۲) کا سائن	۹٫۸۲۹۷۱۰۹	
حاصل تفریق	۹٫۹۹۸۵۸۹۷	حاصل تفریق
جدول کوسائن میں حاصل تفریق کی قوس	۴°------۴۷	قدر انحراف

چار درجہ ۴۷ دقیقہ انحراف شمالی اس لئے کہ عرض موقع عرض البلد سے زائد ہے۔

سمت قبلہ دریافت کرنے کا عملی طریقہ

زمین ہموار کر کے بیچ میں ایک کھونٹی بالکل سیدھی گاڑ دیجئے۔ ۲۸ مئی کو گرینج ٹائم سے صبح کے ۹ بجکر ۱۶-۱۷ منٹ اور ۱۶ جولائی کو گرینج ٹائم سے صبح کے ۹ بجکر ۲۵-۲۶ منٹ یا ۲۹ نومبر کو گرینج ٹائم سے رات کے نو بجکر ۷-۸ منٹ اور ۱۳ جنوری کو گرینج ٹائم سے رات کے نو بجکر ۲۸-۲۹ منٹ پر اُس کھونٹی کا سایہ سمت قبلہ بتائے گا۔ یعنی اُس کھونٹی کے سایہ کے کنارہ پر کھڑے ہو کر کھونٹی کی طرف رخ کر لیجئے مکہ معظمہ آپ کے سامنے ہوگا۔

(فائدہ) چونکہ مغربی پاکستان کا ٹائم گرینج ٹائم سے پانچ گھنٹے آگے ہے اسلئے گرینج ٹائم سے نو بجے مغربی پاکستان ٹائم سے دو بجتے ہیں اور ہندوستانی ریلوے ٹائم گرینج ٹائم سے ۵½ گھنٹے آگے ہے اس لئے گرینج ٹائم سے نو بجے ہندوستانی ریلوے ٹائم سے ڈھائی[1] بجتے ہیں اور مشرقی پاکستان کا ٹائم گرینج ٹائم سے چھ گھنٹے آگے ہے اس لئے گرینج ٹائم سے نو بجے مشرقی پاکستان ٹائم سے تین بجتے ہیں اور برمی ٹائم گرینج ٹائم سے ۶½ گھنٹہ آگے ہے اس لئے گرینج ٹائم سے نو بجے برمی ٹائم سے ساڑھے تین بجتے ہیں۔ قد وقع الفراغ عن هذه العجالة النافعة في علم التوقيت الموسومة بزبدة التوقيت سنة ثلاث وثمانين وثلاث مائة والف من هجرة سيد المرسلين عليه وعلى اله وصحبه صلاة وسلام من رب العلمين. وانا الفقير الى ربه القدير المفتي سيد محمد افضل حسين المونگيری البهاری غفر له ولوالديه الرحمن الباری۔

[1] قولہ ڈھائی بجتے ہیں۔ لہذا گرینج ٹائم سے جب ۹ بجکر ۱۶ منٹ ہونگے تو ہندوستانی ریلوے ٹائم سے ۲ بجکر ۴۶ منٹ ہوں گے ۱۲۔

جدول میل وتعدیل

11

تاریخ	جنوری: تعدیل بوقت طلوع (زائد) سیکنڈ	منٹ	جنوری: تعدیل بوقت غروب (زائد) سیکنڈ	منٹ	جنوری: میل شمس (جنوبی) دقیقہ	درجہ	فروری: تعدیل بوقت طلوع (زائد) سیکنڈ	منٹ	فروری: تعدیل بوقت غروب (زائد) سیکنڈ	منٹ	فروری: میل شمس (جنوبی) دقیقہ	درجہ	مارچ: تعدیل بوقت طلوع (زائد) سیکنڈ	منٹ	مارچ: تعدیل بوقت غروب (زائد) سیکنڈ	منٹ	مارچ: میل شمس (جنوبی) دقیقہ	درجہ	تاریخ
۱	۱۱	۳	۲۶	۳	۵	۲۳	۳۵	۱۳	۳۹	۱۳	۲۲	۱۷	۳۱	۱۲	۳۵	۱۲	۵۶	۷	۱
۲	۳۰	۳	۵۴	۳	۰	۲۳	۴۴	۱۳	۴۷	۱۳	۵	۱۷	۲۹	۱۲	۲۳	۱۲	۳۳	۷	۲
۳	۸	۴	۲۲	۴	۵۵	۲۲	۵۱	۱۳	۵۴	۱۳	۴۸	۱۶	۱۹	۱۲	۱۱	۱۲	۱۱	۷	۳
۴	۳۶	۴	۵۰	۴	۴۹	۲۲	۵۸	۱۳	۱	۱۴	۳۰	۱۶	۵	۱۲	۵۸	۱۱	۴۸	۶	۴
۵	۳	۵	۱۷	۵	۴۳	۲۲	۳	۱۴	۶	۱۴	۱۲	۱۶	۵۲	۱۱	۴۵	۱۱	۲۵	۶	۵
۶	۳۰	۵	۴۴	۵	۳۶	۲۲	۹	۱۴	۱۱	۱۴	۵۴	۱۵	۳۸	۱۱	۳۱	۱۱	۲	۶	۶
۷	۵۷	۵	۱۰	۶	۲۹	۲۲	۱۴	۱۴	۱۵	۱۴	۳۶	۱۵	۲۴	۱۱	۱۷	۱۱	۳۸	۵	۷
۸	۲۳	۶	۳۶	۶	۲۲	۲۲	۱۶	۱۴	۱۸	۱۴	۱۷	۱۵	۱۰	۱۱	۳	۱۱	۱۵	۵	۸
۹	۴۹	۶	۱	۷	۱۴	۲۲	۱۹	۱۴	۲۰	۱۴	۵۸	۱۴	۵۵	۱۰	۴۸	۱۰	۵۲	۴	۹
۱۰	۱۴	۷	۲۶	۷	۶	۲۲	۲۱	۱۴	۲۲	۱۴	۳۹	۱۴	۴۰	۱۰	۳۳	۱۰	۲۸	۴	۱۰
۱۱	۳۹	۷	۵۱	۷	۵۷	۲۱	۲۲	۱۴	۲۳	۱۴	۲۰	۱۴	۲۵	۱۰	۱۷	۱۰	۵	۴	۱۱
۱۲	۳	۸	۱۵	۸	۳۸	۲۱	۲۳	۱۴	۲۳	۱۴	۰	۱۴	۹	۱۰	۱	۱۰	۴۱	۳	۱۲
۱۳	۲۶	۸	۳۸	۸	۲۸	۲۱	۲۲	۱۴	۲۲	۱۴	۴۰	۱۳	۵۴	۹	۴۵	۹	۱۸	۳	۱۳
۱۴	۴۹	۸	۰	۹	۲۸	۲۱	۲۱	۱۴	۲۱	۱۴	۲۰	۱۳	۳۷	۹	۲۹	۹	۵۴	۲	۱۴
۱۵	۱۱	۹	۲۲	۹	۱۸	۲۱	۱۹	۱۴	۱۸	۱۴	۰	۱۳	۲۰	۹	۱۲	۹	۳۰	۲	۱۵
۱۶	۳۳	۹	۴۳	۹	۷	۲۱	۱۷	۱۴	۱۵	۱۴	۳۹	۱۲	۳	۹	۵۵	۸	۷	۲	۱۶
۱۷	۵۴	۹	۴	۱۰	۵۵	۲۰	۱۴	۱۴	۱۲	۱۴	۱۹	۱۲	۴۷	۸	۳۸	۸	۴۴	۱	۱۷
۱۸	۱۴	۱۰	۲۴	۱۰	۴۳	۲۰	۱۰	۱۴	۷	۱۴	۵۸	۱۱	۲۹	۸	۲۱	۸	۱۹	۱	۱۸
۱۹	۳۳	۱۰	۴۳	۱۰	۳۲	۲۰	۵	۱۴	۲	۱۴	۳۷	۱۱	۱۲	۸	۳	۸	۵۶	۰	۱۹
۲۰	۵۲	۱۰	۱	۱۱	۱۹	۲۰	۵۹	۱۳	۵۶	۱۳	۱۵	۱۱	۵۴	۷	۴۵	۷	۳۲	۰	۲۰
۲۱	۱۰	۱۱	۱۹	۱۱	۶	۲۰	۵۴	۱۳	۵۰	۱۳	۵۴	۱۰	۳۶	۷	۲۸	۷	۸	جنوبی	۲۱
۲۲	۲۸	۱۱	۳۶	۱۱	۵۳	۱۹	۴۶	۱۳	۴۳	۱۳	۳۲	۱۰	۱۸	۷	۹	۷	۱۵	شمالی	۲۲
۲۳	۴۴	۱۱	۵۲	۱۱	۴۰	۱۹	۳۹	۱۳	۳۵	۱۳	۱۰	۱۰	۰	۷	۵۱	۶	۳۹	۰	۲۳
